

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول

آپ کہہ دیجئے اللہ کی فرمانبرداری کرو اور رسول کی فرمانبرداری کرو

حقائق شرح صحیح مسلم

کسینڈہ

تصنیف

مولانا حافظ محمد اسمٰعیل قادری نورانی

فاضل دار العلوم حمیدیہ و بانی شعبہ علوم القرآن گلشن اقبال

و

فہارس شرح صحیح مسلم

ناشر

فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار لاہور

Marfat.com

Copyright ©
All Rights reserved

This book is registered under the copyright act. Reproduction of any part, line, paragraph or material from it is a crime under the above act.

جملہ حقوق محفوظ ہیں

یہ کتاب کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے، جس کا کوئی جملہ، پیرا، لائن یا کسی قسم کے مواد کی نقل یا کاپی کرنا قانونی طور پر جرم ہے۔







اطبع الاوّل : صفر 1425ھ / اپریل 2004ء
اطبع الثانی : ربیع اوّل 1429ھ / مارچ 2008ء
مطبع : رومی پبلیکیشنز اینڈ پرنٹرز لاہور
قیمت

Farid Book Stall®
Phone No:092-42-7312173-7123435
Fax No.092-42-7224899
Email:info@faridbookstall.com
Visit us at:www.faridbookstall.com

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور
فون نمبر ۰۹۲۔۴۲۔۷۳۱۲۱۷۳۔۷۱۲۳۴۳۵
فیکس نمبر ۰۹۲۔۴۲۔۷۲۲۴۸۹۹
ای۔میل : info@faridbookstall.com
ویب سائٹ : www.faridbookstall.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

فہارس شرح صحیح مسلم (جلد ہشتم)

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
1	تمہید	11
	شارح صحیح کے مختصر حالاتِ زندگی	13
1	ولادت، ابتدائی حالات اور تعلیم	13
2	تدریس	13
3	تصانیف	14
4	مناظرے	14
5	بیعت وارادت	14
6	رکن اسلامی نظریاتی کونسل	14
7	تبلیغی دورے	14
8	حج اکبر کی سعادت	15
	شروحِ حدیث کا تعارف	15
1	مراۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح	15
2	نزہۃ القاری شرح صحیح بخاری	15
3	فیوض الباری شرح صحیح بخاری	16
4	ایضاح البخاری	16
	شرح صحیح مسلم	17
1	اسلوب شرح	17
2	خصوصی مباحث	17
3	جلد اوّل	18
4	جلد ثانی	18
5	جلد ثالث	18
6	جلد رابع	18
7	جلد خامس	18
8	جلد سادس	19
9	جلد سابع	19
10	تفصیلی گفتگو کے عنوانات	19
	شرح صحیح مسلم اور اہم تحقیقی مسائل	19
1	اسلوبِ تحقیق	20
2	چند مثالیں	21
3	روایت ''تلك الغرانيق العلىٰ'' کی تحقیق	21
4	تحقیق کی خوبیاں	22
5	رجم کی تحقیق	24
6	تحقیق کی خوبیاں	24
7	مسئلہ کفاءت کی تحقیق	26
8	تحقیق کی خوبیاں	27
9	تحقیقی مسائل کی مزید چند مثالیں	30
10	حکمی شہداء کی پینتالیس اقسام پر احادیث سے شارح کی تحقیق اور دلائل	30
11	عزل (برتھ کنٹرول) کی مختلف صورتوں میں شارح کی تحقیق	30
12	وصیت کی اقسام میں شارح کی تحقیق	31
13	اہلِ تشیع کے معروف مسائل (ماتم، تقیہ اور خلافت وغیرہا) پر شارح کی تحقیق	32
14	اس کی تحقیق کہ مُحرم کے لیے ایسی جوتی پہننا	

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	ضروری ہے جس میں وسط قدم کی ہڈی کھلی ہو یا صرف ٹخنوں کا کھلا ہوا ہونا کافی ہے؟	33
15	باب حج میں کعبین سے وسط قدم کی ہڈی مراد ہونے پر فقہاء احناف کی تصریحات	33
16	باب حج میں کعبین سے وسط قدم کی ہڈی مراد ہونے پر شارحین کی تصریحات	35
17	کعبین کے معنی ومراد میں شارح صحیح مسلم کا موقف	36
18	فقہاء وشارحین اور شارح صحیح مسلم کے موقف پر بحث	36
19	کعب سے متعلق ائمہ لغت کی تصریحات کہ وسط قدم پر اس کے اطلاق کو رد کیا گیا ہے اور یہ شیعہ کا مذہب ہے	36
20	احادیث سے اس بات پر استدلال کہ کعبین کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے	37
21	خلاصۂ کلام	39
	عصر حاضر کے جدید مسائل	40
1	عطیۂ خون اور الکوحل آمیز دواؤں سے علاج	41
2	شارح کے دلائل اور ان کا تجزیہ	42
3	اعضاء کی پیوند کاری	45
4	شارح صحیح مسلم کا موقف	46
5	دیگر علماء کا موقف	46
6	فریقین کے دلائل اور ان کا تجزیہ	46
7	مردہ انسان کے اعضاء سے پیوند کاری کے ناجائز ہونے پر ایک شبہ کا ازالہ	48
8	اعضاء کی پیوند کاری سے متعلق راقم کی جانب سے کچھ ضروری وضاحتیں	48
9	صاحبزادہ زبیر صاحب کا پیوند کاری کے جواز پر مردہ عورت کے پیٹ سے بچہ نکالنے اور اضطرار سے استدلال	49
	شارح کا صاحبزادہ صاحب کے استدلال مذکور پر محققانہ رد	50
11	صاحبزادہ صاحب کا پیوند کاری کے جواز پر احیاء نفس سے استدلال	51
12	شارح کا صاحبزادہ صاحب کے استدلال مذکور پر رد	52
13	صاحبزادہ صاحب کا پیوند کاری کے جواز پر خون اور پیشاب سے قرآن مجید کو لکھنے سے استدلال	53
14	شارح کا صاحبزادہ صاحب کے استدلال مذکور پر رد	53
15	پیوند کاری کی بحث میں شارح کا حرفِ آخر	54
16	پیوند کاری کی بحث میں راقم کی آخری بات	55
17	ٹیسٹ ٹیوب بے بی (Test Tube Baby)	55
18	شارح کا موقف اور تحقیق	55
19	دو اہم خوبیاں	55
20	شارح کا ٹیسٹ ٹیوب بے بی جیسے جدید مسئلہ کی اصل کا کتب فقہ سے استخراج	56
21	شارح کی اس تحقیق کی بناء پر دو غیر مسلم اسکالرز کا قبول اسلام	57
22	ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے مسئلہ پر بغیر کسی سابق تحریر کے شارح کی تحقیق	57
	مذاہب اربعہ کی تفصیل اور مسلک احناف کی ترجیح	58
1	اردو زبان میں مذاہب اربعہ کو بیان کرنے میں شرح صحیح مسلم کی خصوصیت	58
2	مذاہب اربعہ کو بیان کرنے میں دیگر شروح حدیث کا اسلوب	59
3	شرح صحیح مسلم میں ائمہ ثلاثہ کے دلائل پر بحث و نظر اور مذہب احناف کی ترجیح	59

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
4	کلماتِ اقامت کی تعداد میں مذہب احناف کی دیگر فقہی مذاہب پر ترجیح	59
5	ثبوت رضاعت میں دودھ کی چسکیوں کے متعلق مذہب احناف کی ترجیح	61
6	خیار عتق کے مسئلہ میں مذہب احناف کی دیگر مذاہب پر ترجیح	62
7	لُقطہ کو صدقہ کرنے کے مسئلہ میں مذہب احناف کی ترجیح	62
8	رفع یدین، آمین بالجہر اور قراءت خلف الامام ایسے مسائل میں شارح کا غیر مقلدین پر مفصل اور مدلل رد	64
9	مذاہب اربعہ کی تفصیلات	65
10	شرح صحیح مسلم میں مذاہبِ اربعہ کے بیان کا تفصیلی نقشہ	65
	عقائد اہل سنت کا مدلّل بیان اور دیگر مسالک کا مہذب ردّ	68
1	شرح صحیح مسلم اور عقائد و معمولات اہلِ سنت کی تحقیق	69
2	مسئلہ حاضر و ناظر کی تحقیق	69
3	قبروں پر پھول ڈالنے کی تحقیق	70
4	اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تحقیق	70
5	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یوم میلاد منانے کی تحقیق	73
6	انبیاء و اولیاء سے توسّل و استمداد اور ندائے یا رسول اللہ کی تحقیق	73
7	شرح صحیح مسلم اور دیگر مسالک کا مہذّب رد	75
8	اولیاء اللہ کے مزارات کے ساتھ مسجد بنانے پر شیخ سید مودودی کے اعتراضات اور شارح کے جوابات	75
9	نوحہ کی اجازت کی تاویل میں شیخ عثمانی کا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف کفر کی نسبت کرنا اور شارح کا اس پر رد	77
10	حدود کے کفارہ ہونے نہ ہونے میں علماء دیوبند (شیخ کشمیری، شیخ محمود الحسن اور شیخ تقی عثمانی) کا نظریہ اور شارح کا اس پر ردّ و تبصرہ	78
11	قیامت کے دن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصیحابی فرمانے سے شیخ تھانوی اور شیخ عثمانی کا علم رسالت کی نفی کرنا اور شارح کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کو ثابت کرنا	79
12	شیخ گنگوہی کا سالگرہ منانے کو جائز اور یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منانے کو ناجائز کہنا اور شارح کا اس پر رد	80
13	شرح صحیح مسلم میں مخالفین کے رد کی تفصیلات کا مفصل نقشہ	82
	متقدمین و متأخرین اور معاصرین سے اختلاف رائے	86
1	اختلاف رائے کی تحقیق	86
2	صحابۂ کرام کے درمیان اختلاف رائے	86
3	حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا حضرت ابن عباس اور دیگر اصحاب سے اختلاف	86
4	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا حضرت عمر اور حضرت ابن عمر سے اختلاف	87
5	حضرت ابن عمر سے حضرت عائشہ کا ایک اور اختلاف	88
6	حضرت ابن عمر کا اپنے والد ماجد حضرت عمر سے اختلاف	88
7	حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا جمہور صحابہ سے اختلاف	89
8	حضرت عبد اللہ بن مسعود کا حضرت عثمان غنی سے اختلاف	89

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
9	حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اختلاف	89
10	حضرت زید بن ثابت، حضرت علی، حضرت ابن مسعود اور جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان اختلاف	90
11	حضرت امیر معاویہ اور حضرت ابوذر غفاری کے درمیان اختلاف	90
	تابعین کا صحابۂ کرام سے اختلاف رائے	91
1	حضرت عطاء، طاؤس اور مجاہد کا حضرت عائشہ، حضرت علی اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم سے اختلاف	91
2	حضرت عطاء کا جمہور صحابۂ کرام سے اختلاف	91
3	حضرت طاؤس، حضرت حسن بصری اور حضرت عطاء کا حضرت انس اور حضرت ابن عمر سے اختلاف	91
4	ائمہ تابعین کا حضرت عبداللہ بن عمر سے اختلاف	92
5	حضرت سعید بن جبیر اور دیگر تابعین کا حضرت عبداللہ بن مسعود سے اختلاف	92
	تابعین کا اپنے درمیان اختلاف رائے	92
1	حضرت عطاء، طاؤس، مجاہد اور حضرت حماد و منصور میں اختلاف	92
2	حضرت حماد اور حضرت حکم میں اختلاف	93
3	حضرت عطاء، طاؤس اور حضرت حسن بصری و شریح کے درمیان اختلاف	93
4	ائمہ مجتہدین و محققین کے درمیان اختلاف رائے	94
5	فاضل بریلوی کا اکابر سے اختلاف اور مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمۃ کی تصریح	94
6	فقیہ اعظم مفتی نور اللہ نعیمی بصیر پوری کی تصریح	95
	شارح صحیح مسلم کا اکابر سے اختلاف رائے	99

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
1	علامہ بدرالدین عینی حنفی علیہ الرحمۃ سے اختلاف	99
2	امام ابن حجر عسقلانی شافعی علیہ الرحمۃ سے اختلاف	101
3	علامہ شامی علیہ الرحمۃ سے اختلاف	102
4	مغفرت ذنب کے مسئلہ میں متعدد اہلِ علم و فضل سے اختلاف	103
	مجتہدات و تفردات	105
1	ندائے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	105
2	شرح صحیح مسلم کی بحث اور ماخذ	106
3	شارح کا موقف	106
4	شارح کے دلائل	106
5	علماء مانعین اور شارح کا استدلال	106
6	ندائے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جواز پر ایک نظر، راقم کی طرف سے	108
7	ڈاڑھی میں قبضہ کا وجوب	108
8	ڈاڑھی میں قبضہ سے متعلق شارح کی بحث اور موقف	109
9	شارح کی تحقیق اور دلائل	109
10	مسئلہ مغفرت ذنب	110
11	مسئلہ مغفرت ذنب اور صاحب مراۃ مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ کا موقف	111
12	مسئلہ مغفرت ذنب اور صاحب نزہۃ القاری مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ کا موقف	111
13	صاحب نزہۃ القاری کی عبارت مذکورہ اور اسی سلسلے کی شرح صحیح مسلم سے ایک عبارت	112
14	مسئلہ مغفرت ذنب اور اور صاحب فیوض الباری علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ کا موقف	112
15	مغفرت ذنب اور صاحب ایضاح البخاری کا موقف	114
16	مغفرت ذنب اور شارح صحیح مسلم کا موقف	115
17	شارح کے دلائل	116

Marfat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
18	خلاصۂ کلام	119
	چند دیگر خصائص	120
1	احادیث مبارکہ سے مسائل کا استنباط واستخراج	120
2	شرح صحیح مسلم اور دیگر شروح حدیث کا اسلوب	120
3	سیدنا عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے مسائل کا استنباط	121
4	سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اپنی خالہ امّ المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رات گزارنے کی حدیث سے مسائل کا استنباط	121
5	''الولاء لمن اعتق'' والی حدیث سے مسائل کا استنباط	121
6	اسلوب حوالہ جات اور ماخذ ومراجع	122
7	دیگر شروح حدیث میں حوالہ جات کا اسلوب	123
8	شرح صحیح مسلم اور دیگر شروح حدیث میں ماخذ ومراجع	123
9	شرح صحیح مسلم اور ماخذ ومراجع کی تعداد	124
10	صحیح مسلم کی ہر کتاب کا تحقیقی تعارف	124
11	دیگر شروح حدیث اور شرح صحیح مسلم کا اسلوب	124
12	صحیح مسلم کی ہر کتاب کے تحقیقی تعارف پر شرح صحیح مسلم سے چند مثالیں	125
13	کتاب الطہارۃ	125
14	کتاب الزکوٰۃ	125
15	کتاب الاعتکاف	125
16	کتاب البیوع	125
17	کتاب الجہاد والسیر	125
18	کتاب الاشربۃ	126
19	کتاب العلم	126
20	دعائے ضرر اور بددعا	126
21	شرح صحیح مسلم کا مقام	127
22	شرح صحیح مسلم کی شہرت ومقبولیت	128
23	فضائل اہلِ سنت امام نورانی کی تصدیق وتائید	129
	اقتباسات از تأثرات مشائخ	130
1	مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمۃ	130
2	علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ	131
3	علامہ مفتی منیب الرحمٰن مدظلہ العالی	131
4	علامہ محب اللہ نوری مدظلہ العالی	132
5	علامہ سید حسین الدین شاہ مدظلہ العالی	133
6	علامہ ابوالحسنات محمد اشرف سیالوی مدظلہ العالی	134
7	صاحبزادہ مولانا محمد حبیب الرحمٰن محبوبی مدظلہ العالی	134
	شرح صحیح مسلم کی تقریب رونمائی' علماء اہل سنت کے تأثرات اور اخباری بیانات	136
1	روزنامہ جنگ' کراچی	136
2	روزنامہ نوائے وقت' کراچی	137
3	روزنامہ قومی اخبار' کراچی	138
4	روزنامہ جسارت' کراچی	138
5	شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کی بعض عبارتوں سے رجوع کی تفصیل	140
6	کسی مسئلے کی طرف رجوع کرنا شکست کی علامت نہیں بلکہ عظمت کی دلیل ہے	141
7	شرح صحیح مسلم کی تبدیل شدہ عبارات کی تفصیل	146
8	تبیان القرآن کی تبدیل شدہ عبارات کی تفصیل	147
	حضرت علامہ شیخ الحدیث غلام رسول سعیدی صاحب کے پاس آنے والے علماء کے وفد کے تاثرات	148
1	علامہ غلام رسول سعیدی کے متعلق علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ کے تاثرات	150

Marfat.com

انڈیکس فہارس شرح صحیح مسلم (ہشتم)

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
1	حقائق شرح صحیح مسلم.....تصنیف: مولانا حافظ مفتی محمد اسماعیل حسین نورانی	11
2	شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کی بعض عبارتوں سے رجوع کی تفصیل.....مرتب: محمد نصیر اللہ نقشبندی، کراچی	140
3	حضرت استاذ العلماء علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری دامت الطافہم العالیہ کے تاثرات	150
4	مرکز اہل سنت برکات رضا (ہندوستان) کی جانب سے شرح صحیح مسلم کی طباعت.....تحریر: مولانا حافظ محمد ناصر خاں چشتی	151
5	مفتی محمد نظام الدین مصباحی اور دیگر علماء کے اعتراضات کے جوابات	153
6	فہرست.....شرح صحیح مسلم (اوّل)	171
7	فہرست.....شرح صحیح مسلم (دوئم)	203
8	فہرست.....شرح صحیح مسلم (سوئم)	225
9	فہرست.....شرح صحیح مسلم (چہارم)	255
10	فہرست.....شرح صحیح مسلم (پنجم)	279
11	فہرست.....شرح صحیح مسلم (ششم)	305
12	فہرست.....شرح صحیح مسلم (ہفتم)	341

Marfat.com

حقائق شرح صحیح مسلم

تمہید

الحمد لله الذی نزل القرآن علی سید الابرار والصلوة والسلام علی من شرحه ببیان و کشف الاسرار وعلی اله واصحبه الذین اجتهدوا فی اشاعة الدین بالایضاح والاستمرار وعلی من جمعوا الاحکام باستنباطهم فی الزبر والاسفار.

تصنیف وتالیف اور تحریر کا سلسلہ زمانۂ قدیم سے جاری اور ساری ہے۔ کتنے ہی عنوانات پر قلم اٹھایا گیا' تحقیق کی گئی۔۔۔۔اور آئندہ نہ جانے کتنے موضوعات قلم وقرطاس کے منتظر اور مشتاق ہوں گے۔ یہ ایک بدیہی بات ہے کہ تقریر وتکلم کتنے ہی موثر کیوں نہ ہوں' ان کے اثرات لوحِ دماغ سے محو ہو جاتے ہیں۔۔۔۔اس کے برعکس تحریر کے ذریعے جہاں کسی عنوان پر مفصل گفتگو محفوظ ہو جاتی ہے' وہاں ساتھ ہی لکھنے والے کی شخصیت' اس کی قابلیت اور صلاحیتیں بھی محفوظ ہو جاتی ہیں۔ لکھنے والا دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے لیکن اس کی تحریر زندہ رہتی ہے۔ جس کی بناء پر لوگ صاحبِ تحریر کی تعریف وتوصیف میں رطب اللسان رہتے ہیں۔ یہی تحریر کی مقبولیت اور دوام وشہرت کی دلیل ہے۔ لیکن ہر تحریر کا یہ معاملہ نہیں ہے بلکہ علوِ مرتبت اور مقبولیت کا شرف وہی تحریر پاتی ہے جو اپنے زمانے کے عرف اور مقتضیٰ کے عین مطابق ہو۔ بہ الفاظ دیگر تحریر' اپنے قارئین کو وہ سب کچھ فراہم کر دے جو ان کی ضرورت اور چاہت ہے' نیز اس اسلوب پر معلومات فراہم کرے کہ اس سے استفادہ بھی ممکن اور آسان ہو۔۔۔ چونکہ گفتگو کا عنوان شرح حدیث ہے' اس لئے عرض کروں گا کہ یہی وہ بنیادی معیار اور کسوٹی ہے جس پر کسی بھی ترجمہ اور شرح کی مقبولیت اور مقام ومرتبہ کو جانچا جا سکتا ہے۔

برصغیر پاک وہند میں قرآن وسنت پر علماء کا کیا ہوا کام بلاشبہ قابل تحسین اور لائق ستائش ہے۔ اس سرزمین پر پیدا ہونے والے متعدد علماء اعلام نے راہِ تحقیق وتالیف کو اختیار فرمایا اور مختلف علوم وفنون کی ترویج واشاعت میں اپنا کردار ادا کیا' تفسیر' حدیث' فقہ' عقائد اور تصوف وطریقت کو پھیلانے میں عظیم خدمات انجام دیں۔ گو کہ ممالک عربیہ سے تعلق رکھنے والے علماء کا کام اس سلسلے میں بہت زیادہ اور بہت عظیم ہے' قابلِ قدر اور قابلِ تقلید ہے۔ تاہم متقدمین کی ان تمام تر تحقیقات کو اضافاتِ نافعہ کے ساتھ اردو یا فارسی کے قالب میں ڈھالنے کی جدوجہد اور محنتِ عظمیٰ کا سہرا برصغیر پاک وہند کے علماء کے سر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج بحمدہ تعالیٰ عربی تفاسیر وشروح کے ساتھ ساتھ فارسی یا اردو تراجم وشروح کا بھی ایک بیش بہا ذخیرہ ہمیں دستیاب ہے۔ قرآن حکیم کے تراجم کی طرف جائیے تو مختلف النوع تراجم کی ایک کثرت نظر آتی ہے۔۔۔ نہ صرف تراجم' بلکہ ان پر خود مترجم یا کسی اور کے تفسیری حواشی بھی دعوتِ مطالعہ دیتے نظر آتے ہیں' اسی طرح احادیثِ مبارکہ کی شروح اور تراجم کی طرف نگاہ اٹھائی جائے تو بھی کتب کا ایک ذخیرہ نظر آتا ہے۔ عام ازیں کہ وہ علماء اہلسنت کی کاوش کا نتیجہ ہو یا کسی اور مکتبہ فکر کے علماء کی کاوش' بہرصورت تراجم وشروح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ پہلے اہلسنت کی جانب سے کوئی اطمینان بخش کام نہیں تھا' مگر اب الحمدللہ صحاح ستہ سے لیکر طحاوی' مشکوٰۃ المصابیح اور ریاض الصالحین تک کے تراجم اور بعض کی شروح بآسانی دستیاب ہیں۔ بلاشبہ یہ علماء اہلسنت کی عظیم کاوش ہے۔ فجزاہم اللہ عنا وعن جمیع المسلمین۔

Marfat.com

لیکن ۔۔۔۔۔یہ بات نہایت قابلِ تعجب اور باعثِ تحیر ہے کہ اکثر اہل علم حضرات نے (خواہ کسی بھی مکتبہ فکر سے متعلق ہوں) ترجمہ اور شرح کے حوالہ سے صحیح بخاری پہ قلم اٹھایا۔۔۔یا کسی اور کتاب پر تحریری کام سرانجام دیا۔صحیح مسلم پر قلم اٹھانے کی ضرورت اللہ ورسولہٗ اعلم کیوں محسوس نہ کی گئی! اس کا مشاہدہ مجھے اس وقت ہوا' جب میں نے زیرِ بحث موضوع پر تیاری کے لیے مختلف مکتبوں کا دورہ کیا وہاں مجھے معلوم ہوا کہ ''صحیح مسلم شریف'' کی اردو میں کوئی شرح موجود نہیں ہے' سوائے اس کے کہ دارالعلوم اشرفیہ لاہور کے شیخ عزیز الرحمان دیوبندی کی ایک مختصر سی شرح صرف تین جلدوں میں موجود ہے۔حیرت واستعجاب کے سوا میں کیا کر سکتا تھا' پھر۔۔۔خیال آیا کہ یقیناً یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم اور احسانِ عظیم ہے کہ اس نے اہل سنت وجماعت میں سے علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی کو ہمت وطاقت اور توفیق رفیق عطا فرمائی کہ آپ نے صحیح مسلم پر قلم اٹھایا اور نہ صرف اس کا مکمل ترجمہ فرمایا' بلکہ سات ضخیم مجلدات میں اس کی مبسوط اور مفصل شرح فرمائی۔۔۔اس لیے نہ صرف یہ کہ آپ نے صحیح مسلم کی شرح کے خلاء کو پر کیا بلکہ اہلسنت وجماعت کے شعبہ تصنیف وتحقیق کو جلاء بخشی۔۔۔۔اور تصانیف وتحقیقات کی دنیا میں ایک گرانقدر خزینۂ علمی کا اضافہ کر کے اہل سنت وجماعت کا نام ایک نئے انداز میں متعارف کروایا۔فجزاہ اللہ تعالیٰ عنا وعن جمیع المسلمین فی الدنیا والاخرۃ۔

''شرح صحیح مسلم'' کے مقام اور مرتبہ کو اردو شروح حدیث میں واضح کرنے کے لیے چند شروح کو میں نے پیش نظر رکھا ہے' ان میں اکثر بلکہ ایک کے ماسوا سب صحیح بخاری کی ہیں۔نام ملاحظہ فرمایئے:

(۱) مراۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (از حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ) مطبوعہ ضیاء القرآن' لاہور
(۲) نزھۃ القاری شرح صحیح البخاری (از مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ) مطبوعہ فرید بک اسٹال' لاہور
(۳) فیوض الباری شرح صحیح البخاری (از علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ) مطبوعہ مکتبہ رضوان گنج بخش روڈ' لاہور
(۴) ایضاح البخاری (از شیخ فخر الدین احمد دیوبندی) مطبوعہ قدیمی کتب خانہ' کراچی

مذکورہ تمہیدی کلمات کے بعد مفصل گفتگو سے قبل مناسب سمجھتا ہوں کہ اولاً شارح صحیح مسلم کے مختصر حالات اور ثانیاً پیشِ نظر اردو شروح حدیث کا مختصر تعارف پیش کر دیا جائے تاکہ شرح صحیح مسلم کا مقام خوب واضح ہو سکے۔سو بالترتیب شارح کے حالات اور شروح حدیث کا تعارف پیشِ خدمت ہے۔

Marfat.com

شارح صحیح مسلم کے مختصر حالات زندگی

ولادت' ابتدائی حالات اور تعلیم

شیخ التفسیر والحدیث ابوالوفاء علامہ غلام رسول سعیدی ۱۰ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ بمطابق ۱۴ نومبر ۱۹۳۷ء کو دہلی انڈیا میں پیدا ہوئے۔ ۶ سال کی عمر میں والدہ ماجدہ سے قرآن مجید ناظرہ مکمل کیا اور ۱۰ سال کی عمر میں آپ نے پنجابی اسلامیہ ہائی سکول (دہلی) سے پرائمری کیا۔ مزید سلسلہ تعلیم جاری تھا کہ برصغیر کی تقسیم عمل میں آئی' چنانچہ آپ انڈیا سے ہجرت کر کے ۱۹۴۷ء میں پاکستان آ گئے اور اہل خانہ کے ساتھ شہر کراچی میں اقامت پذیر ہو گئے۔ یہاں مختلف معاشی حوادث و مسائل کی وجہ سے تعلیم جاری نہ رہ سکی' تو آپ نے کمپوزنگ کا کام سیکھا اور تقریباً ۸ سال تک کراچی کے مختلف پریسوں میں کام کرتے رہے۔ والد صاحب اور بڑے بھائی مسلکاً اہلحدیث تھے۔ جبکہ علامہ صاحب مسلکِ حق کی طرف شروع سے ہی راغب تھے' ایک دن مناظرِ اہلسنت علامہ محمد عمر اچھروی علیہ الرحمۃ کی ایمان افروز تقریر سنی تو دل میں ایک نیا جذبہ پیدا ہوا اور آپ تحصیلِ علم کی طرف متوجہ ہو گئے۔ انہی دنوں جامعہ محمدیہ رضویہ' رحیم یار خاں کی طرف سے داخلے کا اشتہار چھپا' آپ نے حصول علم کی خاطر نہ صرف ملازمت چھوڑ دی بلکہ کراچی چھوڑ کر جامعہ محمدیہ رحیم یار خاں پہنچ گئے۔ وہاں مولانا محمد نواز اویسی صاحب سے ابتدائی کتب (کریما وغیرہ) اور ترجمہ قرآن پڑھا' اس کے بعد علامہ عبدالمجید اویسی صاحب سے فارسی کی بقیہ کتب اور صرف و نحو پڑھی' پھر انہی کے ہمراہ سراج العلوم خانپور گئے اور وہاں سے جامعہ نعیمیہ' لاہور تشریف لے آئے۔ یہاں مولانا عبدالغفور صاحب سے کافیہ' شرح تہذیب' اصول الشاشی' نور الانوار اور مفتی محمد حسین نعیمی علیہ الرحمۃ سے شرح جامی' قطبی' جلالین شریف اور ہدایۃ الحکمۃ پڑھیں۔ جبکہ تلخیص کے چند اسباق مفتی عزیز احمد بدایونی علیہ الرحمۃ سے پڑھے۔ ذوق علم آپ کو بندیال شریف' ضلع خوشاب کھینچ لایا۔ یہاں آ کر آپ نے استاذ العلماء رئیس المناطقہ علامہ عطا محمد بندیالوی علیہ الرحمۃ سے کتبِ منقول و معقول جامع ترمذی' توضیح تلویح' ہدایہ اخیرین' مختصر المعانی' مطول' ملا حسن' میبذی' صدرا' شمس بازغہ' زواہدِ ثلثہ' قاضی مبارک' حمد اللہ' خیالی اور مسلم الثبوت وغیرہ پڑھیں۔ اخیر میں آپ جامعہ قادریہ' فیصل آباد تشریف لے گئے جہاں آپ نے مولانا ولی النبی علیہ الرحمۃ سے ''اقلیدس'' اور ''تصریح'' پڑھی۔

تدریس

۱۹۶۶ء میں علوم عقلیہ و نقلیہ سے فراغت حاصل کر کے اسی سال جامعہ نعیمیہ' لاہور میں پڑھانا شروع کیا۔ ۴ سال تک آپ مختلف علوم و فنون کی کتابیں پڑھاتے رہے اور ۱۹۷۰ء سے دورۂ حدیث شریف پڑھانا شروع کیا۔ ۱۹۷۸ء میں مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمۃ کی دعوت پر آپ کراچی تشریف لائے اور ایک سال تک دارالعلوم نعیمیہ' کراچی میں حدیث شریف کے اسباق پڑھاتے رہے' بعد ازاں مفتی محمد حسین نعیمی علیہ الرحمۃ کے خواہش پر دوبارہ جامعہ نعیمیہ' لاہور چلے گئے۔ ۱۹۸۳ء میں آپ کو کمر کی تکلیف اور شوگر کا عارضہ لاحق ہو گیا' جس کی وجہ سے نیچے بیٹھ کر پڑھانا دشوار ہو گیا۔ سو مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمۃ کے بیحد اصرار پر ۱۹۸۵ء میں دوبارہ کراچی تشریف لے آئے اور بحیثیت شیخ الحدیث کے دارالعلوم نعیمیہ کراچی میں رونق افروز ہوئے اور تادم تحریر یہیں اقامت پذیر ہیں۔

تصانیف

علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی کا نام جس طرح فنِ تدریس میں نمایاں ہے اسی طرح تصنیف وتحریر میں بھی آپ کا نام روشن اور بلند مقام کا حامل ہے۔آپ کی تصانیف درج ذیل ہیں:

۱۔ تفسیر تبیان القرآن (۱۲ جلد)
۲۔ شرح صحیح مسلم (۸ جلد)
۳۔ تذکرۃ المحدثین
۴۔ توضیح البیان
۵۔ مقالاتِ سعیدی
۶۔ مقام ولایت ونبوت
۷۔ ذکر بالجہر
۸۔ حیاتِ استاذ العلماء
۹۔ ضیاء کنز الایمان
۱۰۔ فاضل بریلوی کا فقہی مقام

مناظرے

آپ مایۂ ناز مدرس ومصنف ہونے کے ساتھ ساتھ ایک کامیاب اور لاجواب مناظر بھی ہیں۔آپ کے دو مناظرے بہت مشہور اور معروف ہیں۔ ایک عیدِ میلاد النبی ﷺ کے موضوع پر' جو ۱۹۶۶ء میں ہوا' دوسرا مناظرہ علم غیبِ مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر' جو ۱۹۶۹ء میں ہوا۔دونوں مناظرے مسلک اہلحدیث کے معتبر عالم حافظ عبدالقادر روپڑی کے ساتھ لاہور میں ہوئے۔اور دونوں مناظرے عصر کے بعد سے عشاء تک جاری رہے۔ دونوں میں بفضلہٖ تعالیٰ علامہ سعیدی مدظلہ کو برتری اور کامیابی حاصل ہوئی۔ان دونوں مناظروں کی مفصل روئیداد ماھنامہ ''الاشرف'' مئی ۱۹۹۲ء کے شمارے میں طبع ہوکر شائع ہوچکی ہے۔

بیعت وارادت

۱۹۵۶ء میں غزالیٔ زماں رازیٔ دوراں علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمۃ کے دستِ اقدس پر آپ نے بیعت وارادت کا شرف حاصل کیا۔

رکن اسلامی نظریاتی کونسل

آپ اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن بھی رہ چکے ہیں۔فروری ۱۹۹۷ء میں آپ رکن منتخب ہوئے اور مقررہ میعاد کے مطابق ۱۹۹۹ء تک اس کے رکن رہے اور نامور عالم دین اور محقق ہونے کی حیثیت سے مسلکِ اہلسنت کی نمائندگی فرمائی۔

تبلیغی دورے

علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی کے معتقدین ومحبین کا ایک وسیع حلقہ یورپ وامریکا میں بھی پھیلا ہوا ہے۔آپ دو مرتبہ برطانیہ تبلیغی دورے پر تشریف لے جاچکے ہیں۔ پہلی بار ۱۹۹۰ء میں گئے اور تین ماہ تک برطانیہ کے مختلف شہروں لندن' مانچسٹر' بریڈ فورڈ' برمنگھم اور برسٹل وغیرہ میں دینی اجتماعات سے خطاب کیا' مختلف مقامات پر لیکچر دیئے اور مختلف مساجد میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب فرمائے۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۹۰ء کو واپسی پر زیارتِ حرمین شریفین کی سعادت بھی حاصل فرمائی۔

۱۹۹۲ء میں آپ دوبارہ برطانیہ تشریف لے گئے اور دو ماہ تک قیام فرمایا۔اس میں بھی مختلف اجتماعات سے خطابات فرمائے۔

اہم بات یہ ہے کہ اپنے دونوں تبلیغی دوروں میں آپ نے شرح صحیح مسلم کا کام بھی جاری رکھا۔ چنانچہ پہلے دورے میں ''کتاب اللباس والزینۃ'' کے ۱۴۲ ابواب کی شرح تحریر فرمائی اور دوسرے دورے میں کتاب الطہارۃ کے ۱۳ ابواب کی شرح فرمائی۔

(خود شارح نے اس کی تصریح کی ہے: شرح صحیح مسلم' ج ۱ ص ۹۱۴' ج ۲ ص ۵۹۵)

Marfat.com

حج اکبر کی سعادت

شرح صحیح مسلم' جلد ثالث میں علامہ صاحب نے تحقیق سے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ جس سال یوم عرفہ جمعہ کے دن ہو' اس سال کا حج' حج اکبر ہوتا ہے اور اس حج کا ثواب ستر (۷۰) حج سے بڑھ کر ہوتا ہے' نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس سال حج فرمایا تھا اس سال یومِ عرفہ جمعہ کے دن تھا۔ (شرح صحیح مسلم' ج ۳ ص ۶۸۹)

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلہ جلیلہ سے آپ کو بھی حج اکبر کی سعادت سے بہرہ ور فرمایا اور ۱۹۹۴ء میں آپ حج اکبر کی سعادتِ عظمیٰ سے مشرف ہوئے۔

هذا هو اخر كلامي في سوانح الشارح العلام. رزقنا الله تعالى صلاحا بحب الابرار والصالحين.

شروحِ حدیث کا تعارف

مراۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح

مراۃ المناجیح ۸ جلدوں پر مشتمل' مشکوٰۃ المصابیح کا کامل ترجمہ اور جامع شرح ہے' جو کہ حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ کے رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے۔ مفتی صاحب علیہ الرحمۃ ۱۹۰۶ء میں بدایوں میں پیدا ہوئے اور ۲۴ اکتوبر ۱۹۷۱ء کو گجرات میں وصال فرمایا۔ تقریباً ساڑھے ۴ ہزار صفحات پر مشتمل آپ کی یہ تصنیف مشکوٰۃ شریف کی بہترین تسہیل اور عمدہ تفہیم ہے۔ مرقاۃ المفاتیح (از علامہ علی قاری ہروی حنفی علیہ الرحمۃ) اور اشعۃ اللمعات (از شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ) مراۃ المناجیح کے بنیادی مآخذ اور مراجع ہیں۔ ۲ رمضان المبارک ۱۳۷۸ھ/۱۹۵۹ء سے ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۸۸ھ/۱۹۶۸ء تک' دس سال کے عرصہ میں یہ شرح لکھی گئی۔ اس کی کچھ خصوصیات درج ذیل ہیں:

(۱) ہر حدیث کا با محاورہ اور سلیس ترجمہ (۲) حدیث کے راوی کا مختصر تعارف (۳) جلدِ اوّل کے آغاز میں حجیتِ حدیث پر شبہات کے نمبر وار جوابات (۴) مقدمۂ مشکوٰۃ کی شرح میں صاحبِ مصابیح' ائمۂ صحاح ستہ و دیگر محدثین (امام دارمی' امام بیہقی' امام دارقطنی وغیرہم) اور ائمہ اربعہ علیہم الرحمۃ کے حالات کا جامع بیان (۵) حدیث شریف میں آنے والے الفاظِ مشکلہ کی مختصراً لغوی اور اصطلاحی تشریح (۶) کتاب کے عنوان (طہارت' علم' آداب وغیرہا) کا مختصر تعارف (۷) احادیث متعارضہ میں تطبیق اور شبہاتِ منکرین وغیرہم کا ازالہ (۸) فقہی اعتبار سے ائمہ مجتہدین خصوصاً امام اعظم اور امام شافعی علیہم الرحمۃ کے موقف کی وضاحت (۹) احادیث کی روشنی میں عقائد اہل سنت کی تائید و تقویت اور مخالفین پر رد (۱۰) اہم مقامات پر متصوفانہ تشریح (۱۱) بصیرت افروز عقلی نکات (۱۲) کتاب کے اختتام پر ۱۳۵ اقسام حدیث کی مختصر اور جامع تعریفات (۱۳) ساتھ ہی صاحب مشکوٰۃ کے رسالہ "الاکمال فی اسماء الرجال" کا ۹۸ صفحات پر مشتمل ترجمہ بنام "الاجمال فی ترجمة الاكمال" (۱۴) بالکل آخر میں اولادِ عبدالمطلب' خلفاء راشدین اور اہل بیتِ اطہار (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) کا نسب نامہ اور ساتھ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مکمل شجرہ نسب۔

نزھۃ القاری شرح صحیح بخاری

نزھۃ القاری ۵ جلدوں پر مشتمل صحیح بخاری کا مکمل ترجمہ اور عمدہ شرح ہے۔ اس کے مصنف فقیہ اعظم ہند علامہ مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ ہیں۔ آپ ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء میں اعظم گڑھ' انڈیا میں پیدا ہوئے اور ۶ صفر المظفر ۱۴۲۱ھ مطابق ۱۱ مئی ۲۰۰۰ء کو وصال فرمایا۔ آپ کی یہ تصنیف لطیف تقریباً ساڑھے ۴ ہزار صفحات پر مشتمل ہے' جو کہ ۲۱ ذوالحجہ ۱۴۰۲ھ سے ۱۱ رمضان المبارک

Marfat.com

۱۴۱۹ھ تک' تقریباً ۱۷ سال کے عرصہ میں مکمل ہوئی۔اس کی کچھ خصوصیات درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب کو طوالت سے بچانے کے لئے مکرر احادیث کو صرف ایک بار لیا گیا ہے' البتہ حدیث کے مختصر الفاظ کو یکجا کر دیا گیا ہے۔(۲) حدیث شریف کا ترجمہ بامحاورہ کیا گیا ہے۔(۳) ابواب کا ذکر نہیں کیا گیا' ورنہ احادیثِ مکررہ کو لانا ضروری ہوتا' اور اس کمی کو "احکام مستخرجہ" کا عنوان قائم کر کے پورا کر دیا گیا ہے۔نیز اہم ابواب پر شرح میں پورا کلام موجود ہے۔(۴) ہر حدیث پر نمبر لگا دیا گیا ہے اور حدیث کے اہم مضمون کو سامنے رکھ کر اس کا ایک عنوان بھی قائم کر دیا ہے۔(۵) حدیثِ زیر بحث بخاری شریف اور صحاح کی دیگر کتب میں کہاں کہاں ہے' اس کا حوالہ دے دیا گیا ہے۔(۶) راوی کے حالات۔(۷) عقائد اہل سنت کی مدلل اور نفیس تشریح اور بد مذہبوں کا قوی رد۔(۸) ۱۵۷ صفحات پر مشتمل جامع مقدمہ (مقدمہ میں حدیث شریف کی اہم اقسام و مباحث۔امام بخاری کے حالات' صحیح بخاری اور اس کی شروح (عربی و اردو) کی تفصیل کے ساتھ ساتھ بالخصوص اور بالقصد امام اعظم ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ کے حالات' آپ کی تصانیف' فقہ کی حقیقت' فقہ پر اعتراضات کے جوابات اور مسامحاتِ بخاری کا بیان)۔

فیوض الباری شرح صحیح بخاری

فیوض الباری' صحیح بخاری کے ۱۰ پاروں کی اردو میں مبسوط اور جامع شرح ہے۔اس کے مصنف علامہ ابو البرکات سید احمد کے فرزند ارجمند علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ ہیں۔آپ ۲۲ رجب المرجب ۱۳۵۴ھ ۲۰ اکتوبر/ ۱۹۳۵ء کو آگرہ' ہندوستان میں پیدا ہوئے اور ۱۹۹۸ء میں لاہور میں وصال فرمایا۔آپ علیہ الرحمۃ کی یہ تصنیف صحیح بخاری' ابتداء سے کتاب الشروط تک کی شرح ہے اور اڑھائی ہزار سے زائد صفحات پر مشتمل ہے۔آپ نے اس شرح کا آغاز کب فرمایا' اس حوالہ سے کچھ معلوم نہیں ہو سکا' البتہ پہلے پارے کے اختتام پر یہ تاریخ درج ہے: ۸ جمادی الاخرۃ ۱۳۷۸ھ/ ۳۰ نومبر ۱۹۵۸ء۔

اس شرح کی کچھ خصوصیات خود شارح نے پارہ اوّل کے آغاز میں بیان کی ہیں اور کچھ خصوصیات مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ نے اپنی شرح میں بیان فرمائی ہیں' دونوں سے استفادہ کرتے ہوئے چند خصوصیات درج ذیل ہیں:

(۱) احادیث کا لفظی مگر عمدہ ترجمہ (۲) الفاظِ حدیث کی حسب ضرورت لغوی تحقیق (۳) حدیثِ زیر بحث کے مسائل و احکام کی تفصیل۔(۴) ائمہ اربعہ علیہم الرحمۃ کے مابین اختلافِ آراء اور دلائل کی توضیح (۵) کتاب کو طوالت سے بچانے کے لیے مکرر احادیث کو ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے۔(۶) اختصار کے پیشِ نظر سند کا ابتدائی حصہ حذف کر دیا گیا ہے۔(۷) مختلف فیہ مسائل پر مدلل اور جامع بحث (۸) پارہ اوّل کے آغاز میں ۳۸ صفحات پر مشتمل فاضلانہ مقدمہ' جس میں حجیتِ حدیث پر دلائل کے ساتھ ساتھ منکرینِ حدیث کا بلیغ رد کیا گیا ہے۔

ایضاح البخاری

میرے پیش نظر ایضاح البخاری کا جو نسخہ ہے وہ ابتداء سے کتاب الصلوۃ تک ۳ جلدوں پر مشتمل ہے۔یہ کتاب مستقلاً صحیح بخاری کی شرح نہیں ہے بلکہ شیخ فخر الدین احمد' متوفی ۱۳۹۳ھ/ ۱۹۷۲ء کے افادات کا مجموعہ ہے' جس کو ان کے شاگرد شیخ ریاست علی (مدرس دار العلوم دیوبند) نے تحریری شکل دے کر مرتب کیا ہے۔اس شرح کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

(۱) احادیث کا بامحاورہ ترجمہ (۲) اکثر مقامات پر ترجمۃ الباب کی وضاحت (۳) الفاظ حدیث کی مختصراً لغوی تشریح (۴) بیشتر مقامات پر حدیث کے باب کے گذشتہ ابواب سے ربط کی وضاحت (۵) شرح میں مختلف علماء کے اقوال اور آراء کا بیان (۶) متعدد مقامات پر شیخ کشمیری کے اقوال سے استدلال (۷) شرح حدیث کے ضمن میں مختلف اعتراضات کے جوابات (۸) کتاب کے آغاز

Marfat.com

میں ۲۶ صفحات پر امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی سوانح وحالات کا بیان۔

شرح صحیح مسلم

شروح حدیث میں شرح صحیح مسلم کا مقام اور مرتبہ بہت بلند ہے۔ یہ شرح، صحیح مسلم کی وہ واحد شرح ہے جو اردو زبان میں ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی ضخیم اور مبسوط بھی ہے۔ علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے ۱۹۸۰ء میں اس شرح کو لکھنا شروع کیا تھا۔ پہلی جلد لکھنے کے بعد علیل ہونے کی وجہ سے ۴ سال تک یہ کام معرضِ التواء میں رہا۔ مارچ ۱۹۸۶ء میں شرح کا کام دوبارہ شروع کیا اور جنوری ۱۹۹۳ء میں اس کی ۷ جلدیں مکمل فرمائیں۔ علالت سے قبل لکھی جانیوالی جلد اوّل بہت مختصر تھی، اس کو بقیہ مجلدات کی طرز پر لانے کے لئے دوبارہ تحریر فرمایا۔ یوں یہ عظیم وخطیر کام فروری ۱۹۹۴ء کے وسط میں پایہ تکمیل کو پہنچا اور اب تقریباً ۸ ہزار صفحات پر مشتمل، مفصل شرح ہمارے سامنے موجود ہے۔ اس میں تعجب خیز اور حیران کن امر یہ ہے کہ شارح نے انتہائی تحقیق وتفصیل اور شرح وبسط کے ساتھ لکھنے کے باوجود صحیح مسلم کی شرح میں فقط ۸ سال کے عرصہ میں ۸ ہزار صفحات تحریر فرما دیئے جبکہ نزھۃ القاری اور مراۃ المناجیح، دونوں تقریباً ساڑھے ۴ ہزار صفحات پر مشتمل ہیں، ان میں سے پہلی ۱۷ سال کے عرصہ میں مکمل ہوئی اور دوسری ۱۰ سال کے عرصہ میں مکمل ہوئی۔

اسلوبِ شرح

شرح صحیح مسلم میں شرح کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے وہ بہت جامع ہونے کے ساتھ ساتھ قارئین کی سہولت اور ذوقِ مطالعہ کے بھی موافق اور مطابق ہے۔ سب سے پہلے ہر باب کی احادیث کو یکجا کر کے ان کا بامحاورہ اور سلیس ترجمہ کیا گیا ہے۔ بعد ازاں مختلف عنوانات کے تحت ترجمہ کردہ احادیث کی شرح اور ان سے متعلقہ مباحث پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔ حدیث کی شرح کرتے ہوئے شارح نے مستند اور معتمد شارحین حدیث کی آراء کو مکمل حوالہ جات کے ساتھ نقل فرمایا ہے اور حدیث کے ماتحت گفتگو کرتے ہوئے زیرِ بحث مسئلہ پر قرآن حکیم اور احادیثِ صحیحہ سے استشہاد کرنے کے ساتھ ساتھ علماء کے پیش کردہ دلائل پر بحث ونظر اور (ان سے اختلاف کی صورت میں) اپنے موقف کی مدلل تشریح بھی فرمائی ہے۔ نیز حدیث کے ماتحت آنے والے مباحث ومسائل کے علم تفسیر یا علم حدیث سے متعلق ہونے کی صورت میں ائمہ مفسرین اور ماہرینِ حدیث کی باحوالہ تصریحات پیش کی ہیں، اور علم فقہ سے متعلق ہونے کی صورت میں مستند فقہاء کرام کے ارشادات پیش کئے ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ قرآن وسنت اور علماء متقدمین ومحققین کی عبارات کی روشنی میں عصرِ حاضر کے مسائل پر بھی محققانہ بحث فرمائی ہے، نیز زیرِ بحث حدیث سے مستنبط ہونے والے فوائد ومسائل بھی تفصیل واختصار کے ساتھ ذکر فرمائے ہیں۔ نیز متعلقہ حدیث کے ماتحت اہلسنت وجماعت کے عقائد ومعمولات کی مدلل تشریح اور مخالفینِ مذہب کی مہذب گرفت کرنے کے ساتھ ساتھ علماء مفسرین وشارحین کے علمی مسامحات پر باوقار تنبیہات بھی فرمائی ہیں۔

خصوصی مباحث

اسلوبِ شرح کے اس مختصر سے تعارف کے بعد ذیل میں ہم شرح صحیح مسلم کا ایک جامع خاکہ پیش کر رہے ہیں، جس کی روشنی میں واضح ہوگا کہ ہر جلد میں کون کون سے خصوصی مباحث اور تحقیقی مسائل زینتِ شرح ہیں۔

Marfat.com

جلد اوّل

ندائے یا محمد ﷺ کا جواز/ ۳۱۰، علوم خمسہ کی بحث/ ۳۲۴، ایمانِ ابی طالب/ ۳۸۶، محبتِ رسول ﷺ/ ۴۲۶، تعزیہ اور ماتم/ ۴۹۰، تقیہ/ ۶۱۷، معراج النبی ﷺ مع مسئلہ حاضر و ناظر/ ۶۸۷، قبروں پر پھول رکھنا/ ۹۸۱، حی علی الفلاح پہ کھڑا ہونا/ ۱۰۹۸، رفع یدین/ ۱۱۰۸، قراءت خلف الامام مع مسئلہ سورۃ الفاتحہ/ ۱۱۲۹، تشہد میں رسول اللہ ﷺ پر بالقصد سلام عرض کرنا/ ۱۱۲۷، رسول اللہ ﷺ کی صفت بصارت کا دائمی ہونا/ ۱۲۲۰، سجدہ میں پیر زمین پر رکھنا/ ۱۲۹۱، سجدہ میں انگلی کا پیٹ لگانا/ ۱۲۹۹، داڑھی اور مونچھیں/ ۹۲۲، انجیکشن سے روزہ ٹوٹنا/ ۳۳۸۔

جلد ثانی

مسئلہ شفاعت/ ۳۸، قبور صالحین کے پاس مسجد بنانا/ ۸۲، جنات کی تحقیق/ ۱۰۰، روایت تلک الغرانیق العلی کی تحقیق/ ۱۵۵، فاسق کی امامت/ ۳۰۷، مسافت قصر اور اس کی مدت/ ۳۷۰، تنہا عشاء پڑھنے والے کا وتر با جماعت ادا کرنا/ ۵۰۲، تہجد آپ ﷺ پر فرض تھی یا نہیں؟/ ۴۷۰، بدعت کی بحث/ ۵۵۱، گانا اور آلات موسیقی/ ۶۷۲، اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ/ ۷۸۴، مزارات پر گنبد بنانا اور چادر چڑھانا/ ۸۱۴، غیر نبی پر استقلالاً صلوۃ پڑھنا/ ۱۰۱۸، مسجد میں نماز جنازہ/ ۱۰۳۶، بلغاریہ اور قطبین میں اوقاتِ نماز/ ۲۲۵، قصرِ صلوۃ اور ہوائی جہاز کا سفر/ ۳۸۳، ریل اور ہوائی جہاز میں نماز/ ۳۹۷، ریڈیو، ٹی وی، وی سی آر اور سینما کا حکم/ ۷۰۴، پوسٹ مارٹم/ ۸۲۳، عطیہ خون/ ۸۳۰، اعضاء کی پیوندکاری/ ۸۴۳، پراویڈنٹ فنڈ پہ زکوۃ/ ۸۹۹، فوٹوگرافی/ ۷۶۔

جلد ثالث

میلادِ رسول ﷺ/ ۱۶۹، لیلۃ القدر/ ۲۰۳، حجیتِ حدیث/ ۲۴۶، رسول اللہ ﷺ کا اجتہاد/ ۲۶۷، اجتہاد/ ۳۱۸، تقلید/ ۳۲۸، کوا کھانا/ ۳۵۱، مسئلہ یزید/ ۶۰۰، حج اکبر/ ۶۸۸، قبر انور (علیٰ صاحبہ تسلیمات وتحیات) کا کعبۃ اللہ اور عرش سے افضل ہونا/ ۷۴۵، مسئلہ متعہ/ ۷۹۳، مسئلہ کفاءت/ ۹۶۴، مسئلہ طلاقِ ثلثہ/ ۱۰۲۰، نفقہ سے عجز کی بناء پر تفریق/ ۱۱۹۲، رؤیتِ ہلال کمیٹی کے ریڈیو، ٹی وی پر اعلانات کا حکم/ ۵۳، بذریعہ جہاز عورت کا بغیر محرم حج پہ جانا/ ۶۶۴، ضبطِ تولید (برتھ کنٹرول)/ ۸۷۸، مسئلہ اسقاطِ حمل بر بنائے میڈیکل ٹیسٹ/ ۸۹۱، ٹیسٹ ٹیوب بے بی/ ۹۳۵۔

جلد رابع

ایصالِ ثواب/ ۵۰۰، غیر اللہ کی قسم کھانا/ ۵۶۰، ارتداد کی تفصیل اور احکامات/ ۶۵۵، حدود میں عورتوں کی گواہی/ ۷۲۶، چور کا کٹے ہوئے ہاتھ کو پیوند کرانا/ ۷۵۵، زنا کا مفہوم اور سزا/ ۷۸۵، رجم کی تحقیق/ ۷۹۷، تعزیر میں قتل کرنا/ ۸۶۱، حدود کے کفارہ ہونے، نہ ہونے کی تحقیق/ ۸۷۴، امام اعظم کے قول پر مروجہ شرابوں کے حلال ہونے کی تحقیق/ ۳۲۰، ۸۴۸، سرمایہ دارانہ نظام، اشتراکیت، کمیونزم اور سوشلزم کا تعارف اور بحث/ ۹۲، انعامی بانڈز/ ۱۱۱، الکوحل، الکوحل آمیز دواؤں، پرفیومز وغیرہ کا حکم/ ۳۲۲، بینک کے سود کی تحقیق/ ۳۴۷، بینک نوٹ کی تحقیق/ ۳۵۰، پستول اور بندوق وغیرہ کے ذریعے قصاص لینے کا حکم/ ۶۷۷۔

جلد خامس

بشر اور نور کی تحقیق/ ۸۸، مخلوق کی طرف علم غیب کی نسبت کی تحقیق/ ۱۰۸، مسئلۂ شہادت/ ۱۶۲، ردِ شمس (للانبیاء الکرام علیہم الصلوۃ والسلام)/ ۳۱۵، جنگی قیدیوں کا حکم/ ۳۳۲، مسئلۂ فدک/ ۳۸۸، مسئلۂ خلافت/ ۴۴۵، غزوۂ بدر میں فرشتوں کا

Marfat.com

نزول/۴۶۹، قیام تعظیمی/ ۴۸۳، حضور اکرم ﷺ کا امی ہونا/ ۵۳۳، سجدۂ شکر کی تحقیق/ ۵۷۰، ستر اور حجاب کی تحقیق مع عورت کی آواز، عورت کی سربراہی اور عورت کا گھر سے باہر نکلنا/ ۶۱۲، امارت و خلافت/ ۷۰۵، سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے خروج کی تحقیق/ ۷۸۸، فاسق کی خلافت/ ۷۹۱، حکمی شہید کی تحقیق/ ۹۳۵، معمہ، لاٹری اور سٹہ کا شرعی حکم/ ۸۴۵، بیمہ کی تحقیق/ ۸۴۶۔

جلد سادس

تعلیم قرآن اور دیگر عبادات پہ اجرت لینا/ ۵۷۰، مسئلہ مغفرتِ ذنب/ ۶۹۰، ختم نبوت/ ۷۲۱، حیاتِ خضر علیہ السلام/ ۸۵۲، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے متعلق اہم مباحث/ ۸۶۱، لفظ ضأن کی تحقیق/ ۱۳۸، بھنگ، حشیش، افیون اور تمباکو نوشی کا حکم/ ۲۰۶، سرخ، سفید، زرد اور سبز رنگ کے لباس، ٹوپی وغیرہ کے متعلق تفصیلی بحث/ ۴۱۰، بندوق سے مارے ہوئے اور شکار کئے ہوئے جانور کی تحقیق/ ۶۶، برقی اور مشینی آلات سے ذبح کا حکم/ ۱۲۲۔

جلد سابع

غیبت سے متعلق تفصیلی اور تحقیقی بحث/ ۱۶۷، عصمتِ انبیاء کرام علیہم السلام/ ۲۷۷، عصمتِ ملائکہ علیہم السلام/ ۲۹۰، نبی اکرم ﷺ کی عصمتِ مبارکہ/ ۳۰۷، عصمتِ انبیاء کرام علیہم السلام پر اعتراضات کے جوابات/ ۲۹۵، علم سے متعلق اہم مباحث کی تفصیل و تحقیق/ ۳۶۲، ابن ابی کی نماز جنازہ/ ۵۸۳، سُترہ کی بحث/ ۸۸۲، وسیلہ، استمداد، استعانت اور ندائے غیر اللہ/ ۵۵ تا ۹۰، بغیر سُترہ کے نمازی کے آگے سے گزرنا/ ۸۹۰، عورتوں کا لکھنا، کتابت کے اہم مباحث/ ۹۵۲، قبر میں سوال کے متعلق رسول اللہ ﷺ کی طرف اشارہ کی تحقیق/ ۷۲۰، زیارتِ قبور نیز عورتوں کا زیارت کے لیے جانا/ ۷۳۴، مسجد میں سائل کو دینا (تحقیقی بحث)/ ۸۹۲۔

تفصیلی گفتگو کے عنوانات

اسلوبِ شرح اور خصوصی مباحث کے مختصر تعارف کے بعد اب سطورِ آئندہ میں شرح صحیح مسلم کی مختلف خصوصیات اور ان کی روشنی میں شرح کا تفصیلی تعارف اور مقام و مرتبہ واضح کیا جائے گا۔ یہ تفصیلی گفتگو جن عنوانات کے ماتحت ہوگی، وہ درج ذیل ہیں:

- ☆ شرح صحیح مسلم اور اہم تحقیقی مسائل
- ☆ عصرِ حاضر کے جدید مسائل
- ☆ مذاہب اربعہ کی تفصیل اور مسلک احناف کی ترجیح
- ☆ عقائد اہلسنت کا مدلل بیان اور دیگر مسالک کا مہذب رد
- ☆ متقدمین و متأخرین اور معاصرین سے اختلافِ رائے
- ☆ مجتہدات و تفردات
- ☆ چند دیگر خصائص
- ☆ اقتباسات از تاثراتِ مشائخ

شرح صحیح مسلم اور اہم تحقیقی مسائل

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ شریعتِ مطہرہ کا دامن بے شمار مسائل سے بھرا ہوا ہے۔ قرآن و سنت کے ایک ایک ارشادِ عظمت

Marfat.com

نشان سے کئی کئی مسائل کا استخراج واستنباط کوئی انوکھی بات نہیں ہے۔فقہاء اسلام وعلماء اعلام کی کتب وتحریرات اور تصنیفات وتالیفات اس پر شاہدِ عادل اور برہانِ کامل ہیں۔لیکن مسائل کی اس کثرت میں بہ تقاضائے عقل یہ ناممکن بات ہے کہ تمام مسائل اپنی ذات' اپنی نوعیت اور اپنی جہت کے اعتبار سے از اوّل تا آخر یکساں ہوں۔بعض مسائل وہ ہوتے ہیں جو ایک خاص وقت تک یا خاص جگہ کے لیے قابل عمل ہوتے ہیں' اس وقت کے گزرنے یا جگہ کے بدلنے سے وہ مسائل بھی تبدیل ہو جاتے ہیں' بعض مسائل وہ ہوتے ہیں جو وقت اور زمانے کے تقاضوں کے اختلاف سے قابل ترمیم ہو جاتے ہیں' بایں طور کہ پہلے ان میں کچھ تنگی اور دشواری تھی' اب اس تنگی کو دور کر کے وسعت اور یُسر (آسانی) کی حاجت پیش آتی ہے' بعض مسائل وہ ہوتے ہیں جن میں طبعًا اور ابتداءً تو آسانی اور وسعت کا عنصر موجود ہوتا ہے لیکن بعد میں کچھ مخصوص مزاج کے لوگ ان مسائل کی وسعت کو تنگی اور مشکلات کی طرف لے جاتے ہیں' غرضیکہ مسائل کی مختلف جہات اور مختلف نوعیتیں ہیں جس نوعیت کے مسائل کا سطورِ بالا میں ذکر ہوا' فی الواقع اسی قبیل کے مسائل دوسرے مسائل کی بہ نسبت زیادہ تحقیق طلب ہوتے ہیں' اسی طرح وہ مسائل بھی جو مختلف فیہ ہوں یا مختلف اشکالات کی زد میں ہوں۔یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں علماء محققین نے اپنی تصانیف میں تحقیقی مسائل رقم فرمائے اور ان پر دلائل و براہین کے ساتھ گفتگو کر کے محققانہ ابحاث قلم بند فرمائیں۔ان علماء میں امام فخر الدین رازی متوفی ۶۰۶ھ' خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ' امام حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ' امام بدر الدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ' محقق علی الاطلاق امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ' علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ اور اعلیٰحضرت امام احمد رضا قادری حنفی متوفی ۱۳۴۰ھ وغیرہم کے اسماء گرامی نمایاں ہیں۔انہی اکابر رحمہم اللہ تعالیٰ کے علمی اور روحانی فیضان سے عصرِ حاضر میں بھی ایسے اصحابِ قلم معدوم نہیں ہیں جو اپنی تحریرات وتصنیفات میں تحقیق و تدقیق کا دامن تھامے نظر آتے ہیں' ان کی تصنیفات وتالیفات محققانہ ابحاث سے مزین اور آراستہ ہوتی ہیں۔عصرِ حاضر میں ایسی تصانیف کا ہونا بھی بہت غنیمت اور لائق صد تحسین ہے۔میرے پیش نظر جو شروح حدیث ہیں' ان میں تحقیق وتدقیق کے حوالہ سے شرح صحیح مسلم کا مقام بہت بلند اور نمایاں ہے۔اس شرح میں متعدد ایسے مسائل پر قلم اٹھایا گیا ہے جو واقعۃً تحقیق طلب تھے یا دورِ حاضر میں تحقیق طلب بن چکے ہیں' ان پر نہ صرف قلم اٹھایا گیا بلکہ محققانہ انداز میں ان پر بحث کر کے ان کا معقول حل پیش کیا گیا ہے۔کئی ایسے مسائل جو اہلسنت اور اہل تشیع کے درمیان مختلف فیہ ہیں' ان پر قرآن وسنت اور خود اہل تشیع کی معتمد کتب کی روشنی میں بحث کر کے مذہب مہذب اہلسنت و جماعت کی حقانیت کو روشن کیا گیا ہے۔بعض ایسے مسائل جو اپنے اندر گنجائش ہونے کے سبب فی زمانہ تیسیر وتسہیل کے متقاضی ہیں ان پر بھی مفصل ومدلل تحقیق کر کے وسعت وگنجائش سے بھرپور مستفید ہونے کی راہ واضح کی گئی ہے' علی ہذا القیاس متعدد مسائل پر تحقیقات عمیقہ اور تدقیقاتِ انیقہ' شرح ہذا کے لئے دیگر شروح احادیث کے درمیان مابہ الامتیاز ہیں۔۔۔۔اگر ان تمام مسائل پر گفتگو کی جائے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو جائے۔

ذیل میں اس شرح سے کچھ مثالیں پیش کرنے سے قبل یہ بتانا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس شرح میں مسائل پر تحقیق کے دوران شارح کا اسلوب کیا رہا ہے؟

اسلوبِ تحقیق

مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسائل کی تحقیق کے دوران شارح کا اسلوب مکمل طور پر معروضی اسلوب رہا ہے۔یعنی ۔۔۔۔ایسا نہیں کہ پہلے سے ذہن کے اندر کوئی نظریہ متعین کر لیا گیا ہو اور پھر اس پر دلائل کا تتبع اور تلاش کی گئی ہو۔۔۔۔بلکہ کسی بھی نظریہ اور فکر کو اپنے اوپر مسلط کرنے کی بجائے اوّلین مرحلہ میں قرآن وسنت اور دیگر دلائل کے تتبع وتفحص اور تلاش کے بعد کوئی نظریہ

Marfat.com

قائم کیا گیا ہے۔ ایسی صورت میں ہوتا یہ ہے کہ تحقیق کرنے والے پر دلائل کی روشنی میں جو نظریہ واضح ہوتا ہے وہ برملا اسے اپنا مختار قرار دیتا ہے اور دلائل کی روشنی میں جس نظریہ کا بطلان واضح ہوتا ہے وہ بلا خوفِ لومۃ لائم اس نظریہ کا ابطال کرتا ہے۔ متقدمین میں امام ابن ہمام کی فتح القدیر' سند المحققین علامہ شامی کی ردالمحتار اور سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی فتاویٰ رضویہ ہماری اس تقریر کی واضح مثال اور روشن دلیل ہیں۔ (**کما لایخفی علی من یطالعها مستیقظا**) بعینہٖ شرح صحیح مسلم میں بھی شارح نے محققین ہی کا اسلوب اپنایا ہے۔

چند مثالیں

شارح کے اسلوب تحقیق کی وضاحت کے بعد ذیل میں شرح صحیح مسلم کی تحقیقی ابحاث میں سے ''مشتے نمونہ از خروارے'' کے طور پر صرف چند مسائل کا تعارف پیش کرنا چاہتا ہوں' تاکہ اندازہ کیا جا سکے کہ شرح ہذا میں کس نوعیت کے مسائل پر کس انداز سے بحث کی گئی ہے اور یہ بھی واضح ہو جائے کہ شرح صحیح مسلم کو دیگر شروح کے درمیان کیا مقام حاصل ہے؟

(۱) روایت ''تلك الغرانيق العلى'' کی تحقیق

صحیح مسلم باب سجود التلاوۃ کی حدیث ہے کہ نبی کریم ﷺ نے سورۂ والنجم پڑھی اور سجدۂ تلاوت ادا کیا' آپ ﷺ کے پاس جتنے لوگ تھے' ان سب نے سجدہ کیا' سوا ایک بوڑھے شخص کے' اس نے مٹی کی ایک مٹھی بھر کر اپنی پیشانی سے لگائی اور کہا: مجھے یہی کافی ہے۔

اس موقع پر مشرکین نے جو سجدہ کیا اس کی وجہ میں ایک روایت پیش کی جاتی ہے کہ ''حضور ﷺ نے جب ''**ومنوة الثالثة الاخرى**'' کی تلاوت کی تو شیطان نے آپ کی تلاوت میں خود یہ الفاظ ملا دیئے یا آپ کی زبان سے جاری کرا دیئے:

تلك الغرانيق العلى فان شفاعتهن لترتجى. یہ مرغانِ بلند بانگ' ان کی شفاعت کی توقع کی جاتی ہے۔

یہ سن کر مشرکین خوش ہوئے اور سجدہ کر لیا' بعد میں جبرئیل نے آ کر عرض کی: آپ نے وہ چیز تلاوت کی جس کو نہ میں لے کر آیا نہ اللہ تعالیٰ نے اس کو نازل کیا۔ آپ رنجیدہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی تسلی کے لئے یہ آیت نازل فرمائی:

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○ (الحج:۵۲)

اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا مگر (اس کے ساتھ یہ واقعہ گزرا ہے) جب انہوں نے (اپنی امت کے بڑھنے کی) تمنا (آرزو) کی تو شیطان نے (لوگوں میں مختلف وساوس پیدا کر کے) اس تمنا میں خلل ڈال دیا' تو اللہ تعالیٰ شیطان کے وساوس کو منسوخ فرما دیتا ہے پھر اپنی آیتوں کو مضبوط بناتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ○

یہ روایت کشف الاستار عن زوائد البزار' ج ۲ ص ۷۲ اور مجمع الزوائد' ج ۷' ص ۱۱۵ میں موجود ہے۔

امام ابو منصور ماتریدی' امام بیہقی' امام فخر الدین رازی' قاضی بیضاوی' امام نووی' علامہ کرمانی' علامہ بدر الدین عینی' علامہ قسطلانی اور علامہ سید محمود آلوسی حنفی رحمہم اللہ تعالیٰ اور دیگر تمام محققین نے اس روایت کو قطعاً رد کر دیا ہے۔ علامہ بدر الدین عینی حنفی لکھتے ہیں:

فانه قد قامت الحجة واجتمعت الامة على عصمته ﷺ ونزاهته عن مثل هذه الرذيلة اس قسم کے واقعہ سے نبی ﷺ کی عصمت اور پاکیزگی پر دلیل قائم ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے۔ آپ اس سے بری

وحاشاه عن ان تجری علی قلبه او لسانه شیء من ذالك لا عمدا ولا سهوا او یکون للشیطان علیه سبیل او ان یتقول علی الله عزوجل لا عمدا ولا سهوا والنظر والعرف ایضا یحیلان ذالك لو وقع لارتد کثیر ممن اسلم ولم ینقل ذالك ولا کان یخفی علی من کان بحضرته من المسلمین.

ہیں کہ آپ کے دل یا زبان پر ایسی کوئی چیز جاری ہو' عمداً نہ سہواً' یا شیطان کسی طرح سے آپ پر کوئی سبیل نکال سکے یا آپ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی غلط بات منسوب کریں' عمداً نہ سہواً' عقلاً اور عرفاً بھی یہ واقعہ محال ہے' اگر یہ واقعہ رونما ہوتا تو کئی مسلمان مرتد ہو جاتے حالانکہ ایسا منقول نہیں ہے اور آپ کے پاس جو مسلمان تھے' ان سے یہ واقعہ مخفی نہ رہتا۔

(عمدۃ القاری' ج۱۹ ص۶۶)

انہی محققین کی اتباع میں شارح صحیح مسلم نے بھی مذکورہ روایت کی فنی حیثیت پر مفصل بحث قلمبند فرمائی ہے اور قوی ترین دلائل کی روشنی میں اس روایت کو غلط' باطل اور مردود قرار دیا ہے۔ آپ نے اس مسئلہ پر اپنی شرح میں دو جگہ بحث فرمائی ہے' ایک جلد ثانی میں اور دوسری جلد سابع میں۔ جلد سابع میں صفحہ ۳۴۶ سے لے کر ۳۵۰ تک' ۴ صفحات پر اور جلد ثانی میں صفحہ ۱۵۵ سے لے کر ۱۶۴ تک' ۱۰ صفحات پر مفصل بحث فرمائی ہے۔ ذیل میں ہم اس تحقیق کی چند خوبیاں پیش کر رہے ہیں:

تحقیق کی خوبیاں

(۱) پیش نظر شروحِ حدیث کے مقابلے میں شارح کی تحقیق کی پہلی خوبی یہ ہے کہ آپ نے سب سے پہلے زیر بحث روایت کا باحوالہ' باسند اور باجرح مکمل متن تفصیلاً نقل فرمایا ہے' یہ واضح کرنے کے لئے کہ آپ کو اس روایت سے کیوں اختلاف ہے؟ چنانچہ نقلِ متن کے اختتام پر لکھتے ہیں:

''ہم نے اس روایت کو سند متصل اور سند مرسل دونوں طریقوں سے بالتفصیل اس لئے بیان کیا ہے تاکہ اہل علم اور قارئین کو معلوم ہو جائے کہ ہم اس روایت سے اس قدر شدید اختلاف کیوں کر رہے ہیں''۔

(۲) تحقیق کی دوسری خوبی یہ ہے کہ شارح نے اپنے موقف کی تائید میں امام بدر الدین عینی حنفی' امام قاضی عیاض مالکی' شارح البخاری علامہ محمد بن یوسف کرمانی' علامہ علی قاری حنفی اور شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی حنفی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کی مکمل حوالہ جات کے ساتھ عبارات پیش کی ہیں۔

(۳) تحقیق کی تیسری خوبی یہ ہے کہ شارح نے معتمد محدثین کی آراء نقل کرنے کے بعد مستند ائمہ مفسرین میں سے امام ابوبکر محمد ابن عربی' علامہ ابوالبرکات نسفی' امام قرطبی مالکی' امام فخر الدین رازی شافعی[1]' صاحب البحر المحیط علامہ ابوحیان محمد بن یوسف اندلسی اور ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی بغدادی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کی مکمل عباراتِ جلیلہ پیش کی ہیں۔ اور اس بات کو پایۂ ثبوت تک پہنچایا ہے کہ زیر بحث روایت عقلاً اور نقلاً ہر دو طرح سے باطل اور نا قابل تسلیم ہے۔

(۴) چوتھی خوبی یہ ہے کہ شارح نے قرآن حکیم کی آیت ''**وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی**'' کا صحیح محمل بیان کرتے ہوئے اس بات کو محقق کیا ہے کہ اس آیۂ مبارکہ سے زیر بحث روایت کی قطعاً تائید نہیں ہوتی۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ بعض علماء اس آیۂ مبارکہ کا ترجمہ یوں فرماتے ہیں: اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول یا نبی بھیجے

---

[1] یہ آیت سورۃ الحج کی ہے اور اس سورت کی تفسیر امام رازی نے نہیں لکھی ہے بلکہ اس کی تفسیر علامہ قمولی متوفی ۷۲۷ھ نے کی ہے۔ شارح نے تبیان القرآن میں سورۃ الحج کے اختتام پر اس کی وضاحت کر دی ہے۔

Marfat.com

سب پر کبھی یہ واقعہ گزرا ہے کہ جب انہوں نے پڑھا تو شیطان نے ان کے پڑھنے میں لوگوں پر کچھ اپنی طرف سے ملا دیا' تو مٹا دیتا ہے اللہ اس شیطان کے ڈالے ہوئے کو' پھر اللہ اپنی آیتیں پکی کر دیتا ہے''۔

آیتِ مذکورہ کے اس ترجمہ کی روشنی میں زیر بحث باطل روایت کی تائید ہوتی ہے' کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیته. جب انہوں نے پڑھا تو شیطان نے ان کے پڑھنے میں لوگوں پر کچھ اپنی طرف سے ملا دیا۔

شارح کا موقف یہ ہے کہ آیۂ مبارکہ میں وارد ہونے والے لفظ ''تمنی'' کا معنی پڑھنے کی بجائے ''آرزو'' اور ''خواہش'' کرنا چاہیے۔ اس صورت میں آیت کا ترجمہ یوں ہوگا: جب انہوں نے (اپنی امت کے بڑھنے کی) تمنا (آرزو) کی تو شیطان نے (لوگوں میں مختلف وساوس پیدا کر کے) اس تمنا میں خلل ڈال دیا''۔ اس ترجمہ کی رو سے آیتِ مبارکہ کا زیرِ بحث روایت سے نہ کوئی تعلق ہوگا نہ ہی زیرِ بحث روایت کی اس آیت سے کوئی تائید ہوگی۔

آیتِ مبارکہ کے مختلف مفاہیم' دیگر علماء کے مذاہب اور اپنا مختار بیان کرتے ہوئے شارح رقم طراز ہیں:

''تنویر المقباس' جامع البیان' کشاف' مدارک' روح البیان' جلالین' درمنثور' جمل' تفسیر مظہری اور تفاسیر شیعہ میں سے تبیان' مجمع البیان اور قمی میں ان روایات پر اعتماد کیا گیا ہے' جن کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سورۂ والنجم کی آیات تلاوت کر رہے تھے' تو شیطان نے آپ کی زبان سے یہ کلمات کہلوا دیئے ''**تلك الغرانيق العلى ان شفاعتهن لترتجى**'' اور سورۂ حج کی آیت ۵۲ کا یہ معنی کیا ہے: ہم نے آپ سے پہلے جب بھی کسی رسول اور نبی کو بھیجا تو جب اس نے تلاوت کی تو شیطان نے اس کی تلاوت میں اپنی طرف سے کچھ ملا دیا۔ اس کے برخلاف الجامع لاحکام القرآن للقرطبی' احکام القرآن لابن العربی' تفسیر ابن کثیر' تفسیر ثعالبی' احکام القرآن للجصاص' غرائب القرآن ورغائب الفرقان' زاد المسیر' فتح البیان اور تفسیر منیر میں ان روایات کو مسترد کر دیا گیا ہے اور بر سبیل تنزل ان کی یہ توجیہ کی ہے کہ جب آپ نے تلاوت کے دوران وقفہ کیا تو شیطان نے آپ کی آواز کے مشابہ آواز بنا کر اس وقفہ میں یہ کہا ''**تلك الغرانيق العلى ان شفاعتهن لترتجى**'' اور سننے والوں نے یہ سمجھا کہ آپ نے یہ کلمات فرمائے ہیں۔ اور تفسیر مراغی' نظم الدرر اور تفسیر صاوی نے سورۂ حج کی آیت ۵۲ کا یہ معنی کیا: ہم نے آپ سے پہلے جب بھی کسی رسول یا نبی کو بھیجا اور اس نے تلاوت کی تو شیطان نے اس کے سننے والوں کے دلوں میں اس تلاوت کے خلاف شبہات ڈال دیئے۔ اور البحر المحیط' تفسیر بیضاوی' خفاجی' تفسیر ابو سعود' خازن' روح المعانی' تفسیر کبیر' الاساس فی التفسیر' المحرر الوجیز' اضواء البیان' تفسیر قاسمی' الجواہر للطنطاوی' فی ظلال القرآن' فتح القدیر اور تفاسیر شیعہ میں سے منہج الصادقین اور تفسیر نمونہ میں ان روایات کو بہ کثرت دلائل سے مسترد کر دیا ہے اور سورۂ حج کی آیت ۵۲ کا یہ معنی کیا ہے: ہم نے آپ سے پہلے جب بھی کسی رسول اور نبی کو بھیجا اور اس نے (اپنی امت کے بڑھنے کی) تمنا کی تو شیطان نے (لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈال کر) اس تمنا میں خلل ڈال دیا' پھر اللہ تعالیٰ نے شیطان کے وسوسوں کو مٹا دیا اور اپنی آیات کو محکم کر دیا۔ اور ہمارے نزدیک یہی تفسیر صحیح ہے اور جن اہلسنت مفسرین اور مترجمین نے اس کے خلاف ترجمہ اور تفسیر کی ہے وہ صحیح العقیدہ علماء ہیں اگر وہ بھی زیادہ غور وخوض سے کام لیتے اور زیادہ تحقیق اور جستجو کرتے تو امید ہے کہ وہ بھی اس ترجمہ اور تفسیر کو اختیار کرتے''۔

(شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۳۵۰)

اس اقتباس کی روشنی میں اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ زیر بحث روایت کے ابطال میں شارح نے کس قدر تحقیق اور تدقیق سے کام لیا ہے۔ مجموعی طور پر اس اقتباس میں علماء کے ۴ مذاہب بیان کئے گئے ہیں۔ مذہب اوّل کے بیان میں شارح نے ۱۲ تفاسیر کا حوالہ

پیش کیا ہے' مذہب ثانی کے بیان میں ۹ تفاسیر کا حوالہ' مذہب ثالث کے بیان میں ۳ تفاسیر کا حوالہ اور مذہب رابع (جو شارح کا مختار ہے) کے بیان میں ۱۳ تفاسیر کا حوالہ پیش کیا ہے۔ مجموعی طور پر ۲۷ تفاسیر کی روشنی میں یہ جامع ترین اقتباس' تحقیق و تدقیق کا بہترین شاہکار ہے۔ اس سے شرح صحیح مسلم کا مقام اور مرتبہ بہت واضح اور نمایاں ہوتا ہے۔

(۲) رجم کی تحقیق

ہمارے زمانے میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں ہے جو نبی اکرم ﷺ کی سنت کا بلا تردد و تامل انکار کر دیتے ہیں۔ احادیث نبویہ (علی صاحبہا التسلیم والتحیہ) پر طرح طرح سے اعتراضات کرتے ہیں اور یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ قرآنِ حکیم کے علاوہ کوئی اور دلیل ہمارے لیے قابلِ حجت نہیں ہے۔ چنانچہ اس بنیاد پر منکرین' کئی ایسے مسائل کا انکار کر دیتے ہیں جن کے اثبات کا زیادہ انحصار سنت نبویہ (علی صاحبہا التسلیم والتحیہ) پر ہوتا ہے۔ من جملہ انہی مسائل میں ایک مسئلہ ''رجم کی سزا'' کا بھی ہے۔ جس کے بارے میں منکرین کا دعویٰ یہ ہے کہ قرآن مجید میں زانی کی سزا ''صرف'' کوڑے مارنا ہے اور جن احادیث میں رجم کا ذکر ہے وہ سب خبرِ واحد ہیں' اور خبرِ واحد سے قرآن مجید کو منسوخ کرنا جائز نہیں ہے۔

شارح صحیح مسلم نے جلد رابع' کتاب الحدود میں مسئلہ رجم پر بہت مفصل' مدلل اور تحقیقی گفتگو کی ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ رجم کی سزا نہ صرف احادیثِ متواترہ سے ثابت ہے بلکہ قرآنِ حکیم میں اس کا ثبوت موجود ہے۔ ۴۲ ماخذ کی روشنی میں شارح کی یہ بحث تقریباً ۲۹ صفحات پر مشتمل ہے۔

تحقیق کی خوبیاں

(۱) شارح نے رجم کے ثبوت میں قرآن حکیم کی آیت ''وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللَّهِ'' (المائدہ: ۴۳) سے استدلال کیا ہے اور سند کے طور پر حافظ ابن کثیر اور امام فخر الدین رازی کی عبارات پیش کی ہیں۔ نیز آیتِ مبارکہ کے الفاظ ''وعندهم التورة فيها حكم الله'' کی مزید وضاحت میں تورات اور انجیل کے حوالہ جات بھی رقم کیے ہیں جن میں رجم کے حکم الٰہی ہونے کی صراحت موجود ہے۔

قرآن حکیم ہی سے دوسرا استدلال کرتے ہوئے شارح نے یہ آیت مبارکہ پیش کی ہے:

وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ. (المائدہ: ۴۸)

(اے رسول مکرم ﷺ) ہم نے یہ کتاب آپ پر حق کے ساتھ نازل کی ہے اور اس کے سامنے جو (آسمانی) کتاب ہے یہ اس کی تصدیق کرنے والی ہے اور اس کی محافظ ہے۔ تو آپ اللہ کے نازل کیے ہوئے احکام کے موافق ان کے درمیان فیصلہ کیجئے اور آپ کے پاس جو حق آیا ہے اس سے اعراض کر کے ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔

اس آیت سے استدلال یوں کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے' زنا کرنے والے دو یہودیوں کے متعلق رجم کا فیصلہ فرمایا اور اس سیاق میں یہ آیتِ مبارکہ نازل ہوئی جس میں فرمایا گیا کہ قرآن حکیم ان آسمانی کتابوں کا مصدق اور مہیمن (نگہبان) ہے جو اس کے سامنے ہیں:

فاحكم بينهم بما انزل الله. پس آپ ان کے درمیان اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ احکام

Marfat.com

کے مطابق فیصلہ کیجئے۔

(شارح لکھتے ہیں:) ''نبی ﷺ کے سامنے آسمانی کتابیں تورات اور انجیل موجود تھیں اور خود قرآن مجید ناطق اور شاہد ہے کہ ان کتابوں میں تحریف کی جا چکی ہے' اس کے باوجود قرآن مجید فرماتا ہے کہ قرآن ان کا مصدّق اور نگہبان ہے۔ اور جس چیز کا قرآن مجید مصدّق ہے وہ رجم کا حکم ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو حکم اللہ قرار دیا ہے اور اسی کا قرآن مجید نگہبان ہے' اور یہی وجہ ہے کہ آئے دن کی تحریفات کے باوجود تورات اور انجیل میں رجم کا حکم آج بھی موجود ہے اور یہ قرآن مجید کا معجزہ اور اس کی صداقت کی زبردست دلیل ہے''۔

(۲) تحقیق کی دوسری خوبی یہ ہے کہ قرآن حکیم سے رجم کا ثبوت فراہم کرنے کے بعد شارح نے ۸۶' احادیث صحیحہ رجم کے اثبات میں پیش کی ہیں' جن میں سے ۵۳ احادیث' مرفوع اور متصل ہیں' ۱۴ احادیث مرفوع اور مرسل ہیں' ۱۴ آثارِ صحابہ ہیں اور پانچ فتاویٰ تابعین ہیں۔ چنانچہ احادیث کی تفصیل پیش کرنے سے قبل اجمالی خاکہ بیان کرتے ہوئے شارح لکھتے ہیں:

''رجم کی صحیح مرفوع متصل احادیث ۵۳ صحابہ سے مروی ہیں جن کو مسلّم اور مستند جلیل القدر محدثین نے اپنی تصانیف میں متعدد اسانید کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ان کے علاوہ ثقہ تابعین کی چودہ (۱۴) مرسل روایات ہیں اور چودہ (۱۴) آثارِ صحابہ اور پانچ (۵) فتاویٰ تابعین ہیں جن کو کبارِ محدثین نے اسانیدِ کثیرہ کے ساتھ اپنی مصنفات میں درج کیا ہے۔ یہ کل چھیاسی (۸۶) احادیث ہیں۔ ہم نے جن اعداد و شمار کا ذکر کیا ہے' یہ ان کتبِ احادیث سے حاصل کئے گئے ہیں جو ہمارے پاس موجود اور دستیاب ہیں۔ ان کے علاوہ بے شمار کتب احادیث ہیں جو ہماری دسترس سے باہر ہیں۔ اس لئے حتمی اور قطعی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ رجم کے سلسلہ میں کتنی احادیثِ مرفوعہ' مرسلہ' آثارِ صحابہ اور فتاویٰ تابعین موجود ہیں' بہر حال ہم نے جو اعداد و شمار تتبع اور تلاش سے حاصل کئے ہیں ان کی بناء پر یہ اطمینان اور یقین ہو جاتا ہے کہ رجم کا ثبوت جن احادیث سے ہے وہ معناً متواتر ہیں اور ان اعداد سے اس بات پر شرح صدر ہو جاتا ہے کہ یہ احادیث اس قوت میں ہیں کہ ان سے قرآن مجید کی وضاحت کی جا سکتی ہے اور ان احادیث متواترہ کی بناء پر یہ قول صحیح اور برحق ہے کہ قرآن مجید میں جس زانیہ اور زانی کی سزا سو کوڑے مارنا بیان کی ہے اس سے آزاد اور غیر محصن (غیر شادی شدہ) زانی اور زانیہ مراد ہیں' رہے آزاد اور محصن (شادی شدہ) زانیہ اور زانی' تو ان کی حد رجم کرنا ہے' جیسا کہ احادیثِ متواترہ میں اس کا بیان ہے''۔

(۳) تحقیق کی تیسری خوبی یہ ہے کہ شارح نے احادیث کی کثرت کی بناء پر تمام احادیث کو علیحدہ علیحدہ عنوانات کے تحت نقشہ کی صورت میں پیش کیا ہے' جس میں پہلے راوی کا نام' پھر حدیث شریف کا خلاصہ اور پھر (تیسرے خانہ میں) حدیث کا مکمل حوالہ فراہم کیا ہے۔ یہ نقشہ بہت جامع' تحقیقی' تفصیلی اور قابلِ تحسین ہے۔ نیز اس سے شرح صحیح مسلم کا مقام بھی روشن اور نمایاں ہوتا ہے۔

(۴) تحقیق کی چوتھی خوبی یہ ہے کہ قرآن حکیم اور احادیثِ صحیحہ قویہ سے استدلال کرنے کے بعد شارح نے مستشرقین اور منکرینِ حدیث کی جانب سے رجم پر وارد ہونے والے چند اشکالات کے بالترتیب اور بالتفصیل مدلل جوابات ارقام فرمائے ہیں۔ ذیل میں فقط ایک اشکال اور اس کا جواب بطورِ مثال کے ملاحظہ فرمایئے:

اشکال: قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فَاِذَا اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَیْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَیْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَی الْمُحْصَنَاتِ مِنَ الْعَذَابِ. (النساء: ۵۲)

پھر اگر وہ باندیاں شادی شدہ ہو جانے کے بعد کسی بدچلنی کی مرتکب ہوں تو ان پر اس کی بہ نسبت آدھی سزا ہے جو شادی شدہ

Marfat.com

عورتوں کو اس جرم پر دی جاتی ہے۔

اس آیتِ مبارکہ سے واضح طور پر معلوم ہو رہا ہے کہ اگر شادی شدہ باندیاں زنا کی مرتکب ہوں تو انہیں آزاد شادی شدہ عورتوں کی نصف سزا دی جائے گی۔ اگر شادی شدہ آزاد عورتوں کی سزا رجم ہو تو معنی یہ ہوگا کہ شادی شدہ باندیوں کو رجم کی نصف سزا دی جائے۔۔۔۔ حالانکہ رجم کا نصف ناممکن ہے۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ آزاد شادی شدہ عورتوں کی سزا رجم نہیں بلکہ سو کوڑے ہیں؟

شارح نے اس اشکال کا مفصل جواب دیا ہے اور منکرین کی جانب سے پیش کردہ آیتِ مذکورہ کا' قرآن ہی کی روشنی میں صحیح محمل بیان کیا ہے۔ منکرین کی بنائے استدلال آیتِ مذکورہ میں لفظ ''المحصنات'' ہے جس کا معنی ''شادی شدہ'' کیا گیا ہے۔ شارح فرماتے ہیں کہ اس آیت میں ''المحصنات'' سے مراد شادی شدہ عورتیں نہیں ہیں (**حتی یلزم منه ما لزم**) بلکہ یہاں ''المحصنات'' سے آزاد اور کنواری عورتیں مراد ہیں جن کی سزا سورۂ نور کے مطابق سو کوڑے ہیں۔ شارح نے اپنے اس دعویٰ کو ثابت کرنے کے لئے آیتِ مذکورہ کے سیاق و سباق' نحوی قواعد اور قرآن حکیم کی مختلف آیات پیش کر کے جس انداز سے منکرین کے اشکالِ مذکور کا قلع قمع کیا ہے وہ قابلِ تعریف اور لائق مطالعہ ہے۔ خود آخر میں لکھتے ہیں: میں اس آیت میں کافی غور کرتا رہا تا آنکہ اللہ تعالیٰ نے میرے ذہن میں یہ دلائل القاء کئے' **والحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على محمد سيد المرسلين.**

(۵) تحقیق کی پانچویں خوبی یہ ہے کہ شارح نے بحث کے اختتام پر منکرین کے ذکر کردہ تمام اشکالات کی ایک قدرِ مشترک نکال کر دلائل سے اس کا رد کیا ہے۔ وہ قدرِ مشترک یہ ہے کہ رجم کا حکم قرآن مجید کے خلاف ہے' لہٰذا جن احادیث سے رجم کا ثبوت ملتا ہے وہ قرآن مجید کے مقابل حجت نہیں ہو سکتیں''۔ اس قدرِ مشترک کو رد کرتے ہوئے شارح نے سنتِ رسول ﷺ کی حجیت کو متعدد دلائل اور مثالوں سے ثابت اور واضح کیا ہے۔ اور آخر میں پوری بحث و تحقیق کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے بہت جامع انداز میں لکھا ہے کہ ''احادیث متواترہ سے ثابت ہے کہ نہ صرف یہ کہ آپ نے رجم کا حکم دیا بلکہ عملاً متعدد مقامات پر رجم کا فیصلہ کیا اور آپ کے بعد چاروں خلفاء راشدین نے اپنے اپنے دور میں یہی سزا نافذ کی اور اس کے قانونی سزا ہونے کا بار بار اعلان کیا اور ان کے بعد تابعین اور تبع تابعین کا بھی یہی معمول رہا' ائمہ اربعہ اور ہر زمانہ میں تمام فقہاء اسلام کا یہی نظریہ تھا تا آنکہ بعض معتزلہ اور خوارج نے اور اس دور میں منکرین سنت نے اس کا انکار کیا اور ظاہر ہے کہ تمام صحابہ' تابعین اور تمام فقہاء اسلام کے مقابلہ میں ان کے انکار کی کیا وقعت ہو سکتی ہے''۔

شارح کی تحقیق کی بیان کردہ خوبیوں کی روشنی میں بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ رجم کے مسئلہ پر شارح کی بحث ایک ہمہ جہت اور ہمہ گیر بحث ہے' جس کی نظیر دیگر شروح میں نظر نہیں آتی۔

(۳) مسئلہ کفاءت کی تحقیق

علماء کے درمیان مختلف فیہ مسائل میں سے ایک معرکۃ الآراء مسئلہ یہ بھی ہے کہ غیر کفو میں لڑکی کا نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں؟ بعض علماء کے نزدیک غیر کفوء میں نکاح' خواہ لڑکی اور اس کے اولیاء کی اجازت سے ہو' حرام ہے۔ اور ایسا نکاح زنا کے مترادف ہے۔ جبکہ بعض علماء کا موقف یہ ہے کہ ''دینداری'' کے علاوہ کسی قسم کی کوئی کفاءت نکاح میں شرط نہیں ہے۔ لہٰذا مسلمان مرد و عورت کا غیر کفوء میں نکاح کرنا جائز اور درست ہے۔ شارح صحیح مسلم کا بھی یہی موقف ہے۔

شارح نے بہت تفصیل اور شرح و بسط کے ساتھ اس مسئلہ پر تحقیق فرمائی ہے۔ جلد ثالث میں (صفحہ ۹۶۴ سے لے کر ۹۹۲ تک) تقریباً ۲۹ صفحات پر اور اسی جلد کے آخر میں بطور ضمیمہ کے تقریباً ۲۴ صفحات پر اور چھٹی جلد میں (صفحہ ۱۰۲۳ سے لے کر

Marfat.com

۱۱۰۶ تک) تقریباً ۸۳ صفحات پر تفصیلی بحث موجود ہے۔

تحقیق کی خوبیاں

(۱) شارح نے اپنے موقف کے اثبات میں قرآنِ حکیم کی درج ذیل گیارہ آیات سے استدلال کیا ہے:

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ. (النساء:۲۴) اور ان (حرام کردہ عورتوں) کے علاوہ سب عورتیں تمہارے لیے حلال کردی گئیں۔

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَرُبٰعَ. (النساء:۳) تو تم اپنی پسند کے مطابق دو دو، تین تین اور چار چار عورتوں سے نکاح کرلو۔

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ. (البقرۃ:۲۲۱) اور تم (ایمان والی عورتوں کو) مشرکین کے نکاح میں نہ دو یہاں تک کہ وہ (مشرکین) ایمان لے آئیں اور بے شک مومن غلام شرک کرنے والے آزاد سے بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں اچھا لگے۔

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ. (البقرہ:۲۳۰) پھر اگر اسے (تیسری) طلاق دے دی تو وہ عورت اب اس کے لیے حلال نہیں۔ یہاں تک کہ وہ عورت اس کے علاوہ کسی اور سے نکاح کرلے۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ. (النور:۳۲) اور تم اپنے (آزاد) مردوں اور عورتوں میں سے ان کا نکاح کردو جو بے نکاح ہوں اور اپنے صلاحیت رکھنے والے غلام اور باندیوں کا۔

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ. (الممتحنۃ:۱۰) اور ان سے نکاح کرنے میں تم پر کوئی گناہ نہیں جب ان کے مہر تم ادا کردو۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ○ (الاحزاب:۳۶) اور کسی مسلمان مرد اور عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کے رسول ایک کام کا فیصلہ فرما دیں تو انہیں (کرنے نہ کرنے کا) اختیار ہو اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے تو بے شک وہ کھلی گمراہی میں بہک گیا ○

اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ○ مَا لَكُمْ ۠ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ○ (القلم:۳۵-۳۶) کیا ہم فرمانبرداروں کو مجرموں جیسا کردیں گے؟ ○ کیا ہو گیا تمہیں، تم کیسا فیصلہ کرتے ہو ○

فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ○ (النجم:۳۲) تو تم اپنی پاکبازی نہ جتاؤ، وہ پرہیز گاروں کو خوب جانتا ہے ○

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ. (الحجرات:۱۳) بے شک اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ بزرگی والا ہے وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیز گار ہے۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ. (المنافقون:۸) اور عزت تو صرف اللہ اور اس کے رسول اور ایمان والوں

Marfat.com

کے لیے ہے۔

شارح نے ان آیات کو پیش کر کے ہر ایک کے ضمن میں مستند تفاسیر اور دیگر کتبِ حدیث واصول کی روشنی میں مفصل تشریح اور وجہ استدلال تحریر فرمائی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شارح کی بحث کا یہ حصہ (قرآنِ حکیم سے استدلال) ۳۲ ماخذ کی روشنی میں ۲۸ صفحات پر محیط ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ شارح کے علاوہ دیگر مجوزین نے غیر کفوء میں نکاح کے جواز پر صرف ''ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم'' سے استدلال کیا ہے' اور بعض علماء نے سورۃ الاحزاب کی ذکر کردہ آیت کے شانِ نزول سے استدلال کیا ہے' جبکہ شارح نے اپنی تحقیق اور تتبع سے ۹ آیات کا اضافہ کر کے کل گیارہ آیاتِ مبارکہ سے اپنے موقف کو ثابت کیا ہے۔ تحدیثِ نعمت کے طور پر خود تحریر فرماتے ہیں:

''یہ قرآن مجید کی گیارہ آیات ہیں' جن سے ہم نے غیر کفوء میں نکاح کے جواز پر استدلال کیا ہے' یہ اللہ تعالیٰ کا مجھ ناکارہ اور بے بضاعت شخص پر محض فضل اور احسان ہے کہ اس نے مجھ پر قرآن مجید کے ان اسرار کو کھول دیا اور ان آیات سے استنباط اور اجتہاد کی طرف میری فہم کی رہنمائی کی ورنہ مجھ سے پہلے علماء نے صرف ''ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم'' سے غیر کفو میں نکاح کے جواز پر استدلال کیا ہے یا سورۂ احزاب کی آیت نمبر ۳۶ کے شانِ نزول سے بعض علماء نے استدلال کیا ہے اور باقی نو آیات سے اس مسئلہ کے استنباط کے لئے اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ کھول دیا' جو ایک قطرۂ نیساں کو گہر آبدار بناتا ہے' جو رات کی تاریکی سے نورِ سحر نکال لاتا ہے' وہی قادر و قیوم ہے جس نے علم و عمل سے تہی دامن شخص کے دل میں یہ حقائق و معارف پیدا کئے'' والحمد للہ علی ذالک''۔

(شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۱۰۵۱)

(۲) شارح نے اپنے موقف کے اثبات میں ۶ صحیح احادیث ایسی پیش کی ہیں جن میں عہد رسالت مآب ﷺ میں کئے گئے غیر کفوء میں نکاح کا بیان موجود ہے۔ نیز مختلف عنوانات کے تحت ایسی پندرہ احادیث جمع کی ہیں' جن سے کفاءت کا غیر معتبر ہونا ثابت ہوتا ہے۔

(۳) تحقیق کی تیسری خوبی یہ ہے کہ شارح نے اپنے موقف کے اثبات پر مستند اور محکم دلائل کی روشنی میں ان سیدات کی مثالیں بھی دی ہیں جن کی سیادت کا اصلی اور بلا واسطہ ہونا سب کے نزدیک مسلّم اور محقق ہے اور ان کے نکاح غیر فاطمی مردوں سے کئے گئے۔ چنانچہ صحیح بخاری' عمدۃ القاری' المعارف لابن قتیبہ' طبقات ابنِ سعد' تحقیق الحق للسید مہر علی شاہ' فتاویٰ رضویہ اور اہل تشیع کی الفروع من الکافی کے مکمل حوالہ جات کے ساتھ ثابت کیا کہ سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی صاحبزادی سیدہ ام کلثوم کا نکاح حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ طبقاتِ ابن سعد' تہذیب التہذیب لابن حجر' الاکمال فی اسماء الرجال لصاحب المشکوٰۃ اور وفیات الاعیان لابن خلکان وغیرہا کی روشنی میں ثابت کیا کہ حضرت سیدنا امام حسین کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ کا دوسرا نکاح غیر فاطمی نوجوان عبداللہ بن عمرو بن عثمان سے ہوا اور امام حسین ہی کی دوسری صاحبزادی سیدہ سکینہ کے یکے بعد دیگرے چار نکاح غیر فاطمی مردوں کے ساتھ کیے گئے۔ اور جمہرۃ انساب العرب لابن حزم کی روشنی میں ثابت کیا کہ سیدنا امام حسن کی پانچ پوتیوں میں سے ۴ کا نکاح غیر فاطمی مردوں کے ساتھ ہوا۔

(۴) تحقیق کی چوتھی خوبی یہ ہے کہ مانعین اپنے موقف پر جن احادیث اور آثار سے استدلال کرتے ہیں' شارح نے ان تمام دلائل پر بحث فرمائی ہے اور حافظ ابن حجر عسقلانی کی تہذیب التہذیب' علامہ بدر الدین عینی کی عمدۃ القاری' امام عبدالرحمان ابن جوزی کی العلل المتناہیہ' امام زیلعی کی نصب الرایہ فی تخریج احادیث الہدایہ' امام شمس الدین ذہبی کی تلخیص المستدرک' خاتم

Marfat.com

الحفاظ امام جلال الدین سیوطی کی اللآلی المصنوعۃ اور دیگر مستند کتب کی روشنی میں کم وبیش ۱۲ صفحات پر مشتمل بحث اور جرح فرما کر یہ ثابت کیا ہے کہ مانعین کی پیش کردہ احادیث اور آثار ہرگز اس بات کی صالح نہیں ہیں کہ ان سے نکاح غیر کفوء کی حرمت اور عدم جواز پر استدلال کیا جا سکے۔

(۵) تحقیق کی پانچویں خوبی یہ ہے کہ شارح نے زیرِ بحث مسئلہ سے متعلق ائمہ اربعہ علیہم الرحمۃ کے بالتفصیل مذاہب بھی بیان فرمائے ہیں اور اس سلسلے میں مذاہب اربعہ کی جن امہات الکتب کا حوالہ دیا ہے وہ درج ذیل ہیں:

مذہب احناف: المبسوط للسرخسی، فتاویٰ قاضی خان، ہدایہ، فتح القدیر، کفایہ، بزازیہ، خلاصۃ الفتاویٰ، مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر، الدر المنتقیٰ علی الملتقیٰ، الدر المختار، تبیین الحقائق، شرح الکنز، فتاویٰ عالمگیری۔

مذاہب شوافع: کتاب الام للامام الشافعی، المیزان الکبریٰ للشعرانی، روضۃ الطالبین للامام النووی۔

مذہب مالکیہ: المدونۃ الکبریٰ للتنوخی۔

مذہب حنابلہ: المغنی لابن قدامہ۔

مذاہب اربعہ بیان کرنے کے ساتھ ہی شارح نے کم وبیش ۸ صفحات پر تفصیلی بحث کر کے مانعین کے ان اشکالات، ایرادات اور معارضات کو بھی دور کر دیا ہے جو فقہاء کرام علیہم الرحمۃ کی مختلف عبارات سے وارد کیے جاتے ہیں۔

(۶) تحقیق کی چھٹی خوبی یہ ہے کہ مسئلہ زیر بحث سے متعلق شارح نے تین جگہ بحث کی ہے، ایک جلد سادس میں، ایک جلد ثالث میں اور ایک اسی جلد کے آخر میں ضمیمہ کے طور پر۔ اور تینوں ہی مقامات کے آخر میں تفصیلی بحث کا چند سطور میں خلاصہ بھی بیان کیا ہے۔ یوں تو تینوں مقامات پر خلاصہ بہت جامع انداز میں بیان کیا ہے لیکن جلد ثالث میں خلاصہ اور اختتامی کلمات کی عبارت زیادہ جامع اور حسین ہے۔ ملاحظہ فرمائیے:

''کفاءت کے سلسلے میں ہم نے بہت طویل بحث کی ہے اور قرآن مجید، احادیث، آثار اور مذاہب اربعہ کے فقہاء کے اقوال کو تفصیلاً بیان کیا ہے۔ قرآن مجید، احادیثِ صحیحہ اور آثار صحابہ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ نکاح میں کفوء کا اصلاً اعتبار نہیں ہے، حضرت عمر، حضرت ابن مسعود، حضرت عمر بن عبدالعزیز، سفیان ثوری، ابن سیرین، امام مالک اور فقہاء احناف میں سے امام ابوالحسن کرخی، امام ابو بکر جصاص اور مشائخ عراق کا یہی مسلک ہے اور یہی حق اور صواب ہے، امام شافعی، جمہور فقہاء احناف اور امام احمد کا مختار قول یہ ہے کہ غیر کفوء میں نکاح کے لزوم کے لیے ولی کی اجازت شرط ہے اور بعض ضعیف الاسناد احادیث اور آثار سے اس نظریہ کی تائید ہوتی ہے اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ لڑکی اور ولی کی رضا کے باوجود سادات کا نکاح غیر سادات سے حرام ہے، یہ محض بے سند قول ہے اور اللہ اور رسول کے حلال کیے ہوئے کو حرام کرنے کے مترادف ہے۔ ہم اس قول سے اللہ کی پناہ میں آتے ہیں، چونکہ اس زمانے میں اس مسئلہ میں بہت غلو کیا جا رہا ہے اور اگر سادات میں سے کوئی شخص غیر کفو میں رشتہ کر دے، تو اس کو حرام، زنا اور نجانے کیا کچھ کہا جاتا رہا ہے اور اب تک کسی شخص نے اس مسئلہ پر تحقیق اور تفصیل سے قدم نہیں اٹھایا تھا تو میں نے توفیقِ الٰہی سے احکام شریعت کے احیاء کی خاطر اللہ اور اس کے رسول کے احکام کو دلائل سے واضح کیا۔ اللہ تعالیٰ میری اس محنت کو قبول فرمائے اور اس کو میرے لئے توشۂ آخرت کر دے۔ اس مسئلہ کی تحقیق میں ان صفحات پر جو سیاہی خرچ ہوئی ہے، وہ یقیناً میرے گناہوں کی سیاہی سے بہت کم ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے عفو وکرم کا یہی اسلوب اور طریقہ ہے کہ وہ نیکی کے ایک قطرہ سے گناہوں کی اتنی سیاہی دھو ڈالتا ہے جس کو دھونے کے لیے سمندروں کا سارا پانی بھی ناکافی ہوتا ہے''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۹۹۲، ۹۹۱)

Marfat.com

(۴) تحقیقی مسائل کی مزید چند مثالیں

ذکر کردہ مثالوں کے علاوہ شرح صحیح مسلم میں اور بھی متعدد مباحث ایسے موجود ہیں جن میں شارح کی بحث اور تحقیق کو دیکھ کر کہنا پڑتا ہے کہ:

ترك الاولون للاخرين. متقدمین اپنے بعد والوں کے لئے بہت کچھ چھوڑ گئے۔

اور میں بہت وثوق سے کہتا ہوں کہ مسائل پر اس انداز سے گفتگو کہ مسئلہ ہر جہت سے واضح اور منقح ہو جائے دیگر شروح حدیث کے درمیان شرح صحیح مسلم کا امتیاز ہے۔ ذیل میں چند مثالیں ملاحظہ فرمائیے:

حکمی شہداء کی پینتالیس اقسام پر احادیث سے شارح کی تحقیق اور دلائل

حکمی شہداء کی تعداد کتنی ہے؟ اس سلسلے میں علماء وفقہاء کی تحقیقات مختلف رہی ہیں۔ خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی نے حکمی شہداء کی تعداد ۳۰ تک بیان فرمائی ہے۔ بعض مالکی علماء نے اس پر گیارہ اقسام کا مزید اضافہ کر کے تعداد ۴۱ تک بیان فرمائی ہے اور علامہ ابن عابدین شامی قدس سرہ السامی نے مزید دو اقسام کے اضافہ کے ساتھ تعداد ۴۳ تک بیان فرمائی ہے۔

امام سیوطی نے حکمی شہداء کی تعداد ۳۰ تک جو بیان فرمائی ہے اس کے متعلق آپ نے مستقل ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے جس میں احادیث اور آثار سے حکمی شہداء کی تعداد بیان فرمائی ہے' اسی طرح علامہ شامی علیہ الرحمۃ نے بھی ۴۱ اقسام بیان فرما کر دو' تین قسموں کے متعلق احادیث پیش کی ہیں اور باقی اقسام کے متعلق لکھا ہے کہ ''ہم نے اختصار کی وجہ سے دلائل کو حذف کر دیا''۔

شارح صحیح مسلم نے امام سیوطی اور دیگر کی بیان کردہ تعداد پر دو اقسام کا اضافہ کر کے تعداد ۴۵ تک بیان فرمائی ہے اور کم وبیش ۱۲ کتب حدیث کی روشنی میں تمام ہی اقسام پر احادیث اور آثار پیش کئے ہیں۔ نیز لکھتے وقت آپ کے پیش نظر امام سیوطی کا وہ رسالہ نہیں تھا جس میں انہوں نے اپنی تحقیق کے مطابق بیان کردہ تعداد پر دلائل بھی ذکر فرمائے ہیں۔ اختتام پر وضاحت کرتے ہوئے خود شارح لکھتے ہیں:

''میں نے بعض حواشی میں پڑھا تھا کہ علامہ سیوطی نے حکمی شہداء کی تعداد میں ایک رسالہ لکھا ہے اور اس سلسلہ میں احادیث اور آثار سے تیس حکمی شہداء کا بیان کیا ہے' مجھے وہ رسالہ دستیاب نہیں ہو سکا' تاہم میں نے توکلاً علی اللہ کتب احادیث میں ایسی احادیث کو تلاش کیا جن میں رسول اللہ ﷺ نے کسی خاص عمل پر شہادت کی بشارت دی ہو اور ''من جد وجد'' کے مصداق الحمد للہ مجھے ایسی صریح احادیث مل گئیں جن میں رسول اللہ ﷺ نے ۴۵ مختلف عملوں پر شہادت کی بشارت دی ہے' اس سے پہلے میرے علم میں ایسی کوئی تصنیف نہیں ہے جس میں احادیث کے حوالوں سے حکمی شہداء کی تعداد کو بیان کیا گیا ہو' روایات میں علامہ سیوطی کی نظر بہت وسیع ہے لیکن انہوں نے بھی بقول علامہ شامی احادیث کے حوالوں سے تیس شہداء کا بیان کیا ہے اور میں ان کے سامنے طفلِ مکتب اور بالکل تہی دامن ہوں اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے مجھے احادیث کے حوالوں سے ۴۵ شہداء کا بیان کرنے کی توفیق دی' ذالك فضل الله يؤتيه من يشاء والله ذو الفضل العظيم. (شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۹۳۵)

عزل (برتھ کنٹرول) کی مختلف صورتوں میں شارح کی تحقیق

عزل (برتھ کنٹرول) کن صورتوں میں جائز ہے اور کن صورتوں میں ممنوع؟ اس حوالہ سے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے پانچ صورتیں بیان فرمائی ہیں' جن میں سے ایک صورت حرام' ایک بدعت اور باقی تین صورتیں جواز کی ہیں۔ شارح صحیح مسلم نے حالات اور زمانے کے تقاضوں کے مطابق مزید جد وجہد اور تحقیق فرما کر عزل کی ۱۲ صورتیں بیان کی ہیں۔ وضاحت کرتے ہوئے خود لکھتے

ہیں:

''امام غزالی نے اپنے زمانے' حالات' ضروریات اور وسائل کے اعتبار سے عزل کی پانچ صورتیں بیان کی ہیں' ایک صورت حرام' ایک بدعت اور تین صورتیں جائز قرار دی ہیں۔ اب چونکہ ترقی یافتہ دور ہے' بہت سے نئے اسباب اور وسائل وجود میں آ چکے ہیں اور ضروریات اور تقاضے بھی بڑھ گئے ہیں اور مسائل بھی زیادہ ہیں' اس اعتبار سے ہم نے ضبطِ تولید کی ۱۲ صورتیں بیان کی ہیں' جن میں آٹھ مباح (جائز) ہیں' دو ناجائز ہیں اور دو صورتوں میں سلسلۂ تولید ختم کرنا واجب ہے''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۸۸۹) [1]

وصیت کی اقسام میں شارح کی تحقیق

خاتم المحققین علامہ شامی نے وصیت کی ۱۴ اقسام بیان فرمائی ہیں۔

(۱) واجب (زندگی میں اللہ تعالیٰ کے یا بندوں کے جن حقوق کی ادائیگی نہیں کر سکا' اس کی وصیت کرنا)

(۲) مستحب (دینی مدارس' مساجد' علماء اور دیگر امور خیر کے لئے وصیت کرنا)

---

[1] ضبط تولید کی ان بارہ صورتوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

ضبط تولید کے ناجائز ہونے کی دو صورتیں:

(۱) کوئی شخص تنگیٔ رزق کے خوف سے ضبط تولید کرے۔

(۲) کوئی شخص لڑکیوں کی پیدائش سے بچنے کے لیے ضبط تولید کرے۔

ضبط تولید کے جائز ہونے کی آٹھ صورتیں:

(۱) لونڈیوں سے ضبط تولید کرنا' تاکہ سلسلۂ غلامی مزید نہ بڑھے۔

(۲) سلسلۂ تولید کو قائم رکھنے سے عورت کے شدید بیمار ہونے کا خدشہ ہو۔

(۳) مسلسل پیدائش سے بچوں کی تربیت اور نگہداشت میں حرج کا خدشہ ہو تو وقفہ سے پیدائش کے لیے ضبط تولید کرنا۔

(۴) حمل اور وضع حمل کے دوران بعض صورتوں میں اپنی خواہش پوری نہیں کر سکتا اس لیے زیادہ عرصہ تک بیوی سے جنسی خواہش پوری کرنے کی نیت سے ضبط تولید کرنا۔

(۵) اپنی بیوی سے محبت کی وجہ سے اسے ایام حمل اور ولادت کی تکالیف سے بچانے کی خاطر ضبط تولید کرنا۔

(۶) عام طور پر بچوں کی پیدائش سے عورت کا حسن و جمال کم یا ختم ہو جاتا ہے اس لیے اس کے حسن و جمال کو قائم رکھنے کی غرض سے ضبط تولید کرنا۔

(۷) زیادہ بچوں کی پرورش اور تعلیم و تربیت کی خاطر انسان کو آمدنی کے لیے زیادہ محنت و مشقت کرنا پڑتی ہے' انسان دوہری تہری نوکریاں اور اوور ٹائم کرتا ہے۔

اور بسا اوقات ناجائز وسیلوں کو اختیار کرتا ہے' تو اپنے آپ کو زیادہ مشقت سے بچانے اور کمانے کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے ضبط تولید کرنا۔

(۸) بعض عورتوں کو آپریشن سے بچہ ہوتا ہے' تو بیوی کو آپریشن کی تکلیف اور جان کے خطرہ سے بچانے کے لیے ضبط تولید کرنا۔

ضبط تولید کے واجب ہونے کی دو صورتیں:

(۱) جب پیٹ میں مزید آپریشن کی گنجائش نہ رہے تو ایسا طریقہ اختیار کرنا جس سے سلسلۂ پیدائش بالکل بند ہو جائے' یہ واجب ہے۔

(۲) اگر ماہر ڈاکٹر کہے کہ مزید بچہ پیدا ہونے سے عورت کی جان خطرہ میں پڑ جائے گی تب بھی ضبط تولید کرنا واجب ہے۔

(اس مسئلہ کے دیگر گوشوں پر تفصیلی بحث کے لیے دیکھئے: شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۸۷۸۔۸۹۸)

Marfat.com

(۳) مباح (امیر رشتہ داروں اور دنیا داروں کے لئے وصیت کرنا)

(۴) مکروہ (فسّاق اور فجّار کے لئے وصیت کرنا)

شارح صحیح مسلم نے مزید تحقیق کر کے وصیت کی ۷ اقسام بیان فرمائی ہیں:

۱۔فرض ۲۔واجب ۳۔مستحب ۴۔مباح ۵۔مکروہ تنزیہی ۶۔مکروہ تحریمی ۷۔حرام

وضاحت کرتے ہوئے خود لکھتے ہیں:

''مصنف کی تحقیق یہ ہے کہ جن حقوق کا ادا کرنا فرض ہے ان کے لئے وصیت فرض ہوگی جیسے زکوٰۃ' اور جن حقوق کا ادا کرنا واجب ہے ان کے بارے میں وصیت واجب ہوگی جیسے روزہ کا کفارہ (کیونکہ اس کا ثبوت حدیث سے ہے اور ظنی ہے) اسی طرح غریب فساق اور فجار کے لئے وصیت کرنا مکروہ تنزیہی ہے' اور امیر فساق اور فجار کے لئے وصیت کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ کیونکہ اگر وہ غریب ہیں تو ہوسکتا ہے اس مال کو وہ اپنی کفالت پر خرچ کریں اور اگر امیر ہیں تو ظن غالب ہے کہ وہ معصیت اور فسق و فجور پر خرچ کریں گے۔اور معصیت کے اداروں کے لئے وصیت کرنا حرام ہے۔مثلاً فلم اسٹوڈیو' آرٹ کونسل' ریس کورس وغیرہ۔اسی طرح کفار کے لئے وصیت کرنا بھی حرام ہے''۔(شرح صحیح مسلم ج ۴ ص ۴۹۶)

اہل تشیع کے معروف مسائل (ماتم' تقیہ اور خلافت وغیرہا) پر شارح کی تحقیق

شرح صحیح میں اہل تشیع کے بھی بعض مسائل پر مبسوط اور مفصل بحث کی گئی ہے اور مضبوط و مستحکم دلائل کی بنیاد پر اہل تشیع کا مہذّب رد کیا گیا ہے۔اور چونکہ اہل سنت و اہل تشیع کی کتب ایک دوسرے کے نزدیک قطعاً مسلم اور معتبر نہیں ہیں' اس لئے زیادہ تر اہل تشیع ہی کی مستند کتب سے دلائل دے کر ان کا رد کیا گیا ہے۔اہل تشیع کے رد میں اس شرح کی ابحاث کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ دیگر کتب کی طرح اہل تشیع کی کتب پر بھی شارح کی نظر بہت وسیع اور عمیق ہے۔یہی وجہ ہے کہ آپ نے اہل تشیع کے رد میں قرآن و سنت کے ساتھ ساتھ ان کی کتب سے مکمل عبارات پیش کر کے دیانتدارانہ تقابل کا موقع فراہم کیا ہے۔نیز مسئلہ کی تحقیق سے دامن بچانے کے بجائے ایک ایک مسئلہ پر کئی کئی صفحات آپ نے رقم فرما دیئے ہیں اور مسئلہ کے ہر گوشے پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے۔مروجہ ماتم کے مسئلہ پر ۲۸ ماخذ کی روشنی میں ۲۷ صفحات پر تفصیلی بحث کی ہے اور قرآن حکیم کی متعدد آیات' متعدد احادیث' اہل تشیع کی مستند ترین تفاسیر اور ان کی دیگر معتمد کتب سے ماتم کی حرمت ثابت کی ہے۔(شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۹۶)

اور تقیہ کے مسئلہ پر ۱۴ صفحات پر بحث کی ہے اور اہل تشیع کی کتب سے اس نظریہ کا ابطال کیا ہے۔(شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۶۱۷)

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کے مسئلہ پر ۱۸ صفحات پر بحث کی ہے اور قرآن و سنت اور اہل تشیع کی کتب کی روشنی میں خلافت پر دلائل فراہم کیے ہیں۔(شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۴۴۵) فدک کے معرکۃ الآراء مسئلہ پر ۴۵ ماٰخذ کی روشنی میں ۵۶ صفحات پر تحقیقی اور تفصیلی بحث رقم فرمائی ہے۔اور شیعوں کے نظریہ کا بلیغ اور محققانہ انداز میں رد کیا ہے۔(شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۳۸۸)

اس قدر تفصیلی اور تحقیقی ابحاث سے جہاں شارح کی عمیق نظری اور وسعتِ فکر کا پتا چلتا ہے' وہاں یہ مبسوط ابحاث شارح کی سخت محنت اور عرق ریزی پر بھی واضح دلیل ہے۔''باب حکم الفیٔ'' کے اختتام پر خود تحریر فرماتے ہیں:

''اس باب کی احادیث کی ہم نے بہت مبسوط شرح کی ہے اور خراج اور فے پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نقطہ نظر بہت تفصیل سے بیان کیا ہے اور قرآن مجید کی آیات اور احادیث سے اس پر دلائل فراہم کیے ہیں' اس کے بعد مسئلہ فدک اور مسئلہ خلافت پر نہایت بسط سے بحث کی ہے' ہر چند کہ ان مسائل پر علماء اہلسنت نے کافی کچھ لکھ دیا ہے لیکن اس کی ترتیب اور تدوین ایسی نہیں ہے جس سے آج

Marfat.com

کا سہل پسند قاری استفادہ کر سکے' ہم نے اس دور کی تحریر کے اسلوب اور تصنیف و تالیف کے جدید تقاضوں کے پیشِ نظر لکھا ہے اور اہل سنت کے موقف کی وضاحت کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو دلائل ہمیں القاء کئے' ان کو بھی بیان کیا ہے۔ اس سلسلہ میں ہم نے بہت محنت کی ہے' مختلف لائبریریوں میں جا کر چھان پھٹک کر کے کتب شیعہ سے مواد فراہم کیا اور بہت محنت' عرق ریزی اور جانسوزی سے حوالہ جات تلاش کئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو نفع آور بنائے' اہلسنت کے لئے اس تحریر کو استقامت اور طمانیت کا موجب بنائے اور شیعہ حضرات کے لئے اس کو موجب رشد و ہدایت بنائے''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۳۸۸)

اس کی تحقیق کہ مُحرِم کے لئے ایسی جوتی پہننا ضروری ہے جس میں وسطِ قدم کی ہڈی کھلی ہوئی ہو۔۔۔۔۔ یا صرف ٹخنوں کا کھلا ہوا ہونا کافی ہے؟

شرح صحیح مسلم کی تحقیقی ابحاث کے عنوان سے آخر میں ایک اور مثال پیش کرنا چاہتا ہوں جو بہ ظاہر اس قدر تفصیلی تو نہیں ہے کہ اس پر بحث کی جائے' تاہم شارح کی یہ چند سطور انتہائی تحقیقی ہیں اور دیگر شروح حدیث کے درمیان آپ کی شرح کے مقام کو اجاگر کرتی ہیں۔ اس لیے میں نے مناسب جانا کہ شارح کی اس مختصر تحقیق کو عام فہم اور بہت واضح بنانے کے لیے مزید تفصیل اور تسہیل کروں سو اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

من لم یجد نعلین فلیلبس الخفین و لیقطعهما اسفل من الکعبین. (صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۷۲)

جس محرم کے پاس جوتیاں نہ ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ موزوں کو ٹخنوں سے نیچے کاٹ کر پہن لے۔

اس حدیث میں کعبین کا لفظ ہے۔ اس سے کیا مراد ہے؟ آیا ٹخنے کی ہڈی یا وسط قدم کی ہڈی جہاں تسمہ باندھا جاتا ہے۔ ہمارے تمام فقہاء اور شارحین کی تحقیق یہ ہے کہ یہاں کعب سے وہ ہڈی مراد ہے جو قدم کے وسط میں ہوتی ہے۔ جبکہ وضوء کی بحث میں اسی لفظ سے ٹخنے مراد ہیں۔ پہلے ہم فقہاء احناف کی تصریحات پیش کر رہے ہیں' اس کے بعد شارحین کی تصریحات پیش کریں گے:

باب حج میں کعبین سے وسط قدم کی ہڈی مراد ہونے پر فقہاء احناف کی تصریحات

شمس الائمہ علامہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں:

اذا لم یجد المحرم نعلین قطع خفیه اسفل من الکعبین لیصیر فی معنی النعلین و فسر هشام عن محمد رحمه الله تعالٰی الکعب فی هذا الموضع بالمفصل الذی فیوسط القدم عند معقد الشراك.

جب محرم جوتیاں نہ پائے تو کعبین سے نیچے موزے کاٹ کر پہن لے تاکہ یہ نعلین کے قائم مقام ہو جائیں۔ اور ہشام نے امام محمد رحمہ اللہ سے کعب کی یہ تفسیر نقل کی ہے کہ کعب سے یہاں وہ ہڈی مراد ہے جو وسط قدم میں تسمہ باندھنے کی جگہ ہوتی ہے۔

(المبسوط جز ۴ ص ۱۳۹' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت)

علامہ مرغینانی حنفی لکھتے ہیں:

والکعب هنا المفصل الذی فی وسط القدم عند معقد الشراك فیما روی هشام عن محمد.

کعب سے یہاں وہ ہڈی مراد ہے جو وسط قدم میں تسمہ باندھنے کی جگہ ہوتی ہے' جیسا کہ ہشام نے امام محمد سے نقل کیا ہے۔

(ہدایہ اولین ص ۲۳۹)

Marfat.com

علامہ کمال الدین ابن ہمام صاحب ہدایہ کی عبارت مذکورہ کی شرح میں والکعب ھنا کے تحت لکھتے ہیں:

قید بالظرف لانه فی الطهارة یراد به العظم الناتئ ولم یذکر هذا الحدیث لکن لما کان الکعب یطلق علیه وعلی الناتئ حمل علیه احتیاطا.

(فتح القدیر ج ۲ ص ۴۴۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت)

صاحب ہدایہ نے مذکورہ عبارت میں "ھنا" (یہاں) فرمایا کیونکہ باب طہارت میں اس لفظ سے وہ ہڈی مراد ہے جو ابھری ہوئی ہوتی ہے اور اس حدیث میں اس طرح کی کوئی صراحت نہیں ہے لیکن چونکہ کعب کا اطلاق وسط قدم کی ہڈی پر بھی ہوتا ہے اور ٹخنے پر بھی اس لئے پہلے معنی پر اس کو احتیاطاً محمول کیا گیا ہے۔

علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

قوله عند معقد الشراك وهو المفصل الذی فی وسط القدم. کذا روی هشام عن محمد بخلافه فی الوضوء فانه العظم الناتئ ای المرتفع ولم یعین فی الحدیث احدهما لکن لما کان الکعب یطلق علیهما حمل الاول احتیاطا لان الاحوط فیما کان اکثر کشفا. (ردالمحتار علی الدر المختار ج ۳ ص ۴۴۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)

صاحب درمختار کا قول "عند معقد الشراک" اس سے وہ ہڈی مراد ہے جو وسط قدم میں ہوتی ہے۔ جیسا کہ ہشام نے امام محمد سے روایت کیا ہے، برخلاف وضوء کے، کیونکہ وہاں پر اس سے ٹخنے کی ہڈی مراد ہوتی ہے اور حدیث میں کسی ایک معنی کی تعیین نہیں کی گئی، لیکن چونکہ کعب کا اطلاق دونوں معنی پر ہوتا ہے، اس لئے پہلے معنی پر اس کو احتیاطاً محمول کیا گیا ہے، کیونکہ زیادہ احتیاط اس ہڈی کو مراد لینے میں ہے جو زیادہ تر کھلی رہتی ہے۔

علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی لکھتے ہیں:

والکعب هذا المفصل الذی فی وسط القدم عند معقد الشراك فیما روی عن محمد بخلافه فی الوضوء فانه العظم الناتئ ای المرتفع ولم یعین فی الحدیث احدهما لکن لما کان الکعب یطلق علیه وعلی الثانی حمله علیه احتیاطا کذافی فتح القدیر ای حمل الکعب فی الاحرام علی المفصل المذکور لاجل الاحتیاط لان الاحوط فیما کان اکثر کشفا. (البحر الرائق ج ۲ ص ۳۲۴، مطبوعہ مکتبہ ماجدیہ، کوئٹہ)

کعب سے یہاں وہ ہڈی مراد ہے جو وسط قدم میں تسمہ باندھنے کی جگہ پر ہوتی ہے جیسا کہ امام محمد سے منقول ہے، برخلاف وضوء کے، کہ وہاں پر اس سے ٹخنے کی ہڈی مراد ہے اور حدیث پاک میں کسی ایک کی تعیین نہیں کی گئی لیکن چونکہ کعب کا اطلاق دونوں معنوں پر ہوتا ہے، اس لئے پہلے پر اس کو احتیاطاً محمول کیا گیا ہے، جیسا کہ فتح القدیر میں ہے۔ یعنی احرام میں کعب سے وہ ہڈی مراد ہوگی جو وسط قدم میں ہے، کیونکہ احتیاط اسی میں ہے اور اس ہڈی کو مراد لینے میں زیادہ احتیاط ہے جو اکثر کھلی رہتی ہے۔

فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

والکعب هذا المفصل الذی فی وسط القدم عند معقد الشراك کذافی التبیین.

(فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۲۲۴)

یہاں کعب سے وہ ہڈی مراد ہے جو قدم کے وسط میں تسمہ باندھنے کی جگہ پر ہوتی ہے۔ جیسا کہ تبیین الحقائق میں ہے۔

ماضی قریب کے علماء میں صدر الشریعہ علامہ امجد علی اعظمی حنفی احرام کے ممنوعات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

دستانے پہننا یا موزے یا جرابیں وغیرہ جو وسط قدم کو چھپائیں (جہاں عربی جوتے کا تسمہ ہوتا ہے) پہننا اگر جوتیاں نہ ہوں تو

Marfat.com

موزے کاٹ کر پہنیں کہ وہ تسمہ کی جگہ نہ چھپے۔ (بہار شریعت جز ۶، ص ۲۷، مطبوعہ ضیاء القرآن لاہور)

مذکورہ تمام تصریحات سے واضح ہو گیا کہ فقہاء کرام کے نزدیک باب الحج میں کعب سے مراد وہ ہڈی ہے جو وسط قدم پر موجود ہے۔ جبکہ باب وضوء میں اسی لفظ سے ٹخنے مراد ہیں۔ اس کا معنی یہ ہے کہ محرم حالت احرام میں ایسے موزے یا ایسی چپلیں نہیں پہن سکتا جو وسط قدم کی ہڈی کو ڈھانپ لیں۔ اس کا کھلا ہونا ضروری ہے۔

فقہاء اسلام کی ان تصریحات کی مثل بالعموم شارحین حدیث بھی اسی طرف گئے ہیں کہ باب حج میں کعبین سے مراد وہ ہڈی ہے جو وسط قدم میں ہوتی ہے نہ کہ ٹخنے۔ ذیل میں ہم شارحین کی تصریحات پیش کر رہے ہیں۔

باب حج میں کعبین سے وسطِ قدم کی ہڈی مراد ہونے پر شارحین کی تصریحات

صاحب مراۃ، حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ "ولیقطعهما اسفل من الکعبین" کی شرح میں لکھتے ہیں:

احناف کے یہاں کعبین سے مراد درمیان قدم کی ابھری ہوئی سخت ہڈی مراد ہے، اس کا کھلا رہنا ضروری ہے اور ڈھانپنا منع۔ شوافع کے ہاں وہی عرفی ٹخنے یعنی قدم کے آس پاس کی دو ہڈیاں مراد ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ محرم کو بحالت احرام نہ موزہ پہننا درست ہے نہ ایسا جوتا جس سے وسط قدم کی ہڈی ڈھک جائے۔ (مراۃ المناجیح ج ۴ ص ۱۸۳، مطبوعہ ضیاء القرآن لاہور)

صاحب نزھۃ القاری مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ "ولیقطعهما اسفل من الکعبین" کی شرح میں لکھتے ہیں:

کعب پاؤں کے ٹخنے کو بھی کہتے ہیں اور بیچ قدم کے اس جوڑ کو بھی کہتے ہیں جہاں چپل کا تسمہ ہوتا ہے۔ یہاں یہی دوسرا معنی مراد ہے، کیونکہ یہاں احتیاط اسی میں ہے اور وضوء میں ٹخنے مراد ہیں کیونکہ وہاں احتیاط کا تقاضا یہی ہے۔ مراد یہ ہے کہ موزہ وسط قدم سے لے کر ایڑیوں کی دیواروں سمیت کاٹ کر پہنے۔ اس کو اسفل اس اعتبار سے فرمایا کہ موزوں کا اگلا حصہ وہ ہے جو انگلیوں پر رہتا ہے تو وہی اعلیٰ ہوا اور اس کا مقابل اسفل۔ (نزھۃ القاری ج ۳ ص ۵۷، مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور)

صاحب فیوض الباری علامہ سید محمود احمد رضوی رحمہ اللہ نے فیوض الباری میں اور علامہ غلام رسول رضوی رحمہ اللہ نے تفہیم البخاری میں "ولیقطعهما اسفل من الکعبین" کے تحت شرح میں تو کچھ نہیں فرمایا البتہ ترجمہ اس لفظ کا ٹخنے سے کیا ہے۔ چنانچہ علامہ سید محمود احمد رضوی رحمہ اللہ ترجمہ فرماتے ہیں:

الا احد لا یجد نعلین یلبس خفین ولیقطعهما اسفل من الکعبین. (فیوض الباری ج ۳ ص ۱۲۶)

ہاں جس کسی کو جوتیاں نہ ملیں تو وہ موزے ٹخنوں کے نیچے تک کاٹ کر پہن سکتا ہے۔

علامہ غلام رسول رضوی رحمہ اللہ ترجمہ فرماتے ہیں:

فان لم یجد النعلین فلیلبس الخفین ولیقطعهما حتی یکونا اسفل من الکعبین.

اگر جوتی میسّر نہ ہو تو وہ موزے ہی پہن لے اور ان کو کاٹ ڈالے حتیٰ کہ وہ ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں۔

(تفہیم البخاری ج ۱ ص ۳۶۷)

صاحب ایضاح البخاری نے بھی اس مقام پر کعبین کا ترجمہ ٹخنے سے کیا ہے۔ البتہ انہوں نے شرح میں اپنے موقف کو مزید واضح کیا ہے اور لکھا ہے کہ موزے بھی مباح الاستعمال ہیں مگر انہیں ابھری ہوئی ہڈی سے نیچے تک تراش دیا جائے گا۔

(ایضاح البخاری ج ۲ ص ۵۵)

شارحین کی ان تصریحات کے بعد اب ہم شارح صحیح مسلم کا موقف واضح کر رہے ہیں:

Marfat.com

کعبین کے معنی ومراد میں شارح صحیح مسلم کا موقف

شارح صحیح مسلم کا اس سلسلے میں موقف یہ ہے کہ کعبین سے ٹخنے کی ہڈی مراد ہے' خواہ حج کا باب ہو یا وضوء کا۔ کیونکہ کعبین تثنیہ کا صیغہ ہے اور اس کا تقاضا یہ ہے کہ اس سے وسط قدم کی ہڈی مراد نہ ہو' کیونکہ وہ ہر پاؤں میں ایک ہوتی ہے' جبکہ ٹخنے کی دو ہڈیاں ہوتی ہیں۔ شارح صحیح مسلم اپنا موقف واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

امام محمد فرماتے ہیں کہ حدیث میں اسفل کعبین کو کھلا رکھنے کا حکم ہے اس سے مراد وسط قدم کا مفصل ہے' جہاں تسمہ باندھا جاتا ہے ٹخنے مراد نہیں ہیں۔

لیکن حدیث میں کعبین کا لفظ ہے جو تثنیہ کا صیغہ ہے۔ اس لئے صحیح یہی ہے کہ اس سے ٹخنے مراد ہیں' وسط قدم کھلا نہ رہے تو کوئی حرج نہیں' ٹخنے کھلے رہنے چاہئیں۔ جس طرح آیت وضوء میں کعبین سے مراد ٹخنے ہیں' وسط قدم نہیں۔ (شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۲۴۶)

شارح صحیح مسلم کے اس موقف کا معنی یہ ہوا کہ محرم' حالت احرام میں ایسی چپل پہن سکتا ہے' جس سے وسط قدم کی ہڈی ڈھکی ہو اور ٹخنے کی ہڈی کھلی رہے۔ چنانچہ تبیان القرآن میں اس مسئلہ کی مزید وضاحت کرتے ہوئے ممنوعات احرام کے بیان میں لکھتے ہیں:

(محرم) چمڑے کے موزے نہیں پہنے گا' البتہ اگر ان کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ دیا جائے کہ پنڈلیاں اور ٹخنے کھلے رہیں تو جائز ہے (ایسی چپل پہن سکتا ہے جس سے وسط قدم چھپا ہوا ہو اور ٹخنے کھلے ہوئے ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ موزوں کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ کر پہن سکتا ہے) جرابیں پہننا جائز نہیں کیونکہ ان سے ٹخنے چھپ جاتے ہیں۔ (تبیان القرآن ج ۱ ص ۷۶۰)

فقہاء وشارحین اور شارح صحیح مسلم کے موقف پر بحث

فقہاء کرام اور بعض شارحین نے جو موقف اختیار فرمایا ہے کہ باب حج میں کعبین سے وہ ہڈی مراد ہے جو وسط قدم میں موجود ہے اور وضوء کے باب میں اسی لفظ سے ٹخنے کی ہڈی مراد ہے' اس تخصیص پر انہوں نے ایک عقلی وجہ بیان کی ہے۔ اور وہ یہ کہ چونکہ وسط قدم کی ہڈی عموماً کھلی رہتی ہے' اس لئے ممنوعات احرام میں وہی مراد ہونی چاہیے' تاکہ زیادہ کشف لازم نہ آئے۔ اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ اگر باب حج میں کعبین سے وسط قدم کی ہڈی مراد لی جائے' تو وہ ہڈی ہر قدم میں ایک ہوتی ہے' جبکہ حدیث شریف میں تثنیہ کا صیغہ فرمایا گیا ہے جیسا کہ قرآن حکیم میں پاؤں دھونے کے حکم میں "وارجلکم الی الکعبین" فرمایا گیا ہے اور اس سے ٹخنے کی ہڈی مراد لی جاتی ہے کیونکہ وہ ہر پاؤں میں دو ہوتی ہیں۔ سو اسی طرح یہاں بھی ایسا ہی ہونا چاہیے۔

دوسری بات ہم یہ کہتے ہیں کہ کعب کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے۔ وسط قدم کی ہڈی پر اس لفظ کا اطلاق شیعہ کرتے ہیں اور بعض ائمہ لغت نے اس کا رد کیا ہے۔ اس لئے باب وضوء کی طرح باب حج میں بھی کعبین سے ٹخنے کی ہڈی مراد ہونی چاہیے۔ ذیل میں ہم مستند ائمہ لغت کی تصریحات اور اقوال پیش کر رہے ہیں:

کعب سے متعلق ائمہ لغت کی تصریحات کہ وسط قدم پر اس کے اطلاق کو رد کیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور یہ شیعہ کا مذہب ہے

صاحب صحاح' امام اسماعیل بن حماد جوہری لکھتے ہیں:

الکعب العظم الناشز عند ملتقی الساق والقدم وانکر الاصمعی قول الناس انه فی ظهر القدم.

کعب سے مراد وہ ہڈی ہے جو پنڈلی اور پیر کے ملنے کی جگہ پر ابھری ہوئی ہوتی ہے اور اصمعی نے لوگوں کے اس قول کو رد کیا

Marfat.com

(الصحاح ج ۱ ص ۲۱۳)

ہے کہ اس سے وہ ہڈی مراد ہے جو قدم کی پشت پر ہوتی ہے۔

امام سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی لکھتے ہیں:

الکعب کل مفصل للعظام ومن الانسان ما اشرف فوق رسغه عند قدمه و قیل هو العظم الناشز فوق القدم و قیل هو العظم الناشز عند ملتقی الساق والقدم وانکر الاصمعی قول الناس انه فی ظهر القدم وذهب قوم الی انهما العظمان اللذان فی ظهر القدم وهو مذهب الشیعة.

(تاج العروس ج ۱ ص ۴۵۶)

کعب سے مراد ہڈیوں کا جوڑ ہے اور انسان کی وہ ہڈی جو اس کے پیر کے جوڑ پر ابھری ہوتی ہے' ایک قول یہ ہے کہ اس سے وہ ہڈی مراد ہے جو قدم کے اوپر ابھری ہوتی ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اس سے ٹخنے کی ہڈی مراد ہے۔ اور اصمعی نے لوگوں کے اس قول کا رد کیا ہے کہ اس سے وہ ہڈی مراد ہے جو قدم کی پشت پر ہوتی ہے۔ ایک قوم اس طرف گئی ہے کہ اس سے وہ ہڈی مراد ہے جو قدم کی پشت پر ہوتی ہے اور یہ شیعہ کا مذہب ہے۔

علامہ ابن منظور افریقی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ (لسان العرب ج ۱ ص ۷۱۸)

علامہ ابن اثیر الجزری لکھتے ہیں:

الکعبان العظمان الناتئان عند مفصل الساق والقدم عن الجنبین و ذهب قوم الی انهما العظمان اللذان فی ظهر القدم وهو مذهب الشیعة.

(النہایہ ج ۴ ص ۱۵۴)

کعبین سے وہ دو ہڈیاں مراد ہیں جو پنڈلی اور قدم کے جوڑ پر ابھری ہوئی ہوتی ہیں۔ ایک قوم اس طرف گئی ہے کہ اس سے وہ ہڈیاں مراد ہیں جو قدم کی پشت پر ہوتی ہے اور یہ شیعہ کا مذہب ہے۔

علامہ طاہر صدیقی ہندی لکھتے ہیں:

هما العظمان الناتئان عند مفصل الساق والقدم وقیل العظمان فی ظهر القدم وهو مذهب الشیعة. (مجمع بحار الانوار ج ۴ ص ۴۱۶)

کعبین سے وہ دو ہڈیاں مراد ہیں جو پنڈلی اور قدم کے جوڑ پر ہوتی ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ اس سے وہ ہڈیاں مراد ہیں جو قدم کی پشت پر ہوتی ہیں اور یہ شیعہ کا مذہب ہے۔

ائمہ لغت کی ان تصریحات سے واضح ہو گیا کہ کعب کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے اور جو لوگ اس کا اطلاق اس ہڈی پر کرتے ہیں جو قدم کی پشت پر ہے وہ امام اصمعی کے نزدیک درست نہیں ہے۔ اور یہ شیعہ کا مذہب ہے۔

احادیث مبارکہ میں بھی لفظ کعب کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر کیا گیا ہے اور ان احادیث سے مفسرین وفقہاء وضوء کے باب میں اہل تشیع کے خلاف استدلال کرتے ہیں۔ سو انہی احادیث سے ہم یہاں پر استدلال کرتے ہیں کہ کعب کا اطلاق (خصوصاً اس صورت میں جب کہ یہ تثنیہ ہو) ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے۔ نہ کہ وسط قدم کی ہڈی پر۔ ذیل میں اس سلسلے کی چند احادیث پیش خدمت ہیں:

احادیث سے اس بات پر استدلال کہ کعبین کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے

(۱): حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کی طرف اپنا رخ کر کے ارشاد فرمایا:

اقیموا صفوفکم ثلاثا واللہ لتقیمن صفوفکم اولیخالفن اللہ بین قلوبکم قال فرایت الرجل

تم اپنی صفوں کو درست کرو (تین بار فرمایا) خدا کی قسم! ضرور بہ ضرور تم اپنی صفوں کو درست کرو گے' ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں

Marfat.com

یلزق منکبه بمنکب صاحبه ورکبته برکبة صاحبه وکعبه بکعبه. (سنن ابوداؤد' کتاب الصلوۃ' باب تسویۃ الصفوف' صحیح ابن حبان' ج۵ ص۵۴۹' امام بخاری نے بھی اس حدیث کا آخری حصہ تعلیقاً ذکر کیا ہے' صحیح بخاری ج۱ ص۱۰۰)

میں مخالفت ڈال دے گا۔ (نعمان بن بشیر کہتے ہیں:) میں نے دیکھا کہ ہم میں سے ہر شخص اپنا کندھا دوسرے کے کندھے سے' اپنا گھٹنا دوسرے کے گھٹنے کے ساتھ اپنا ٹخنہ دوسرے کے ٹخنے سے ملا رہا ہے۔

اس حدیث میں کعب کا لفظ ہے اور ٹخنے کے معنی میں ہے اور اس سے وسط قدم کی ہڈی مراد لینا یہاں ناممکن ہے۔

(۲): سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ما اسفل من الکعبین من الازار ففی النار.

ازار کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے ہو' وہ آگ میں ہے۔

(صحیح بخاری ج۲ ص۸۶۱)

اس حدیث میں بالاتفاق کعبین سے ٹخنے مراد ہیں نہ کہ وہ ہڈی جو وسط قدم میں ہوتی ہے۔

(۳): حضرت طارق محاربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے ذوالمجاز کے بازار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا آپ پر سرخ جبہ تھا اور آپ بلند آواز سے نداء دے رہے تھے:

یا ایها الناس قولوا لا اله الا الله تفلحوا.

اے لوگو! لا الٰہ الا اللہ کہو' فلاح پا جاؤ گے۔

راوی کہتے ہیں:

ورجل یتبعه بالحجارة قد ارمی کعبیه و عرقوبیه وهو یقول یا ایها الناس لا تطیعوه فانه کذاب.

(آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ نداء کر رہے تھے) اور ایک شخص پتھر لے کر آپ کے پیچھے چل رہا تھا' اس نے آپ کے ٹخنوں اور ایڑی کے اوپر کی ہڈی کو زخمی کر دیا تھا اور وہ لوگوں سے کہہ رہا تھا' تم ان کی باتیں نہ ماننا' کیونکہ یہ کذاب ہیں (العیاذ باللہ)۔

(جمع الجوامع للامام السیوطی ج ۱۴ ص ۴۷۱' مجمع الزوائد ج۶ ص۲۱' سنن دارقطنی ج۳ ص۴۵' دلائل النبوۃ للبیہقی ج۵ ص۳۸۰' صحیح ابن حبان ج ۱۴ رقم الحدیث: ۶۵۲۲' المعجم الکبیر ج۸ ص ۳۱۴' کنز العمال ج۱۲ ص۴۴۹)

اس حدیث کو بنایہ شرح ہدایہ میں علامہ بدرالدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کیا ہے اور اس میں وارد ہونے والے لفظ کعبیہ سے اس پر استدلال کیا ہے کہ کعب کا اطلاق ٹخنے پر ہوتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

هذا یدل علی ان الکعب هو العظم النابت فی جانب القدم لان الرمیة اذا کانت من وراء الماشی لا تصیب ظهر القدم. (البنایہ ج۱ ص۱۱۰)

اس حدیث میں اس بات پر دلیل ہے کہ کعب سے وہ ہڈی مراد ہے جو جانب قدم میں ابھری ہوتی ہے۔ کیونکہ پیچھے سے جب کسی پر پتھر پھینکے جائیں تو وہ قدم کی پشت پر نہیں پہنچتا۔

علامہ عینی نے یہ استدلال باب الوضوء میں کیا ہے اور مزید کئی احادیث و اقوال اس بات کی تائید میں ذکر کیے ہیں کہ کعب کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے۔ اور اپنی بحث کے اختتام پر علامہ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ کی اس بات کا رد کیا ہے کہ باب حج میں کعب سے مراد احناف کے نزدیک وسط قدم کی ہڈی ہے۔ پہلے ہم فتح الباری سے حافظ ابن حجر عسقلانی کی عبارت پیش کر رہے ہیں:

علامہ ابن حجر عسقلانی زیر بحث حدیث "فلیلبس خفین ولیقطعهما اسفل من الکعبین" کی شرح میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

قال محمد بن الحسن ومن تبعه من الحنفية الكعب هنا هو العظم الذى فى وسط القدم عند معقد الشراك وقيل ان ذالك لا يعرف عند اهل اللغة. (فتح الباری ج ۴ ص ۱۸۴ مطبوعہ دارالفکر بیروت)

امام محمد بن حسن اور ان کے دیگر متبعین نے کہا ہے کہ ممنوعات احرام میں کعب سے مراد وہ ہڈی ہے جو قدم کے وسط میں ہوتی ہے' جہاں پر جوتے کا تسمہ باندھا جاتا ہے' ایک قول یہ ہے کہ کعب کا یہ معنی اہل لغت کے نزدیک معروف نہیں ہے۔

علامہ بدرالدین عینی علیہ الرحمۃ بنایہ میں اس عبارت کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

قلت هذا جهل منه لمذهب ابى حنيفة فان ما ذكر ليس قولا له ولا نقله عنهٗ احد من اصحابه فكيف يقول قال ابو حنيفة كذا وكذا وهذا جرأة على الائمة منه. (بنایہ ج ۱ ص ۱۱۱)

میں کہتا ہوں: جو کچھ حافظ ابن حجر نے کہا ہے یہ مذہب احناف کو نہ جاننے کی بدولت ہے' کیونکہ ایسی کوئی بات (کہ ممنوعات احرام میں کعب سے مراد وسط قدم کی ہڈی ہے) نہ تو امام ابوحنیفہ کا قول ہے نہ ان سے ان کے اصحاب میں سے کسی نے نقل کیا ہے تو ابن حجر کیسے کہہ رہے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے اس طرح کہا ہے۔ یہ حافظ ابن حجر کی ائمہ احناف پر بہت بڑی جسارت ہے۔

خلاصۂ کلام

کعبین کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے' اس سلسلے میں ہم نے جو احادیث اور ائمہ لغت سے استشہاد کیا ہے' اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ یہ دلائل ہمارے فقہاء کے پیش نظر نہیں تھے' یقیناً ان کے پیش نظر تھے اور خود کئی ائمہ نے ان ہی دلائل سے باب وضوء میں اس پر استدلال کیا ہے کہ کعبین کا اطلاق ٹخنے کی ہڈی پر ہوتا ہے' تاہم حج کے بیان میں ان فقہاء و مشائخ (رحمہم اللہ اجمعین) کا اسی لفظ سے وسط قدم کی ہڈی مراد لینا ایک عقلی وجہ کی بنیاد پر ہے' جس کو شروع میں ہم ذکر کر چکے ہیں اور چونکہ کعبین کا یہ معنی (ہماری فہم کے مطابق) ذکر کردہ دلائل سے متعارض ہے' اس لئے فقہاء کرام نے بھی اس معنی کے مراد لینے پر شدت اور اصرار نہیں کیا بلکہ اس معنی کے مراد لینے کو احوط فرمایا ہے یعنی زیادہ احتیاط اس میں ہے کہ حالت احرام میں جوتی یا موزے ایسے ہوں جن میں وسط قدم کی ہڈی کھلی رہے۔ اور لفظ احوط کا تقاضا یہ ہے کہ اگر کوئی شخص حالت احرام میں ایسے موزے یا ایسی چپلیں پہنتا ہے جن سے وسط قدم ڈھکا ہوا ہو اور ٹخنے کھلے رہیں تو یہ بھی ہمارے فقہاء کرام کے نزدیک جائز ہے۔ اور شارح نے جس موقف کو اختیار کیا ہے اس کا مفاد یہ ہے کہ لوگوں کے نزدیک یہ جو معروف ہے کہ "حالت احرام میں اگر موزے یا چپلیں استعمال کی جائیں تو ضروری ہے کہ ان سے وسط قدم کی ہڈی نہ ڈھکے' وہ لازماً کھلی رہے" اس غلط فہمی کو دور کیا جائے اور شارح کا یہ موقف ظاہر حدیث کے بھی عین موافق ہے۔ نیز اگر کوئی شخص حالت احرام میں ایسی جوتی یا موزے پہنتا ہے جو وسط قدم کو نہ ڈھکے تو یہ شارح کے نزدیک بھی جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم۔

شرح صحیح مسلم کی متعدد تحقیقی اور تفصیلی مباحث میں سے صرف چند مباحث کا انتخاب کر کے میں نے ان کا تعارف پیش کر دیا ہے۔ ان مباحث کے حوالہ سے دیگر شروح حدیث میں' میں نے اس قدر جامع' تفصیلی اور تحقیقی گفتگو نہیں پائی۔ اور یہ امتیاز بھی شرح صحیح مسلم کو حاصل ہے کہ اس میں متعدد مسائل پر تحقیقی اور تفصیلی ابحاث "مستقل رسائل" کی شکل اختیار کئے ہوئے ہیں۔ اسے شارح کی انتھک محنت' ذوقِ تتبع اور جہد مسلسل کا نتیجہ کہئے یا بارگاہِ الٰہی و مصطفوی سے ملنے والی تحقیقی اور تدقیقی قوت و صلاحیت کا فیضان۔۔۔۔ بہر کیف اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ شرح صحیح مسلم نے اپنی اہم اور خصوصی مباحث کی بنیاد پر جس قدر شہرت

Marfat.com

اور مقام و مرتبہ حاصل کیا ہے، وہ دیگر شروحِ حدیث سے کہیں بڑھ کر اور برتر ہے۔

عصر حاضر کے جدید مسائل

آج کل زمانہ جس تیزی سے الحاد و بے دینی اور بے راہ روی کی طرف گامزن ہے اس سے لوگوں کی ذہن سازی کچھ اس طرح کی ہو رہی ہے کہ العیاذ باللہ ''اسلام ایک فرسودہ اور قدامت پسند مذہب ہے، اس میں ہر دور کے تقاضوں کو پورا کرنے اور ان سے ہم آہنگ ہونے کی کوئی صلاحیت نہیں ہے، قرآن و سنت کے فرامین ایک مخصوص اور محدود مدت تک کے لیے تھے، نئے حوادث و نوازل ان کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتے، علم فقہ کے مسائل و جزئیات محض اختراعی، فرضی اور من گھڑت ہیں''۔ ''وغیر ذالك من الاقاویل''۔ ان تمام الزامات اور تہمتوں کا مقصد یہ ہے کہ اسلامی تعلیمات کو بیک جنبش قلم اور ''بزعم خویش'' منسوخ و ناقابل عمل قرار دے کر ذہنی اور فکری آزادی حاصل کی جائے اور یہ باور کرایا جائے کہ قرآن و سنت اور فقہ کی تعلیمات کا جدید مسائل کے ساتھ دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔

بے راہ روی اور گمراہی کے اس سیل رواں کو روکنے کے لئے اہلِ فکر علماء کی جانب سے مختلف کتب اور رسائل لکھے گئے اور ان میں یہ ثابت کیا گیا کہ دورِ حاضر کے جدید مسائل بلاشبہ قرآن و سنت اور فقہی تعلیمات کی روشنی میں حل کئے جا سکتے ہیں۔ کیونکہ اسلام کے دامن میں بلا استثناء و بلا تنسیخ ہر دور کے مسائل کا حل کسی نہ کسی صورت اور شکل میں موجود ہے۔ لیکن۔۔۔ جدید مسائل کے حوالہ سے اب تک جو تحریرات میرے دیکھنے میں، سننے میں یا مطالعہ میں آئی ہیں وہ مستقل تحریرات ہیں اور باقاعدہ اسی عنوان پر لکھی گئی ہیں۔ ایسا میرے دیکھنے میں نہیں آیا کہ کسی تفسیر یا شرحِ حدیث میں زیر بحث آیت یا حدیث کی مناسبت سے دورِ حاضر کے کسی مسئلے پر باضابطہ بحث کی گئی ہو اور اس کا حل پیش کیا گیا ہو۔ یہ خوبی صرف اور صرف میں نے شرح صحیح مسلم میں دیکھی۔ اس میں جہاں تفسیری اور فقہی نوعیت کے مسائل پر گفتگو کی گئی ہے، وہاں دور حاضر کے جدید مسائل پر بھی محققانہ بحث کی گئی ہے اور ان پر قرآن و سنت اور کتب فقہ سے دلائل قاطعہ و براہین ساطعہ اور نظائر لامعہ پیش کر کے اس حقیقت صادقہ کو ثابت کیا گیا ہے کہ اسلام کی دی ہوئی تعلیمات کل بھی واضح اور قابل عمل تھیں، آج بھی قابلِ تسلیم اور قابلِ عمل ہیں۔ اور انشاء اللہ تا قیام قیامت زندہ و تابندہ اور قابل عمل رہیں گی۔ میرے پیشِ نظر جو شروح حدیث ہیں ان میں تلاشِ بسیار کے باوجود یہ خصوصیت مجھے نہیں ملی۔ البتہ نزہۃ القاری شرح بخاری، کتاب الصلوۃ میں ''ریل اور ہوائی جہاز میں نماز کے جواز اور عدم جواز'' پر بحث کی گئی ہے، اسی طرح مراۃ المناجیح میں باب دفن المیت کی حدیث ''کسر عظم المیت ککسر ها حیا'' کے تحت صاحب کتاب نے ''پوسٹ مارٹم'' کے حوالہ سے کچھ وضاحت فرمائی ہے۔ جبکہ شرح صحیح مسلم میں جدید مسائل پر بحث و تحقیق کو اس شرح کی عظیم خصوصیت ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ہر جلد[1] میں زیر بحث حدیث کے ماتحت اور اس کی مناسبت سے کسی نہ کسی جدید مسئلے پر قلم اٹھایا گیا ہے اور اس کا شرعی حل پیش کیا گیا ہے۔ میرے شمار کے مطابق پوری شرح میں تقریباً ۴۰ جدید مسائل پر گفتگو کی گئی ہے۔ اور تعجب خیز بات یہ کہ بعض مسائل میں اس قدر تفصیل کے ساتھ بحث اور تحقیق کی گئی ہے کہ ان مسائل پر لکھی جانے والی مستقل تحریرات بھی پیچھے نظر آتی ہیں۔

یہاں یہ بھی واضح رہے کہ جدید مسائل چونکہ اجتہادی نوعیت کے حامل ہوتے ہیں اور ان کا حل پیش کرنے کے لئے نہایت دقتِ نظر کے ساتھ دلائل میں غور و خوض کرنا پڑتا ہے، اس لئے اس تفکر و تدبر کے بعد نکلنے والے نتیجہ میں جہاں صواب اور صحت کے پہلو

---

[1] ساتویں جلد اس سے مستثنیٰ ہے، اس میں کسی جدید مسئلہ پر بحث نہیں کی گئی۔ (محمد اسماعیل نورانی)

Marfat.com

موجود ہوتے ہیں' وہاں غلطی اور خطاء کے امکانات بھی مستبعد نہیں ہوتے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ دیگر مسائل کی طرح جدید مسائل میں بھی علماء و مفکرین کی آراء میں اختلاف ہے' ایک ہی مسئلہ میں کسی نے جواز کا قول کیا ہے تو کسی نے عدم جواز کا' سو اسی طرح شرح صحیح مسلم میں بیان کردہ جدید مسائل بھی خالص اجتہادی نوعیت کے حامل ہونے کی وجہ سے صواب و خطاء دونوں کے متحمل ہیں اور دلائل کی بنیاد پر ان سے اختلاف بھی کیا جا سکتا ہے۔ لیکن۔۔۔۔ فکری جمود کے اس دور میں اہلسنت و جماعت کے میدانِ تصنیف میں اس انوکھے اور حیرت انگیز اضافہ پر شرح صحیح مسلم کو داد نہ دینا ظلم ہوگا' اس شرح میں جدید مسائل پر محققانہ ابحاث نے بلاشبہ ہمارے سروں کو فخر سے بلند کیا ہے اور اس سوچ کا سختی سے رد کیا ہے کہ اہل سنت و جماعت کا دائرہ بحث و تحقیق صرف ''فاتحہ اور ایصال ثواب'' ہے۔

شرح صحیح مسلم میں جن عصری مسائل پر بحث کی گئی ہے اور ان پر جو دلائل قائم کئے گئے ہیں' ان کے دقائق اور محاسن بیان کرنے کے لیے بقول علامہ محب اللہ نوری مدظلہ العالی ''ایک علیحدہ تحقیقی اور مبسوط مقالہ کی ضرورت ہے' جو اہل علم کا کام ہے''۔ ظاہر ہے کہ مجھ جیسا ایک بے بضاعت اور مبتدی طالبعلم ان مسائل پر گفتگو کرنے کی کیا اہلیت رکھتا ہے۔ تاہم اپنے ناقص مطالعہ اور استطاعت کے مطابق اس شرح کے جدید مسائل میں سے چند مسائل پر گفتگو کرنا چاہتا ہوں تا کہ یہ واضح ہو جائے کہ شرح صحیح مسلم میں عصری مسائل کو حل کرنے کے لئے کیا اسلوب اختیار کیا گیا ہے' دلائل و براہین کس نوعیت کے ہیں' شارح کا مجتہدانہ مقام کیا ہے اور دیگر شروح پر آپ کی شرح کو کس قدر فوقیت اور مرتبہ حاصل ہے۔؟

(۱) عطیۂ خون اور الکوحل آمیز دواؤں سے علاج

یہ مسئلہ ہمارے علماء کے درمیان مختلف فیہ ہے کہ آیا کسی ضرورت مند آدمی کو کوئی شخص اپنے خون کا عطیہ پیش کر سکتا ہے یا نہیں؟ نیز الکوحل آمیز دواؤں سے علاج جائز ہے یا نہیں؟

بعض علماء کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ خون کا عطیہ ناجائز ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے خون کو حرام فرمایا ہے:

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ. تم پر صرف مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت حرام فرمایا ہے۔

(البقرۃ: ۱۷۳)

دوسری دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان ہے کہ:

ان اللہ تعالیٰ لم یجعل شفاء امتی فیما حرم علیھا. اللہ تعالیٰ نے میری امت کی شفاء ان چیزوں میں نہیں رکھی جنہیں ان پر حرام فرمایا ہے۔

خون کو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا ہے لہٰذا اس میں شفاء ہرگز نہیں ہو سکتی۔ اور جب اس میں شفاء متصور نہیں ہے تو اس کا عطیہ دینا بھی ناجائز ہے۔ یہی موقف ان دواؤں کے بارے میں بھی ہے جن میں الکوحل ملی ہوئی ہو۔

اس موقف کے برعکس بعض علماء اس طرف گئے ہیں کہ ضرورت اور اضطرار کے وقت مریض کو خون چڑھانا جائز ہے نیز الکوحل آمیز دواؤں کو بغرضِ علاج استعمال کرنا بھی جائز ہے۔ ''جدید فقہی مسائل'' میں شیخ خالد سیف اللہ رحمانی نے بھی عطیۂ خون کو چند شرائط کے ساتھ جائز قرار دیا ہے اور الکوحل آمیز دواؤں کے استعمال کو بھی اس اصول کے تحت جائز قرار دیا ہے کہ ''الضرورات تبیح المحظورات''۔ ضرورتیں ممنوعات کو مباح کر دیتی ہیں۔ کتابِ مذکور مستقل طور پر جدید مسائل ہی کے موضوع پر ہے' تاہم اس میں زیر بحث مسئلہ پر صرف ۴ صفحات پر بحث کی گئی ہے۔ (دیکھئے جدید فقہی مسائل جزء ۱ ص ۱۹۸) اس کے برعکس مجوزین میں شارح صحیح مسلم بھی

Marfat.com

ہیں اور آپ نے اس مسئلہ کو تقریباً ۱۳ صفحات میں نہایت تفصیل اور تحقیق کے ساتھ واضح کیا ہے' قرآن وسنت سے اپنے موقف پر دلائل بھی دیئے ہیں اور مانعین کے اشکالات کے جوابات بھی دیئے ہیں۔

شرح صحیح مسلم کی اجتہادی ابحاث کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مسائل جو مختلف فیہ اور تحقیق طلب ہیں ان میں بالعموم' شارح اس صورت کو اختیار کرتے ہیں جو دلائل کے ساتھ ساتھ یُسر اور آسانی کے بھی قریب ہو۔ زیرِ بحث مسئلہ میں بھی شارح نے وہی صورت اختیار کی ہے جس میں یُسر اور آسانی ہے۔ چنانچہ بحث کے آغاز میں بطور تمہید کے خود تحریر فرماتے ہیں:

''خون کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے آیا ایک انسان کے جسم میں دوسرے انسان کا خون داخل کیا جاسکتا ہے یا نہیں جبکہ خون نجس اور حرام ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ روایات میں ہے کہ حرام چیز میں شفاء نہیں ہے۔ ہم قرآن مجید اور فقہاء مذاہب اربعہ کے اقوال کی روشنی میں اس مسئلہ کا حل بیان کریں گے۔ یہ درست ہے کہ بعض فقہاء نے اس مسئلہ میں تشدید کی ہے لیکن جمہور فقہاء کے بیان کردہ اصول کی روشنی میں یہ امر جائز ہے اور قرآن وحدیث نے ہمیں احکام میں آسانی اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ. اللہ تعالیٰ نے دین کے احکام میں تم پر تنگی نہیں رکھی۔

(الحج:۷۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

فانما بعثتم میسرین ولم تبعثوا معسرین. تم آسان احکام بیان کرنے کے لئے بھیجے گئے ہو' مشکل احکام بیان کرنے کے لئے نہیں بھیجے گئے۔ (بخاری ج۱ ص۳۵)

پھر جن مسائل میں قرآن' احادیثِ شریفہ اور فقہاء اسلام نے سہولت اور وسعت دی ہو' اس شرعی سہولت کو پس پشت ڈال کر ڈھونڈ ڈھونڈ کر دشواری اور شدت کو اختیار کر کے مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دینا' دین کی خدمت نہیں ہے' مزید برآں یہ کہ قرآن مجید اور احادیثِ شریفہ کی ایسی تعبیرات اور تشریحات بیان کرنا' جن کی واقع اور مشاہدہ میں تکذیب ہوتی ہو جس کی وجہ سے لوگ دین سے بدگمان ہو جائیں اور دینی احکام پر ان کا اعتماد نہ رہے' بدترین گناہ ہے''۔ (شرح صحیح مسلم ج۲ ص۸۳۰)

شارح کے دلائل اور ان کا تجزیہ

شارح نے اپنے موقف پر سب سے پہلے قرآن حکیم سے استدلال کیا ہے اور وہی آیات پیش کی ہیں' جو مانعین اپنے موقف پر پیش کرتے ہیں:

(۱) اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ. (البقرۃ:۱۷۳)

تم پر صرف مردار' خون' خنزیر کے گوشت اور اس جانور کو حرام کیا گیا جس پر (بوقتِ ذبح) غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو اور جس شخص کا قصد معصیت اور حد سے تجاوز نہ ہو اس پر کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲) قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ

آپ فرما دیجئے کہ مجھ پر جو وحی کی جاتی ہے اس میں کسی کھانے والے کے کھانے میں کوئی حرام چیز نہیں بیان کی گئی سوائے مردار' بہنے والے خون اور خنزیر کے گوشت کے' کیونکہ وہ نجس ہے'

Marfat.com

اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ (الانعام:۱۴۵)

اور سوا اس ذبیحہ کے جس پر غیر اللہ کا نام پکارا گیا' پھر جو شخص معصیت اور تجاوز کرنے والا نہ ہو تو آپ کا رب بخشنے والا مہربان ہے ○

(۳) وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ. (الانعام:۱۱۹)

جو چیزیں تم پر حرام کی گئی ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کو تفصیل سے بیان کر دیا ہے سوا اس کے کہ تم ضرورت کی وجہ سے انہیں استعمال کرو۔

شارح کا استدلال ان تینوں آیات سے یوں ہے کہ ان آیات میں بلاشبہ خون کو حرام قرار دیا گیا ہے' لیکن تینوں آیات میں اس کے ساتھ یہ بھی تو فرمایا گیا کہ جو شخص مجبور ہو جائے اور اس کا قصد' معصیت اور حد سے تجاوز نہ ہو اس شخص کا حکم (اس عموم سے) مستثنیٰ ہے۔ پھر یہ استدلال کرنا کہ خون دینا حرام ہے' یہ آیت کے ایک حصہ کو چھوڑ کر دوسرے حصہ سے استدلال کرنا ہے۔

دوسرا استدلال شارح کا تین صحیح احادیث سے ہے۔ پہلی حدیث تو یہ ہے کہ:

عُکل یا عرینہ کے کچھ لوگ مدینے آئے' انہیں وہاں کی آب و ہوا راس نہ آئی (اور وہ بیمار ہو گئے)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اونٹنیوں کا دودھ اور پیشاب پینے کا حکم فرمایا۔ جب وہ تندرست ہو گئے تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چرواہوں کو قتل کر دیا۔ الی اخر الحدیث (صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۶)

دوسری حدیث میں یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما کو خارش کی وجہ سے ریشم کی قمیص پہننے کی اجازت دے دی۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۰۹)

تیسری حدیث یہ ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن طرفہ کے دادا عرفجہ بن اسعد کی جنگ کلاب میں ناک کٹ گئی۔ انہوں نے چاندی کی ناک بنوا کر لگوالی' اس میں بدبو پیدا ہو گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں سونے کی ناک لگوانے کا حکم فرمایا۔

(مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۷۹' ترمذی ص ۲۶۸)

ان تینوں احادیث کے ضمن میں شارح نے عمدۃ القاری' مرقات شرح مشکوٰۃ اور جامع ترمذی وغیرہ سے تفصیلی عبارات نقل کر کے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ "احادیثِ مذکورہ کی بنیاد پر کسی حرام چیز کو ضرورت کے وقت استعمال میں لانا اور شفاء کے یقین ہونے پر اس سے شفاء حاصل کرنا جائز اور درست ہے۔ نیز سونے کی ناک یا دانت اور ریشم پہننے کا حکم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان تکلیفوں میں دیا ہے جن میں جان کا خطرہ نہیں تھا' اس سے معلوم ہوا کہ اگرچہ اضطرار شرعی نہ ہو' پھر بھی صرف علاج کی ضرورت سے حرام چیزوں کو بطور دواء استعمال کیا جا سکتا ہے"۔

شارح کا اپنے موقف پر یہ استدلال بہت قوی ہے' کیونکہ ان احادیث کے مضمون اور ان کی شرح میں علماء محدثین کے ارشادات' مانعین کے اس قولِ مطلق کی واضح نفی کر رہے ہیں کہ "حرام اشیاء سے شفاء حاصل نہیں کی جا سکتی"۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ حرام اشیاء سے شفاء کا حاصل نہ ہونا حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ان اللہ تعالیٰ لم یجعل شفاء امتی فیما حرم علیھا) سے ثابت ہے' لیکن ظاہر ہے کہ مذکورہ تین احادیث کے مقابلہ اس حدیث کے عموم سے استدلال نہیں کیا جا سکتا' بلکہ اس حدیث میں کوئی تاویل یا توجیہ کی جائے گی' جیسا کہ علامہ بدرالدین عینی' علامہ شامی' صاحب فتاویٰ قاضی خان اور دیگر فقہاء نے مختلف توجیہات فرمائی ہیں اور شارح نے ان کو مکمل عبارات کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

Marfat.com

آخر میں شارح نے ''حرام اور نجس اشیاء سے علاج'' کے متعلق ائمہ مذاہب اربعہ علیہم الرحمۃ کے اقوال تفصیلاً بیان کئے ہیں اور اس سلسلہ میں مکمل عبارات مع حوالہ جات نقل کی ہیں۔ مذاہب اربعہ کی تفصیلات بیان کرنے کے لئے شارح نے امام نووی' امام قسطلانی' شیخ محمد شربینی شافعی' امام عبدالوہاب شعرانی' علامہ علاء الدین حصکفی' علامہ شامی اور صاحب فتاویٰ عالمگیری کی عبارات پیش کی ہیں۔ آخر میں لکھتے ہیں:

''حرام اور نجس اشیاء سے بوقتِ ضرورت علاج کے سلسلے میں ہم نے معتمد شروح کی روشنی میں احادیثِ شریفہ اور فقہاء اربعہ کے مفتیٰ بہ اقوال ذکر کئے ہیں جن سے موجودہ زمانہ میں الکوحل آمیز دواؤں اور خون لگانے کے جواز پر روشنی پڑتی ہے کیونکہ آج کل دنیا کی اکثریت نے ایلو پیتھک طریقہ علاج کو قبول کرلیا ہے اور علاج کے معاملہ میں تقریباً سب ہی اس کے محتاج ہوتے ہیں''۔
(شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۴۱)

الکوحل آمیز ادویات کے جواز اور عدم جواز پر شارح نے جلد چہارم (کتاب المساقاۃ والمزارعۃ) میں بھی بحث کی ہے اور ایک اساسی اور اصولی بات بیان کر کے اس کی روشنی میں الکوحل آمیز ادویات کے علاوہ پرفیومز اور سینٹ وغیرہ کا بھی حکم بیان کیا ہے۔

ابتداءً اصولی بات جو بیان کی ہے وہ یہ ہے کہ ''خمر کے علاوہ دیگر شرابوں کی قلیل مقدار جو نشہ آور نہ ہو' وہ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک جائز ہے''۔ اس اصول کی روشنی میں شارح نے الکوحل کا حکم واضح کیا ہے کہ وہ انگور یا کھجور سے نہیں' بلکہ شیرہ' مختلف دانے' جو' اناس' گندم' ادرک کی جڑ اور دیگر نشاستہ دار اشیاء سے بنائی جاتی ہے' جبکہ خمر کی تعریف یہ ہے کہ انگور کا وہ کچا شیرہ جو پڑے رہنے سے جھاگ چھوڑ دے۔ سو اولاً الکوحل پر خمر کی تعریف صادق نہیں آتی۔ ثانیاً جن اشیاء میں الکوحل ملائی جاتی ہے وہ اس مقدار میں نہیں ہوتی جو مسکر (نشہ آور) ہو۔ لہٰذا امام اعظم اور امام ابو یوسف کے نزدیک ان تمام اشیاء کا استعمال جائز ہوا جن میں نشہ آور حد سے کم الکوحل ملی ہوتی ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۴ ص ۳۲۲)

اسی طرح جلد ششم میں بھی شارح نے اس مسئلہ پر تحقیق کی ہے کہ انگریزی دواؤں اور پرفیومز وغیرہ میں الکوحل کی جو مقدار ہوتی ہے وہ قلیل ہوتی ہے اور شراب کے علاوہ دیگر نشہ آور مشروبات کی صرف وہ مقدار حرام ہے جو نشہ لائے اور وہ قلیل مقدار جو نشہ آور نہ ہو اس کا استعمال جائز ہے جب کہ لہو ولعب کے طور پر نہ ہو' لہٰذا وہ دوائیں جن میں الکوحل استعمال ہوتی ہے اور وہ خوشبویات جن میں الکوحل یا اسپرٹ استعمال ہوتی ہے ان کا استعمال جائز ہے کیونکہ ان مرکبات میں الکوحل یا اسپرٹ بہت قلیل مقدار میں ہوتی ہے۔
(شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۲۲۰)

میں کہتا ہوں کہ مذکورہ تحقیق سیدنا امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف علیہما الرحمۃ کے قول کے مطابق ہے' جب کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ شراب کے علاوہ دیگر نشہ آور مشروبات (جن کو امام ابوحنیفہ و امام ابو یوسف جائز فرماتے ہیں) کو حرام اور ناپاک کہتے ہیں اور امام محمد کے اس قول کی روشنی میں الکوحل ملی ادویات اور پرفیومز وغیرہ کا استعمال ممنوع ہونا چاہیے لیکن میرے نزدیک شارح صحیح مسلم کی مذکورہ تحقیق امام محمد کے قول کے بھی خلاف نہیں ہے۔ کیونکہ امام محمد نے حرمت کا فتویٰ فسادِ زمانہ کی وجہ سے دیا تھا کہ لوگ ان مشروبات کو لہو ولعب کے لیے پئیں گے اور فسق و فجور میں مبتلا ہوں گے (ہدایہ' عالمگیری وغیرہ) جب کہ الکوحل ملی دواؤں کو لوگ لہو ولعب کے لیے نہیں پیتے بلکہ علاج کی غرض سے پیتے ہیں اور پرفیومز کو کپڑوں پر لگایا جاتا ہے' پیا نہیں جاتا۔ ثانیاً فی زمانہ ان چیزوں میں ہر خاص و عام مبتلا ہے' اور عموم بلویٰ سے بسا اوقات حکم تبدیل ہو جاتا ہے جیسا کہ کتب فقہ سے ظاہر اور روشن ہے۔ اس لیے ابتلائے عام کی بنیاد پر انگریزی دواؤں اور پرفیومز کا استعمال جائز ہونا چاہیے۔ علماء ہند کی بھی یہی تحقیق ہے۔ (دیکھئے صحیح فقہ اسلامی' مطبوعہ فرید بک اسٹال' لاہور)

Marfat.com

واللہ ورسولہٗ اعلم۔

انتقالِ خون اور الکوحل آمیز ادویات وغیرہا سے متعلق شارح کا موقف اور دلائل سطورِ گذشتہ میں واضح ہو چکے۔ ان مسائل سے متعلق دلائل کی اس قدر تفصیل و تحقیق (خصوصاً مذاہب اربعہ کی مکمل تشریح) عصری کتب اور شروحِ حدیث کے درمیان شرح صحیح مسلم کا قابلِ قدر اور قابلِ توصیف امتیاز ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ عصر حاضر کے ان مسائل میں بھی۔۔۔ شارح کا قرآن وسنت اور فقہ سے واضح دلائل لانا ان متجددین کے منہ پر طمانچہ ہے جو یہ کہتے ہوئے کوئی عار اور جھجک محسوس نہیں کرتے کہ ''اسلام ایک فرسودہ اور قدامت پسند مذہب ہے' اس میں ہر دور کے نت نئے مسائل کا کوئی حل نہیں ہے''۔

(۲) اعضاء کی پیوند کاری

اعضاء کی پیوند کاری کے متعلق بھی علماء کی آراء مختلف ہیں۔ بعض علماء اس طرف گئے ہیں کہ اعضاء کی پیوند کاری درج ذیل شرائط کے ساتھ جائز اور درست ہے:

(۱) مریض بہت ضرورت مند ہو اور کوئی طبیب حاذق یہ کہہ دے کہ اس طریقے سے اس کی جان بچ جائے گی۔

(۲) عضو دینے والے کو عضو دینے کے سبب کوئی جانی خطرہ لاحق نہ ہو۔

(۳) عضو دینے والا رضا کارانہ طور پر اپنا عضو پیش کرے۔

اس موقف کے برعکس بعض علماء کا موقف یہ ہے کہ اعضاء کی پیوند کاری قطعاً جائز نہیں ہے۔

اختلاف کی تفصیل میں جانے سے قبل یہ جاننا چاہیے کہ بالعموم درج ذیل تین طریقوں سے پیوند کاری کی جاتی ہے:

(۱) کسی معذور شخص کو پلاسٹک' لکڑی یا کسی بھی دھات کا کوئی عضو لگا دیا جائے۔

(۲) انسان کے جسم میں جانور کے کسی عضو کو جوڑ دیا جائے۔

(۳) انسان کے جسم میں انسان کا عضو لگایا جائے۔ عام ازیں کہ جس کا عضو لگایا گیا ہے وہ زندہ ہو یا مردہ۔

پہلی صورت میں تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس طریقے پر پیوند کاری جائز ہے۔ دلیل وہی حدیث ہے جو گذشتہ بحث میں گزر چکی کہ حضرت عبدالرحمان بن طرفہ کے دادا حضرت عرفجہ بن سعد کی جنگِ کلاب میں ناک کٹ گئی' انہوں نے چاندی کی ناک بنوا کر لگوالی' اس میں بدبو پیدا ہوگئی تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں سونے کی ناک لگوانے کا حکم فرمایا۔

پیوند کاری کی دوسری صورت بھی علماء کے درمیان متفق علیہ ہے۔ مگر۔۔۔ اس شرط کے ساتھ کہ جانور حلال ہو اور مذبوح ہو۔ دلیل قرآنِ حکیم کی یہ آیت ہے:

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ○ (النحل:۵).

اس نے چوپایوں کو بھی پیدا کیا' ان میں تمہارے لئے گرم لباس ہے اور دیگر فوائد ہیں اور (انہیں کا گوشت) تم کھاتے ہو○

فقہاء احناف کی متعدد تصریحات بھی اس (دوسری) صورت کے جواز پر واضح دلیل ہیں۔ چنانچہ فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

قال محمد رحمه الله تعالٰی ولا باس بالتداوی بالعظم اذا کان عظم شاة او بقرة او بعیر او فرس او غیره من الدواب الاعظم الخنزیر والادمی فانه یکره التداوی بهما. (فتاویٰ عالمگیری ج۵ ص ۳۵۴)

امام محمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ہڈی کے ذریعے علاج کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ وہ ہڈی بکری' گائے' اونٹ' گھوڑے یا کسی اور جانور کی ہو' سوائے خنزیر اور آدمی کی ہڈی کے' کہ ان کے ذریعے علاج کرنا مکروہ ہے۔

Marfat.com

پیوندکاری کی تیسری صورت علماء کے مابین مختلف فیہ ہے' اور بحث کا نقطۂ ارتکاز بھی یہی تیسری صورت ہے۔

شارح صحیح مسلم کا موقف

شارح کا موقف اس بارے میں یہ ہے کہ انسانی اعضاء سے پیوندکاری قطعاً ناجائز ہے' خواہ جس کے اعضاء لئے جارہے ہیں وہ زندہ ہو یا مردہ اور جس کے لئے عضو لیا جارہا ہے وہ حالتِ اضطرار میں ہو یا حالتِ اختیار میں۔

دیگر علماء کا موقف

بعض دیگر علماء کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ (پہلی دو صورتوں کی طرح) پیوندکاری کی تیسری صورت بھی جائز اور درست ہے (بشرطیکہ ذکر کردہ تینوں شرائط پائی جائیں)۔

فریقین کے دلائل اور ان کا تجزیہ

فریقین میں سے ہر ایک کے اپنے موقف پر دلائل اور براہین ہیں' جن کا جائزہ لینے کے لئے ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر صاحب کا رسالہ ''جدید طبی مسائل کا شرعی حل'' اور شیخ خالد سیف اللہ رحمانی کی ''جدید فقہی مسائل'' بھی میرے پیشِ نظر ہیں۔ جن کا تعلق مجوزین سے ہے۔

مجوزین نے اپنے موقف پر اولاً چند فقہی اصول سے استدلال کیا ہے اور ان کی روشنی میں اپنے موقف کو ثابت کیا ہے۔ وہ اصول یہ ہیں:

(۱) ضرورتیں ممنوعات کو مباح کردیتی ہیں۔

(۲) آدمی کو جب دو برائیاں درپیش ہوں تو اس برائی کو اختیار کرو جو نقصان میں کم ہو۔

(۳) بڑے فائدے کے حصول کے لئے چھوٹے فائدے کو ترک کردیا جائے۔

(۴) کسی چیز میں نفع اور نقصان دونوں کے پہلو موجود ہوں اور نفع زیادہ ہو' نقصان کم ہو تو نفع کو اختیار کیا جائے۔

ان چار اصولوں کی روشنی میں موقف کا اثبات یوں ہے کہ:

اولاً: ضرورت کی وجہ سے ممنوع کام مباح ہوجاتا ہے۔

ثانیاً: پیوندکاری کی زیر بحث صورت میں دو فائدے ہیں: کسی کی جان کو بچانا' اور تکریم انسانیت۔ ان دونوں میں جو بڑا فائدہ ہے اس کو اختیار کیا جائے گا یعنی ''مریض کی جان کو بچانا''۔

ثالثاً: پیوندکاری کی اس صورت میں دو برائیاں ہیں: ۱۔ ایک مریض کی ہلاکت۔ ۲۔ دوسرا انسان کی حرمت وعزت کی پامالی۔ ان میں جو برائی ہلکی ہے (یعنی حرمتِ انسانیت کی پامالی) اس کو اختیار کرلیا جائے گا لیکن کسی مریض کی جان کو ضائع ہونے نہیں دیا جائے گا۔

رابعاً: پیوندکاری کی اس صورت میں دو پہلو ہیں۔ ایک نفع کا' دوسرا ضرر کا۔ نفع کا پہلو یہ ہے کہ کسی مریض کی جان کو بچایا جائے اور ضرر کا پہلو ''انسانی تکریم کی پامالی'' ہے۔ ان دونوں کے مجتمع ہونے کی صورت میں (اصول مذکور کے مطابق) نفع کے پہلو کو اختیار کیا جائے گا۔ یعنی مریض کی جان کو بچایا جائے گا۔

مجوزین نے اصولِ مذکورہ سے استدلال کے بعد مزید جن دلائل کو پیش کیا ہے وہ سب' اصولِ مذکورہ ہی کی تائید میں ہیں۔۔۔۔ مثلاً اس بات کی تائید وتصدیق کہ:

Marfat.com

''انسان کی تکریم اور عزت کے مقابلے میں کسی کی جان کو بچانا زیادہ اہم اور قابلِ لحاظ ہے''۔

اس سلسلے میں درج ذیل دلائل دیئے گئے ہیں:

(۱): فقہاء فرماتے ہیں کہ اگر کوئی حاملہ عورت مر جائے اور اس کے پیٹ میں بچہ ہو' جو حرکت کر رہا ہو تو اگر غالب گمان یہ ہو کہ بچہ زندہ ہے تو اس حاملہ کے پیٹ کو چاک کر کے بچہ کو نکالا جائے گا۔ (تنویر الابصار مع الدر المختار ج ۳ ص ۱۳۶)

(۲): جس شخص کو نکسیر ہو اور خون بند نہ ہوتا ہو' وہ اگر اپنے خون سے اپنی پیشانی پر قرآن کا کوئی حصہ لکھنا چاہے تو یہ جائز ہے۔ بعض فقہاء نے یہاں تک فرمایا کہ اگر پیشاب سے شفاء ہوتی ہے تو اس سے لکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

(شامی ج ۱ ص ۳۲۵ (جدید) ج ۱ ص ۱۹۴ (قدیم))

(۳): اگر کسی شخص نے کسی کا موتی نگل لیا اور پھر وہ مر گیا تو اولیٰ یہ ہے کہ موتی نکالنے کے لئے اس کا پیٹ چاک کیا جائے گا۔

(البحر الرائق ج ۸ ص ۲۰۵)

ان کے علاوہ کچھ اور عمومی دلائل بھی ہیں (قرآن وسنت سے)۔ جن میں ایک دوسرے کے ساتھ بھلائی کرنے' حاجتیں پوری کرنے اور مدد کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

اب ذیل میں شارح کے دلائل کا تجزیہ اور تفصیل ملاحظہ ہو:

شارح نے اپنے موقف کی بنیاد قرآنِ حکیم کی روشنی میں اس امر کو بنایا ہے کہ انسان (علی الاطلاق) مکرم' معزز اور محترم ہے۔

لقولہ تعالیٰ:

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ. (الاسراء:۷۰) اور بے شک ہم نے بہت عزت بخشی اولادِ آدم کو۔

نیز انسان اپنے جسم کا مالک نہیں ہے۔ لقولہ تعالیٰ:

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ○ (البقرۃ:۱۵۶) بے شک ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں○

دوسرے مقام پر فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ. (التوبۃ:۱۱۱) بیشک اللہ نے مومنین سے جنت کے بدلے ان کی جانیں اور ان کے اموال خرید لئے۔

لہٰذا کسی شخص کا اپنے اعضاء کو کسی مریض کے لئے دینا (خواہ وہ مریض حالتِ اضطرار میں ہو) تکریم انسانیت کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ غیر کی ملک میں تصرف کرنا ہے' جو کہ شرعاً جائز نہیں ہے۔ متعدد فقہاء نے اپنی کتب میں انسانی اعضاء سے نفع حاصل کرنے کو صرف اسی بنیاد پر ناجائز کہا ہے کہ انسان قابل تکریم اور قابل احترام ہے۔

شارح نے اپنے اس دعویٰ کے اثبات میں فقہ کی درج ذیل سات مستند کتب سے عربی عبارات پیش کی ہیں:

شرح سیر کبیر' فتاویٰ قاضی خان علی ہامش الہندیہ' فتاویٰ بزازیہ علی ہامش الہندیہ' فتاویٰ ہندیہ' رد المحتار' بدائع الصنائع اور کتاب الام للامام الشافعی۔

اس کے بعد شارح نے مضبوط دلائل سے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ حالتِ اضطرار میں بھی زندہ اور مردہ انسان کے اعضاء سے علاج حرام ہے۔ اس سلسلے میں بھی فقہ کی سات معتمد کتب کے حوالہ نقل کئے ہیں: شرح المہذب' المغنی لابن قدامہ' الشرح الکبیر' حاشیۃ

Marfat.com

الدسوقی علی الشرح الکبیر' حاشیۃ الصاوی علی الشرح الصغیر' فتاویٰ قاضی خان' فتاویٰ بزازیہ اور فتاویٰ عالمگیری۔

مردہ انسان کے اعضاء سے پیوندکاری کے ناجائز ہونے پر ایک شبہ کا ازالہ

ذہن میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ مردہ انسان کے اعضاء سے پیوندکاری کیوں ناجائز ہے؟ حالانکہ وہ تو مر چکا' اس کے لئے اس کے اعضاء اب کس کام کے؟

اس الجھن اور وہم کو بھی شارح نے بہت تفصیلی دلائل کے ساتھ دور کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ مردہ انسان بھی قابل احترام اور قابلِ تکریم ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کسر عظام المیت ککسرھا حیا. مردہ آدمی کی ہڈیوں کو توڑنا' زندہ آدمی کی ہڈیوں کو توڑنے کی مانند ہے۔

(مصنف عبدالرزاق ج ۳ ص ۴۴۴)

نیز فقہاء کرام کی تصریحات اس پر شاہد ہیں کہ کوئی زندہ شخص حالتِ اضطرار میں بھی مردہ انسان کے اعضاء کو نہیں کھا سکتا۔

شارح کی اس تمام تر بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ پیوندکاری کے لئے نہ زندہ انسان کے اعضاء لئے جا سکتے ہیں' نہ مردہ انسان کے' حالت اضطرار ہو یا حالتِ اختیار۔ بہرصورت انسانی اعضاء سے پیوندکاری قطعاً جائز نہیں ہے۔

شارح نے بحث کے اختتام پر مجوزین کے دلائل کے جوابات بھی دیئے ہیں۔ مجوزین نے جن چار فقہی اصول سے استدلال کیا ہے' شارح نے بہت سلیس انداز میں ان کے جوابات بھی دیئے ہیں اور ان اصول کا صحیح محمل اور صحیح مفہوم بیان کیا ہے۔ شارح کی عبارت ملاحظہ ہو:

''یہ جو کہا گیا ہے کہ ضرورت سے ممنوع چیز مباح ہو جاتی ہے' اس سے پیوندکاری کا جواز لازم نہیں آتا کیونکہ جو شخص اعضاء کٹوا رہا ہے اسے کوئی ضرورت ہے نہ اضطرار' تو کس بناء پر ایک ممنوع چیز اس کے لئے مباح ہو گی۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ دو برائیوں میں سے کم برائی کو اختیار کر لینا چاہیے۔ گذارش ہے کہ اعضاء کو کٹوانا تو برائی ہے لیکن کسی ضرورت مند کو یہ اعضاء کاٹ کر نہ دینا سرے سے کوئی برائی ہی نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا کسی انسان کو مکلف نہیں کیا گیا کہ وہ ضرورت مندوں میں اپنے اعضاء تقسیم کرے' بلکہ اعضاء کاٹ کر دینے سے روکا گیا ہے۔

تیسرا قاعدہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ بڑے فائدے کی خاطر چھوٹے فائدہ کو چھوڑ دینا چاہیے۔ لیکن یہاں اپنے اعضاء کو کٹوا دینا یا ان کی وصیت کرنا چھوٹا فائدہ نہیں' بھاری نقصان ہے۔

چوتھا قاعدہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ جب ایک چیز میں نفع اور ضرر کے دو پہلو ہوں اور ضرر کم اور نفع زیادہ ہو تو نفع کو اختیار کر لینا چاہیے۔ اس قاعدہ کا اطلاق بھی یہاں صحیح نہیں ہے' کیونکہ اس قاعدہ کے مطابق اول تو نفع اور ضرر ایک شخص کے لحاظ سے ہے اور جس معاملہ میں ہم گفتگو کر رہے ہیں' وہاں دو الگ الگ شخص ہیں۔ ثانیاً یہاں اعضاء کٹوانے میں اس شخص کو نفع بالکل نہیں ہے' سراسر نقصان ہے''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۶۶)

اعضاء کی پیوندکاری سے متعلق راقم کی جانب سے کچھ ضروری وضاحتیں

اللہ تعالیٰ کے فضل سے راقم الحروف' اس سال شارح صحیح مسلم کے پاس درسِ حدیث میں متعلم ہے۔ اور اسی دوران زیرِ نظر رسالہ قلمبند کر رہا ہے۔ مختلف عنوانات کے تحت گفتگو کرتے ہوئے جب میں زیر بحث عنوان ''اعضاء کی پیوندکاری'' پر پہنچا تو مجھے علم ہوا کہ شارح صحیح مسلم نے اس مسئلہ پر اپنی شرح میں جو بحث فرمائی ہے' اس کے رد میں ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر صاحب نے ایک رسالہ لکھا

Marfat.com

ہے' میں نے وہ رسالہ حاصل کیا اور اس کا مطالعہ کیا' مطالعہ کے دوران بعض دلائل میرے اپنے گمان کے مطابق مجھے قوی لگے' جس کی وجہ سے زیر بحث مسئلہ میں شارح کے موقف اور تحقیق کے حوالہ سے میرے دل میں کچھ خدشات اور شبہات پیدا ہوئے۔ میں وہ تمام شبہات اور ڈاکٹر صاحب کے دلائل کو لے کر شارح کے پاس پہنچ گیا' جن کے آپ نے مجھے اطمینان بخش مگر اختصار کے ساتھ جوابات مرحمت فرمائے۔

میں نے شارح سے سوال کیا کہ آپ نے ڈاکٹر صاحب کے رسالہ کا جواب کیوں نہیں لکھا؟ تو فرمایا کہ ''تفسیر کا کام کسی اور طرف متوجہ ہونے کی اجازت نہیں دیتا''۔ پھر میں نے عرض کی کہ تفسیر ہی میں کسی آیت مبارکہ کے تحت ڈاکٹر صاحب کے دلائل کے جوابات لکھ دیئے جائیں' تاکہ حق بات' سب پر واضح ہو جائے؟ تو آپ نے جوابات لکھنے کی حامی بھر لی۔ حسنِ اتفاق سے کچھ ہی روز کے بعد تفسیر کرتے ہوئے یہ آیت زیر بحث آ گئی:

فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا ؕ لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ. (الروم:۳۰)

اللہ تعالیٰ کی وہ فطرت جس پر اس نے لوگوں کو پیدا فرمایا' اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے کو تبدیل نہ کرنا۔

اس آیت کے ماتحت تفسیر کرتے ہوئے ''اعضاء کی پیوند کاری'' پر بھی آپ نے تحقیق شروع فرمائی' متعدد حوالہ جات نکالے' دلائل و براہین جمع کئے' حتیٰ کہ گردوں سے متعلق جدید تحقیقات بھی ''کڈنی سینٹر'' سے منگوائیں اور یوں کچھ ہی روز کے بعد آپ نے مسودہ کے ۲۷ صفحات تحریر فرما دیئے۔ سب سے پہلے آپ نے مجھے وہ تحقیق' پڑھنے کے لیے مرحمت فرمائی۔ فقیر نے اس کا مطالعہ کیا تو بحمدہٖ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کے دلائل اور اپنے ہر ہر خدشہ اور شبہ کا تفصیلی' تحقیقی اور مدلل جواب پایا۔ مطالعہ کرنے کے بعد میں نے شارح کے سامنے اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں' زیر بحث عنوان کی مناسبت سے آپ کی اس تازہ ترین تحقیق کے کچھ اقتباسات اپنے رسالہ میں بھی پیش کرنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ آپ نے فقیر کو اس کی اجازت مرحمت فرما دی' فجزاہ اللہ تعالیٰ خیر الجزاء۔

اب میں' ذیل میں ان اقتباسات کو قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں' تاکہ اعضاء کی پیوند کاری سے متعلق شارح کا جو موقف اور دلائل گذشتہ سطور پر پیش کئے گئے ہیں' ان کی قوت اور حقیقت واضح ہو جائے:

صاحبزادہ صاحب کا پیوند کاری کے جواز پر مردہ عورت کے پیٹ سے بچہ نکالنے اور اضطرار سے استدلال

شارح صحیح مسلم نے مجوزین کی دلیل: ''اضطرار'' کا رد کرتے ہوئے اپنی شرح میں لکھا تھا کہ:

باقی یہ جو کہا گیا ہے کہ ضرورت سے ممنوع چیز مباح ہو جاتی ہے اس سے پیوند کاری کا جواز لازم نہیں آتا کیونکہ جو شخص اعضاء کٹوا رہا ہے اسے کوئی ضرورت ہے نہ اضطرار' تو کس بناء پر ایک ممنوع چیز اس کے لئے مباح ہو گی۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۶۶)

اس کا جواب صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر صاحب نے اپنے رسالہ میں یہ دیا ہے کہ جس کو گردہ کی ضرورت ہے وہ مضطر اور حاجت مند ہے' اسی کے اضطرار کی وجہ سے دوسرے کا عضو لینا اس کو جائز ہو گیا' جو شخص عضو دے رہا ہے' اس کے لئے علیحدہ کسی دوسرے اضطرار کی ضرورت نہیں ہے۔ اس سلسلے میں صاحبزادہ صاحب نے فقہ کا یہ جزئیہ بھی پیش کیا ہے کہ کوئی حاملہ فوت ہو جائے اور اس کے پیٹ میں زندہ بچہ ہو تو ماں کا پیٹ چاک کر کے بچہ کو نکال لینا جائز ہے۔ اس جزئیہ کو پیش کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

اب یہاں اضطرار کی حالت بچہ کی ہے نہ کہ ماں کی' ضرورت بچہ کو ہے نہ کہ ماں کو' لیکن چونکہ بچہ کی ضرورت ماں کے ساتھ متعلق ہے لہٰذا ماں کا پیٹ چاک کرنا اس کی لاش کی بے حرمتی جو کہ اشد حرام فعل تھا وہ جائز ہو گیا حالانکہ ماں حالت اضطرار میں نہیں بلکہ وہ تو مردہ ہے جہاں اضطرار اور عدم اضطرار کی بحث ہی نہیں کی جا سکتی تو ضرورت اور اضطرار ماں کو نہیں بلکہ صرف بچہ کو ہے اور اس کی وجہ

سے پیٹ چاک ماں کا کیا جارہا ہے ''یعنی ضرورت یہاں ہے اور حرمت وہاں ختم ہورہی ہے'' اب میں معترضین سے کہتا ہوں جو جانبین میں اضطرار لازمی قرار دیتے ہیں وہ پہلے ماں میں اضطرار ثابت کریں پھر اس کے پیٹ کو چاک کرنے کی اجازت دیں حالانکہ اس کے تو وہ بھی قائل نہیں۔۔۔! لہٰذا یہاں بھی ان کو عضو دینے والے کے اضطرار پر اصرار نہیں کرنا چاہیے جو آدمی بیمار ہے وہ مضطر ہے اور ضرورت مند ہے اور اس کی ضرورت جس دوسرے شخص کے ساتھ متعلق ہے اس کا عضو لینا اور اس کو اپنا عضو کاٹ کر اسے دینا جائز ہو جائے گا اس جان بلب مریض کی ضرورت اور اضطرار کی وجہ سے دینے والے کی حرمت ختم ہو جائے گی جس طرح بچہ کی ضرورت اور اضطرار کی وجہ سے اس کی ماں کی لاش کی حرمت ختم ہوگئی تھی۔ (جدید طبی مسائل کا شرعی حل ۲۷، ۲۶)

شارح کا صاحبزادہ صاحب کے استدلال مذکور پر محققانہ رد

شارح صحیح مسلم، صاحبزادہ صاحب کی اس تقریر پر مفصل اور تحقیقی رد کرتے ہوئے تبیان القرآن میں لکھتے ہیں:

فقہاء کرام کا یہ جزئیہ دراصل پوسٹ مارٹم کی اصل ہے کہ جس طرح کسی ضرورت کی بناء پر زندہ کے جسم کی سرجری اور اس کا آپریشن کرنا جائز ہے، اسی طرح ضرورت کی بناء پر مردہ کے جسم کی سرجری اور اس کا آپریشن کرنا بھی جائز ہے، کیونکہ فقہاء نے لکھا ہے کہ حاملہ عورت مرجائے اور اس کے پیٹ میں بچہ زندہ ہو اور حرکت کر رہا ہو تو اس مردہ عورت کا پیٹ چاک کر کے اس زندہ بچے کو نکال لیا جائے گا، لیکن فقہاء کرام کا یہ جزئیہ انسانی اعضاء کے ساتھ پیوند کاری کی اساس اور اصل نہیں بن سکتا اور اس کی حسب ذیل وجوہ ہیں:

(۱) مردہ حاملہ کے پیٹ سے زندہ بچہ کو جو نکالا جاتا ہے، اس میں صرف سرجری کا عمل کیا جاتا ہے، بچہ نکالنے کے بعد عورت کے پیٹ کو سی دیا جاتا ہے، اس عمل سے عورت کی جسمانی ساخت اور اس کی صورت میں کوئی تغیر اور تبدیلی نہیں ہوتی، اس کے کسی عضو کو کاٹ کا نکالا نہیں جاتا، نہ اس کے کسی جزء کو دوسرے جسم کے ساتھ پیوند کیا جاتا ہے، اس کے برخلاف انسانی اعضاء کی پیوند کاری کے عمل میں، ایک شخص اپنے جسم سے گردہ کٹوا کر یا آنکھیں نکلوا کر اللہ کی تخلیق میں تغیر اور تبدیلی کرتا ہے اور یہ شیطان کے حکم پر عمل ہے اور دوسرے شخص کے جسم میں پیوند کرنے کے لئے دیتا ہے اور انسان کے اجزاء کے ساتھ پیوند کاری پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے، مردہ حاملہ کے پیٹ کو چاک کرنے کی طرح یہ صرف سرجری کا عمل نہیں ہے۔

(۲) حاملہ مردہ عورت اور اس کے پیٹ میں جو زندہ بچہ ہے، یہ دو الگ الگ شخص نہیں ہیں، اول تو اس لئے کہ کسی شخص کی اولاد اس کے اجزاء کے بہ منزلہ ہے اور خصوصاً اس صورت میں تو وہ بچہ صورۃً اور حساً بھی اس حاملہ عورت کا جزء ہے اور سرجری کا یہ عمل ایک ہی شخص میں ہو رہا ہے، اور اعضاء کی پیوند کاری کی صورت میں اپنا گردہ کٹوا کر دینے والا اور اس گردہ کو اپنے جسم میں لگوانے والا حقیقۃً، صورۃً اور حساً دو الگ الگ اور مغائر شخص ہیں۔

(۳) سرجری کے عمل سے اس بچہ کی زندگی کا حصول یقینی ہے، جبکہ پیوند کاری کے ذریعہ مریض کی صحت کا حصول یقینی نہیں ہے۔

(۴) مردہ عورت اب احکام شرعیہ کی مکلفہ نہیں ہے، اس کے پیٹ کو چاک کئے جانے پر اس سے کوئی باز پرس نہیں ہوگی اور جو شخص اپنا گردہ کٹوا رہا ہے، اس سے بہر حال آخرت میں باز پرس ہوگی کہ اس نے اللہ کی تخلیق کو کیوں تبدیل کیا اور اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں شیطان کی کیوں اطاعت کی اور انسان کے اجزاء کے ساتھ پیوند کاری پر لعنت ہونے کے باوجود پیوند کاری کیوں کروائی!

(۵) جس طرح اس عورت کے بدن کی اصلاح اور منفعت کے لئے اس کی زندگی میں اس عورت کی سرجری اور اس کا آپریشن جائز تھا، اسی طرح اس کی موت کے بعد اس کی منفعت کے لئے اس کے پیٹ کی سرجری کر کے اس بچہ کو زندہ نکال لینا جائز ہے اور

Marfat.com

بچہ کو زندہ نکال لینے میں اس عورت کی منفعت ظاہر ہے' کیونکہ اغلب یہ ہے کہ وہ بچہ بڑا ہو کر نیک کام کرے گا اور اپنی ماں کے لئے دعا کرے گا تو اس سے آخرت میں ماں کو ثواب پہنچے گا' اس کے برخلاف جو شخص پیوند کاری کے لئے اپنا گردہ کٹوا رہا ہے یا آنکھیں نکلوا رہا ہے اس کو اس عمل سے کوئی منفعت نہیں ہوگی۔ بلکہ دنیا اور آخرت میں اس کو نقصان ہوگا' آخرت میں اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی کی وجہ سے عذاب اور لعنت کا مستحق ہے اور دنیا میں اس لئے کہ جب اس کے جسم میں دو گردے ہیں تو اگر کسی حادثہ یا مرض کی وجہ سے اس کا ایک گردہ فیل ہو جائے تو دوسرے گردے سے اس کا جسمانی نظام کام کرتا رہے گا' اور جب اس نے ایک گردہ نکلوا دیا اور بالفرض کسی مرض یا حادثہ کی وجہ سے وہ گردہ فیل ہو گیا تو اس کو ساری عمر ڈائی لیسز پر گزارہ کرنا پڑے گا اور یہ پیش گوئی کرنا کہ اس کا گردہ کبھی خراب نہیں ہوگا' غیب کا دعویٰ کرنا ہے' خلاصہ یہ ہے کہ حاملہ عورت کا پیٹ چاک کر کے اس کے زندہ بچے کو نکالنے میں اس کی سراسر منفعت ہے اور پیوند کاری کے لئے گردہ کٹوانے والا ''خسر الدنیا والاخرۃ'' کا مصداق ہے۔

(۶) ہم کہتے ہیں کہ مردہ حاملہ عورت کے پیٹ کو چاک کر کے اس کے پیٹ سے زندہ بچہ کو نکالنا علی التعیین فرض ہے' کیونکہ اگر زندہ بچے کو نکالے بغیر اس عورت کو یونہی بچے سمیت دفن کر دیا جائے تو اس بچہ کو زندہ درگور کرنا لازم آئے گا' اور بچہ کو زندہ درگور کرنا حرام ہے اور حرام کو ترک کرنا فرض ہے تو مردہ عورت کے پیٹ سے زندہ بچے کو نکالنا فرض ہوا' اور پیوند کاری کے مجوزین کے نزدیک بھی کسی شخص پر گردہ کٹوانا علی التعیین فرض نہیں ہے۔

(۷) مردہ حاملہ عورت کے پیٹ سے اگر زندہ بچہ کو نہ نکالا جائے' یونہی دفن کر دیا جائے تو بچہ مر جائے گا' لہٰذا یہاں اضطرار ہے' لیکن جو شخص نابینا ہے اگر اس کے لئے آنکھوں کا عطیہ نہ کیا جائے تو وہ مر نہیں جائے گا' زندہ ہی رہے گا' اسی طرح جس کے دونوں گردے فیل ہو چکے ہیں' وہ اس سے مر نہیں جائے گا' زندہ ہی رہے گا' بس ہر ہفتہ ڈائی لیسز کرانا پڑے گا' لہٰذا یہ اضطرار نہیں ہے اور اس فقہی جزئیہ کی مثل نہیں ہے اور اعضاء کی پیوند کاری کے لئے اساس' اصل اور مقیس علیہ نہیں بن سکتا۔ خود مؤلف (صاحبزادہ صاحب) نے پیوند کاری کے لئے اس بے تابی اور بے قراری کے باوجود اپنے استاذ محترم کو گردہ نہیں دیا اور وہ اس کتاب (جدید طبی مسائل) کی اشاعت کے بعد بھی چار سال تک زندہ رہے اور ہر ہفتہ ڈائی لیسز کرا کر ٹھیک ٹھاک زندہ رہے اور یہاں ہم سے ملنے آئے۔ ہم نے جس طرح اس فقہی جزئیہ اور پیوند کاری میں سات وجوہ سے فرق بیان کئے ہیں شاید کسی اور جگہ یہ نہ مل سکیں وللہ الحمد۔ (مسودہ تبیان القرآن ج ۹ ص ۱۲۶' ۱۲۵)

صاحبزادہ صاحب کا پیوند کاری کے جواز پر احیاء نفس سے استدلال

ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر صاحب نے پیوند کاری کے جواز پر درج ذیل آیتِ مبارکہ سے بھی استدلال کیا ہے:

مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا. (المائدہ: ۳۲)

جس نے بغیر جان کے بدلے کسی جان کو قتل کیا یا زمین میں فساد کئے تو گویا اس نے سب لوگوں کو قتل کیا اور جس نے ایک جان کو بچایا' اس نے گویا سب لوگوں کو بچا لیا۔

قرآن حکیم کی اس آیتِ مبارکہ سے اپنے موقف پر استدلال کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ذرا غور فرمایئے کہ اسلام اور قرآن کی نظر میں ایک انسانی جان کی کس قدر اہمیت اور قدر و قیمت ہے کہ ایک جان کا بچانا پوری انسانیت کا بچانا' ایک کو زندگی بخشنا پوری نوع انسانی کو زندگی بخشنا اور ایک کو جلانا پوری نسل انسانیت کو جلانا شمار کیا جا رہا ہے اور ایک کو

Marfat.com

نہ بچا کر ہلاک کرنا پوری انسانیت کو ہلاک کرنا شمار کیا جارہا ہے' اصل میں بتانا یہ مقصد ہے کہ انسانی جان بڑی قیمتی چیز ہے اگر تم کسی انسانی جان کو بچانے کی قدرت رکھتے ہو تو اس اہم معاملہ میں ہرگز تساہل نہ کرنا اس کی زندگی بچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا اس کو ہر چیز پر فوقیت دینا یہ تمام فرضوں میں سب سے اہم فرض ہے۔

اس واضح آیہ مبارکہ کے باوجود جو مفتیان کرام یہ فرماتے ہیں کہ نہیں۔۔۔! جو شخص مرتا ہے تو اس کو مرنے دو لیکن گردہ لگا کر اس کو نہ بچاؤ اس کو زندگی نہ بخشو وہ نہ صرف یہ کہ اس آیہ مبارکہ کا صریح انکار کر رہے ہیں بلکہ اس آیہ میں ارشاد رب العزت کے بموجب وہ ساری انسانیت کے قاتل ہیں! (جدید طبی مسائل کا شرعی حل ص ۳۳'۳۲)

شارح کا صاحبزادہ صاحب کے استدلال مذکور پر رد

احیاء نفس سے صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر صاحب کے ذکر کردہ استدلال کا رد کرتے ہوئے شارح لکھتے ہیں:

اولاً جس شخص کے دونوں گردے فیل ہو گئے ہوں' وہ اس مرض سے فوراً مر نہیں جاتا بلکہ اپنی حیات طبعی پوری کرتا ہے اور ڈائی لیسز کے ذریعہ زندگی گزارتا ہے' اس لئے پیوند کاری سے منع کرنے والوں کو ساری انسانیت کا قاتل اور اس آیت کا منکر قرار دینا درست نہیں ہے۔

صاحبزادہ صاحب نے آیتِ مذکورہ ''من قتل نفسا بغیر نفس الخ'' کے ضمن میں تفسیر ابن کثیر کے حوالہ سے حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ کا یہ قول بھی پیش کیا ہے کہ:

من احیاھا ای انجاھا من غرق او حرق او هلكة. (تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۸۰)

''من احیاھا'' کا معنی ہے کہ کسی آدمی نے کسی کو ڈوبنے یا جلنے سے یا کسی بھی قسم کی ہلاکت سے بچا لیا تو گویا اس نے ساری انسانیت کو بچا لیا۔

حضرت مجاہد کے اس قول سے صاحبزادہ صاحب کے استدلال کا رد کرتے ہوئے شارح لکھتے ہیں:

ثانیاً حضرت مجاہد نے احیاء نفس کا معنی بیان کیا ہے: کسی شخص کو ڈوبنے سے یا جلنے یا ہلاک ہونے سے بچانا' اور ظاہر ہے ڈوبنے سے بچانا اس شخص کے حق میں مستحب اور مستحسن ہے جس کو تیرنا آتا ہو اور جس کو تیرنا نہ آتا ہو وہ کسی ڈوبنے والے کو بچانے کے لئے دریا یا سمندر میں کود پڑے تو وہ خود ہی ڈوب کر ہلاک ہو جائے گا اور اس کا یہ فعل بجائے خود ناجائز اور حرام ہوگا' اسی طرح کسی بھی مرتے ہوئے شخص کو موت سے بچانا اس وقت مستحسن ہے جب اس میں' اس کو کسی ضرر کا خطرہ نہ ہو' اور جو شخص اپنا گردہ کٹوا کر دوسرے کو دے دے گا' وہ خود اس ضرر کے خطرہ میں مبتلا ہوگا کہ ہو سکتا ہے کسی وقت اس کا باقی ماندہ گردہ ناکارہ ہو جائے۔

مزید رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ثالثاً جواب یہ ہے کہ کسی کی جان بچانے کی کوشش کرنا اس وقت درست ہے جب یہ کوشش کسی حرام قطعی پر موقوف نہ ہو اور اپنا گردہ کٹوانا' اللہ کی تخلیق کو متغیر کرنا اور شیطان کی اطاعت کرنا ہے' اور انسان کے اجزاء کے ساتھ کسی انسان کی پیوند کاری پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے تو یہ لعنتی بننے کی کوشش کرنا ہے اور یہ فعل حرام قطعی ہے۔

چوتھا جواب یہ ہے کہ جس شخص کے دونوں گردے فیل ہو گئے' اس کا اس بیماری سے فوراً مر جانا یقینی اور قطعی نہیں ہے' وہ ڈائی لیسز کے ذریعہ عرصہ دراز تک زندہ رہتا ہے' خود مؤلف (صاحبزادہ صاحب) کے استاذ گرامی مولانا عبدالرزاق صاحب رحمہ اللہ جو اس عارضہ میں مبتلا تھے' جن کو گردہ دینے کی ترغیب میں یہ رسالہ (جدید طبی مسائل کا شرعی حل) لکھا گیا' ان کو علاج کے لئے حیدرآباد سے

Marfat.com

کراچی لایا گیا' وہ ابتداء میں ایک ہفتہ میں دو بار ڈائی لیسز کراتے تھے' پھر کبھی مہینہ میں چار بار' کبھی دو بار ڈائی لیسز کراتے تھے' چھ ماہ بعد انہوں نے تقریر اور درس وغیرہ شروع کر دیا تھا' اور ہر ماہ کی آخری جمعرات کو تقریر کرتے تھے اور شہر میں خطابات کے لئے جاتے تھے' ایک سال بعد وہ حیدر آباد گئے اور تقریر کی دار العلوم نعیمیہ کراچی میں بھی ہم سے ملاقات کے لئے آئے' ان کو یہاں تدریس کی بھی پیش کش کی گئی تھی۔ ۱۴ جون ۱۹۹۹ء/ یکم ربیع الاوّل ۱۴۲۰ھ کو ان کا انتقال ہو گیا' ڈاکٹر صاحب کا یہ رسالہ ۱۹۹۶ء میں شائع ہوا اور اس رسالہ کی اشاعت کے بعد ان کے استاذ محترم تقریباً چار سال زندہ رہے اور گردہ دینے کی تمام ترغیب اور زور بیان کے باوجود موصوف نے ان کے لئے اپنے گردے کی قربانی نہیں دی اور گردہ کٹوا کر کسی کو دینے سے منع کرنے والے کو ساری انسانیت کا قاتل قرار دینے کے باوجود خود اپنے فتوے پر عمل نہیں کیا اور ان کے بہ قول تمام فرائض سے اہم' اس فرض کو ترک کر دیا اور صرف ہمیں کوسنے پر اکتفاء کر لیا۔

اس تفصیل سے یہ معلوم ہو گیا کہ دونوں گردوں کا فیل ہو جانا بہر حال ایسا اضطرار نہیں ہے کہ اگر اس کو گردہ نہ دیا جائے تو انسان فوراً مر جائے گا' اس کا مریض اپنی طبعی حیات کو پورا کرتا ہے اور اپنے وقت پر مرتا ہے اور اس کی زندگی کو کوئی خطرہ نہیں ہے نہ وہ مضطر ہے' ڈائی لیسز کے ذریعہ اس کا علاج ہوتا رہتا ہے۔ (مسودہ تبیان القرآن ج ۹ ص ۱۱۶' ۱۱۵)

صاحبزادہ صاحب کا پیوند کاری کے جواز پر خون اور پیشاب سے قرآن مجید کو لکھنے سے استدلال

اعضاء کی پیوند کاری کے جواز کو ثابت کرنے کے لئے صاحبزادہ صاحب نے فقہ کے اس جزئیہ سے بھی استدلال کیا ہے کہ جس شخص کو نکسیر آئے اور خون بند نہ ہوتا ہو تو وہ اپنے خون سے اپنی پیشانی پر قرآن کریم سے کچھ لکھ سکتا ہے اور اگر پیشاب سے لکھنے میں شفاء ہو تو اس سے بھی لکھ سکتا ہے۔ چنانچہ اپنے استدلال کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

شریعت اسلامیہ میں ''انسانی جان'' کی قدر و قیمت اور کس قدر اس کو اہمیت حاصل ہے۔۔۔؟ اس کا اندازہ اس سے لگایئے کہ کلام اللہ یعنی قرآن پاک کی عظمت و حرمت عام آدمی کی عظمت و حرمت سے کہیں زیادہ ہے جس کی عظمت کا یہ عالم ہے کہ جنبی کو اس کا پڑھنا اور بے وضو آدمی کو اس کا ہاتھ لگانا بھی جائز نہیں لیکن اگر اس کے مقابلہ میں انسانی جان کے بچانے کی بات آ جائے تو ترجیح انسانی جان کو ہی دی جائے گی' اس سلسلہ میں فقہاء کے بیان کردہ اس مسئلہ کو ملاحظہ فرمایئے۔۔۔۔

ترجمہ: اور جس کو نکسیر آئے اور خون بند نہ ہوتا ہو تو اگر وہ اپنے خون سے اپنی پیشانی پر قرآن سے کچھ لکھنا چاہے تو ابو بکر کہتے ہیں کہ یہ جائز ہے' ان سے پوچھا گیا کہ اگر پیشاب سے قرآن کا کچھ حصہ لکھا جائے تو اس کا کیا حکم ہے آپ نے فرمایا اگر اس میں اس کی شفاء ہے تو ایسا کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

اللہ اکبر۔۔! فقہاء نے اس جزئیہ کے ذریعہ بتا دیا کہ دین اسلام میں ایک جان کے بچانے کی بڑی اہمیت ہے اس کے سامنے آدمی کی حرمت تو کیا اگر قرآن جیسی عظیم اللہ کی کتاب کی عظمت و حرمت کو بھی نظر انداز کرنا پڑا تو کر لیں گے لیکن انسانی جان کو ضائع نہیں ہونے دیں گے انسانی جان کو ہر حال میں بچانے کی کوشش کریں گے۔ (جدید طبی مسائل کا شرعی حکم ص ۵۵' ۵۴)

شارح کا صاحبزادہ صاحب کے استدلال مذکور پر رد

پیوند کاری کے جواز پر ذکر کردہ فقہی جزئیہ سے صاحبزادہ صاحب کے استدلال کا رد کرتے ہوئے شارح لکھتے ہیں:

بعض فقہاء نے یہ جزئیہ انسان کی جان بچانے کے لئے نہیں بلکہ مرض سے شفاء کے متعلق لکھا ہے اور فقیہ ابو بکر کا یہ لکھنا صحیح نہیں ہے اور جن فقہاء نے اس کو نقل کر کے اس پر اعتماد کیا ہے وہ بھی صحیح نہیں ہے' ہمارے نزدیک قرآن مجید کی عزت اور حرمت بہت زیادہ

Marfat.com

ہے۔ مرض سے شفاء کی کیا حیثیت ہے اگر مریض کو سو فیصد یقین ہو کہ اس کی پیشانی پر خون یا پیشاب سے کلام اللہ کی آیات لکھنے سے اس کی جان بچ جائے گی تو اس کا سو بار مر جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ خون یا پیشاب سے قرآن مجید لکھنے کی جسارت کرے اور اس کی توہین کا مرتکب ہو۔ ہمیں یہ پڑھ کر بہت رنج اور افسوس ہوا کہ مؤلف' پیوند کاری کو ثابت کرنے کے جوش میں کلام اللہ کی توہین کے جواز تک اتر آئے' انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مؤلف نے یہاں پھر انسان کی جان بچانے اور اس کو ضائع نہ ہونے دینے کو لکھا ہے اور ہم کئی بار واضح کر چکے ہیں کہ گردہ کے مریض کو اگر گردہ نہ دیا جائے تو وہ اس سے فوراً مرتا نہیں ہے۔ (مسودہ تبیان القرآن ج ۹ ص ۱۲۹)

واضح رہے کہ صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر صاحب نے استدلال مذکور میں جس فقہی جزئیہ کو ذکر کیا ہے' اس کو علامہ شامی علیہ الرحمۃ نے ردالمحتار میں صاحب ہدایہ علامہ مرغینانی کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور شارح نے شرح صحیح مسلم' جلد سادس میں ان سے بھی اختلاف کیا ہے اور اس فقہی جزئیہ کا رد کیا ہے۔ اور وہاں بھی یہی تقریر فرمائی ہے کہ اگر کسی آدمی کو روز روشن سے زیادہ یقین ہو کہ اس عمل سے اس کو شفاء ہو جائے گی' تب بھی اس کا مر جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ خون یا پیشاب کے ساتھ سورۂ فاتحہ لکھنے کی جرأت کرے۔

(شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۵۵۷)

(اس مسئلہ کی مزید وضاحت ''اختلاف رائے'' کی بحث میں آگے آ رہی ہے)۔

پیوند کاری کی بحث میں شارح کا حرف آخر

اعضاء کی پیوند کاری سے متعلق صاحبزادہ محمد زبیر صاحب کے اعتراضات اور دلائل کا تفصیلی اور تحقیقی جائزہ لینے کے بعد ''حرف آخر'' کے طور پر شارح لکھتے ہیں:

صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر صاحب کا یہ رسالہ ۱۹۹۶ء میں شائع ہوا تھا' اس کی زبان و بیان کو دیکھ کر اور اس کے دلائل کی ناپختگی کو پڑھ کر اور اس کو غیر اہم سمجھ کر میں نے اس کو نظر انداز کر دیا تھا' نیز میرا طریقہ یہ ہے کہ میں اپنے کام اور مشن کی طرف متوجہ رہتا ہوں اور جو لوگ میرے خلاف لکھتے ہیں' اس کی طرف التفات نہیں کرتا۔ تاہم بعض احباب نے اصرار کیا کہ آپ اس کا جواب تفسیر تبیان القرآن میں کہیں لکھ دیں تاکہ آنے والی نسلیں انسانی اعضاء کے ساتھ پیوند کاری کو جائز نہ سمجھ لیں اور اس رسالہ کی وجہ سے لوگ گمراہ نہ ہو جائیں' ہر چند کہ اس رسالہ کی اتنی اشاعت اور وقعت نہیں تھی کہ اس کا خطرہ ہوتا اور خود مؤلف پر اپنی تحریر کا اثر نہیں ہوا تھا اور انہوں نے اپنے استاذ محترم مولانا عبدالرزاق صاحب رحمہ اللہ کو اپنا گردہ کٹوا کر نہیں دیا' جب کہ وہ اس رسالہ کی اشاعت کے بعد چار سال تک زندہ رہے۔ لیکن بہر حال میں نے حق کو واضح سے واضح تر کرنے کے لئے انسانی اعضاء کے ساتھ پیوند کاری کے حرام اور ممنوع ہونے پر مزید دلائل رقم کیے اور مؤلف مذکور کے شبہات کے جوابات لکھے' اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

ہر چند کہ مؤلف کا مرکزی اور بنیادی شبہ صرف ایک ہے کہ جس شخص کے دونوں گردے فیل ہو گئے ہیں اگر اس کو کوئی دوسرا شخص اپنا گردہ کٹوا کر نہ دے تو وہ مر جائے گا لہٰذا اس کی زندگی بچانے کے لئے ضروری ہے کہ کوئی دوسرا شخص اپنا گردہ کٹوا کر اس کو دے' اور ہم نے واضح کر دیا ہے کہ جس کے دونوں گردے فیل ہو چکے ہوں اس کو فوری موت کا کوئی خطرہ نہیں ہے وہ اپنی عمر طبعی پوری کرتا ہے اور ڈائی لیسز کے ذریعہ علاج کرا کے زندگی گزارتا ہے' دراصل اس ایک بات سے ہی ان کے پورے رسالہ کا رد ہو جاتا ہے اور باقی شبہات کے ازالہ کی ضرورت نہیں رہتی تاہم' ہم نے تبرعاً اور احساناً ان کے تمام شبہات کا ازالہ کر دیا۔ وللہ الحمد۔

(مسودہ تبیان القرآن ج ۹ ص ۱۳۰)

Marfat.com

پیوند کاری کی بحث میں راقم کی آخری بات

راقم الحروف نے مسئلہ زیرِ بحث میں مجوزین کے موقف' ان کے دلائل' شارح کا موقف اور شارح کے دلائل اپنی فہم کے مطابق صفحۂ قرطاس پر منتقل کر دیئے ہیں۔

میں نے اولاً' عنوانِ بالا پر مطالعہ کے لیے جب ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر صاحب کا کتابچہ (بنام ''جدید طبی مسائل کا شرعی حل'') پڑھا تو میرا دل اس طرف مائل ہوا کہ انسانی اعضاء کی پیوند کاری کو جائز ہونا چاہیے۔ خالد سیف اللہ رحمانی کی کتاب ''جدید فقہی مسائل'' کے مطالعہ سے دل کا میلان مزید مستحکم ہوا۔ لیکن۔۔۔۔ بعد میں جب شارح کی بحث اور دلائل کا بہت غور وخوض کے ساتھ ایک سے زائد بار مطالعہ کیا اور مطالعہ کرنے کے بعد فریقین کے دلائل کا تجزیہ کیا تو دل اس طرف مائل ہو گیا کہ انسانی اعضاء کی پیوند کاری جائز نہیں ہے۔ موقف اور میلانِ قلب کے اس تغیر وتبدل میں جس چیز کا سب سے زیادہ دخل ہے وہ شارح کے مفصل' مرتب' منظم اور غیر مؤوّل دلائل ہیں۔ شارح کے دلائل پڑھنے کے بعد اندازہ ہوا کہ رسالہ ''طبی مسائل کا شرعی حل'' میں بحث وتحقیق کا غالب حصہ جذبات سے مغلوب ہے۔ جگہ جگہ مختلف دلائل ذکر کرنے کے بعد ان پر جذباتی انداز میں تقریر کی گئی ہے' نیز بیشتر مقامات پر موقف کے اثبات میں عمومی دلائل پیش کئے گئے ہیں۔ اس کے برعکس شارح کی پوری بحث میں از اول تا آخر سنجیدگی نمایاں ہے اور دلائل بھی وہ ہیں جو خاص زیر بحث موضوع سے متعلق ہیں۔

بہر حال آخر میں یہ بات بھی ضرور عرض کروں گا کہ انسانی اعضاء سے پیوند کاری کے متعلق' گو کہ دلائل کا تقاضا یہی ہے کہ اس کو ناجائز قرار دیا جائے' تاہم فی زمانہ پاکستان ہی نہیں' پوری دنیا میں اس پر جو عمل اور رجحان پایا جاتا ہے' وہ اس مسئلہ پر مزید بحث وتحقیق اور غور وفکر کا متقاضی ہے۔ لعل اللہ یحدث بعد ذالك امرا۔

(۳) ٹیسٹ ٹیوب بے بی (TEST TUBE BABY)

ثبوتِ نسب کے باب میں دور حاضر کا یہ بھی ایک جدید اور توجہ طلب مسئلہ ہے۔ اور دیگر مسائلِ جدیدہ کی طرح اس میں بھی علماء کی آراء مختلف ہیں۔ بعض علماء کا موقف یہ ہے کہ ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا عمل مطلقاً ناجائز ہے۔ کیونکہ یہ عمل' ولادت اور پیدائش کے فطری طریقہ کے خلاف ہے۔ فطری طریقہ جو قرآن حکیم میں متعدد مقامات پر بیان کیا گیا وہ یہ ہے کہ:

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ○ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ○ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا. (المومنون: ۱۲۔ ۱۴)

بے شک ہم نے آدمی کو چنی ہوئی مٹی سے بنایا ○ پھر اسے ایک مضبوط ٹھہراؤ میں پانی کی بوند بنایا ○ پھر ہم نے اس پانی کی بوند کو خون کا لوتھڑا بنایا' پھر اس لوتھڑے کو گوشت کی بوٹی بنایا' پھر گوشت کی بوٹی کی ہڈیاں' پھر ان ہڈیوں پر گوشت پہنایا۔

شارح کا موقف اور تحقیق

شارح صحیح مسلم نے اپنی شرح کی تیسری جلد میں ''باب الولد للفراش و توقی الشبهات'' کے تحت اس مسئلہ پر تقریباً ۱۳ صفحات پر بحث کی ہے اور مفصل تحقیق کر کے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے عمل کو مطلقاً ناجائز کہنا درست نہیں ہے' بلکہ اس کی کچھ صورتیں ہیں' جن میں سے بعض جواز کی ہیں اور بعض عدم جواز کی۔

دو اہم خوبیاں

(۱) شارح کی اس تحقیق کی واضح خوبی یہ ہے کہ یہ انتہائی مفصل اور ہمہ جہت ہونے کے ساتھ بہت ہی مربوط اور مرتب تحقیق

Marfat.com

ہے۔اس کا اندازہ بحث کے اندر قائم کئے گئے مختلف عنوانات سے لگایا جا سکتا ہے۔ملاحظہ فرمایئے:

(۱) ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی تحقیق

(۲) مرد کی وہ خرابیاں جن کی وجہ سے ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی ضرورت پڑتی ہے۔

(۳) عورت کی وہ خرابیاں جن کی وجہ سے ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی ضرورت پڑتی ہے۔

(۴) ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے ذریعہ تولید کا شرعی حکم۔

(۵) کیا ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا عمل فطرۃ اللہ اور خلق اللہ کے خلاف ہے؟

(۶) الجواب۔

(۷) فقہائے اہلسنت کی تصریحات کی روشنی میں مصنوعی طریقۂ تولید کا جواز۔

(۸) اہل تشیع کی تصریحات کی روشنی میں مصنوعی طریقۂ تولید کا جواز۔

(۲) دوسری اہم اور واضح خوبی، تحقیق کی یہ ہے کہ شارح نے زیر بحث مسئلہ کے جواز اور عدم جواز کی تمام صورتوں کو علیحدہ علیحدہ وضاحت سے بیان کیا ہے۔ جواز کی چار صورتیں بیان کی ہیں اور عدم جواز کی پانچ۔اور جس انداز سے آپ نے مسئلہ کی مکمل تفصیل بیان کی ہے، وہ آپ ہی کا حصہ ہے۔

شارح کا ٹیسٹ ٹیوب بے بی جیسے جدید مسئلہ کی اصل کا کتب فقہ سے استخراج

زیر بحث مسئلہ کی تحقیق میں سب سے زیادہ حیرت انگیز اور تعجب خیز بات یہ ہے کہ جن صورتوں میں ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا عمل جائز ہے، شارح نے فقہ کی مستند اور معتمد کتب سے ان کی اصل بھی نکال کر بیان کر دی ہے۔ چنانچہ جواز کی صورتیں بیان کرنے کے بعد خود شارح لکھتے ہیں:

''فقہائے اسلام نے اس کو جائز قرار دیا ہے کہ بغیر مجامعت کے مرد کے پانی کو عورت کی اندام نہانی میں پہنچا دیا جائے، جس سے عورت حاملہ ہو جائے، یہ عمل اگرچہ نادر ہے لیکن اس سے نسب ثابت ہو جائے گا اور یہ بعینہٖ ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا جزئیہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے فقہاء پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے، انہوں نے اب سے کئی سو برس پہلے ایسے اصول اور قواعد بیان کر دیئے، جس سے کئی سو برس بعد پیش آنے والے مسائل حل ہو گئے۔ **فجزاهم الله تعالیٰ عنا احسن الجزاء**''۔

اس کے بعد شارح نے فتح القدیر، البحر الرائق، حاشیۃ الشلبی علی التبیین، فتاویٰ عالمگیری، المبسوط، رد المحتار اور در مختار کی روشنی میں باقاعدہ صورِ اربعہ مذکورہ کا جواز ثابت کیا ہے۔

بطورِ مثال کے ایک عبارت ملاحظہ ہو:

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

وما قيل يلزم من ثبوت النسب منه وطئوه لان الحبل قد يكون بادخال الفرج دون جماع فنادر. (فتح القدیر ج ۴ ص ۱۷۱)

اور یہ جو کہا گیا ہے کہ کسی شخص سے ثبوتِ نسب سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس نے جماع بھی کیا ہو، کیونکہ بغیر جماع کے بھی عورت کی اندام نہانی میں نطفہ پہنچانے سے عورت حاملہ ہو جاتی ہے تو یہ نادر الوقوع ہے۔

کتب فقہ سے عبارات پیش کر کے شارح نے جس انداز سے ''ٹیسٹ ٹیوب بے بی'' کا جواز ثابت کیا ہے، وہ آپ کے کمال

تحقیق وتفحص پر واضح دلیل ہونے کے ساتھ ساتھ ان مغرب پرستوں کی عقولِ فاسدہ پر ضرب کاری بھی ہے جو یہ کہتے ہوئے کوئی عار محسوس نہیں کرتے کہ ''فقہ اسلامی مخترعات اور من گھڑت باتوں پر مشتمل ہے' عصری مسائل کو حل کرنے کی اس میں کوئی صلاحیت نہیں ہے''۔

شارح کی اس تحقیق کی بناء پر دو غیر مسلم اسکالرز کا قبولِ اسلام

ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے جواز پر شارح کی اس انوکھی تحقیق نے باہر کی دنیا میں کیا اثرات قائم کئے اور کیا انقلاب برپا کیا' اس کا اندازہ درج ذیل اقتباس سے لگایئے:

قاری عبدالمجید شرق پوری (برسٹل' برطانیہ) لکھتے ہیں:

Test Tube Baby پر بھی حضرت علامہ نے بہت مبسوط بحث کی ہے' میں نے جب اس کا مطالعہ کیا تو بہت محظوظ ہوا' چند دنوں کے بعد میں ایک میٹنگ میں شریک ہوا' جس میں ایک درجن کے قریب انگریز اسکالر بھی تھے' اس مجلس میں' میں نے اسلام کی حقانیت پر چند باتیں پیش کیں' میں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کا ماضی اور مستقبل کی خبریں دینا تو الگ رہا میں تم کو ان کے غلام کی کرامت بیان کرتا ہوں' علامہ شمس الدین سرخسی نے لکھا ہے کہ:

''جس شخص کا آلۂ تناسل کٹا ہوا ہو' وہ جماع نہیں کرسکتا' ایسے شوہر کا نطفہ اگر بغیر جماع کے کسی اور ذریعہ سے عورت کی اندام نہانی میں پہنچے گا اور بچہ پیدا ہو جائے گا تو اس کا نسب اس عورت کے شوہر سے ثابت ہوگا اور چونکہ وہ شخص جماع نہیں کرسکتا' اس لئے فقہاء نے عورت کو علیحدگی کے مطالبہ کی اجازت دی ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج۳ ص۹۳۸)

میں نے کہا: میڈیکل سائنس کو آج معلوم ہوا ہے کہ بغیر جماع کے بچہ پیدا ہوسکتا ہے اور ہمارے فقہاء نے ایک ہزار سال پہلے یہ مسئلہ بتا دیا تھا۔ جب انہوں نے یہ تقریر سنی تو ان میں سے دو انگریزوں نے اسلام قبول کرلیا' میں نے ایک کا نام محمد سلیم اور دوسرے کا نام محمد عابد رکھا' اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ دونوں نماز وغیرہ سیکھ رہے ہیں۔ علامہ سرخسی کی جس عبارت کا حوالہ سن کر دو انگریز اسکالر مسلمان ہوگئے' وہ تقریباً ایک ہزار سال سے ''مبسوط'' میں چھپ رہی ہے' لیکن اس عبارت کو منظر عام پر لانے اور اس کو ٹیسٹ ٹیوب بے بی پر منطق کرنے اور اسلامی فقہ کی ہمہ گیری اور آفاقیت کو اجاگر کرنے کا سہرا' شارح صحیح مسلم کے سر ہے۔

(شرح صحیح مسلم ج۱ ص۶۵)

ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے مسئلہ پر بغیر کسی سابق تحریر کے شارح کی تحقیق

شارح نے ٹیسٹ ٹیوب بے بی کے مسئلہ پر بحث کے اختتام پر مانعین کے اشکالات کے تفصیلی جوابات بھی دیئے ہیں اور مانعین بالعموم جن آیات سے استدلال کرتے ہیں ان کا مستند تفاسیر کی روشنی میں صحیح محمل بھی بیان کیا ہے۔

مسئلہ زیر بحث پر شارح نے جو بحث رقم کی ہے' وہ اس اعتبار سے اور تعجب خیز ہو جاتی ہے کہ اس قدر تفصیلی اور تحقیقی بحث کے لئے شارح کے پیش نظر کوئی اور تحقیق یا تحریر نہیں تھی۔ بس اجتہادی بصیرت اور وسعتِ نظر ہی آپ پر اللہ عزوجل کا بہت بڑا انعام ہے' جس کی روشنی میں آپ نے فی البدیہہ اس مسئلہ پر بحث وتحقیق رقم فرمائی۔ خود بحث کے دوران ایک مقام پر لکھتے ہیں:

''فتاویٰ اسلامیہ مصریہ اور پاکستان کے مشہور اور معروف' قدیم وجدید فتاویٰ میں سے کسی نے اس مسئلہ پر بحث نہیں کی۔ ۱۹۸۷ء کے اخیر میں اسلامی نظریاتی کونسل کے علماء نے اس مسئلہ پر بحث کی تھی' اس کونسل کے ایک رکن میرے پاس مشورے کے لئے آئے تھے' میں نے البحر الرائق سے یہ حوالہ بھی نکال کر دیا کہ خارجی ذریعہ سے شوہر کا پانی اس کی بیوی کے رحم میں پہنچا دیا جائے تو

Marfat.com

ہر چند کہ یہ طریقہ نادر الوقوع ہے' لیکن اس سے نسب ثابت ہو جائے گا''۔(شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۹۳۹)

بحث کے اختتام پر لکھتے ہیں:

''اس موضوع پر میں نے جو کچھ لکھا ہے' چونکہ یہ ابتداءً اور ارتجالاً لکھا ہے اور میرے سامنے اس موضوع پر کوئی اور تحقیق نہیں ہے' اس لئے ہو سکتا ہے کہ اس میں کوئی نقص یا خطاء کا پہلو ہو' بہر حال میں نے جو کچھ لکھا ہے' اگر یہ حق وصواب ہے تو اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور اگر اس میں کوئی سقم اور خطاء ہے تو اس کا سبب میرا ناقص مطالعہ اور سوء فہم ہے۔

بہ کثرت عصری مسائل میں سے چند مسائل کا تعارف اور ان پر تبصرہ میں نے پیش کر دیا ہے' یہ واضح کرنے کے لئے کہ شرح صحیح مسلم میں چند مخصوص اور محدود ابحاث پر ہی اکتفاء نہیں کیا گیا بلکہ تحقیقی اور اجتہادی صلاحیتوں سے بھر پور استفادہ کرتے ہوئے دورِ حاضر کے پیدا کردہ جدید مسائل پر بھی مدلّل' مبرہن اور مفصّل گفتگو کی گئی ہے۔ میری اپنی ذاتی کیفیت یہ تھی کہ میں ٹیسٹ ٹیوب بے بی' پیوند کاری' پوسٹ مارٹم اور اس جیسے دیگر عنوانات سے واقف بھی نہیں تھا' پھر اچھے اساتذہ کی صحبت پائی تو بطور ''علم الیقین'' ان مسائل کا کچھ تعارف ہوا' بعد ازاں توفیقِ ایزدی سے شرح صحیح مسلم میں ان مسائل کو ''عین الیقین'' کے طور پر دیکھنے کا موقع ملا اور اب الحمد للہ! ان مسائل پر حسبِ استطاعت گفتگو اور تبصرہ کر کے ''حق الیقین'' کے مرتبہ پر فائز ہوں۔۔۔۔اور ایک میں ہی نہیں۔۔۔۔۔ مجھ جیسے کتنے ہی تشنگانِ علم نے اس' بحرِ موّاج سے اپنی پیاس بجھائی ہو گی۔۔۔کتاب اور مافی الکتاب سے محبت رکھنے والے کتنے ہی اہل ذوق نے اپنے ذوقِ مطالعہ کی تسکین پائی ہو گی۔

اللہ رب کریم اس شرح کے فیوض کو ہمیشہ ہمیشہ جاری وساری رکھے اور شارح کے لئے دنیا و آخرت میں اسے نافع اور رافع بنائے۔آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

مذاہبِ اربعہ کی تفصیل اور مسلکِ احناف کی ترجیح

مذاہب اربعہ سے مراد وہ چار مذاہب ہیں' جو آج اکناف واطرافِ عالم میں رائج ہیں' جن کے برحق ہونے پر امت مسلمہ کا اجماع واتفاق ہے اور بحمدہٖ تعالیٰ آج' مذاہب اربعہ کے باقی ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیمات بھی تحریری' تصنیفی اور تالیفی صورت میں موجود ہیں' جن سے دنیا بھر میں استفادہ کیا جا رہا ہے۔

میری معلومات کے مطابق مذاہب اربعہ کی تعلیمات اور مسائل پر دنیا بھر میں تین طرح کی تصنیفات موجود ہیں' بعض تصانیف وہ ہیں جو ہر مذہب کے علماء ومشائخ نے اپنے امام کے اقوال اور ان کے دلائل کی تقویت اور توضیح کے بیان میں تحریر فرمائیں' بعض تصانیف وہ ہیں جو چاروں ائمہ کے مذہب اور موقف کے بیان میں تحریر کی گئیں' لیکن دلائل سے ان میں کوئی بحث نہیں کی گئی جیسے الافصاح عن معانی الصحاح' مؤلفہ الوزیر عون الدین ابن ہبیرہ متوفی ۵۶۰ھ۔جبکہ بعض تصانیف وہ ہیں جن میں باقاعدہ' ہر امام کے مذہب کو بیان کرنے کے ساتھ اس کے دلائل کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔جیسے بدایۃ المجتہد' مؤلفہ قاضی ابوالولید ابن رشد مالکی متوفی ۵۹۵ھ' المغنی' مؤلفہ علامہ ابو محمد ابن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ اور دیگر کئی کتابیں ہیں جو مذاہب اربعہ کے بیان میں تصنیف کی گئیں۔

اردو زبان میں مذاہب اربعہ کو بیان کرنے میں شرح صحیح مسلم کی خصوصیت

لیکن ایک بات یہاں قابلِ غور ہے! کہ آج تک۔۔۔۔۔۔ایسا کوئی مجموعہ باقاعدہ (کلی یا جزوی طور پر) تیار نہیں ہوا تھا جس میں فقہی مذاہب کو دلائل کے ساتھ (یا بغیر دلائل ہی کے) اردو زبان میں بیان کیا گیا ہو' اور جس سے اردو پڑھنے سمجھنے والے استفادہ

Marfat.com

کرتے۔ بحمدہٖ تعالیٰ اس خلا کو شرح صحیح مسلم نے پر کیا' بایں طور کہ اس میں متعدد مقامات پر چاروں ائمہ کے مذاہب کو بیان کیا گیا ہے۔ اب ہم بجا طور پر کہہ سکتے ہیں کہ اردو زبان میں مذاہب اربعہ کا کلی نہ سہی' جزوی ذخیرہ اگر موجود ہے تو وہ ''شرح صحیح مسلم'' ہے۔ اور یہ بھی اہل سنت و جماعت کے میدانِ تحقیق و تصنیف کا بلاشبہ ایک انوکھا شاہکار ہے۔

مذاہبِ اربعہ کو بیان کرنے میں دیگر شروح حدیث کا اسلوب

میرے پیشِ نظر جو شروحِ حدیث ہیں' ان میں سے بھی بعض میں ائمہ کے مذاہب بیان کئے گئے ہیں' لیکن زیادہ تفصیل اور دلائل سے بحث نہیں کی گئی۔ ان شروح میں نزھۃ القاری شرح بخاری کا انداز بہت بہترین ہے' اس میں جہاں ائمہ کے مذاہب بیان کئے گئے ہیں' وہاں ان کے دلائل اور احناف کے جواب کی توضیح بھی کر دی گئی ہے' لیکن بالالتزام چاروں ائمہ کے مذاہب بیان نہیں کئے گئے' کہیں دو ائمہ کا مذہب ہی بیان کر کے دلائل پر بحث کی گئی ہے۔ گو کہ شرح صحیح مسلم میں بھی بیشتر مقامات پر تین ائمہ کے مذاہب بھی بیان کئے گئے ہیں۔۔۔۔ لیکن اکثر مقامات پر چاروں ائمہ کے مذاہب بیان کئے گئے ہیں۔

شرح صحیح مسلم میں ائمہ ثلاثہ کے دلائل پر بحث و نظر اور مذہبِ احناف کی ترجیح

اسی طرح مذاہب ائمہ بیان کرنے کے ساتھ ساتھ بیشتر مقامات پر ائمہ ثلاثہ کے دلائل اور ان پر بحث و نظر بھی کی گئی ہے' اور ساتھ ہی مذہب احناف پر متعدد دلائل کو جمع کر کے ائمہ ثلاثہ کے موقف پر مذہب احناف کی ترجیح کو ثابت کیا گیا ہے۔ ذیل میں چند مثالیں اس حوالہ سے پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اس شرح میں مذہب احناف کی ترجیح کو ثابت کرنے کے لیے کس اسلوب سے بحث کی گئی ہے اور دلائل قائم کئے گئے ہیں:

کلماتِ اقامت کی تعداد میں مذہبِ احناف کی دیگر فقہی مذاہب پر ترجیح

کلماتِ اقامت کی تعداد میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اقامت کے کلمات گیارہ ہیں جبکہ احناف کے نزدیک کلماتِ اقامت کی تعداد ۱۷ ہے۔ امام نووی نے احناف کے اس موقف کو شاذ قرار دیا ہے۔

شارح صحیح مسلم' سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب کی ترجیح کو ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''بکثرت احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اذان اور اقامت دونوں میں الفاظِ اذان کو دو بار پڑھا جائے۔ ملاحظہ فرمایئے:

امام ترمذی اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

عن عبد الله بن زيد قال كان اذان رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شفعا شفعا فی الاذان و الاقامة.

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مبارک میں اذان اور اقامت دونوں میں کلمات اذان اور کلمات اقامت دو دو بار پڑھے جاتے تھے۔

(جامع ترمذی ص ۵۵)

امام ترمذی نے اپنی جامع اور امام ابوداؤد نے اپنی سنن میں متعدد اسانید کے ساتھ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے:

الاقامة سبع عشرة كلمة.

اقامت میں سترہ کلمات ہیں۔

(جامع ترمذی ص ۵۵' سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۷۳)

امام ابوداؤد اپنی سند کے ساتھ ابن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کو نماز کے لئے ایک مقررہ وقت پر جمع کرنے کے طریقے پر غور کر رہے تھے تو اس وقت آپ کی خدمت میں ایک انصاری صحابی آئے اور عرض کیا:

یا رسول اللہ انی لما رجعت لما رایت من اھتمامك رایت رجلا کان علیه ثوبان اخضران فقام علی المسجد فاذن ثم قعد قعدة ثم قام فقال مثلها یقول قد قامت الصلوة فقال رسول الله ﷺ لقد اراك الله خیرا فمر بلالا فلیؤذن.

(سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۷۴)

یارسول اللہ! جب میں آپ کو طریقۂ وقت مقرر کرنے کے بارے میں متفکر دیکھ کر گیا تو اس کے بعد میں نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا جس نے دو سبز کپڑے پہنے ہوئے تھے' وہ شخص مسجد میں کھڑا ہوا تھا' اس نے اذان دی' پھر وہ تھوڑی دیر بیٹھا اور پھر اس نے اذان کی مثل کلمات کہے اور اخیر میں قد قامت الصلوٰۃ بھی کہا' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے اچھا خواب دیکھا: بلال کو یہ کلمات بتلا کر ان سے اذان دلواؤ۔

حافظ ابن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

کان عبد الله بن زید الانصاری یؤذن النبی ﷺ یشفع الاذان و الاقامة.

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۱۳۸)

حضرت عبد اللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے سامنے اذان دیتے تھے اور اذان اور اقامت میں دو' دو بار کلمات کہتے تھے۔

نیز حافظ ابن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

ان بلالا کان یثنی الاذان و الاقامة.

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۱۳۸)

حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان اور اقامت میں دو بار کلمات کہتے تھے۔

امام طحاوی اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

عن بلال انه کان یثنی الاذان و الاقامة.

(شرح معانی الآثار ج ۱ ص ۹۴)

حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان اور اقامت میں دو بار کلمات کہتے تھے۔

علامہ زرقانی نے امام ابن حبان کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

الاذان و الاقامة واحدة.

اذان اور اقامت کا ایک ہی طریقہ ہے۔

(شرح المواہب اللدنیہ ج ۳ ص ۳۷۱)

امام ابوداؤد اور امام ابن ماجہ نے اپنی اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو اذان اور اقامت سکھلائی اور فرمایا کہ اقامت کے یہ سترہ کلمات ہیں:

والاقامة سبع عشرة کلمة الله اکبر' الله اکبر' الله اکبر' الله اکبر' اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله' اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول الله' حی علی الصلوة حی علی الصلوة' حی علی الفلاح حی علی الفلاح' قد قامت الصلوة قد قامت الصلوة' الله اکبر الله اکبر' لا اله الا الله.

اقامت کے یہ سترہ کلمات ہیں: اللہ اکبر' اللہ اکبر' اللہ اکبر اللہ اکبر' اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ' اشہد ان محمدا رسول اللہ اشہد ان محمدا رسول اللہ' حی علی الصلوۃ حی علی الصلوۃ' حی علی الفلاح حی علی الفلاح' قد قامت الصلوۃ قد قامت الصلوۃ' اللہ اکبر اللہ اکبر' لا الٰہ الا اللہ۔

Marfat.com

(سنن ابن ماجہ ص ۷۲، سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۷۳)

ان تمام روایات کو مکمل حوالہ جات کے ساتھ نقل کرنے کے بعد شارح لکھتے ہیں:

احناف کثرہم اللہ کا مسلک ان تمام احادیث کے مطابق ہے۔ اس لئے اقامت کے بارے میں علامہ نووی کا احناف کے مسلک کو شاذ قرار دینا درست نہیں ہے، بلکہ تحقیق یہ ہے کہ اس مسئلہ میں ائمہ ثلاثہ کا مسلک خود شاذ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مؤذنین اور عہد صحابہ و تابعین کے مؤذنین کے طریقے کے مخالف ہے، حتی کہ علامہ کاسانی تحریر فرماتے ہیں کہ:

وقال ابراهيم النخعى كان الناس يشفعون الاقامة حتى خرج هولاء يغنى بنى امية فافردوا الاقامة و مثله لا يكذب واشار الى كون الاقامة بدعة. (بدائع الصنائع ج ۱ ص ۱۴۸، مطبوعہ ایچ ایم سعید کراچی)

ابراہیم نخعی نے فرمایا کہ ہمیشہ سے مسلمان کلمات اقامت دو دو مرتبہ کہتے آئے تھے۔ یہاں تک کہ بنو امیہ نے خروج کیا اور کلماتِ اقامت کو ایک ایک بار کہنا شروع کیا اور یہ عمل بدعت ہے۔

الحمدللہ ان تمام حوالوں سے احناف ایدہم اللہ کے مسلک کی حقانیت آفتاب نیم روز سے بھی زیادہ روشن ہوگئی"۔

(شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۱۰۸۰)

ثبوتِ رضاعت میں دودھ کی چسکیوں کے متعلق مذہبِ احناف کی ترجیح

رضاعت کتنی چسکیوں سے ثابت ہوتی ہے؟ اس بارے میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہے۔ امام نووی لکھتے ہیں "کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور امام شافعی کا نظریہ یہ ہے کہ پانچ چسکیوں سے کم میں رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔ جمہور صحابہ، فقہاء تابعین اور مجتہدین کا نظریہ یہ ہے کہ ایک قطرہ چوسنے سے بھی رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔ امام مالک اور امام ابوحنیفہ کا بھی یہی نظریہ ہے"۔

علامہ نووی نے اس کے بعد امام شافعی کے دلائل ذکر کئے ہیں اور احناف کے دلائل پر رد کیا ہے۔ شارح، احناف کے موقف کی ترجیح کو ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

احناف کے نزدیک مطلقاً دودھ پینے سے رضاعت ثابت ہو جاتی ہے، خواہ ایک چسکی لی جائے اس پر قرآن مجید کی حسب ذیل آیات ہیں:

وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ. (النساء: ۲۳) اور تمہاری مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے۔

اس آیت میں بغیر کسی مقدار کی قید کے دودھ پلانے والی عورتوں کو مائیں فرمایا ہے۔ علامہ نووی نے یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ استدلال اس وقت ہوتا جب یہ آیت اس طرح ہوتی:

اللاتى ارضعنكم امهاتكم. جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے وہ تمہاری مائیں ہیں۔

اولاً یہ اعتراض صحیح نہیں ہے کہ احناف کا استدلال آیت کے عموم اور اطلاق سے ہے، ثانیاً اس آیت کی تاویل یہ ہے:

اللاتى ارضعنكم محرمات لاجل انهن ارضعنكم. تمہاری مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے، محرم ہیں کیونکہ انہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے۔

نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ. (النساء: ۲۳) اور تمہاری رضاعی بہنیں (محرم) ہیں۔

آیت کے اس جزء میں بھی رضاعت کے ساتھ کوئی قید نہیں ہے اور مطلقاً ایک عورت کا دودھ پینے والیوں کو رضاعی بہنیں فرمایا

Marfat.com

ہے' خواہ ایک قطرہ دودھ پیا ہو' اور جن اخبارِ آحاد میں یہ ہے کہ ایک چسکی سے حرمتِ رضاعت نہیں ہوتی' وہ قرآن مجید کی ان آیات کے مزاحم اور معارض نہیں ہو سکتیں' ان کے بارے میں یہی کہا جائے گا کہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد ان احادیث کا حکم منسوخ ہو گیا ورنہ قرآن مجید کے عموم اور اطلاق کے مقابلے میں ان احادیث پر عمل نہیں کیا جائے گا''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۹۲۲)

قرآن حکیم سے استدلال کرنے کے بعد شارح نے کتب حدیث سے نو (۹) روایات نقل کی ہیں اور مذہب احناف کی ترجیح کو ثابت کیا ہے۔

آخر میں لکھتے ہیں:

''قرآن مجید' احادیث صحیحہ' آثار صحابہ اور اقوال تابعین کی تلویحات اور تصریحات سے یہ واضح ہو گیا کہ حرمتِ رضاعت میں پانچ چسکیوں کی قید معتبر نہیں ہے اور مطلقاً دودھ پینے سے خواہ' وہ ایک چسکی ہو' حرمتِ رضاعت ثابت ہو جاتی ہے اور اس سے امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی فکر کی گہرائی اور گیرائی ظاہر ہوتی ہے کہ انہوں نے حرمتِ رضاعت میں اس چیز کو معیار بنایا ہے جو قرآن اور حدیث کے عموم اور اطلاق اور صحابہ اور تابعین کے ارشادات کی عین اتباع ہے''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۹۲۵)

خیارِ عتق کے مسئلہ میں مذہبِ احناف کی دیگر مذاہب پر ترجیح

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر کسی باندی کو آزاد کیا جائے اور اس وقت اس کا شوہر غلام ہو تو اسے اختیار ہے کہ اس کے نکاح میں رہے یا اس نکاح کو فسخ کر دے۔ اور اگر اس وقت اس کا شوہر آزاد تھا تو اب باندی کو اختیار نہ ہوگا۔ امام اعظم رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ جب لونڈی کو آزاد کیا جائے تو اس کو ہر حال میں اختیار ملے گا' خواہ شوہر غلام ہو یا آزاد۔

شارح صحیح مسلم لکھتے ہیں:

اس اختلاف کا سبب دراصل اس بات میں اختلاف ہے کہ جس وقت حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آزاد کیا گیا تھا' اس وقت ان کے شوہر ''مغیث'' غلام تھے یا آزاد' ائمہ ثلاثہ کی تحقیق یہ ہے کہ وہ اس وقت غلام تھے اور امام ابو حنیفہ کی تحقیق یہ ہے کہ وہ اس وقت آزاد تھے''۔

بنائے اختلاف واضح کرنے کے بعد شارح نے بہت تفصیل کے ساتھ اور متعدد حوالہ جات کی روشنی میں ۱۴ روایات (احادیث و آثار) کے ذریعے سیدنا امام اعظم رضی اللہ عنہ کے مذہب کی ترجیح ثابت کی ہے۔

آخر میں لکھتے ہیں: ''ہم نے ٹھوس شواہد اور بکثرت احادیث' آثار اور اقوال تابعین سے ثابت کر دیا ہے کہ اس مسئلے میں ائمہ ثلاثہ کے مقابلے میں امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک ہی صحیح روایات اور قوی دلائل سے ثابت ہے''۔

لُقطہ[1] کو صدقہ کرنے کے مسئلہ میں مذہبِ احناف کی ترجیح

سیدنا امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک مدتِ اعلان پوری ہونے کے بعد لُقطہ کو صدقہ کرنا واجب ہے۔ اگر ملتقط غریب ہے تو وہ اس کو اپنے اوپر صدقہ کر سکتا ہے' اور اگر ملتقط غنی ہے تو وہ اس کو اپنے اوپر صرف نہیں کر سکتا' بلکہ اس پر واجب ہے کہ وہ اس کو صدقہ کر دے۔ شارح صحیح مسلم نے امام اعظم کے اس موقف کی تائید اور تقویت میں متعدد حوالہ جات کے ساتھ بارہ (۱۲) احادیث و آثار نقل کر کے مذہب احناف کی ترجیح کو ثابت کیا ہے۔

---

[1] لُقطہ اس مال کو کہتے ہیں جو کہیں پڑا ہوا مل جائے۔ اور ایسے مال کا حکم یہ ہے کہ اگر اٹھانے والا سمجھے کہ میں اس کے مالک کو تلاش کر کے دے دوں گا تو اٹھا لینا مستحب ہے اور یہ اندیشہ ہو کہ شاید میں خود ہی رکھ لوں اور مالک کو تلاش نہ کروں تو چھوڑ دینا بہتر ہے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

آخر میں لکھتے ہیں: ''ان تمام احادیث اور آثار سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نظریہ کی تائید اور تقویت ہوتی ہے کہ اعلان کے بعد لقطہ کا صدقہ کرنا واجب ہے اور غنی کے لئے اپنے نفس پر خرچ کرنا جائز نہیں ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ نے حضرت ابی بن کعب کو جن روایات سے استدلال کیا ہے' وہ موؤل ہیں اور تاویل یہ ہے کہ حضرت ابی اس وقت خود صدقہ کے مستحق تھے' اس لئے رسول اللہ ﷺ نے انہیں لقطہ خرچ کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ ائمہ ثلاثہ نے حضرت ابی کو لقطہ کے خرچ کرنے کی اجازت سے جو استدلال کیا ہے' اس کے (فقہاء احناف کی جانب سے دیئے گئے) جوابات کا خلاصہ یہ ہے کہ اوّلاً تو حضرت ابی کا غنا ثابت نہیں' کیونکہ ان کے پاس مال ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مال بقدر نصاب ہو' ثانیاً حضرت ابی زمانۂ نبوی میں غریب اور صدقہ کے مستحق تھے' کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوطلحہ کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ حضرت ابی پر بھی زمین صدقہ کریں' جیسا کہ صحیح بخاری اور سنن بیہقی میں ہے۔ ثالثاً اگر بالفرض وہ مالدار اور غنی ہوں تو ہوسکتا ہے کہ وہ اتنے مقروض ہوں کہ خود صدقہ کے مستحق ہوں' رابعاً ہوسکتا ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو وہ لقطہ بطور قرض دیا ہو۔ خامساً ہوسکتا ہے کہ وہ لقطہ کسی کافر حربی کا مال ہو' اس لئے ان کو خرچ کرنے کی اجازت دی ہو۔ سادساً یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ ان کی خصوصیت ہو یا بحیثیت امام آپ کی خصوصیت ہو۔ سابعاً دوسری احادیث اور آثار

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) اور پڑے ہوئے مال کو اپنے لیے اٹھانا حرام ہے۔ پڑا ہوا مال جو شخص اٹھائے اس پر لازم ہے کہ وہ اس کا اعلان کرے۔ (بہارِ شریعت جز ۱۰) یہاں پر دو باتوں کی وضاحت ضروری ہے' ایک اس چیز کی مالیت اور دوسری اعلان کرنے کی جگہ:

(۱) پڑی ہوئی چیز اگر ۳۶۰٫۶۱۲ گرام چاندی یا اس سے زیادہ کی مالیت کی ہو تو ایک سال تک اس کا اعلان کیا جائے۔ اگر وہ اس مقدار سے کم مالیت کی ہو تو ۶۱۸٫۳۰ گرام چاندی تک ایک ماہ اعلان کی جائے۔ اگر وہ اس مقدار سے بھی کم مالیت کی ہو تو ۱۸۵۴٫۹ گرام چاندی سے لے کر ۶۱۸٫۳۰ گرام چاندی تک دس دن اعلان کرے اور اگر وہ چیز ۶۱۸٫۳۰ گرام چاندی سے لے کر ۱۸۵۴٫۹ گرام چاندی تک کی مالیت کی ہو تو تین دن اعلان کرے اور اگر وہ چیز ۵۱۰۳٫۰ گرام چاندی یا اس سے زیادہ کی مالیت کی ہو تو ۶۱۸٫۳۰ گرام چاندی کی مالیت تک ایک دن اعلان کرے اور اگر وہ چیز ۵۱۰۳٫۰ گرام چاندی کی مالیت سے بھی کم ہو تو دائیں بائیں کسی فقیر کو دے دے۔
(فتح القدیر ج ۶ ص ۱۱۳' شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۲۲۰)

(۲) فقہاء نے لکھا ہے کہ پڑی ہوئی چیز کو اگر کوئی اٹھائے تو وہاں اعلان کرے جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں۔ آج کل لوگ بازاروں میں' مارکیٹوں میں اور دیگر مقامات پر جمع ہوتے ہیں۔ جب فقہاء نے یہ مسئلہ لکھا تھا اس وقت شہر چھوٹے چھوٹے ہوتے تھے اور زندگی اس قدر مصروف نہیں ہوتی تھی' اور اب کراچی جیسے شہر میں جو کئی ہزار مربع کلومیٹر پر محیط ہے اور ایک کروڑ سے زائد آبادی پر مشتمل ہے' ایک آدمی کے لیے یہ بہت مشکل ہے کہ وہ ایک سال یا ایک ماہ یا ایک ہفتہ تک روزانہ مارکیٹوں اور بازاروں میں جا کر کسی گمشدہ چیز کا اعلان کرتا پھرے۔ آج کل کے دور میں لقطہ کے اعلان اور تشہیر کی آسان اور قابل عمل صورت یہ ہے کہ جس شخص کو کوئی چیز ملی ہو وہ اس کا اعلان اخبارات' ریڈیو اور ٹی۔وی میں کرا دے اور یہ چیزیں ابلاغ عام کا بہت مؤثر ذریعہ ہیں۔ اور اعلان اس طرح ہو کہ چیز کا نام بتا دیا جائے اور کہہ دیا جائے کہ جس شخص کی یہ چیز ہو وہ علامات اور نشانیاں بتا کر مجھ سے وصول کر لے۔ اگر ایک بار اعلان کے بعد اس چیز کا مالک نہ آئے تو سال میں کئی بار وقفہ وقفہ سے اعلان کرایا جا سکتا ہے' یا یوں کرے کہ شہر میں شائع ہونے والے تمام معروف اخبارات میں ایک ایک کر کے اعلان بھیجے' اگر اس کا نتیجہ نہ نکلے تو ریڈیو کے ذریعے اعلان کروائے اور اگر اس کا بھی نتیجہ نہ نکلے تو ٹی۔وی سروس سے اعلان کرائے اور اگر پھر بھی کوئی مالک نہ آئے تو اعلان کرنے والے کو چاہیے کہ ایک سال میں وقفہ وقفہ کے ساتھ ان تمام ذرائع سے اعلان کروائے تاکہ حدیث شریف کا منشاء صورۃً اور معنیً دونوں طرح پورا ہو جائے اور اس کی حجت تمام ہو جائے اور ایک سال کے بعد بھی اگر مالک نہ آئے تو پھر وہ اس کو صدقہ کر دے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۲۲۱)

Marfat.com

صحابہ میں غنی پر لقطہ کے خرچ کی ممانعت ہے اور حضرت اُبی کی روایت میں اس کی اباحت ہے اور جب تحریم اور اباحت میں تعارض ہو تو تحریم کو ترجیح ہوتی ہے۔

(شارح لکھتے ہیں:) ''اس حدیث کی اس طرز سے جو تشریح کی گئی ہے اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل کے جو جوابات ذکر کئے گئے ہیں' اس سے فقہ حنفی کی گہرائی اور گیرائی کا اندازہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فقہ حنفی کو زیادہ سے زیادہ فروغ عطا فرمائے' والحمد للہ رب العالمین''۔

(شرح صحیح مسلم ج۵ ص۲۲۶)

ان چند مثالوں سے شارح کا اسلوب واضح ہو گیا کہ آپ ائمہ اربعہ کا علیحدہ علیحدہ موقف بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے دلائل پر بحث و نظر بھی کرتے ہیں اور پھر اپنی کاوش سے مذہب احناف کی مؤید آیات اور احادیث و آثار کو بھی ذکر فرماتے ہیں۔ اس سے جہاں ائمہ ثلاثہ کے مذہب پر احناف کے مذہب کی ترجیح ثابت ہوتی ہے وہاں ان لوگوں کا بھی رد ہوتا ہے جو اپنے آپ کو اہل حدیث یا غیر مقلدین کہلاتے ہیں اور سیدنا امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب مہذب پر طعن کرتے ہیں اور اسے بزعمِ خویش قرآن و سنت کا مخالف قرار دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ شارح نے ان مسائل میں بھی جو غیر مقلدین کے ہاں بہت اہتمام اور شدت کے ساتھ معمول ہیں' ان پر بھی احادیثِ قویہ کا ایک جم غفیر پیش کر کے بتایا ہے کہ چند مخصوص احادیث پر عمل کر کے آدمی اہل حدیث نہیں بن جاتا' بلکہ اس کے لئے حدیث اور فن حدیث پر کامل دسترس اور فکر و نظر کی گہرائی درکار ہوتی ہے۔

رفع یدین' آمین بالجہر اور قرأت خلف الامام ایسے مسائل میں شارح کا غیر مقلدین پر مفصل اور مدلل رد

چنانچہ شارح نے غیر مقلدین کے متعدد مسائل کے رد میں احادیثِ کثیرہ صحیحہ کو جمع کر کے مذہب احناف کی حقانیت کو ظاہر و باہر اور ثابت کیا ہے۔ مثلاً رفع یدین کے مسئلہ میں احناف کے موقف پر جامع ترمذی' سنن ابی داؤد' طحاوی' مصنف ابن ابی شیبہ اور دیگر معتمد کتبِ حدیث سے بارہ روایات نقل کی ہیں اور ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' خلفاء راشدین اور دیگر اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہ کرنا ثابت ہے۔ چنانچہ آخر میں لکھتے ہیں:

''ان احادیث اور آثار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' حضرت ابو بکر' حضرت عمر' حضرت علی' حضرت عبد اللہ بن عمر' حضرت عبد اللہ بن مسعود اور حضرت عبد اللہ ابن زبیر اور دیگر کثیر صحابہ اور فقہاء تابعین کے متعلق تصریح آ گئی ہے کہ وہ تکبیر تحریم کے علاوہ نماز میں رفع یدین نہیں کرتے تھے اور یہی فقہاء احناف کثر ہم اللہ کا مذہب ہے''۔ (شرح صحیح مسلم ج۱ ص۱۱۱۵)

اسی طرح غیر مقلدین کے اہم مسئلہ ''سینہ پر ہاتھ باندھنے'' سے متعلق احادیث پر شارح نے بحث و نظر بھی کی ہے اور امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ کے مذہب کی ترجیح کو ثابت کرنے کے لئے سات احادیث و آثار پیش کر کے ثابت کیا ہے کہ نماز میں ہاتھ ناف کے نیچے باندھنے چاہئیں۔ (شرح صحیح مسلم ج۱ ص۱۱۲۰)

اسی طرح کانوں تک ہاتھ اٹھانے کے متعلق ۱۰ کتب حدیث سے ۱۸ روایات پیش کر کے مذہب احناف کی ترجیح ثابت کی ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج۱ ص۱۱۰۵) نیز قراءت خلف الامام کے مسئلہ پر تقریباً ۱۸ صفحات پر مشتمل تفصیلی بحث کے دوران' امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے کے ثبوت میں ۲۷ روایات پیش کی ہیں اور مذہب احناف کی حقانیت کو دلائل کے نور سے جگمگایا ہے۔

(شرح صحیح مسلم ج۱ ص۱۱۳۹)

Marfat.com

مذاہب اربعہ کی تفصیلات

میں نے اس بحث کے آغاز میں ذکر کیا تھا کہ شرح صحیح مسلم میں اکثر مقامات پر چاروں ائمہ کے مذاہب بیان کئے گئے ہیں اور بہت سے مقامات پر تین ائمہ کے مذاہب بھی بیان کئے گئے ہیں (بایں طور کہ کہیں امام احمد یا امام مالک کا موقف ذکر نہیں کیا گیا' ''شاید'' اس وجہ سے کہ اس مقام پر امام مالک یا امام احمد کا قول وہی ہو جو دیگر ائمہ کا ہے) اس طرح کے تمام مقامات کو ملا کر میرے شمار کے مطابق پوری شرح صحیح مسلم میں کم وبیش ۳۳۵ مقامات پر مذاہب اربعہ کو بیان کیا گیا ہے' جن میں سے تقریباً ۱۴۰ مقامات پر مذاہب اربعہ کو ہر مذہب کی اصل کتاب کے مکمل حوالہ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اور باقی مقامات پر کسی ایک کتاب یا دو کتابوں سے چاروں ائمہ کے مذاہب بیان کئے گئے ہیں۔ مثلاً اگر امام نووی نے کسی مسئلہ میں مذہب اربعہ کو بیان کیا ہے یا علامہ عینی یا علامہ سرخسی وغیرہم نے مذاہب اربعہ کو یکجا بیان کر دیا ہے تو شارح نے اس کتاب ہی کے حوالہ سے مذاہب کو نقل فرمایا ہے۔ البتہ ساتھ میں یہ شاندار اضافہ ضرور کیا ہے کہ مثلاً امام نووی نے مذاہب بیان کرتے ہوئے احناف پر کوئی اعتراض کیا ہے یا ان کی تضعیف کی ہے' تو شارح نے متعدد مقامات پر مستقل عنوان کے تحت امام نووی وغیرہ کا رد کرنے اور مذہب حنفی کو ثابت کرنے کے لئے کثیر تعداد میں دلائل جمع فرما دیئے ہیں۔ (**کما مر و ظهر و ثبت انفا**)

اب راقم الحروف ذیل میں' مذاہب اربعہ کے ان مقامات کو نقشہ کی صورت میں بالتفصیل واضح کرنا چاہتا ہے' جن میں شارح نے ہر مذہب کی اصل کتاب (اور کئی مقامات پر ایک سے زائد کتب) کے مکمل حوالہ جات کے ساتھ ائمہ اربعہ علیہم الرحمۃ کے مذاہب کو بیان کیا ہے:

شرح صحیح مسلم میں مذاہب اربعہ کے بیان کا تفصیلی نقشہ

نمبر شمار	متعلقہ مسئلہ	صفحہ نمبر
	(جلد اوّل)	
۱	کفار و بدعقیدہ کا ساتھ صلہ رحمی اور نیکی کرنا	۳۰۷
۲	شب معراج دیدار الٰہی عزّ وجلّ	۷۰۲
۳	غرہ اور تحجیل کا طول	۹۰۰
۴	ڈاڑھی کا حکم	۹۲۴
۵	قضائے حاجت کے وقت قبلہ کی جانب منہ یا پیٹھ کرنا	۹۳۸
۶	کتے کے جوٹھے برتن کو پاک کرنا	۹۵۶
۷	حیض وطہر کی مدت	۹۹۱
۸	اقامت کے دوران حی علی الفلاح پہ کھڑا ہونا	۱۰۹۸
۹	رفع یدین کی حد	۱۱۰۴
۱۰	رفع یدین کی تعداد	۱۱۰۸
۱۱	نماز میں ہاتھ باندھنے کی جگہ	۱۱۱۹
۱۲	قراءت خلف الامام	۱۱۲۵
۱۳	نماز میں بسم اللہ کو جہراً پڑھنا	۱۱۴۹
۱۴	آمین کہنا	۱۱۸۹
۱۵	اعضائے سجود	۱۲۸۸
۱۶	تشہد	۱۳۰۸
	(جلد دوئم)	
۱۷	رفع سبابہ	۱۶۶
۱۸	اوّل وقت میں نماز پڑھنا	۲۴۲
۱۹	عشاء کا وقت	۲۶۴
۲۰	فجر کا مستحب وقت	۲۷۲
۲۱	جماعت کا حکم	۲۸۴
۲۲	فاسق کی امامت	۳۰۶
۲۳	قنوتِ نازلہ	۳۱۹
۲۴	قنوتِ فجر	۳۲۶

Marfat.com

نمبر شمار	متعلقہ مسئلہ	صفحہ نمبر
۲۵	قضاء نماز کی اذان	۳۴۴
۲۶	مسافتِ قصر	۳۶۱
۲۷	مدتِ قصر	۳۷۵
۲۸	وجوبِ قصر	۳۷۸
۲۹	جمع بین الصلوتین	۴۱۱
۳۰	رکعاتِ نفل	۴۳۲
۳۱	وتر کا حکم	۴۷۴
۳۲	رکعاتِ وتر	۴۷۹
۳۳	قنوتِ وتر	۴۸۶
۳۴	رکعاتِ تراویح	۴۹۴
۳۵	عیدین کا حکم	۶۵۶
۳۶	تکبیراتِ عیدین	۶۵۷
۳۷	تکفین	۷۹۳
۳۸	نماز جنازہ کا طریقہ	۷۹۶
۳۹	دوبارہ نماز جنازہ پڑھنا	۸۰۴
۴۰	حرام اور نجس اشیاء سے علاج	۸۳۸
۴۱	قرض کا زکوٰۃ سے منہا ہونا	۸۹۶
۴۲	صدقۂ فطر کا حکم	۹۰۳
۴۳	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آل پر زکوٰۃ (جلد ثالث)	۱۰۱۰
۴۴	رؤیتِ ہلال	۴۷
۴۵	اختلافِ مطالع	۸۷
۴۶	جمعہ کا روزہ	۱۳۲
۴۷	میت کی طرف سے روزہ رکھنا	۱۳۸
۴۸	عمرہ کا حکم	۲۴۲
۴۹	احرام کی کیفیت	۲۴۴
۵۰	میقات سے گزرنے کا حکم	۲۸۲
۵۱	مُحرِم کا خشکی کا شکار کھانا	۳۱۳
۵۲	موذی جانوروں کو قتل کرنا	۳۵۰
۵۳	اِفراد، تمتع اور قِران	۴۰۴
۵۴	مزدلفہ میں جمع بین الصلوتین	۵۲۰
۵۵	مزدلفہ میں قیام	۵۲۷
۵۶	حج میں سر منڈانے کا حکم	۵۴۰
۵۷	رمی، قربانی اور حلق کی ترتیب	۵۵۵
۵۸	معذور السیر ہدی کا حکم	۵۸۱
۵۹	حج بدل کا حکم	۶۳۹
۶۰	بغیر زوج یا محرم کے عورت پر حج کی فرضیت	۶۵۳
۶۱	کافر کا مسجد میں داخل ہونا	۶۷۹
۶۲	ولی کے بغیر عورت کا عقدِ نکاح	۸۲۲
۶۳	عزل کا حکم	۸۷۹
۶۴	اسقاطِ حمل	۸۹۲
۶۵	ثبوتِ رضاعت کے لیے چسکیوں کی مقدار	۹۲۰
۶۶	مسئلہ کفاءت	۹۸۲
۶۷	بیک وقت تین طلاقوں کا بدعی ہونا	۱۰۲۰
۶۸	خاوند کے لاپتا ہونے کا حکم	۱۰۹۵
۶۹	مالدار کا، زوجہ کو نفقہ نہ دینے پر تفریق کا حکم (جلد رابع)	۱۱۰۲
۷۰	بیع تعاطی	۱۰۹
۷۱	بیع پر بیع	۱۳۲
۷۲	نجش کا حکم	۱۳۳
۷۳	تلقی جلب	۱۳۸
۷۴	شہری کو دیہاتی کا مال بیچنا	۱۴۳
۷۵	مصراۃ کی بیع	۱۴۹
۷۶	بیع قبل القبض	۱۶۱

نمبر شمار	متعلقہ مسئلہ	صفحہ نمبر
۷۷	ناپ اور تول کے بغیر بیع کرنا	۱۶۳
۷۸	خیارِ مجلس	۱۷۳
۷۹	عرایا کی تفسیر	۱۹۹
۸۰	مکانوں کا کرایہ	۲۵۸
۸۱	فروخت شدہ پھلوں کو نقصان لاحق ہونے پر تاوان کا ذمہ	۲۷۱
۸۲	گھر کی حفاظت کے لیے کتا رکھنا	۳۱۰
۸۳	بیع عینہ	۳۷۶
۸۴	ربو الفضل کی علت حرمت	۳۹۴
۸۵	محلِ عقد	۴۱۵
۸۶	بیع میں شرط لگانا	۴۲۲
۸۷	عمریٰ کا حکم	۴۸۶
۸۸	ایصالِ ثواب	۵۰۴
۸۹	میت کی طرف سے نذر کو پورا کرنا	۵۳۵
۹۰	نذرِ معصیت پر لزوم کفارہ	۵۴۵
۹۱	غیر اللہ عزوجل کی قسم کھانا	۵۶۲
۹۲	قسم میں تاویل اور توریہ	۵۸۳
۹۳	قسامت کی فقہی تعریف میں اختلاف	
۹۴	ڈاکو کا صرف ڈرانا اور اس کی سزا	۶۲۷
۹۵	ڈاکو کا صرف مال لوٹنے کی سزا	۶۴۹
۹۶	ڈاکو کا صرف قتل کرنے کی سزا	۶۵۲
۹۷	ڈاکو کا قتل کرنے اور مال لوٹنے کی سزا	۶۵۳
۹۸	تاوان کا حکم	
۹۹	عورت کی نصف دیت	۶۵۴
۱۰۰	زنا کی تعریف میں اختلاف	۶۹۰
۱۰۱	تعزیر کی مقدار	۷۱۸
۱۰۲	جانور کے کیے ہوئے نقصان میں اختلاف	۸۸۰
۱۰۳	نر کو جفتی کے لیے کرایہ پر دینا	۲۹۳
	(جلد خامس)	
۱۰۴	اہلیت اجتہاد کی شرائط	۶۱
۱۰۵	قاضی کے لیے اہلیت اجتہاد کی شرائط	۶۶
۱۰۶	گناہ کبیرہ اور صغیرہ	۱۶۶
۱۰۷	لقطہ کے اعلان کی مدت	۲۲۰
۱۰۸	مدت اعلان کے پورا ہونے کے بعد لقطہ کا مصرف	۲۲۲
۱۰۹	جہاد کی اقسام میں اختلاف	۲۵۱
۱۱۰	سجدۂ شکر	۵۷۶
۱۱۱	عورت کا ستر	۶۱۷
۱۱۲	اجنبی مرد اور عورت کا ایک دوسرے کی طرف دیکھنا	۶۵۲
۱۱۳	مساجد میں عورتوں کا جانا	۶۷۴
۱۱۴	فاسق کی خلافت اور قضاء	۷۹۲
۱۱۵	بلوغت کا معیار	۸۳۰
۱۱۶	ریس کا مقابلہ منعقد کرانا	۸۳۷
۱۱۷	جوئے کا حکم	۸۴۳
۱۱۸	حقیقی اور حکمی شہید سے متعلق احکام میں اختلاف	۹۴۷
	(جلد سادس)	
۱۱۹	جس شکار یا ذبیحہ پر بسم اللہ نہ پڑھی گئی اس کا حکم	۵۵
۱۲۰	معراض سے کیے ہوئے شکار کا حکم	۶۲
۱۲۱	کچلیوں سے پھاڑنے والے درندوں اور ناخنوں سے مارنے والے پرندوں کا حکم	۸۱
۱۲۲	سمندر میں طبعی موت مر کر سطح آب پر آنے	

Marfat.com

نمبر شمار	متعلقہ مسئلہ	صفحہ نمبر
	والی مچھلی کا حکم	۹۰
۱۲۳	گوہ کھانے کے متعلق اختلاف	۱۱۱
۱۲۴	ٹڈی کھانے اور اس کو ذبح کرنے کے متعلق اختلاف	۱۱۳
۱۲۵	قربانی کے حکم میں اختلاف	۱۲۷
۱۲۶	قربانی کرنے کا آخر وقت	۱۳۰
۱۲۷	ضأن کے معنی میں اختلاف	۱۴۲
۱۲۸	بھنگ کا شرعی حکم	۲۰۶
۱۲۹	تمباکو نوشی کا حکم	۲۱۵
۱۳۰	لباس کا حکم	۳۲۷
۱۳۱	ٹخنوں سے نیچے تک لمبے لباس کا حکم	۳۹۲
۱۳۲	سفید بالوں کو رنگنا	۴۱۷
۱۳۳	تصویر کا حکم	۴۶۴
۱۳۴	تعلیم قرآن، امامت اور اذان پر اجرت لینا	۵۷۱
۱۳۵	چوسر اور شطرنج کا حکم	۶۳۶
۱۳۶	صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو سب وشتم کرنے والے کا حکم (جلد سابع)	۱۲۱۴
۱۳۷	زیارت قبور للنساء	۷۳۷
۱۳۸	مسجد میں کافر کا داخل ہونا	۸۷۵
۱۳۹	بغیر سترہ کے نمازی کے آگے سے گزرنا	۸۸۵
۱۴۰	ولی کے لئے یتیم کا مال کھانے میں اختلاف	۱۰۳۳

عقائدِ اہل سنت کا مدلّل بیان اور دیگر مسالک کا مہذب رد

یہ امر کسی پر مخفی نہیں کہ اہل سنت و جماعت اور دیگر مسالک (دیوبندی، وہابی (غیر مقلدین)، شیعہ وغیرہم) کے درمیان عرصۂ دراز سے اعتقادی اختلاف اور تنازع چلا آ رہا ہے۔ اپنے معتقدات کو ثابت کرنے اور فریق مخالف کے ابطال میں جانبین کی طرف سے باقاعدہ کتب و رسائل کی تصنیف، مناظرے اور تقاریر پہلے بھی ہوئیں اور آج تک یہ سلسلہ جاری و ساری ہے۔ ان تمام امور سے کوئی فائدہ ہوا یا نہیں، اس سے قطع نظر، یہ ضرور ہوا کہ فریقین کے درمیان اختلاف اور تنازع کم ہونے کا بجائے مزید بڑھ گیا۔ اور اب جو صورتحال درپیش ہے، اس کے پیش نظر مستقبل کے حوالہ سے بھی کوئی توقع نہیں رکھی جا سکتی کہ یہ اختلافات کم ہو جائیں گے یا ختم ہو جائیں گے۔۔۔ اس کی وجہ اور بنیاد شاید یہ ہو کہ ہم نے قرآن حکیم کے اس فرمان پر عمل کو ترک کر دیا:

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ. (النحل:۱۲۵)

آپ اپنے رب کے راستے کی طرف (لوگوں کو) تدبیر اور عمدہ نصیحت سے بلایئے اور ان سے بحث (و مناظرہ) اس انداز سے کیجئے جو بہت پسندیدہ اور شائستہ ہو۔

اس آیت مبارکہ میں حق بات کی طرف بلانے اور (ضرورت پڑنے پر) بحث و مناظرہ کرنے کا جو طریقہ بیان کیا جا رہا ہے وہی طریقہ دراصل مؤثر، مفید اور شرعاً مطلوب ہے۔ ہمارا طریقۂ بحث و دعوت (بصورت تصنیف و تحریر و تقریر) ہرگز ایسا نہیں ہے، جس کو اس آیت کا مصداق ٹھہرایا جا سکے، جانبین سے بحث و مباحثہ اور تردید و مناظرہ کا جو طریقہ آج رائج ہے، وہ تہذیب، شائستگی، حکمت اور تدبیر سے کوسوں دور ہے۔ جس دور میں امام احمد رضا محدث بریلوی رضی اللہ عنہ نے مخالفین کا شدت اور سختی کے ساتھ رد فرمایا، وہ دور اور تھا۔

Marfat.com

اب زمانہ' زمانے کا ڈھنگ' زمانے کا طرز اور اندازِ فکر سب کچھ تبدیل ہو چکا ہے۔ سو بحث و مباحثہ اور ردوقدح کا انداز بھی ہمیں تبدیل کرنا ہوگا۔ آج کا ذوق مطالعہ ان تحریرات و تصنیفات کو قطعاً مسترد کر چکا ہے جو غیر مہذب اور غیر شائستہ لب ولہجہ کی حامل ہوں۔ اس کے برعکس وہ تصنیفات جو اپنے دعوے کے اثبات میں مدلّل اور ترديدِ غیر میں مہذب لہجہ کی حامل ہوں' وہ اپنے تو اپنے' مخالفین کے یہاں بھی قابلِ قدر اور قابلِ احترام ہوتی ہیں۔ گو کہ ایسی تحریرات اور تصنیفات و تالیفات بہت قلیل ہیں' لیکن جنگ وجدال کے اس دور میں ایسی تحریرات کا پایا جانا بھی بہت غنیمت اور قابل تعریف ہے۔ ایسی ہی تصنیفات میں ایک مشہور و معروف نام شرح صحیح مسلم کا بھی ہے' جس میں اہل سنت و جماعت کے عقائد اور معمولات کو مبالغہ آرائی اور غلو جیسی صفات ذمیمہ سے بچا کر بہت معتدل اور مدلّل انداز میں بیان کیا گیا ہے' اسی طرح دیگر مسالک کے رد میں بھی اول تا آخر تہذیب و شائستگی اور جدال احسن کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ میرے نزدیک ایسی ہی تحریر' فی زمانہ موثر اور انقلاب آفرین تحریر ہے۔

شرح صحیح مسلم پر طعن کیا جاتا ہے کہ اس میں اہل سنت و جماعت کے عقائد پر ٹھوس دلائل کے ساتھ زیادہ بحث نہیں کی گئی اور اہل سنت کے علاوہ دیگر مسالک پر ماسوا چند مقامات کے نہ گرفت کی گئی ہے' نہ ان کا رد کیا گیا ہے۔۔۔۔۔؟

میں کہتا ہوں کہ یہ دونوں اعتراضات غلط اور ناقابل تسلیم ہیں۔ پہلا اعتراض تو اس لئے غلط ہے کہ شرح صحیح مسلم میں متعدد مقامات پر اہل سنت و جماعت کے عقائد و معمولات کو بہت مضبوط' محکم اور تفصیلی دلائل سے ثابت کیا گیا ہے اور ان پر محققانہ انداز میں بحث کی گئی ہے' مبالغہ آرائی اور غلو کا قطعاً مظاہرہ کیے بغیر اسے نکتۂ اعتدال پر لانے کی کوشش کی گئی ہے جس سے ممکنہ حد تک اختلافات کا خاتمہ ہو۔ اور دوسرا اعتراض اس لئے غلط ہے کہ میرے شمار کے مطابق شرح صحیح مسلم میں کم وبیش اسّی (۸۰) مقامات پر دیگر مسالک پر گرفت کی گئی اور دلائل و براہین کے ساتھ ان کا رد کیا گیا ہے' جیسا کہ عنقریب واضح ہوگا۔

راقم ذیل میں دونوں عنوانات کے حوالہ سے چند مثالیں پیش کر رہا ہے' تاکہ حقیقت اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ ظاہر و باہر اور روشن ہو جائے:

شرح صحیح مسلم اور عقائد و معمولاتِ اہلِ سنت کی تحقیق

شرح صحیح مسلم میں' اہل سنت و جماعت کے متعدد عقائد و معمولات پر مدلّل اور مفصّل بحث کی گئی ہے اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ یہ عقائد و معمولات قرآن و سنت کے عین مطابق ہیں۔ اور ان کو فاسد یا باطل قرار دینا قطعاً غلط ہے۔ ذیل میں اس سلسلے کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

مسئلہ حاضر و ناضر کی تحقیق

حاضر و ناضر کا مسئلہ ہمارے اور دیگر مسالک کے علماء کے درمیان بہت متنازع فیہ مسئلہ ہے۔ شارح صحیح مسلم نے اس مسئلہ کو بہت تحقیق اور دلائل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اسلوب تحقیق یہ ہے کہ سب سے پہلے اہل سنت و جماعت کے موقف کی وضاحت کی ہے اور بتایا ہے کہ زیر بحث مسئلہ میں ہمارا دعویٰ کیا ہے؟ بعد ازاں ۲۵ ماخذ کی روشنی میں اپنے دعوے اور موقف پر بہت سلیس انداز میں دلائل فراہم کیے ہیں حتیٰ کہ ان مشائخ کی عبارات بھی پیش کی ہیں جو دیگر مسالک کے علماء کے نزدیک بھی مسلّم ہیں' بلکہ خود دیگر مسالک کے علماء کی عبارات سے بھی اپنے موقف کی تائید پیش کی ہے۔ شارح کی یہ بحث جلد اوّل میں ہے اور (ص ۷۴۸ سے لے کر ۷۶۲ تک) ۱۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

Marfat.com

قبروں پر پھول ڈالنے کی تحقیق

قبروں پر پھول ڈالنا اہل سنت و جماعت کے معمولات میں سے ہے۔ دیگر مسالک کے علماء اس سے بھی روکتے اور منع کرتے ہیں۔ شارح صحیح مسلم نے اس مسئلہ پر بھی خالصۃً دلائل کے تناظر میں تحقیقی بحث فرمائی ہے اور کتب حدیث' ان کی شروح اور مستند کتب فقہ سے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ قبور پر سبز شاخوں اور پھولوں کا رکھنا سنت ہے۔ بحث کے دوران بلیغ انداز میں علماء دیوبند (شیخ انور شاہ کشمیری' شیخ بدر عالم میرٹھی اور شیخ شبیر احمد عثمانی) پر رد بھی فرمایا ہے۔ یہ بحث بھی جلد اوّل میں ہے اور ۵ صفحات پر مشتمل ہے۔

(شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۹۸۱)

اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تحقیق

ہمارے اور دیگر مسالک کے علماء کے درمیان ایک معروف نزاعی مسئلہ اختیارات مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہے۔ صحیح مسلم کی حدیث ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں سے نوحہ نہ کرنے پر بیعت لی تو حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ میں نوحہ نہیں کروں گی' لیکن زمانۂ جاہلیت میں فلاں قبیلہ والوں نے میرے ساتھ نوحہ میں معاونت کی تھی' اس لئے ان کی میت پر نوحہ کرنے کی مجھے اجازت دے دیں' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی۔ (صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۰۴) اس حدیث کے ماتحت شارح صحیح مسلم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیارات پر مفصل اور مدلّل بحث کی ہے اور کم و بیش ۱۲۳ احادیث صحیحہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیارات کو ثابت کیا ہے۔ مضمون کی اہمیت اور جامعیت کے پیش نظر شارح کی مکمل عبارت نقل کر رہا ہوں' تاکہ معلوم ہو جائے کہ عقائد اہل سنت پر ''ٹھوس دلائل'' کیسے ہوتے ہیں؟ شارح لکھتے ہیں:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ اختیار دیا ہے کہ آپ عمومی احکام سے جس فرد کو چاہیں خاص کر لیں، چھ ماہ کے بکرے کی قربانی بالعموم جائز نہیں ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ کو چھ ماہ کے بکرے کی قربانی کی اجازت دے دی۔ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۸۳۴' مطبوعہ کراچی)

مسجد نبوی میں کسی کے گھر کے (چھوٹے) دروازہ کی اجازت نہیں لیکن حضرت ابو بکر کو دروازہ رکھنے کی اجازت دے دی۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۱۶' مطبوعہ کراچی)

حرم مکہ کے درختوں کو کاٹنا بالعموم ممنوع ہے لیکن حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی درخواست پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اذخر کاٹنے کی اجازت دیدی۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۲' مطبوعہ کراچی)

ہر عورت کو شوہر کی وفات کے بعد چار ماہ دس دن سوگ کرنا لازم ہے لیکن حضرت اسماء بنت عمیس پر یہ سوگ معاف فرما دیا۔

(شرح الزرقانی علی المواہب ج ۵ ص ۳۲۵' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت)

مہر شرعی کا کم از کم دس درہم از قبیل مال ہونا ضروری ہے۔ لیکن ایک صحابی کے لئے ناداری کی وجہ سے صرف تعلیم قرآن کو مہر قرار دیا۔ (سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۲۸۷' مطبوعہ لاہور)

ایک صحابی اور ایک صحابیہ کا باہمی رضامندی سے بغیر کسی مہر کے نکاح فرما دیا۔ (سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۲۸۸' مطبوعہ لاہور)

روزہ کے کفارہ کو صدقہ کرنا واجب ہے لیکن ایک صحابی کے لئے ناداری کی وجہ سے روزہ کے کفارہ کو خود انہیں کے لئے کھانا جائز قرار دیا۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۵۹' مطبوعہ کراچی)

دو سال کی عمر کے بعد دودھ پینے سے بالعموم رشتہ رضاعت ثابت نہیں ہوتا لیکن حضرت سالم کو بلوغت کے بعد جوانی میں سہلہ

Marfat.com

بنت سہیل نامی ایک صحابیہ کا دودھ پینے کی اجازت دے دی اور حضرت سہلہ کو ان کی رضاعی ماں بنا دیا۔

(صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۶۹، مطبوعہ کراچی)

مردوں کے لئے ریشم پہننے کو بالعموم حرام فرمایا لیکن حضرت زبیر اور حضرت عبد الرحمان رضی اللہ عنہما کو خارش کی بناء پر ریشم پہننے کی اجازت دی۔ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۸۶۸، مطبوعہ کراچی)

مردوں کے لئے سونا بالعموم حرام کر دیا لیکن حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو سونے کی انگوٹھی پہننے کی اجازت دی۔

(المصنف ج ۸ ص ۲۸۱، مطبوعہ کراچی)

بغیر جہاد کیے کسی شخص کو مال غنیمت سے حصہ نہیں ملتا لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا (آپ کی صاحبزادی) کی تیمارداری میں مشغول رہنے کی بناء پر غزوۂ بدر میں شرکت کے بغیر مال غنیمت میں سے حصہ عطا فرمایا۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۲۳، مطبوعہ کراچی)

قاضی کے لئے تحائف لینا بالعموم جائز نہیں لیکن حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو تحائف لینے کی اجازت دے دی۔

(شرح الزرقانی علی المواہب ج ۵ ص ۳۲۸، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت)

میت پر نوحہ کرنا منع کرنا ہے لیکن جب حضرت ام عطیہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ زمانہ جاہلیت میں آل فلاں نے نوحہ کرنے میں میری مدد کی تھی اب میرے لیے ان پر نوحہ کرنا ضروری ہے تو آپ نے ان کو ان کے لئے نوحہ کرنے کی اجازت دے دی۔

(مسند احمد ج ۵ ص ۸۵، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت)

ہر مسلمان پر روزہ طلوع فجر سے شروع ہوتا ہے لیکن آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو طلوع آفتاب کے وقت روزہ رکھنے کی اجازت دے دی۔ (شرح الزرقانی علی المواہب ج ۵ ص ۳۲۸، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت)

رمی جمرات کے دوران منیٰ میں رات گزارنا ضروری ہے لیکن بنو عباس اور بنو ہاشم کے ذمہ زمزم کا پانی پلانے کی خدمات تھیں اس لیے آپ نے انہیں ان ایام میں رات کو منیٰ سے جانے کی اجازت دے دی۔

(شرح الزرقانی علی المواہب ج ۵ ص ۳۲۸، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت)

نکاح کے لئے کم از کم دس درہم مہر ضروری ہے لیکن حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے لئے صرف ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے اسلام کو مہر قرار دیا۔

(شرح الزرقانی علی المواہب ج ۵ ص ۳۲۸، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت)

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صرف حالت جنگ میں نماز کو قصر کرنے کی اجازت دی ہے:

فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا. (النساء:۱۰۱)

اگر تم کفار کے حملہ کے خوف کی وجہ سے نماز قصر کر لو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

لیکن آپ نے ہر سفر شرعی میں قصر کو واجب کر دیا خواہ حالت امن ہو یا حالتِ جنگ۔ (صحیح مسلم ج ۱ ص ۲۴۱، مطبوعہ کراچی)

قرآن مجید نے بیٹی، ازواج اور چچا کے لئے ترکہ سے معین حصص کے ساتھ میراث کی ادائیگی کو فرض قرار دیا ہے لیکن آپ نے اپنے ترکہ سے ورثاء کو حصص دینے سے منع فرما دیا۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۳۵، مطبوعہ کراچی)

قرآن مجید نے ہر نماز کے لئے الگ الگ وقت معین کیے ہیں:

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ○

ہر نماز (الگ الگ) وقت معین میں فرض کی گئی ہے ○

(النساء:۱۰۳)

لیکن آپ نے دوران حج عرفات میں عصر کو ظہر کے وقت میں اور مغرب کو عشاء کے وقت میں جمع کرنا فرض کر دیا۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۲۶، ۲۲۵، مطبوعہ کراچی)

قرآن مجید نے دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی لازم کی:

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ. (البقرہ:۲۸۲)

اور تم اپنے مردوں میں سے دو کو گواہ بنا لو، پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں۔

لیکن آپ نے حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی اکیلی اور تنہا گواہی کو کافی قرار دیا۔ (سنن ابوداؤد ج ۲ ص ۱۵۲، مطبوعہ لاہور)

قرآن مجید نے ہر مسلمان کو اپنی پسند کی چار عورتوں سے شادی کی اجازت دی:

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَرُبٰعَ. (النساء:۳۳)

جو عورتیں تمہیں پسند ہوں، ان سے نکاح کر لو! دو دو سے، تین تین سے، اور چار چار سے۔

لیکن آپ نے حیاتِ فاطمہ میں حضرت علی کو ابوجہل کی لڑکی کے ساتھ نکاح کرنے سے روک دیا۔

(سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۲۸۳، مطبوعہ لاہور)

قرآن کریم نے وضوء میں پیروں کے دھونے کو فرض قرار دیا:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ. (المائدہ:۶)

اے ایمان والو! جب تم نماز پڑھنے کا ارادہ کرو تو اپنے چہروں کو دھوؤ اور کہنیوں سمیت ہاتھوں کو اور سر پر مسح کرو اور پیروں کو ٹخنوں سمیت دھوؤ۔

لیکن آپ نے پیروں کو دھونے کی جگہ موزوں پر مسح کو بھی جائز قرار دیا۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۳، مطبوعہ کراچی)

قرآن مجید نے حالت جنابت (جب غسل فرض ہو) میں مسجد میں داخل ہونے سے بالعموم منع فرما دیا:

وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا.

حالت جنابت میں جب تک غسل نہ کر لو، مسجد کے قریب نہ جاؤ الا یہ کہ مسجد کو عبور کرنا ہو۔ (النساء:۴۳)

لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے علاوہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی حالتِ جنابت میں مسجد میں داخل ہونے کی اجازت دی۔

(جامع ترمذی ج ۱ ص ۵۳۵، مطبوعہ کراچی)

قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے ہم نے اس بات پر بکثرت مثالیں پیش کی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ اختیار دیا ہے کہ آپ عمومی احکام سے جس کو چاہیں خاص فرما لیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو احکامِ شرعیہ کے صرف بیان کرنے کے لئے ہی نہیں بلکہ احکام شرعیہ کا واضع اور شارع بنا کر بھیجا ہے۔

احادیث مبارکہ سے بھرپور دلائل پیش کرنے کے بعد شارح نے علامہ عبدالوہاب شعرانی، علامہ نووی شافعی، علامہ وشتانی مالکی، علامہ سنوسی مالکی، حافظ ابن حجر عسقلانی، علامہ علی قاری حنفی، قاضی شوکانی (غیر مقلد)، نواب صدیق حسن بھوپالی (غیر مقلد) کے حوالہ سے بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیارات کو ثابت کیا ہے اور آخر میں لکھا ہے کہ:

ان تمام علماء کی عبارات سے معلوم ہو گیا کہ اہل اسلام کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منصب صرف پیغام رسانی اور صرف

Marfat.com

احکامِ شریعت کا بیان کرنا نہیں ہے' بلکہ اس کے ساتھ ساتھ احکامِ شرعیہ کو مقرر کرنا' تحلیل اور تحریم اور عمومات شرعیہ میں احکام اور افراد کی تخصیص کرنا بھی منصب نبوت میں داخل ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۷۸۷)

نبی اکرم ﷺ کا یوم میلاد منانے کی تحقیق

میلاد النبی ﷺ کا مسئلہ جو کہ بدقسمتی سے ہمارے اور مخالفین کے درمیان زیادہ ہی نزاعی صورت اختیار کر چکا ہے' اس پر بھی شارح صحیح مسلم نے مفصل تحقیق اور مدلّل بحث رقم فرمائی ہے۔ صحیح مسلم کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پیر کے روزے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

ذاك يوم ولدت فيه وانزل علي فيه. اسی دن میری ولادت ہوئی اور اسی روز مجھ پر وحی نازل ہوئی۔ (صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۶۸)

اس حدیث کے تحت شارح نے میلاد النبی ﷺ کے مسئلہ پر تمام جہات اور تمام گوشوں کو بہت سہل انداز میں دلائل کے ساتھ واضح کیا ہے۔ اسلوب تحقیق یہ ہے کہ سب سے پہلے یوم میلاد النبی ﷺ کی خوشی اور محافل میلاد کی شرعی حیثیت واضح کی ہے۔ بعد ازاں قرآن حکیم' کتب احادیث' ان کی شروح' کتب سیرت و تاریخ حتیٰ کہ مخالفین کی کتب سے میلاد النبی ﷺ کا جواز اور استحسان ثابت کیا ہے۔ پھر میلاد النبی ﷺ پر علامہ حلبی شافعی' علامہ شامی' علامہ علی قاری' حاجی امداد اللہ مہاجر مکی اور اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری حنفی رضی اللہ عنہم کا نظریہ اور دلائل نقل کیے گئے ہیں۔ آخر میں شیخ رشید احمد گنگوہی اور نواب صدیق حسن بھوپالی کا رد اور محفل میلاد کی ابتداء پر بحث کی گئی ہے۔ میرے شمار کے مطابق اس مسئلہ میں ۳۰ ماخذ کی روشنی میں گفتگو کی گئی ہے اور یہ بحث ۲۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۱۶۹)

انبیاء و اولیاء سے توسل و استمداد اور ندائے یا رسول اللہ کی تحقیق

انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء عظام سے توسل اور استمداد و استعانت بھی ہمارے اور مخالفین کے درمیان ایک اختلافی اور نزاعی مسئلہ ہے۔ شارح صحیح مسلم نے اس مسئلہ پر بھی بہت محققانہ گفتگو فرمائی ہے اور قوی ترین دلائل کی روشنی میں ثابت کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ اور اولیاء کرام سے توسل اور استمداد و استعانت جائز اور درست ہے۔

اسلوبِ تحقیق کے بیان سے قبل اس مسئلہ میں شارح کا موقف واضح کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ شارح کے نزدیک افضل' اولیٰ اور تقاضائے عبودیت یہی ہے کہ ہر معاملہ میں اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کی جائے' اسی سے سوال کیا جائے' اسی سے دعا کی جائے' ہاں انبیاء علیہم السلام' بزرگانِ دین اور حضور سید المرسلین محمد مصطفیٰ (علیہ التحیۃ والثناء) کے وسیلہ جلیلہ سے دعا مانگنا اقرب الی الاجابۃ (قبولیت کے زیادہ قریب) ہے۔ شارح کی دلیل اپنے موقف پر یہ حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا:

اذا سئلت فاسئل الله واذا استعنت فاستعن بالله. جب تم سوال کرو تو اللہ تعالیٰ سے سوال کرو اور جب تم مدد طلب کرو تو اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرو۔ (جامع ترمذی ص ۳۶۱)

اس حدیث کی بناء پر شارح کے نزدیک اولیٰ اور بہتر یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ سے سوال کیا جائے اور اسی سے مدد طلب کی جائے۔ اگرچہ غیر اللہ سے مدد طلب کرنا بھی شرعاً جائز اور درست ہے۔ یہی موقف علامہ عبد الحکیم شرف قادری مدظلہ العالی کا بھی ہے۔ چنانچہ شارح نے اپنی تائید میں ان کی عبارت بھی نقل کی ہے' لکھتے ہیں:

Marfat.com

ہمارے فاضل معاصر علامہ محمد عبدالحکیم صاحب شرف لکھتے ہیں:

البتہ یہ ظاہر ہے کہ جب حقیقی حاجت روا' مشکل کشا اور کارساز اللہ تعالیٰ کی ذات ہے تو احسن اور اولیٰ یہی ہے کہ اسی سے مانگا جائے اور اسی سے درخواست کی جائے اور انبیاء و اولیاء کا وسیلہ اس کی بارگاہ میں پیش کیا جائے' کیونکہ حقیقت' حقیقت ہے اور مجاز' مجاز ہے' یا بارگاہِ انبیاء و اولیاء سے درخواست کی جائے کہ آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کریں کہ ہماری مشکلیں آسان فرما دے اور حاجتیں برلائے۔ اس طرح کسی کو غلط فہمی بھی پیدا نہیں ہوگی اور اختلافات کی خلیج بھی زیادہ وسیع نہیں ہوگی۔

(ندائے یارسول اللہ ﷺ ص ۱۲)

شارح کے موقف کی وضاحت کے بعد زیر بحث مسئلہ پر شارح کا اسلوب تحقیق یہ ہے کہ سب سے پہلے مستند لغات کی روشنی میں وسیلہ کا معنی بیان کیا ہے' پھر انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام کی ذوات سے توسل کے متعلق امام محمد ابن جذری' علامہ علی قاری' شیخ ابن تیمیہ اور قاضی شوکانی کی عبارات پیش کی ہیں' اس کے بعد واضح کیا ہے کہ "سیدنا آدم علیہ السلام نے بھی نبی اکرم ﷺ کے وسیلہ سے دعا کی' خود نبی اکرم ﷺ نے اپنے وسیلہ سے دعا فرمائی اور آپ ﷺ نے اپنے اور دیگر سائلین کے وسیلہ سے دعا کرنے کی ترغیب فرمائی"۔ اس کے بعد یہ واضح کیا کہ "سیدنا عمر فاروق اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہما کے زمانۂ خلافت میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے قحط سالی کے خاتمہ کے لئے رسول اللہ ﷺ سے دعا کرنے کی درخواست کی"۔ بعد ازاں توسل بعد از وصال کے متعلق علامہ سید محمود آلوسی حنفی' شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی' غیر مقلد عالم شیخ وحید الزماں اور قاضی شوکانی کا نظریہ اور ان کی مکمل عبارات پیش کی ہیں۔ درمیان میں توسل بعد از وصال پر ابن تیمیہ کے اعتراضات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا ہے۔ توسل پر بحث کرنے کے بعد ساتھ ہی استمداد و استعانت پر احادیث مبارکہ اور فقہائے اسلام کے نظریات بھی بیان کیے ہیں اور اس کے متصل ندائے یا محمد ﷺ کے مسئلہ کو بھی واضح کیا گیا ہے اور خود علماء دیوبند (شیخ رشید احمد گنگوہی' شیخ محمود الحسن' شیخ سرفراز گکھڑوی اور شیخ تھانوی) کی عبارات سے ندائے یارسول اللہ ﷺ اور توسل کا جواز ثابت کیا ہے۔

اس پوری بحث کے درمیان میں شارح نے اس حقیقت کو بھی بے نقاب کیا ہے کہ جس حدیث میں نبی اکرم ﷺ نے ایک نابینا شخص کو یہ دعا تعلیم فرمائی تھی کہ تم اچھی طرح وضوء کر کے دو رکعت ادا کرنے کے بعد یہ دعا کرنا:

اللھم انی اسالك و اتوجه اليك بمحمد نبی الرحمة يا محمد انی قد توجهت بك الی ربی فی حاجتی هذه لتقضی اللهم فشفعه فی.

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور محمد نبی رحمت ﷺ کے وسیلہ سے تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ اے محمد (ﷺ) میں آپ کے وسیلہ سے اس حاجت میں اپنے رب کی طرف متوجہ ہوا ہوں تا کہ میری یہ حاجت پوری ہو۔ اے اللہ نبی ﷺ کو میرے لئے شفاعت کرنے والا بنا دے۔

اس میں یا محمد کے الفاظ ہیں جو کہ خود نبی ﷺ نے تعلیم فرمائے اور یہ حدیث ترمذی اور دیگر کتب حدیث میں ہے۔ (جامع ترمذی ص ۵۱۵' سنن ابن ماجہ ص ۹۹' مسند احمد ج ۴ ص ۱۳۸' مستدرک ج ۱ ص ۵۱۹ (بحوالہ شرح صحیح مسلم) لیکن نور محمد کارخانہ تجارت کتب اور مطبع مجتبائی والوں نے اس حدیث سے "یا محمد" کے الفاظ نکال دیئے ہیں' حالانکہ ابن تیمیہ' قاضی شوکانی' امام نووی اور امام محمد ابن جذری وغیرہم نے اس حدیث کو امام ترمذی کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور اس میں "یا محمد" کے الفاظ موجود ہیں۔ یقیناً یہ مطبع مجتبائی اور نور محمد کارخانہ تجارت کتب کی بدترین خیانت اور بددیانتی ہے۔

Marfat.com

بہر کیف مذکورہ تمام مسائل (توسل' استمداد و استعانت اور ندائے غیر اللہ) کو شارح نے بہت ہی تفصیل سے بیان کیا ہے اور میرے شمار کے مطابق ان تمام مسائل پر کم و بیش ۴۵ ماخذ کی روشنی میں بحث کی ہے۔ نیز یہ تفصیلی بحث ۳۳ صفحات پر مشتمل ہے۔

(شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۵۵)

شرح صحیح مسلم اور دیگر مسالک کا مہذّب رد

شروع میں عرض کر چکا ہوں کہ شرح صحیح مسلم میں متعدد مقامات پر مخالفین اہلسنت کا رد کیا گیا ہے۔ اور دلائل کے ساتھ ان کی مختلف عبارات پر گرفت کی گئی ہے۔ نیز تردید میں بھرپور شائستگی اور تہذیب کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔ ذیل میں اس سلسلے کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

اولیاء اللہ کے مزارات کے ساتھ مسجد بنانے پر سید مودودی کے اعتراضات اور شارح کے جوابات

قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا○ (الکہف:۲۱)

وہ لوگ جو اپنے کام پر غالب تھے انہوں نے کہا ہم تو ضرور ان (غار والوں) پر ایک مسجد بنائیں گے ○

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے تفہیم القرآن میں سید مودودی نے قبور صالحین کے جواز میں مسجد کی تعمیر کو سختی سے منع کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: ''الذین غلبوا علی امرھم لنتخذن علیھم مسجدا''. سے مراد وہی لوگ ہیں جو سچے پیروانِ مسیح کے مقابلہ میں عیسائی عوام کے رہنما اور سربراہِ کار بنے ہوئے تھے اور مذہبی و سیاسی امور کی باگیں جن کے ہاتھوں میں تھیں' یہی لوگ دراصل شرک کے علم بردار تھے اور انہوں نے ہی فیصلہ کیا کہ اصحابِ کہف کا مقبرہ بنا کر اس کو عبادت گاہ بنایا جائے۔

مسلمانوں میں سے بعض لوگوں نے قرآن مجید کی اس آیت کا بالکل الٹا مفہوم لیا ہے۔ وہ اسے دلیل ٹھہرا کر مقابرِ صلحاء پر عمارتیں اور مسجدیں بنانے کو جائز قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ یہاں قرآن ان کی اس گمراہی کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ جو نشانی ان ظالموں کو بعث بعد الموت اور امکانِ آخرت کا یقین دلانے کے لیے دکھائی گئی تھی اسے انہوں نے ارتکابِ شرک کے لیے ایک خداداد موقع سمجھا اور خیال کیا کہ چلو' کچھ اور ولی پوجا پاٹ کے لیے ہاتھ آ گئے۔ پھر آخر اس آیت سے قبورِ صالحین پر مسجدیں بنانے کے لیے کیسے استدلال کیا جا سکتا ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ ارشادات اس کی نہی میں موجود ہیں:

لعن اللہ تعالی زائرات القبور والمتخذین علیھا المساجد والسرج.

اللہ نے لعنت فرمائی ہے قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر اور قبروں پر مسجدیں بنانے اور چراغ روشن کرنے والوں پر۔

(احمد' ترمذی' ابوداؤد' نسائی۔ ابن ماجہ)

الاوان من کان قبلکم کانوا یتخذون قبورا نبیاء ھم مساجد فانی انھکم عن ذلك. (مسلم)

خبردار رہو' تم سے پہلے لوگ اپنے انبیاء کی قبروں کو عبادت گاہ بنا لیتے تھے' میں تمہیں اس حرکت سے منع کرتا ہوں۔

لعن اللہ تعالٰی الیھود والنصاری اتخذوا قبور انبیاء ھم مساجد. (احمد' بخاری' مسلم' نسائی)

اللہ نے لعنت فرمائی یہود اور نصاری پر' انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو عبادت گاہ بنا لیا۔

ان اولئك اذا کان فیھم الرجل الصالح فمات

ان لوگوں کا حال یہ تھا کہ اگر ان میں کوئی مرد صالح ہوتا تو

بنوا علی قبره مسجدا و صور وافیه تلك الصور اولئك شرار الخلق یوم القیمة. (احمد' بخاری' مسلم' نسائی)

اس کے مرنے کے بعد اس کی قبر پر مسجدیں بناتے اور اس کی تصویریں تیار کرتے تھے۔ یہ قیامت کے روز بدترین مخلوقات ہوں گے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان تصریحات کی موجودگی میں کون خدا ترس آدمی یہ جرأت کر سکتا ہے کہ قرآن مجید میں عیسائی پادریوں اور رومی حکمرانوں کے جس گمراہانہ فعل کا حکایۃً ذکر کیا گیا ہے اس کو ٹھیک وہی فعل کرنے کے لیے دلیل و حجت ٹھہرائے؟

(تفہیم القرآن ج ۳ ص ۱۸)

شارح صحیح مسلم' اس مسئلہ پر سید مودودی کی گرفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''سید مودودی صاحب کے دلائل کی تین بنیادیں ہیں۔ اول اصحاب کہف کی یاد میں ان کے غار کے پاس مسجد بنانے والے سچے پیروانِ مسیح کے مقابلہ میں مشرکانہ پوجا پاٹ کے رسیا عوامی رہنما تھے' ثانی قرآن کریم نے اس فعل کو گمراہی قرار دیا' ثالث احادیث میں اس فعل سے منع کیا گیا ہے''۔

اس کے بعد شارح نے بالترتیب تینوں بنیادوں کا مدلل انداز میں رد کیا ہے۔ چنانچہ پہلی بنیاد کو تفسیر کبیر' تفسیر ابوالسعود اور روح المعانی کی عبارات سے رد کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

''مستند مفسرین کی ان عبارات سے واضح ہو گیا کہ: ''الذین غلبوا علی امرهم لنتخذن علیهم مسجدا''. کی تفسیر میں مودودی صاحب نے بغیر حوالوں کے جو کچھ لکھا ہے' وہ ان کی خیال آفرینی ہے' خود ساختہ اور طبع زاد تفسیر ہے اور غلط تفسیر ہے''۔

سید مودودی کی دوسری بنیاد کا آیۂ کریمہ: ''الذین غلبوا علی امرهم'' کے پس منظر کی روشنی میں مختصراً رد کرنے کے بعد تیسری بنیاد کا مفصل رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

مودودی صاحب کی فکر کی تیسری بنیاد یہ ہے کہ احادیث میں ہے: اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ پر لعنت فرمائے' انہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجد (سجدہ گاہ) بنالیا۔ (مسلم ج ۱ ص ۲۰۱)

ٹھیک ہے' ہم بھی کہتے ہیں کہ قبروں کو عبادۃً سجدہ کرنا شرک اور تعظیماً سجدہ کرنا حرام ہے' قبر کا طواف کرنا حرام ہے' اس کے سامنے جھکنا حرام ہے' قبر کو چومنا مکروہ ہے۔ اس کی تفصیل دیکھنے کے لیے فاضل بریلوی متوفی ۱۳۴۰ھ کا رسالہ الزبدۃ الزکیہ اور فتاوی رضویہ ج ۴' کتاب الجنائز کا مطالعہ کافی مفید ہے۔

لیکن حدیث شریف میں قبروں کو سجدہ کرنے کی ممانعت ہے اس سے یہ کب لازم آتا ہے کہ صالحین کی قبروں کے جوار میں ان سے خیر و برکت حاصل کرنے کے لیے مسجد نہیں بنانی چاہیے۔

کعبہ سے بڑی دنیا میں کوئی مسجد نہیں ہے اور اس کے جوار میں حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ کی قبریں ہیں۔ محمد جار اللہ متوفی ۹۵۰ھ لکھتے ہیں:

ومن فضائل الحجر ان فیه قبر اسماعیل و امه هاجر. (الجامع اللطیف ص ۸۹)

حطیم کعبہ کے فضائل میں سے یہ ہے کہ اس میں حضرت اسماعیل اور ان کی والدہ کی قبریں ہیں۔

کعبہ کے بعد سب سے بڑی مسجد' مسجد نبوی ہے اور اس کے جوار میں روضۂ انور ہے۔ علاوہ ازیں مستند فقہاء اسلام نے صالحین کے جوار میں مسجد بنانے کو جائز قرار دیا ہے۔

Marfat.com

اس کے بعد شارح نے علامہ شہاب الدین خفاجی' علامہ ابن حجر عسقلانی' علامہ قسطلانی' علامہ علی قاری' شیخ انور شاہ کشمیری' شیخ شبیر احمد عثمانی' علامہ وشتانی مالکی اور علامہ سنوسی مالکی کے حوالہ سے قبور صالحین کے جوار میں تعمیر مسجد کا جواز ثابت کیا ہے اور مکمل حوالہ جات کے ساتھ شیخ مودودی کی تیسری بنیاد کا رد کیا ہے۔ آخر میں شارح لکھتے ہیں:

اس تحقیق و تفصیل سے ظاہر ہو گیا کہ مودودی صاحب نے جو کچھ لکھا ہے وہ امام رازی' علامہ ابوالسعود' علامہ آلوسی' علامہ ابن حجر عسقلانی' علامہ احمد قسطلانی' علامہ وشتانی' علامہ سنوسی' ملا علی قاری' شیخ عبدالحق' شیخ انور شاہ کاشمیری' شیخ شبیر احمد عثمانی کی تصریحات کے خلاف لکھا ہے اور تفہیم القرآن میں انہوں نے امت مسلمہ کو جو راستہ دکھلایا ہے وہ اکابرِ اسلام' اسلافِ امت حتیٰ کہ اکابر دیوبند کے بھی خلاف ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۸۲)

نوحہ کی اجازت کی تاویل میں شیخ عثمانی کا نبی ﷺ کی طرف کفر کی نسبت کرنا اور شارح کا اس پر رد

میت پر نوحہ کرنے سے متعلق صحیح مسلم کی روایت پیچھے گذر چکی کہ جب رسول اللہ ﷺ نے عورتوں کو نوحہ نہ کرنے پر بیعت لی' تو حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ میں نوحہ نہیں کروں گی' لیکن زمانہ جاہلیت میں فلاں قبیلہ والوں نے میرے ساتھ نوحہ کرنے میں معاونت کی تھی' اس لیے ان کی میت پر نوحہ میں تعاون کرنے کی مجھے اجازت دے دیں' تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں اجازت دے دی۔

اس حدیث سے واضح طور پر نبی اکرم ﷺ کے اختیارات ثابت ہوتے ہیں' لیکن مخالفین اس حدیث میں تاویل کرتے ہیں۔ چنانچہ شیخ شبیر احمد عثمانی نے بھی اس حدیث میں تاویل کا سہارا لیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

والاحسن عندی ان یقال انه علیه الصلوة و السلام علم انما لابد ان تفعل النیاحة علی ال فلان وانما بقی التخییر فی الترتیب ای ان یبایعها علی الاسلام قبل النیاحة او یعکس الامر فیجوز لها تقدیم النیاحة علی المبایعة لا باحة فعلها بل لاحتمال اخف الضررین واختیار اهون البلیتین و تفریغ قلبها عن دواعی الجاهلیة حتی تبایع علی الاسلام بکلیتها. (فتح الملہم ج ۲ ص ۴۸۳)

میرے نزدیک بہترین بات یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ معلوم تھا کہ فلاں خاندان پر نوحہ ضرور کیا جائے گا اور صرف ترتیب میں اختیار باقی رکھا گیا یعنی کیا ام عطیہ کے نوحہ کرنے سے پہلے ان سے اسلام پر بیعت لی جائے یا بالعکس معاملہ کیا جائے؟ آپ نے ام عطیہ کی بیعت اسلام پر ان کے نوحہ کرنے کو مقدم رکھا اس وجہ سے نہیں کہ نوحہ کا فعل جائز تھا بلکہ اس لیے کہ ایمان لانے سے پہلے نوحہ کرنے کا ضرر ایمان لانے کے بعد نوحہ کرنے کے ضرر سے خفیف اور کم ہے' اس لیے آپ نے کم درجہ کی مصیبت کو اختیار کیا تاکہ ان کا دل جاہلیت کے کاموں سے بالکل خالی ہو جائے' اس کے بعد وہ اسلام کی مکمل طور پر بیعت کریں۔

شیخ شبیر احمد عثمانی کی اس عبارت پر شارح گرفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

شیخ عثمانی کی بیان کردہ یہ توجیہ اصول اسلام کے خلاف ہے' کیونکہ کفر سے بڑی کوئی مصیبت ہے نہ ضرر' اور کفر کے مقابلہ میں نوحہ کرنا یقیناً بہت خفیف اور ہلکا ہے اور جب آپ نے ام عطیہ رضی اللہ عنہا کو اس کی اجازت دے دی تو نوحہ کرنا سرے سے معصیت ہی نہ رہا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ کفر پر راضی ہونا اور کفر کو پسند کرنا بھی کفر ہے۔ خواہ ایک لمحہ کے لیے ہو۔ (خط کشیدہ عبارت پر مختلف عبارات

Marfat.com

پیش کرنے کے بعد لکھتے ہیں:) شیخ عثمانی کی مزعوم "زیادہ حسین توجیہ" اصول اسلام کی روشنی میں درحقیقت رسول اللہ ﷺ کی طرف کفر کی نسبت ہے' العیاذ باللہ! ہم ایسے تعصب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں جس کی بناء پر کوئی شخص کسی ایسی قبیح تاویل کا شکار ہو' جس کا مآل اور وبال رسول اللہ ﷺ کی طرف کفر کی نسبت ہو۔ العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۷۸۸)

حدود کے کفارہ ہونے نہ ہونے میں علماء دیوبند (شیخ کشمیری' شیخ محمود الحسن اور شیخ تقی عثمانی)۔۔۔۔۔۔ کا نظریہ اور شارح کا اس پر ردّ و تبصرہ

حدود کفارہ ہوتی ہیں یا نہیں؟ اس سلسلہ میں فقہ حنفی کی تقریباً تمام مستند کتب میں یہ صراحت موجود ہے کہ فقہائے احناف کے نزدیک حدود کفارہ نہیں ہوتیں۔ اس کے باوجود شیخ انور شاہ کشمیری نے فیض الباری میں لکھا ہے کہ مجھ پر ابھی تک واضح نہیں ہوا کہ اس میں احناف کا مذہب کیا ہے؟ (فیض الباری ج ۱ ص ۸۶' مطبوعہ مطبع حجازی مصر)

شیخ کشمیری کی تائید کرتے ہوئے شیخ تقی عثمانی نے بھی فتح الملہم کے تکملہ میں لکھ دیا کہ:

مشہور تو یہی ہے کہ فقہائے احناف کے نزدیک حدود کفارہ نہیں ہوتیں' لیکن ہمارے شیخ المشائخ انور شاہ کشمیری نے فیض الباری میں اس کو رد کیا ہے اور کہا ہے کہ احناف کی طرف یہ نسبت تسامح پر مبنی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام طحاوی نے اس مسئلہ میں کسی اختلاف کا ذکر نہیں کیا۔ (تکملہ فتح الملہم ج ۲ ص ۵۱۷' مطبوعہ مکتبہ دارالعلوم کراچی)

ان دونوں سے زیادہ حیران کن گفتگو شیخ محمود الحسن دیوبندی کی ہے۔ انہوں نے تو مسئلہ ہی لپیٹ دیا ہے۔ اور سیدنا امام اعظم رضی اللہ عنہ کے موقف کو رد کرتے ہوئے یہاں تک لکھ دیا کہ:

احناف نے کہا ہے کہ حق یہ ہے کہ حدود کفارہ ہوتی ہیں۔ اگرچہ ہمارے امام نے یہ کہا ہے کہ حدود کفارہ نہیں ہوتیں اور جس حدیث میں یہ ہے کہ مجھے پتا نہیں کہ حدود کفارہ ہے کہ نہیں' اس سے امام ابوحنیفہ کا استدلال کرنا صحیح نہیں ہے۔

(تقریرات ترمذی مع جامع ترمذی ص ۶۵۸)

شارح صحیح مسلم نے بالترتیب (شیخ کشمیری' شیخ عثمانی اور شیخ محمود الحسن) کی مذکورہ عبارات پر زبردست اور دلچسپ گرفت فرمائی ہے۔ لکھتے ہیں:

علامہ ابوبکر جصاص' علامہ آلوسی اور علامہ زین الدین ابن نجیم' علامہ کمال الدین ابن ہمام' علامہ جلال الدین خوارزمی علامہ زیلعی' علامہ شرنبلالی' علامہ ابوسعود' علامہ حصکفی' علامہ شامی' علامہ شبلی اور فتاویٰ عالمگیری کے حوالوں سے ہم بیان کر چکے ہیں کہ فقہاء احناف کے نزدیک حدود کفارہ نہیں ہوتیں اور ہمیں اس پر سخت حیرت ہے کہ فقہاء احناف کی اس قدر کثیر اور واضح تصریحات کے باوجود شیخ انور شاہ کشمیری نے لکھا ہے کہ حدود کے کفارہ ہونے یا نہ ہونے کے متعلق فقہاء احناف کا موقف مجھ پر اب تک منکشف نہیں ہوا' لکھتے ہیں:

ولم يتحقق عندى ما مذهب الحنفية بعد. مجھ پر ابھی تک یہ واضح نہیں ہوا کہ اس میں حنفیہ کا کیا مذہب ہے۔

شیخ انور شاہ کشمیری کو یہ اشکال لاحق ہوا ہے کہ علامہ عینی نے اس مسئلہ پر کوئی گفتگو نہیں کی' اور امام طحاوی نے بھی اس مسئلہ پر کوئی بحث نہیں کی اور علامہ کاسانی نے بدائع الصنائع میں لکھا ہے کہ حدود کفارہ ہوتی ہیں۔ (فیض الباری ج ۱ ص ۸۶)

ہر چند کہ امام طحاوی اور علامہ عینی نے اس مسئلہ پر بحث نہیں کی تاہم اور اکابر حنفیہ نے تو تصریح کی ہے کہ فقہاء احناف کے

Marfat.com

نزدیک حدود کفارہ نہیں ہوتیں' اس لیے اس مسئلہ میں تردد کی کوئی وجہ نہیں ہے' رہا یہ کہ علامہ کاسانی نے لکھا ہے کہ حدود کفارہ ہوتی ہیں تو اس میں وہی تاویل کی جائے گی جو حدیث شریف میں تاویل کی گئی ہے یعنی جب حد جاری ہوتے وقت توبہ کر لی تو حد کفارہ ہو جائے گی' تاکہ علامہ کاسانی کی عبارات دیگر اکابر احناف کے معارض نہ ہو اور نہ قرآن مجید کے خلاف ہو۔

شیخ تقی عثمانی نے بھی تمام اکابر احناف کو رد کر کے شیخ انور شاہ کشمیری کی تائید کی ہے۔ (تکملہ فتح الملہم ج ۲ ص ۵۱۷)

شیخ عثمانی اور شیخ کشمیری نے صرف یہ دیکھ کر کہ امام طحاوی نے اس مسئلہ میں اختلاف کا ذکر نہیں کیا یا علامہ عینی نے اس مسئلہ پر بحث نہیں کی نجانے کیوں اس حقیقت کو فراموش کر دیا کہ فقہ حنفی کی تمام معتبر اور مستند کتابوں میں یہ لکھا ہے کہ ہمارے نزدیک حدود کفارہ نہیں ہیں' نیز صریح قرآن میں ہے کہ اگر ڈاکوؤں نے توبہ نہیں کی تو حد جاری ہونے کے بعد بھی ان کو آخرت میں عذاب ہوگا' اور علامہ ابن ہمام اور علامہ ابن نجیم نے کہا ہے کہ قرآن مجید کی آیت قطعیہ کا یہ حکم ہے کہ بغیر توبہ کے حدود کفارہ نہیں ہیں اور حدیث میں ہے کہ حدود کفارہ ہیں اور حدیث ظنی ہے پس ظنی کو قطعی کے تابع کرنا چاہیے نہ کہ اس کے برعکس قطعی یعنی قرآن کو حدیث کے تابع کیا جائے۔ اس لیے حدیث میں یہ تاویل کی جائے کہ اگر توبہ کر لی جائے تو حدود کفارہ ہوں گی ورنہ نہیں۔ اور یہ بالکل معقول بات ہے اور امام اعظم ابوحنیفہ کے اصول کے مطابق ہے اور تمام اکابر احناف نے اسی کو لکھا ہے اگر علامہ عینی یا امام طحاوی نے یہ مسئلہ نہیں لکھا تو کیا فرق پڑتا ہے انہوں نے اس کے خلاف تو نہیں لکھا اگر وہ خلاف بھی لکھتے تو اس کو رد کر دیا جاتا پھر سخت حیرت ہے کہ جو بات قرآن مجید کے مطابق ہے' امام اعظم کے اصول کے موافق اور جمہور اکابر احناف کی تصریح ہے اس کو مبنی بر مسامحہ اور مردود قرار دیا جائے۔!

شیخ محمود الحسن دیوبندی نے اس مسئلہ پر جو گفتگو کی ہے وہ شیخ انور شاہ کشمیری کی عبارت سے بھی زیادہ حیرت ناک ہے انہوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک حدود کفارہ نہیں ہیں لیکن ان کے نزدیک چونکہ امام ابوحنیفہ کا یہ قول حدیث کے خلاف ہے' اس لیے انہوں نے امام ابوحنیفہ کے قول کو رد کیا ہے۔ (تقریرات ترمذی مع جامع ترمذی ص ۶۵۸)

ہائے میرے خدا! ان حضرات نے اس مسئلہ میں فقہ حنفی کی کتابوں کو کیوں نہیں دیکھا جن میں وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ امام ابوحنیفہ کا نظریہ قرآن مجید کی آیت محاربہ (المائدہ: ۳۴۔ ۳۳) پر مبنی ہے نہ کہ حضرت ابوہریرہ کی روایت پر' اور اس حدیث کو فقہاء احناف نے قرآن مجید کے موافق کر کے اقتران بالتوبہ پر محمول کیا ہے۔ امام ابوحنیفہ کا قول حدیث کے خلاف ہے نہ فقہاء احناف کے اقوال مسامحہ پر مبنی ہیں۔ اللہ تعالیٰ امام ابوحنیفہ پر رحمتیں نازل فرمائے وہ پہلے قرآن مجید سے حکم حاصل کرتے ہیں اور اگر کوئی حدیث بظاہر قرآن مجید کے خلاف ہو تو حدیث میں تاویل کر کے اس کو قرآن مجید کے موافق کرتے ہیں اور اگر اقوال صحابہ بظاہر حدیث کے خلاف ہوں تو ان اقوال میں تاویل کر کے ان کو حدیث کے موافق کرتے ہیں۔ (شرح صحیح مسلم ج ۴ ص ۸۷۸)

قیامت کے دن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصیحابی فرمانے سے شیخ تھانوی اور شیخ عثمانی کا علم رسالت کی نفی کرنا۔۔۔

اور شارح کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کو ثابت کرنا

صحیح مسلم کی حدیث میں ہے کہ جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد مرتد ہو گئے تھے' وہ جب حوض کوثر پر آئیں گے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے: یہ میرے صحابہ ہیں۔ آپ سے کہا جائے گا: آپ نہیں جانتے' یہ لوگ آپ کے بعد مرتد ہو گئے تھے (زیادہ تر احادیث میں یہ الفاظ ہیں کہ:

انك لا تدری ما احد ثوا بعدك. آپ نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ کے بعد دین میں کیا بدعات نکالیں۔

Marfat.com

تب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے:

سحقا سحقا. (صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۴۹) انہیں دور لے جاؤ' انہیں دور لے جاؤ!

اس حدیث کو بنیاد بنا کر مخالفین یہ استدلال کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ علم نہیں تھا کہ صحابہ میں سے کون اسلام پر قائم رہا اور کون بعد میں مرتد ہو گیا اور یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 'قیامت تک کے تمام لوگوں کے اسلام اور کفر کا حال نہیں جانتے تھے۔

شارح صحیح مسلم نے اس استدلال کا تفصیل سے رد کیا ہے اور حدیث مذکور کے تحت فتح الملہم میں شیخ شبیر احمد عثمانی نے جو تقریر کی ہے' اس پر بھی گرفت فرمائی ہے اور آخر میں شیخ تھانوی کا بھی بلیغ انداز میں رد فرمایا ہے۔ لکھتے ہیں:

شیخ تھانوی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم غیب کی نفی ثابت کرنے کے بیان میں لکھتے ہیں:

حدیث شریف میں ہے کہ بعض امتوں کی نسبت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا جائے گا:

انك لا تدری ما احد ثوا بعدك. آپ نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ کے بعد دین میں کیا بدعات نکالیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ قیامت کے بعض ازمنہ تک بھی کہ آخر عمر سے بہت متاخر ہے آپ پر بعض کو نیات ظاہر نہیں ہوئے نہ بالذات نہ بالعطاء۔ (بسط البنان مع حفظ الایمان ص ۱۷)

تھانوی صاحب کی تصریح کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان لوگوں کے کفر اور ارتداد کا علم نہیں تھا' حالانکہ قرآن مجید کے مطابق میدان حشر میں کافروں اور مرتدوں کی علامات ہر شخص پر عیاں اور بیاں ہوں گی' ان کے چہرے کالے اور غبار آلود ہوں گے' آنکھیں پتھرائی ہوئی نیلگوں ہوں گی اور وہ زنجیروں سے جکڑے ہوئے ہوں گے' اور ان کی علامات کی وجہ سے ان کی پہچان کا تعلق علم غیب کی بجائے علم شہادت سے ہوگا' اور میدان حشر میں موجود ہر شخص جان لے گا کہ کافر کون ہے اور مسلمان کون ہے' کس قدر حیرت کی بات ہے کہ علم رسالت کے انکار میں یہ لوگ اس قدر جری ہو گئے کہ علم غیب تو الگ رہا اب یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم شہادت کی بھی نفی کرنے لگے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۷۵۲)

شیخ گنگوہی کا سالگرہ منانے کو جائز اور یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منانے کو ناجائز کہنا اور شارح کا اس پر رد

اہل سنت و جماعت کے نزدیک میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منانا بھی جائز ہے اور کسی کا یا اپنی سالگرہ کرنا بھی جائز ہے' کیونکہ سالگرہ منانے میں نعمت کا شکر ادا کرنا ہے اور میلاد منانے میں نعمتوں کی نعمت پر شکر بجالانا ہے۔ شیخ رشید احمد گنگوہی کے نزدیک سالگرہ منانا تو جائز ہے' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا میلاد منانا جائز نہیں ہے۔ ذیل میں فتاویٰ رشیدیہ سے شیخ گنگوہی کے دو فتوے ملاحظہ ہوں۔

سوال: سالگرہ بچوں کی اور اس کی خوشی میں اطعام الطعام کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: سالگرہ میں یادداشت عمر اطفال کے واسطے کچھ حرج معلوم نہیں ہوتا اور بعد سال کے کھانا لوجہ اللہ تعالیٰ کھلانا بھی درست ہے۔

سوال: انعقاد مجلس میلاد بدون قیام بروایات صحیحہ درست ہے یا نہیں؟

جواب: انعقاد مجلس مولود بہر حال ناجائز ہے' تداعی امر مندوب کے واسطے منع ہے۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص ۵۵۴۔ ص ۲۴۴' بحوالہ شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۴۱۲)

شارح صحیح مسلم نے شیخ گنگوہی کے دوسرے فتوے پر پانچ وجوہ سے گرفت فرمائی ہے اور ان کی دلیل مذکور (تداعی امر مندوب کے واسطے منع ہے) کا قرآن حکیم اور فقہ کی روشنی میں مکمل رد فرمایا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

Marfat.com

شیخ گنگوہی کا یہ استدلال اس باب کی حدیث کے صریح خلاف ہے' نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نیک کام پر دعوت دینے کو اجر وثواب کا موجب قرار دیا ہے اور قیامت تک اس عمل پر کرنے والوں کے اجر کی بشارت دی ہے' اور اس پر تمام فقہاء کا اجماع ہے اور شیخ گنگوہی لکھتے ہیں کہ تداعی امر مندوب کے واسطے منع ہے' یعنی کسی مستحب اور نیک کام کی دعوت دینا منع ہے' ہوسکتا ہے کہ شیخ گنگوہی نے فقہاء کرام کی اس عبارت سے مغالطہ کھایا ہو کہ نوافل کی جماعت کے لیے تداعی مکروہ تنزیہی ہے' سو یہ استدلال بھی صحیح نہیں ہے' کیونکہ یہاں کراہت تنزیہی کی علت تداعی نہیں ہے' کیونکہ چار یا چار سے زیادہ آدمیوں کا جماعت کے ساتھ نفل پڑھنا فقہاء احناف کے نزدیک مطلقاً مکروہ تنزیہی ہے' خواہ تداعی ہو یا نہ ہو' اور اس کی وجہ یہ ہے کہ فقہاء احناف کے نزدیک جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا فرض یا واجب کے ساتھ مسنون ہے اس لیے نفل کو جماعت کے ساتھ پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے۔

علامہ شامی لکھتے ہیں:

ان الجماعة فی التطوع لیست بسنة. نوافل کو جماعت کے ساتھ پڑھنا سنت نہیں ہے۔

(ردالمحتار ج ۱ ص ۶۶۴' مطبوعہ مطبع عثمانیہ استنبول' ۱۳۲۷ھ)

شیخ گنگوہی کے استدلال کے باطل ہونے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ فقہاء احناف کے نزدیک نوافل کو جماعت کے ساتھ پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے' مکروہ تحریمی یا حرام نہیں ہے' اس لیے یہ ناجائز نہیں ہے' سو بر تقدیر تنزل بھی یہ کہنا کب صحیح ہوگا کہ انعقاد مجلس مولود بہر حال ناجائز ہے' تداعی امر مندوب کے واسطے منع ہے۔

اس استدلال کے بطلان کی تیسری وجہ یہ ہے کہ اگر کسی نیک کام کے لیے لوگوں کو دعوت دینا منع ہو تو مساجد اور دینی مدارس کے لیے چندہ کرنا' دینی جلسوں میں شرکت کے لیے لوگوں کو دعوت دینا' سیرت کے جلسوں کے اشتہار چھاپنا اور دوسرے صدہا نیک کاموں کے لیے لوگوں کو دعوت دینا' منع اور ناجائز ہوگا۔

اس استدلال کے بطلان کی چوتھی وجہ یہ ہے کہ کسی نیک کام پر دعوت دینے کو ناجائز کہنا قرآن مجید کی اس وعید کا مصداق ہے:

مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ○ (القلم:۱۲) بھلائی سے بہت روکنے والا' حد سے بڑھنے والا سخت گناہگار ○

اور اس استدلال کے بطلان کی پانچویں وجہ اس باب کی احادیث کی مخالفت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو نیک کام پر دعوت دینے کو اجر وثواب کا موجب قرار دیا اور شیخ گنگوہی نے نیک کام پر دعوت دینے کو ناجائز لکھا: فیا للاسف.

(شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۴۱۳)

میں نے زیر بحث دونوں عنوانات پر شرح صحیح مسلم سے واضح ترین مثالیں پیش کر دی ہیں' ان کی روشنی میں بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس شرح میں اہل سنت و جماعت کے عقائد و معمولات کو کس انداز سے بیان کیا گیا ہے اور دیگر مسالک کے علماء پر کس شائستگی کے ساتھ گرفت کی گئی ہے۔

اب ذیل میں' راقم شرح صحیح مسلم کے ان مقامات کا تفصیلی نقشہ پیش کرنا چاہتا ہے' جن میں دیگر مسالک کے علماء کا رد کیا گیا ہے اور ان کی کس عبارت یا دلیل یا نظریہ پر گرفت کی گئی ہے۔

شرح صحیح مسلم میں مخالفین کے رد کی تفصیلات کا مفصل نقشہ

جلد اوّل

نمبر شمار	نام	متعلقہ مسئلہ	صفحہ
۱	شیخ مودودی	نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اعلان نبوت سے پہلے نبوت سے متصف ہونا	۶۶۷
۲	شیخ تھانوی	شب معراج اجسام انبیاء کا مثالی یا اصلی ہونا	۷۴۸
۳	شیخ شبیر احمد عثمانی	قبر پر سبز شاخ اور پھول رکھنا	۹۸۶
۴	شیخ شبیر احمد عثمانی	نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرتدین کو حوض پر اصحابی کہنا	۹۰۴
۵	شیخ بدر عالم میرٹھی	قبر پر سبز شاخ اور پھول رکھنا	۹۸۶
۶	شیخ انور شاہ کشمیری	قبر پر سبز شاخ اور پھول رکھنا	۹۸۶
۷	شیخ اسماعیل دہلوی	حالت نماز میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم	۱۲۰۸
۸	شیخ اسماعیل دہلوی	نماز میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تصور مبارک	۱۳۳۰
۹	شیخ رشید احمد گنگوہی	تشہد میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قصداً اسلام عرض کرنا	۱۱۶۸
۱۰	غیر مقلدین	ٹوپی کے ساتھ نماز پڑھنا	۱۳۳۳

جلد ثانی

نمبر شمار	نام	متعلقہ مسئلہ	صفحہ
۱	شیخ رشید احمد گنگوہی	غیر مسلموں کا مسجد بنانا	۳۳
۲	مفتی محمد شفیع دیوبندی	غیر مسلموں کا مسجد بنانا	۴۰
۳	شیخ اسماعیل دہلوی	مسئلہ شفاعت	۴۰
۴	شیخ رشید احمد گنگوہی	قبور مسلمین پر مسجد بنانا	۶۵
۵	شیخ مودودی	جوار قبر میں مسجد بنانا	۸۲
۶	شیخ تھانوی	فضلات کریمہ کی طہارت	۱۴۶
۷	شیخ ابن قیم جوزی	نماز کے بعد دعا کرنا	۱۹۵

Marfat.com

۸	شیخ انور شاہ کشمیری	مسئلہ وقت ظہر	۲۳۹
۹	شیخ انور شاہ کشمیری	قنوت نازلہ	۳۲۲
۱۰	شیخ بدر عالم میرٹھی	قنوت نازلہ	۳۲۲
۱۱	شیخ شبیر احمد عثمانی	قنوت نازلہ	۳۲۲
۱۲	ڈاکٹر غلام جیلانی برق	مسئلہ روایت اصحاب بیر معونہ	۳۳۲
۱۳	شیخ عزیز الرحمٰن	مسئلہ مسافت قصر	۳۷۱
۱۴	مفتی محمد شفیع دیوبندی	مسئلہ مسافت قصر	۳۷۲
۱۵	غیر مقلدین	بیس رکعات تراویح	۵۰۲
۱۶	علماء دیوبند	اذان سے پہلے صلوٰۃ وسلام	۵۴۹
۱۷	ڈاکٹر جیلانی برق	احادیث کو ماننا	۶۰۲
۱۸	ڈاکٹر جیلانی برق	سورج کا قرنین شیطان کے درمیان طلوع وغروب	۶۱۱
۱۹	شاہ محمد جعفر پھلواری	موسیقی	۶۹۵
۲۰	شیخ انور شاہ کشمیری	علم رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر علم غیب کا اطلاق	۷۳۸
۲۱	شیخ شبیر احمد عثمانی	اختیارات مصطفیٰ	۷۸۸
۲۲	نواب صدیق حسن بھوپالی	بدعت حسنہ	۹۴۳
۲۳	شیخ مودودی	نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مسیح دجال کے متعلق علم	۱۹۰

جلد ثالث

نمبر شمار	نام	متعلقہ مسئلہ	صفحہ
۱	شیخ اسماعیل دہلوی	امتناع النظیر	۹۰
۲	شیخ رشید احمد گنگوہی	محفل میلاد مصطفیٰ	۱۸۸
۳	نواب صدیق حسن بھوپالی	محفل میلاد مصطفیٰ	۱۸۸
۴	ڈاکٹر غلام جیلانی برق	وحی خفی کی حیثیت وحجیت	۲۴۷
۵	شیخ رشید احمد گنگوہی	کوا کھانا	۳۵۶
۶	شیخ ابن تیمیہ	حج کو فسخ کر کے عمرہ کا احرام باندھنا	۴۲۴
۷	علماء دیوبند	ذاتی اور عطائی قدرت	۵۰۰

Marfat.com

۸	شیخ عبدالرحمٰن مبارکپوری	نابالغ کے حج کا حکم	۶۴۵
۹	ملا ابن بطال	نابالغ کے حج کا حکم	۶۴۵
۱۰	قاضی شوکانی	نابالغ کے حج کا حکم	۶۴۵
۱۱	شیخ انور شاہ کشمیری	زمانہ امن میں عورت کا تنہا سفر کرنا	۶۶۰
۱۲	شیخ بدر عالم میرٹھی	زمانہ امن میں عورت کا تنہا سفر کرنا	۶۶۰
۱۳	شیخ ابن تیمیہ	شیخ ابن تیمیہ کے فاسد عقائد	۷۴۶
۱۴	شیخ ابو جعفر طوسی	حرمت متعہ	۸۰۵
۱۵	شیخ مودودی	بیک وقت تین طلاقیں	۱۰۲۱
۱۶	شیخ ابن تیمیہ	بیک وقت تین طلاقیں	۱۰۲۴
۱۷	شیخ ابن قیم جوزی	بیک وقت تین طلاقیں	۱۰۲۴
۱۸	شیخ مودودی	رسول اللہ کا شہد سے امتناع	۱۰۵۵
۱۹	شیخ تقی عثمانی	مطلقہ ثلاثہ کے لیے نفقہ و سکنیٰ کا حکم	۱۰۸۹
۲۰	شیخ تھانوی	مفقود الخبر کی بیوی کا حکم	۱۱۰۸

جلد رابع

نمبر شمار	نام	متعلقہ مسئلہ	صفحہ
۱	شیخ مزمل حسین (مفتی بنوری ٹاؤن)	انعامی بانڈز	۱۱۷
۲	شیخ مودودی	انعامی بانڈز	۱۲۰
۳	شیخ محمد تقی عثمانی	ہنڈی کی بیع	۱۶۶
۴	شیخ محمد قاسم نانوتوی	مسئلہ ختم نبوت	۴۵۱
۵	اہل تشیع	وراثت رسول اکرم	۵۲۱
۶	شیخ محمد تقی عثمانی	نذر معصیت	۵۴۸
۷	شیخ کاشمیری	نذر معصیت	۵۵۰
۸	شیخ محمد تقی عثمانی	قسم میں تاویل اور توریہ	۵۸۷
۹	شیخ مودودی	سیدنا سلیمان علیہ السلام کے متعلق ایک حدیث	۵۹۰
۱۰	قاضی شوکانی	عورت کی دیت	۷۲۱

Marfat.com

۱۱	شیخ انور شاہ کشمیری	حدود کا کفارہ نہ ہونا	۸۷۸
۱۲	شیخ محمد تقی عثمانی	حدود کا کفارہ نہ ہونا	۸۷۸
۱۳	شیخ محمود الحسن دیوبندی	حدود کا کفارہ نہ ہونا	۸۷۸

جلد خامس

نمبر شمار	نام	متعلقہ مسئلہ	صفحہ
۱	شیخ تھانوی	عرس وغیرہ میں یوم کی تعیین	۱۵۸
۲	شیخ ابن تیمیہ	معجزۂ ردّ شمس	۳۲۱
۳	ملا باقر مجلسی	لفظ وراثت سے وراثت نبوت کا مراد لینا	۴۰۲
۴	ملا باقر مجلسی	سیدنا علی مرتضیٰ اور خلافت ابو بکر رضی اللہ عنہما	۴۵۸
۵	شیخ مودودی	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لکھنا	۵۳۱

جلد سادس

نمبر شمار	نام	متعلقہ مسئلہ	صفحہ
۱	مفتی محمد شفیع دیوبندی	بندوق کی گولی سے شکار کا حکم	۶۴
۲	شیخ عزیز الرحمٰن	مسجد میں قربانی کی کھال لگانا	۱۵۵
۳	شیخ مودودی	ڈاڑھی میں قبضہ	۴۳۹
۴	شیخ شبیر احمد عثمانی	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بروز محشر مرتدین کو اصیحابی کہنا	۷۴۹
۵	شیخ تھانوی	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا برو زمحشر مرتدین کو اصیحابی کہنا	۷۵۱
۶	علماء شیعہ	تعداد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین	۸۶۱
۷	علماء شیعہ	خلفاء ثلاثہ کی خلافت	۸۹۷

جلد سابع

نمبر شمار	نام	متعلقہ مسئلہ	صفحہ
۱	شیخ ابن تیمیہ	سیدنا آدم علیہ السلام کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ سے دعا کرنا	۶۰

Marfat.com

۲	شیخ ابن تیمیہ	توسل بعد از وصال	۷۱
۳	شیخ شبیر احمد عثمانی	حضرت یونس علیہ السلام پر اعتراضات	۳۰۶
۴	شیخ گنگوہی	سالگرہ منانا جائز' اور میلاد النبی منانا۔۔۔؟	۴۱۲
۵	شیخ ابن عبدالوہاب نجدی	شیخ نجد کا مسلمانوں کو کافر قرار دینا	۶۳۳

متقدمین ومتاخرین اور معاصرین سے اختلاف رائے

شرح صحیح مسلم کی انفرادی حیثیت کا ایک عنوان یہ بھی ہے کہ اس میں متقدمین ومتاخرین اور معاصرین علماء ومشائخ سے دلائل کے ساتھ اختلاف رائے کیا گیا ہے اور ذہنی وفکری جمود کو توڑ کر اس حقیقت کو آشکارا کیا گیا ہے کہ ''اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ کے ماسوا کوئی بھی شخصیت اپنے کلام میں معصوم نہیں ہے اور عصمتِ کلام صرف اور صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو حاصل ہے''۔

چونکہ شرح صحیح مسلم پر ایک طعن اس حوالہ سے بھی کیا جاتا ہے کہ ''اس میں متعدد مقامات پر اکابر علماء ومشائخ سے اختلاف کیا گیا ہے جو کہ اکابر کی شان میں توہین کے مترادف ہے''۔ سو ہم ذیل میں اولاً اختلافِ رائے کی حقیقت اور حیثیت پر بحث کریں گے۔ ثانیاً شرح صحیح مسلم سے اختلافِ رائے کی چند مثالیں پیش کریں گے۔

اختلافِ رائے کی تحقیق

کسی سے اختلافِ رائے یا اختلافِ قول کا ہونا کوئی انوکھی یا تعجب خیز بات نہیں ہے۔ عہد صحابہ سے لے کر تا حال' اہل علم وفکر کے درمیان اختلافِ رائے کی بے شمار مثالیں اور نظائر موجود ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے درمیان اختلافِ رائے ہوا' تابعین وصحابہ کے درمیان اختلاف ہوا' تابعین کا آپس میں اختلاف ہوا' ائمہ مجتہدین ومحققین' غرض سلفاً خلفاً تمام اکابر رحمہم اللہ اجمعین کے درمیان اختلافِ رائے واقع ہوا' اور اس کو کبھی کسی نے ناجائز یا محظور وممنوع نہیں کہا' بلکہ تمام اکابر' از خود ایک دوسرے سے ادب واحترام کے ساتھ بلا نکیر ونزاع اختلاف کرتے چلے آئے۔ یوں ہم بجا طور پر کہہ سکتے ہیں کہ اختلافِ رائے کے جائز اور درست ہونے پر کم از کم اجماعِ سکوتی ضرور منعقد ہے۔

اب ہم ذیل میں قدرے تفصیل سے کام لیتے ہوئے صحابہ وتابعین وائمہ مجتہدین ومحققین کے مابین اختلافِ رائے کی مثالیں پیش کر رہے ہیں تاکہ مسئلہ مکمل طور پر واضح اور روشن ہو جائے:

(۱) صحابۂ کرام کے درمیان اختلافِ رائے

(۱) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا حضرت ابن عباس اور دیگر اصحاب سے اختلاف

شب معراج نبی اکرم ﷺ کے رب تعالیٰ کو دیکھنے کے بارے میں کثیر صحابہ کرام خصوصاً سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ موقف تھا کہ نبی علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے۔ علامہ بدرالدین عینی حنفی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں:

Marfat.com

اخرج الترمذی من طریق الحکم بن ابان عن عکرمة عن ابن عباس قال رای محمد ربه و روی ابن خزیمة باسناد قوی عن انس قال رای محمد ربه و به قال سائر اصحاب ابن عباس و کعب الاحبار والزهری و صاحب معمر واخرون وحکی عبد الرزاق عن معمر عن الحسن انه حلف ان محمدا رای ربه.

امام ترمذی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ محمد نے اپنے رب کو دیکھا ہے' اور امام ابن خزیمہ نے قوی اسناد کے ساتھ حضرت انس کے حوالہ سے یہی بیان کیا ہے۔ اور حضرت ابن عباس کے تمام شاگرد' کعب الاحبار' امام زہری' صاحب معمر اور دیگر کا بھی یہی موقف تھا' حضرت حسن یہی بات' حلف کے ساتھ بیان کیا کرتے تھے۔

(عمدۃ القاری ج ۱۳ ص ۳۵۰' مطبوعہ دارالحدیث' ملتان)

اس کے برعکس سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اس شخص کو کاذب قرار دیتی تھیں جو یہ کہتا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رب تعالیٰ کو دیکھا ہے۔ امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن مسروق قال قلت لعائشة رضی اللہ عنہا: هل رای محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ربه؟ فقالت لقد قف شعری مماقلت این انت من ثلث من حدثکهن فقد کذب من حدثك ان محمدا رای ربه فقد کذب ثم قرات لا تدرکه الابصار وهو یدرك الابصار وهو اللطیف الخبیر وما کان لبشر ان یکلمه الله الا وحیا او من وراء حجاب الی اخر الحدیث. (صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۲۰' صحیح مسلم ج ۱ ص ۹۸' جامع ترمذی ج ۲ ص ۴۳۷)

حضرت مسروق کہتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: یہ بات کہنے سے میرے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں' تمہیں تین باتوں سے غافل نہیں رہنا چاہیے۔ جو شخص تمہیں یہ تین باتیں بتائے' وہ جھوٹا ہے۔ جو تمہیں یہ بتائے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے' وہ جھوٹا ہے۔ پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی: ''آنکھیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں اور وہ آنکھوں کا احاطہ فرماتا ہے اور وہ باریک بین باخبر ہے''۔ اور کسی انسان کی یہ شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے (براہِ راست) گفتگو فرمائے' (ہاں!) وحی کے طور پر یا کسی پردے کے پیچھے سے یا کسی پیغام رساں کو بھیج کر۔

(۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا حضرت عمر اور حضرت ابن عمر سے اختلاف

حضرت عمر فاروق اور آپ کے صاحبزادے حضرت ابن عمر (رضی اللہ عنہما) میت پر نوحہ کرنے اور رونے سے منع کرتے تھے اور یہ حدیث بیان کرتے تھے:

ان المیت یعذب ببعض بکاء اهله علیه.

بیشک میت کو اس کے گھر والوں کے اس پر رونے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے۔

(بخاری ج ۱ ص ۱۷۱)

جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حضرت عمر اور ابن عمر کے حوالہ سے یہ بات پہنچی تو آپ نے فرمایا:

یرحم الله عمر لا والله ما حدث رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان الله یعذب المومن ببکاء احد ولکن قال ان الله یزید الکافر عذابا ببکاء اهله علیه قال

اللہ تعالیٰ حضرت عمر پر رحم فرمائے' خدا کی قسم! رسول اللہ نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ ''بے شک اللہ تعالیٰ کسی کے رونے کی وجہ سے میت کو عذاب میں مبتلا کرتا ہے'' بلکہ آپ نے یہ فرمایا تھا کہ

Marfat.com

وقالت عائشة حسبكم القرآن ولا تزروازرة وزر اخرى. (بخاری ج ۱ ص ۱۷۲)

بیشک اللہ تعالیٰ کافر کے عذاب کو اس کے گھر والوں کے اس پر رونے کی وجہ سے زیادہ فرما دیتا ہے' پھر فرمایا: تمہیں قرآن حکیم ہی کافی ہے: ''اور کوئی کسی کا بوجھ اٹھانے والا نہیں ہے''۔

اور حضرت ابن عمر کے بارے میں فرمایا:

رحمه الله ابا عبد الرحمان سمع شيئا فلم يحفظه' انما مرت على رسول الله جنازة يهودى وهم يبكون عليه فقال انتم تبكون وانه ليعذب.

اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمان (ابن عمر) پر رحم فرمائے' انہوں نے سنا لیکن یاد نہیں رکھا' (ہوا یہ تھا کہ) کسی یہودی کا جنازہ نبی کے پاس سے گزرا' جس پر لوگ رو رہے تھے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم رو رہے ہو حالانکہ اس کو عذاب دیا جا رہا ہے۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

فقالت عائشة يغفر الله لابى عبد الرحمان اما انه لم يكذب ولكنه نسى او اخطأ. (صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۰۳)

تو حضرت عائشہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمان پہ رحم فرمائے' انہوں نے کذب بیانی تو نہیں کی' ہاں! وہ بھول گئے یا ان سے خطا ہو گئی۔

(۳) حضرت ابن عمر سے حضرت عائشہ کا ایک اور اختلاف

حضرت ابن عمر کا موقف یہ تھا کہ محرم جب خوشبو لگائے تو اس کے جسم سے خوشبو نہیں آنی چاہیے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جب اس کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا:

يرحم الله ابا عبد الرحمن كنت اطيب رسول الله ﷺ فيطوف على نساءه ثم يصبح محرما ينضح طيبا. (صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۱)

اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمان پہ رحم فرمائے' میں رسول اللہ ﷺ کو خوشبو لگایا کرتی تھی اور آپ تمام ازواج کے پاس تشریف لے جاتے پھر احرام باندھ لیتے تھے (اور) خوشبو آ رہی ہوتی تھی۔

(۴) حضرت ابن عمر کا اپنے والد ماجد حضرت عمر سے اختلاف

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس بات سے منع فرمایا کرتے تھے کہ کوئی شخص عمرہ اور حج ایک ساتھ ادا کرے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس کو جائز قرار دیتے تھے۔ چنانچہ حضرت سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں:

انه سمع رجلا من اهل الشام وهو يسال عبد الله ابن عمر عن التمتع بالعمرة الى الحج فقال عبد الله ابن عمر هى حلال فقال الشامى ان اباك قد نهى عنها فقال عبد الله ابن عمر ارايت ان كان ابى نهى عنها وصنعها رسول الله امر ابى يتبع ام امر رسول الله ﷺ ؟فقال الرجل بل امر رسول الله فقال لقد صنعها رسول الله ﷺ. (جامع ترمذی ج ۱ ص ۱۴۱)

انہوں نے شام کے رہنے والے ایک شخص کو حضرت ابن عمر سے حج کے ساتھ عمرہ ادا کرنے کے متعلق سوال کرتے ہوئے سنا تو حضرت ابن عمر نے فرمایا: یہ جائز ہے۔ اس نے کہا: آپ کے والد ماجد تو اس سے منع فرماتے تھے' تو حضرت ابن عمر نے کہا: میرے والد منع کرتے تھے' حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے اس طرح کیا ہے۔ میں اپنے والد کی پیروی کروں یا اللہ کے رسول کی؟ اس شخص نے کہا: جب رسول اللہ ﷺ نے اس طرح فرمایا ہے تو آپ ہی کی اتباع کی جائے گی۔

Marfat.com

(۵) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا جمہور صحابہ سے اختلاف

امام بخاری ذکر کرتے ہیں:

لم یر ابن عباس بالقراءة للجنب باسا. (صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۴)

حضرت ابن عباس، جنبی شخص کے لیے قرأت کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

اس کے برعکس حضرت علی، حضرت عمر اور دیگر کئی صحابہ و تابعین یہ روایت کرتے تھے کہ:

لا یقرء الجنب القرآن.

جنبی (ناپاک) شخص قرآن مجید نہیں پڑھ سکتا۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۹۷، رقم الحدیث: ۱۰۷۸ تا ۱۰۸۷)

(۶) حضرت عبداللہ بن مسعود کا حضرت عثمان غنی سے اختلاف

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن زید نخعی کہتے ہیں:

صلی بنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ بمنی اربع رکعات فقیل فی ذالك لعبد الله بن مسعود فاسترجع ثم قال صلیت مع رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمنی رکعتین وصلیت مع ابی بکر الصدیق بمنی رکعتین وصلیت مع عمر بن الخطاب بمنی رکعتین فلیت حظی من اربع رکعات رکعتان متقبلتان. (صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۷)

ہمیں حضرت عثمان نے منیٰ میں چار رکعتیں پڑھائیں، اس کا تذکرہ حضرت ابن مسعود کے پاس کیا گیا تو آپ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا، پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں، ابوبکر صدیق کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں، عمر بن خطاب کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں۔ کاش چار رکعتوں کی بجائے دو مقبول رکعتیں میرا حصہ بن جائیں۔

(۷) حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اختلاف

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت شقیق بن سلمہ بیان کرتے ہیں:

کنت عند عبد الله وابی موسی فقال له ابو موسی ارایت یا ابا عبد الرحمن اذا اجنب فلم یجد ماء کیف یصنع فقال عبد الله لا یصلی حتی یجد الماء فقال ابو موسی فکیف تصنع بقول عمار حین قال له النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کان یکفیك قال الم تر عمر لم یقنع بذالك منه فقال ابو موسی فدعنا من قول عمار کیف تصنع بهذا الایة فما دری عبد الله ما یقول فقال انا لو رخصنا لهم فی هذا لاوشك اذابرد علی احدهم الماء ان یدعه و یتیمم. (صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۰)

میں حضرت ابن مسعود اور ابوموسیٰ اشعری کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو ابوموسیٰ نے ابن مسعود سے پوچھا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا خیال ہے آپ کا جب کوئی شخص ناپاک ہو جائے اور اسے پانی نہ ملے تو وہ کیا کرے؟ حضرت ابن مسعود نے فرمایا: وہ جب تک پانی نہ پائے اس وقت تک نماز نہ پڑھے حضرت ابوموسیٰ نے کہا: تو پھر آپ حضرت عمار کے قول کا کیا کریں گے جب ان سے تیمم کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ تمہارے لیے کافی تھا، تو حضرت ابن مسعود نے کہا: یہ بھی دیکھئے کہ حضرت عمر نے ان کے قول پر اکتفاء نہیں کیا تھا تو حضرت ابوموسیٰ نے کہا: اچھا چلیں ہم عمار کے قول کو ایک طرف رکھتے ہیں، آپ اس آیت کا کیا کریں گے؟ (فان لم تجدوا ماء فتیمموا) تو حضرت ابن مسعود کو اس

Marfat.com

کا کوئی جواب سمجھ میں نہ آیا اور انہوں نے کہا: اگر ہم اس طرح رخصت دے دیں تو جب بھی کسی شخص کو پانی ٹھنڈا لگے گا' وہ تیمم کرنے لگے گا۔

(۸) حضرت زید بن ثابت' حضرت علی' حضرت ابن مسعود اور جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان اختلاف

حضرت زید بن ثابت' حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم اس بات کے قائل تھے کہ دادا کے ہوتے ہوئے سگے بہن بھائی اور باپ شریک بھائی بہن میراث پائیں گے۔ جبکہ حضرت ابو بکر صدیق اور دیگر کئی صحابہ کرام (حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت عبداللہ بن زبیر' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت حذیفہ بن الیمان' حضرت ابوسعید الخدری' حضرت ابی بن کعب' حضرت معاذ بن جبل' حضرت ابوموسیٰ اشعری' حضرت ابو ہریرہ اور ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم وغیرہم) کا موقف یہ تھا کہ سگے بھائی بہن بھی اور باپ شریک بھائی بہن بھی دادا کے ہوتے ہوئے میراث نہیں پائیں گے۔ یہی قول مفتیٰ بہ ہے اور یہی امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا موقف ہے۔

علامہ سراج الدین محمد بن عبدالرشید سجاوندی حنفی لکھتے ہیں:

قال ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ و من تابعه من الصحابة بنو الاعیان و بنو العلات لا یرثون مع الجد وهذا قول ابی حنیفة و به یفتی وقال زید بن ثابت رضی اللہ عنہ یرثون مع الجد وهو قولهما و قول مالك والشافعی رحمهما الله تعالیٰ.

(سراجی' باب مقاسمۃ الجد ص ۲۹)

حضرت ابو بکر صدیق اور دیگر آپ کے موافقین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ سگے بہن بھائی اور باپ شریک بہن' دادا کے ہوتے ہوئے وارث نہیں ہوں گے۔ یہی امام اعظم کا قول ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ وارث ہوں گے۔ صاحبین اور امام مالک و امام شافعی رحمہم اللہ تعالیٰ کا یہی موقف ہے۔

(۹) حضرت امیر معاویہ اور حضرت ابوذر غفاری کے درمیان اختلاف

آیت مبارکہ:

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ. (التوبہ: ۳۴)

اور وہ لوگ جو سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور انہیں اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔

کے متعلق حضرت امیر معاویہ اور حضرت ابوذر کے درمیان اختلاف تھا' حضرت امیر معاویہ کا کہنا یہ تھا کہ یہ آیت اہل کتاب کے بارے میں نازل ہوئی ہے جبکہ حضرت ابوذر کا موقف یہ تھا کہ یہ آیت ان کے اور ہمارے دونوں کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت زید بن وہب بیان کرتے ہیں:

مررت بالربذة فاذا انا بابی ذر فقلت له ما انزلك منزلك هذا قال كنت بالشام فاختلفت انا و معاویة فی الذین یکنزون الذهب والفضة ولا ینفقونها فی سبیل الله قال معاویة نزلت فی اهل الکتاب فقلت نزلت فینا وفیهم فکان بینی و بینه

میرا' ربذہ سے گزر ہوا تو وہاں حضرت ابوذر سے ملاقات ہوگئی۔ میں نے ان سے پوچھا: کیا چیز آپ کو اس جگہ میں لے آئی' انہوں نے بتایا کہ میں شام میں تھا' وہاں میرے اور حضرت امیر معاویہ کے درمیان آیت مبارکہ "والذین یکنزون الذهب والفضة ولا ینفقونها فی سبیل الله" کے متعلق اختلاف ہو

فی ذالك فكتب الی عثمان یشكونی فكتب الی عثمان ان اقدم المدینة فقد متها فكثر علی الناسحتی كانهم لم یرونی قبل ذالك فذكرت ذالك لعثمان فقال لی ان شئت تنحیت فكنت قریبا فذاك الذی انزلنی هذا المنزل ولو امروا علی حبشیا لسمعت واطعت. (صحیح بخاری ج ۱ ص ۱۸۹)

گیا۔ معاویہ رضی اللہ عنہ کا موقف یہ تھا کہ یہ آیت اہل کتاب کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور میرا موقف یہ تھا کہ یہ آیت ان کے اور ہمارے دونوں کے متعلق نازل ہوئی ہے' میرے اور ان کے درمیان یہ اختلاف چل رہا تھا کہ انہوں نے حضرت عثمان کو میرے متعلق ایک شکایتی خط لکھا تو حضرت عثمان نے مجھے مدینہ منورہ آنے کا فرمایا' میں وہاں گیا تو میرے گرد بہت سارے لوگ جمع ہو گئے' جیسے انہوں نے پہلے مجھے کبھی دیکھا نہ ہو۔ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو صورتحال سے آگاہ کیا تو انہوں نے مجھ سے فرمایا: اگر تم چاہو تو ایک گوشۂ عافیت میں چلے جاؤ (یہ تمہارے لیے بہتر ہے) اور تم قریب ہی رہو گے۔ (تو بھائی!) یہ وجہ ہے میرے یہاں اقامت پذیر ہونے کی۔ اور (سن لو!) اگر وہ لوگ مجھ پر کسی حبشی کو امیر بناتے تو میں اس کی بھی بات سنتا اور اطاعت کرتا۔

(۲) تابعین کا صحابۂ کرام سے اختلافِ رائے

(۱): حضرت عطاء' طاؤس اور مجاہد کا حضرت عائشہ' حضرت علی اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم سے اختلاف

ام المومنین سیدہ عائشہ' حضرت علی اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم اس بات کے قائل تھے کہ حج کے بعد عمرہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث: ۱۳۰۱۵' ۱۳۰۱۶' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت)

اس کے برعکس بعض تابعین (حضرت عطاء' حضرت طاؤس اور حضرت مجاہد رضی اللہ عنہم) کا موقف یہ تھا کہ حج کے بعد عمرہ کرنا مکروہ ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث: ۱۳۰۲۲' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت)

(۲) حضرت عطاء کا جمہور صحابہ کرام سے اختلاف

حضرت علی' حضرت حذیفہ اور کئی صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کا یہ موقف تھا کہ جمعہ صرف شہر میں جائز ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث: ۵۰۶۰' ۵۰۵۹ و ۵' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت) اس کے برعکس حضرت عطاء تابعی' گاؤں میں جمعہ قائم کرنے کا حکم دیتے تھے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث: ۵۰۷۰' ۵۰۶۹' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت)

(۳) حضرت طاؤس' حضرت حسن بصری اور حضرت عطاء کا حضرت انس اور حضرت ابن عمر سے اختلاف

حضرت انس بن مالک اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم اس بات کے قائل تھے کہ زمین کو کرائے پر دینا جائز ہے۔

(مصنف عبدالرزاق' رقم الحدیث: ۱۴۵۳۷' ۱۴۵۳۶' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت)

اس کے برعکس بعض تابعین (حضرت طاؤس' حضرت حسن اور حضرت عطاء) اس کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔

(مصنف عبدالرزاق' رقم الحدیث: ۱۴۵۳۹' ۱۴۵۳۸' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت)

Marfat.com

(۴) ائمہ تابعین کا حضرت عبداللہ بن عمر سے اختلاف

امام عبدالرزاق بن ہمام اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

سئل ابن شهاب عن المتوفى عنها وهى حامل على من نفقتها؟ قال: كان ابن عمر يرى نفقتها ان كانت حاملا او غير حامل فيماترك زوجها فابى الائمة ذالك وقضوا بان لا نفقة لها.

حضرت ابن شہاب سے اس عورت کے بارے میں پوچھا گیا جو حاملہ ہو اور اس کا خاوند فوت ہو گیا ہو' اس کا نفقہ کس پر ہو گا؟ حضرت ابن شہاب نے سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے بتایا کہ اس کا نفقہ شوہر کے ترکہ سے ادا کیا جائے گا' خواہ وہ حاملہ ہو یا غیر حاملہ۔ تو ائمہ نے اس کا انکار کیا اور (قول ابن عمر کے برعکس) یہی فیصلہ دیا کہ اس کے لیے نفقہ نہیں ہے۔

(مصنف عبد الرزاق' رقم الحدیث: ۱۲۱۳۸' مطبوعہ دارالکتب العلمیہ' بیروت)

(۵) حضرت سعید بن جبیر اور دیگر تابعین کا حضرت عبداللہ بن مسعود سے اختلاف

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس بات کے قائل تھے کہ حج فرض ہے اور عمرہ کی ادائیگی سنت ہے۔ امام محمد ابن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

قال عبد الله الحج فريضة والعمرة تطوع.

حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا: حج فرض ہے اور عمرہ کی ادائیگی فرض نہیں ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث: ۱۳۶۴۶' مطبوعہ دارالکتب العلمیہ' بیروت)

اس کے برعکس حضرت سعید بن جبیر اور دیگر تابعین (حضرت عطاء' طاؤس اور مجاہد) عمرہ کو بھی فرض قرار دیتے تھے۔ امام محمد ابن ابی شیبہ ہی روایت کرتے ہیں:

سئل سعيد بن جبير عن العمرة واجبة هى؟ قال نعم.

حضرت سعید بن جبیر سے پوچھا گیا کہ عمرہ واجب ہے؟ انہوں نے فرمایا ہاں!

(مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث: ۱۳۶۵۴' مطبوعہ دارالکتب العلمیہ' بیروت)

عن عطاء و طاؤس و مجاهد قالوا الحج والعمرة فريضتان.

حضرت عطاء' طاؤس اور مجاہد حج و عمرہ دونوں کو فرض کہتے تھے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث: ۱۳۶۵۱' مطبوعہ دارالکتب العلمیہ' بیروت)

(۳) تابعین کا اپنے درمیان اختلافِ رائے

(۱) حضرت عطاء طاؤس' مجاہد اور حضرت حماد و منصور میں اختلاف

حضرت عطاء' طاؤس اور مجاہد رضی اللہ عنہم غیر متوضی (بے وضو) شخص کو طواف کی اجازت نہیں دیتے تھے' جبکہ حضرت حماد اور حضرت منصور اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے (یعنی اجازت دیتے تھے)۔

امام محمد بن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

Marfat.com

عن عطاء و طاؤس و مجاهد قالوا لا تطوف بالبيت الا و انت على وضوء.

حضرت عطاء' طاؤس اور مجاہد نے فرمایا کہ تم بیت اللہ کا طواف نہیں کر سکتے مگر جبکہ تم باوضوء ہو۔ .

(مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث:۱۴۳۴۶' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ' بیروت)

عن شعبة قال سالت حمادا ومنصورا وسليمن عن الرجل يطوف بالبيت على غير طهارة فلم يروا به باسا. (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث:۱۴۳۴۹)

حضرت شعبہ کہتے ہیں میں نے حماد' سلیمان اور منصور سے اس شخص کے متعلق پوچھا جو بغیر طہارت حاصل کئے طواف کرتا ہے تو انہوں نے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔

(۲) حضرت حمّاد اور حضرت حکم میں اختلاف

حضرت حماد اور حضرت حکم کے درمیان مسائل میں بہت اختلاف ہوا ہے۔ ذیل میں فقط دو مثالیں پیش خدمت ہیں:

امام محمد ابن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت شعبہ بیان کرتے ہیں:

سالت الحكم وحمادا عن الرجل يلحق بارض العدو اتتزوج امرء ته؟قال احدهما لا!وقال الاخر نعم. (مصنف ابن ابی شیبہ رقم الحدیث:۱۷۶۸۷)

میں نے حکم اور حماد سے پوچھا کہ کوئی شخص دشمن کے علاقے میں چلا جائے تو آیا وہ ان کی عورت سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟ ایک نے کہا: ہاں اور ایک نے کہا: نہیں۔

سالت الحكم و حمادا عن الكلام اذا خرج الامام حتى يتكلم واذا نزل قبل ان يصلى فكرهه الحكم وقال حماد لاباس به.

میں نے حکم اور حماد سے سوال کیا کہ امام خطبہ کے لیے باہر نکل آئے اور خطبہ شروع کر دے' اور جب منبر سے اتر آئے اور ابھی نماز شروع نہ کی ہو' ان دونوں اوقات میں بات چیت کرنا کیسا ہے؟ تو حکم نے اسے مکروہ فرمایا اور حماد نے فرمایا: کوئی حرج نہیں۔ (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث:۵۳۱۷)

(۳) حضرت عطاء' طاؤس اور حضرت حسن بصری و شریح کے درمیان اختلاف

حضرت عطاء اور طاؤس اس بات کے قائل تھے کہ مسجد میں حد لگانا مکروہ ہے اور مساجد کے اندر حدود کو جاری اور نافذ نہیں کیا جائے گا۔

امام محمد ابن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عطاء انه كره او كان يكره الجلد فى المساجد. (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث:۲۸۶۴۱)

حضرت عطاء' مساجد میں کوڑے لگانے کو مکروہ جانتے تھے۔

عن طاؤس رفعه قال لا تقام الحدود فى المساجد. (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث:۲۸۶۴۲)

حضرت طاؤس مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ مساجد میں حدود کو قائم نہیں کیا جائے گا۔

اس کے برعکس حضرت حسن اور شریح' مسجد میں حدود جاری کرنے کو جائز قرار دیتے تھے' بلکہ حضرت شریح خود' مساجد میں حدود جاری فرمایا کرتے تھے۔

امام محمد ابن ابی شیبہ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن الحسن قال تقام الحدود فى المسجد كلها الا القتل. (مصنف ابن ابی شیبہ' رقم الحدیث:۲۸۶۴۷)

حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ قتل کے سوا تمام حدود مسجد میں قائم کی جا سکتی ہیں۔

Marfat.com

عن شریح انه کان یقیم الحدود فی المساجد. (مصنف ابن ابی شیبہ رقم الحدیث:۲۸۶۴۹) حضرت شریح مسجد کے اندر حدود جاری فرماتے تھے۔

(۴) ائمۂ مجتہدین ومحققین کے درمیان اختلافِ رائے

ائمہ مجتہدین خصوصاً ائمہ اربعہ (علیہم الرحمۃ) کے درمیان بے شمار مسائل میں اختلاف ہوا' بلکہ یوں کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا کہ مذاہب اربعہ کا وجود اسی اختلافِ رائے کا مرہونِ منت اور اس کا نتیجہ ہے۔ اسی طرح ایک مذہب کے ائمہ کے درمیان بھی اختلاف رائے کی بے شمار مثالیں موجود ہیں۔ ہمارے مدارسِ عربیہ حنفیہ میں منیۃ المصلی سے لے کر ہدایہ اخیرین تک طلبہ یہی پڑھتے ہیں کہ فلاں مسئلے میں امام محمد نے امام اعظم ابوحنیفہ سے اختلاف کیا' فلاں مسئلے میں امام اعظم نے ان سے اختلاف کیا' فلاں میں امام ابو یوسف یا امام زفر نے امام اعظم سے اختلاف کیا' یہ تمام مثالیں اس بات کی دلیل ہیں کہ ائمہ مجتہدین کے درمیان بھی بہت اختلاف رائے اور اختلاف اقوال ہوا ہے۔ حتیٰ کہ اسی مذہب کے محققین اور دیگر علماء کے درمیان اختلافِ رائے اور انہی علماء کے' اپنے امام اور دیگر اکابر سے اختلافِ رائے پر کتبِ فقہ کے متون اور شروح وتعلیقات واضح دلیل ہیں۔ اس سلسلے میں جن محققین علماء کے نام بطور مثال پیش کئے جاسکتے ہیں ان میں محقق علی الاطلاق علامہ ابن ہمام' خاتم المحققین علامہ شامی' علامہ علی بن سلطان محمد القاری حنفی' علامہ بدرالدین عینی حنفی' امام ابن حجر عسقلانی شافعی' خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی شافعی اور امام فخر الدین رازی وغیرہم کے نام سرِ فہرست ہیں۔ ان کی تحقیقات وتحریرات پڑھ کر بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ اکابر سے اختلافِ رائے کا ہونا کوئی حیرت انگیز اور انہونی بات نہیں ہے۔ ہمارے متاخرین علماء میں اس سلسلے کی سب سے واضح اور بین مثال اعلیٰحضرت عظیم المرتبت امام احمد رضا قادری حنفی رضی اللہ عنہ کی شخصیت ہے۔ آپ کی تحریرات وتحقیقات بھی ہمارے اس دعوے پر شاہد عادل ہیں کہ اکابر علماء ومشائخ سے علمی اختلاف کرنا جائز ہے اور اس میں ان کا ابر کی توہین اور تحقیر نہیں ہے۔ فتاویٰ رضویہ شریف سے لے کر مختلف رسائل تک کی تحریرات میں آپ نے بے شمار اکابر علماء ومحققین سے اختلاف فرمایا ہے۔ اس حقیقت کی مزید وضاحت کے طور پر ذیل میں ہم مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمۃ کے مقالہ سے اور مفتی نور اللہ نعیمی بصیر پوری علیہ الرحمۃ کے فتاویٰ سے عبارات پیش کر رہے ہیں:

فاضل بریلوی کا اکابر سے اختلاف اور مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمۃ کی تصریح

مفتی سید شجاعت علی قادری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''حقیقت یہ ہے کہ مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے علمی ذخائر میں یہ تلاش کرنا کچھ مشکل نہیں کہ آپ نے کس کس سے اختلاف کیا' بلکہ اصل دقت طلب کام یہ ہے کہ وہ کونسا فقیہ ہے جس سے مولانا نے بالکل اختلاف نہ کیا ہو' اگر ایسا کوئی شخص نکل آیا تو یہ ایک بڑی تحقیق ہو گی۔ مولانا' ایک مجتہد کی طرح ہر ذی علم سے اختلاف کرتے ہیں۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے اختلاف میں ایک اہم بات یہ ہے کہ جب یہ اختلاف کسی کوشش سے رفع ہی نہیں ہوتا تب ایک مجتہد کی طرح آپ فریق مخالف کے غلطی پر ہونے کا ظن غالب کر لیتے ہیں اور اس کے بعد پھر کوئی رعایت اور سہل گیری' یا کسی مروت کے قائل نہیں رہتے۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ کا بہت اہم کارنامہ یہ ہے کہ وہ متقدمین و متاخرین فقہاء واصولیین پر نہایت فراخدلی سے تنقید فرماتے ہیں۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ' صاحب فتح القدیر کو جگہ جگہ ''محقق علی الاطلاق'' لکھتے ہیں مگر جب یہی محقق علی الاطلاق وضوء میں بسم اللہ وذکر الٰہی کو واجب عملی قرار دیتے ہیں تو مولانا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اقول لم یات المستدل بشیء حتی سمع ما سمع. (فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۹۱) مستدل (ابن ہمام) نے کوئی معقول دلیل پیش نہیں کی' یہاں تک کہ جو سنا گیا وہ سننا پڑا۔

پھر فرماتے ہیں :اور مسئلہ تسمیہ اولاً تنہا محقق کی اپنی بحث ہے کہ نہ ائمہ مذہب سے منقول نہ محققین مابعد میں مقبول۔خود ان کے تلمیذ علامہ قاسم بن قلطو بغا نے فرمایا کہ ہمارے شیخ کی جو بحثیں خلاف مذہب ہیں' ان کا اعتبار نہ ہوگا۔(مفتی شجاعت علی قادری لکھتے ہیں:)مذکورہ بالا سطور سے چند باتیں معلوم ہوتی ہیں:

(۱) اگر کسی عالم کے پاس قوی دلائل ہیں تو وہ اپنے پیش رو سے حق اختلاف رکھتا ہے خواہ وہ کتنا ہی محقق علی الاطلاق کیوں نہ ہو۔

(۲) ائمہ مذہب (جیسے ابوحنیفہ وابو یوسف وامام محمد) سے بھی اختلافِ زمانہ کے باعث اختلاف جائز ہے۔

(۳) مولانا رحمۃ اللہ علیہ نہایت روشن دماغ تھے۔وہ محققین سے اختلاف کرتے بلکہ ائمۂ مذہب سے بھی اختلافِ زمانہ کے باعث اختلاف کو جائز قرار دیتے۔اس طرح آپ نے بعد والے اہل علم کے لیے یہ گنجائش باقی رکھی ہے کہ اگر اختلافِ زمانہ سے ان کے بیان کردہ مسئلہ پر مزید بحث کی جاسکتی ہے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔یعنی اگر کسی مسئلہ پر مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے بحث کی ہو اور اس کے بارے میں اپنی تحقیق پیش کی ہو تو بعد والے محققین کے لیے راہیں مسدود نہیں ہو جاتیں بلکہ روشن ہو جاتی ہیں اور حقیقت یہی ہے کہ ایک محقق کا کام انسانی ذہنوں میں گرہیں لگانا نہیں بلکہ ان گرہوں کا کھولنا ہے''۔

(مقدمہ فتاویٰ رضویہ ج ۵ ص ۳۰'۲۴' مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور' بحوالہ شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۲۵)

فقیہ اعظم مفتی نور اللہ نعیمی بصیر پوری کی تصریح

''ہمارے مجدد برحق کے صدہا نہیں بلکہ ہزارہا تطفلات ہیں جو صرف متاخرین نہیں بلکہ متقدمین حضرات فقیہ النفس امام قاضی خاں وغیرہ کے اقوال وفتاویٰ شرعیہ پر ہیں' جن میں اصولِ ستہ کے علاوہ سبقتِ قلم وغیرہ کی صریح نسبتیں بھی مذکور ہیں' اور یہ بھی نہاں نہیں کہ ہمارے مذہب مہذب میں مجددین حضرات معصوم نہیں تو تطفلات کا دروازہ اب کیوں بند ہو گیا؟ کیا کسی مجدد ہی کی کوئی تصریح ہے یا کم از کم اتنی ہی تصریح ہو کہ اصول ستہ کا زمانہ اب گزر گیا' لہٰذا الکبیر کا فقیر بننا اب فرضِ عین ہو گیا' کیا تازہ حوادث ونوازل کے متعلق احکام شرعی موجود نہیں کہ ہم بالکل صم بکم بن جائیں اور عملاً اغیار کے ان کافرانہ مزعومات کی تصدیق کریں کہ معاذ اللہ اسلام فرسودہ مذہب ہے' اس میں روزمرہ ضروریاتِ زندگی کے جدید ترین ہزارہا تقاضوں کا کوئی حل ہی نہیں'' **ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم**''۔(فتاویٰ نوریہ ج ۳ ص ۵۳۳)

(جلد اوّل میں تحریر فرماتے ہیں:)اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے فتاویٰ رضویہ شریف میں اکابر مشائخِ عظام پر بکثرت تطفلات کا ذکر فرمایا' حتی کہ پہلی ہی جلد میں انیس صد سے بھی زیادہ ذکر کیے ہیں' مثلاً ص ۸۲۷ م جلد ا میں فرمایا:

سبق قلم من الامام فقیہ النفس رحمہ اللہ تعالٰی رحمۃ واسعۃ ورحمنا بہ فی الدنیا والاخرۃ آمین.

امام فقیہ النفس کا قلم تجاوز کر گیا۔اللہ تعالیٰ ان پر رحمتِ واسعہ فرمائے اور ان کی برکت سے ہم پر بھی دنیا وآخرت میں رحمت فرمائے۔آمین۔

اور پھر نہایت زریں ارشاد فرمایا:

ولا غرو فلکل جواد کبوۃ ولکل صارم نبوۃ ولا عصمۃ الالکلام الا لوھیۃ ثم النبوۃ.

(فتاویٰ نوریہ ج ا ص ۶۷۶)

(امام مذکور سے اگر میں نے اختلاف کیا ہے) تو اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کیونکہ ہر تیز رفتار گھوڑا ٹھوکر کھا جاتا ہے اور ہر تیز تلوار بھی کُند ہو جاتی ہے اور عصمت صرف اور صرف اللہ اور اس کے رسول کے کلام کو حاصل ہے۔

Marfat.com

مذکورہ دونوں عباراتِ جلیلہ سے واضح ہوگیا کہ امام اہل سنت رضی اللہ عنہ نے اپنے اکابر علماء ومشائخ سے بکثرت اختلافِ رائے فرمایا ہے۔ اوراس اختلاف کے دوران کسی کے فقیہ اعظم یا محقق علی الاطلاق ہونے کا قطعاً لحاظ نہیں فرمایا' بلکہ دلائل وبراہین کے ساتھ ان کی تحقیق کو غیر مقبول قرار دیا ہے۔

مذکورہ دونوں عبارات میں بالترتیب مفتی سید شجاعت علی قادری اور مفتی نور اللہ نعیمی بصیر پوری علیہما الرحمۃ نے فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے جو مثالیں پیش کی ہیں' ان میں صرف محققینِ احناف سے اختلافِ رائے کا تذکرہ ہے' راقم ذیل میں ایک ایسی مثال پیش کررہا ہے' جس میں مجددِ برحق امام احمد رضا قادری حنفی رضی اللہ عنہ نے اکابر صحابہ کرام اور ائمہ مجتہدین (امام اعظم ابوحنیفہ' امام مالک اور امام احمد بن حنبل) رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے موقف سے اختلاف فرمایا ہے۔ اس مثال کی تقریر سے قبل یہ سمجھنا چاہیے کہ:

بیوع کی مختلف اقسام میں ایک قسم ''بیع عینہ'' بھی ہے۔ بیع عینہ سے مراد یہ ہے کہ ایک شخص کسی سے ایک ہزار روپیہ قرض لینا چاہتا ہے اور وہ شخص اس کو بغیر سود لیے قرض دینا نہیں چاہتا اب وہ سود سے بچنے کے لیے یہ حیلہ کرتا ہے کہ وہ اس شخص کو ایک ہزار روپے کی کوئی چیز پندرہ سو میں چھ ماہ کے ادھار پر فروخت کردیتا ہے' پھر بعد میں اسی شخص سے وہ چیز ایک ہزار روپے نقد دے کر خرید لیتا ہے' اس طرح ضرورت مند کو فوری طور پر ایک ہزار روپیہ مل گیا اور قرض دینے والے کو ۶ ماہ بعد پانچ سو روپے زائد مل جائیں گے۔

بہت سے صحابہ کرام اس بیع کو جائز قرار دیتے تھے اور ائمہ مجتہدین میں سے امام ابو یوسف اور امام شافعی اس کو جائز فرماتے تھے۔ جبکہ سیدہ عائشہ صدیقہ' حضرت عبداللہ ابن عباس' حضرت انس بن مالک' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت امام اعظم ابوحنیفہ' امام مالک اور امام احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اس بیع کو حرام قرار دیتے تھے۔ حتیٰ کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے سامنے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے جب اس بیع کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا:

ابلغی زید بن ارقم ان الله تعالى ابطل حجه و جهاده مع رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

تم زید بن ارقم کو یہ خبر پہنچادو کہ انہوں نے رسول اللہ کے ساتھ جو حج اور جہاد کیا تھا' اللہ تعالیٰ نے اس کو باطل کردیا ہے۔

(مصنف عبدالرزاق ج ۸ ص ۱۸۵' ہدایہ اخیرین ص ۵۷)

اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے:

هذا البيع فى قلبى كامثال الجبال ذميم اخترعه اكلة الربا.

اس بیع کی برائی میرے دل میں پہاڑوں کے برابر ہے' اسے سودخوروں نے گھڑلیا ہے۔

(ردالمحتار علی الدر المختار ج ۷ ص ۴۸۱' مطبوعہ داراحیاء التراث العربی' بیروت)

ناجائز قرار دینے والے ان تمام اکابر (صحابہ وائمہ مجتہدین وغیرہم) کے موقف کے برعکس' سیدی امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ العزیز نے اس بیع کو مکروہ تنزیہی قرار دیا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:

لانه لا يكره الا تنزيها فكذا هذا ولا يهولنك قول امام محمد انه يجده مثل الجبل فانه قال مثله بل اشد منه فى العينة وما ثبت لها الا كراهة التنزيه قال فى رد المحتار عن الطحطاوى عن ابى يوسف العينة جائزة ماجور من عمل بها كذافى مختار الفتاوى هنديه وقال محمد هذا البيع فى قلبى

اور یہ اس لیے کہ بیع عینہ نہیں مگر مکروہِ تنزیہی ہے تو ایسے ہی یہ بھی۔ اور امام محمد کا یہ ارشاد کہ وہ ان کے نزدیک پہاڑ کی طرح گراں ہے' تجھے ہول میں نہ ڈالے کہ انہوں نے ایسا ہی بلکہ اس سے بھی سخت تر بیع عینہ میں فرمایا ہے۔ اور اس کے لیے ثابت نہ ہوئی مگر کراہت تنزیہہ۔ ردالمحتار میں طحطاوی اس میں عالمگیری' اس میں مختار الفتاویٰ اس میں امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے ہے کہ

Marfat.com

كامثال الجبال ذميم اخترعه اكلة الربا وقال عليه الصلوة والسلام اذا تبايعتم العينة واتبعتم اذ ناب البقرة ذللتم وظهر عليكم عدوكم قال فى الفتح ولا كراهة فيه الاخلاف الاولى لما فيه من الاعراض عن مبرة القرض اه واقره عليه فى البحر والنهر الدر والشر نبلالية وغيرها وقال ايضا فى فتح القدير قال ابو يوسف لا يكره هذا البيع لانه فعله كثير من الصحابة رضی اللہ عنہم وحمد واعلى ذالك ولم يعدوه من الربا اه. (كفل الفقيه الفاہم فی احکام قرطاس الدراہم ص ۵۸، مطبوعہ منظمۃ الدعوۃ الاسلامیہ)

عینہ جائز ہے۔ اس کے کرنے والے کو ثواب ملے گا۔ اور امام محمد نے فرمایا: اس بیع کی برائی میرے قلب میں پہاڑوں کے برابر ہے' اسے سودخوروں نے ایجاد کیا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم بطور عینہ خرید وفروخت کرو' اور بیلوں کی دم کے پیچھے چلو تو ذلیل ہو جاؤ گے اور تمہارا دشمن تم پر غالب آ جائے گا۔ فتح القدیر میں فرمایا: عینہ میں کوئی کراہت نہیں' سوا خلافِ اولیٰ کے۔ اس لیے کہ اس میں قرض دینے کے اچھے سلوک سے روگردانی ہے۔ انتھیٰ۔ اور اسے البحر الرائق اور النہر الفائق اور درمختار اور شرنبلالیہ وغیرہا نے برقرار رکھا۔ نیز فتح القدیر میں ہے: امام ابو یوسف نے فرمایا: یہ بیع مکروہ نہیں۔ اس لیے کہ بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم نے اسے کیا اور اس کی تعریف کی اور اسے سود نہ ٹھہرایا۔ انتھیٰ۔

(ترجمہ از حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن' کفل الفقیہ الفاہم مترجم ص ۷۲' مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن' لاہور)۔

اختلاف رائے کی حیثیت اور حقیقت کو واضح کرنے کے لیے میں نے ۱۸ مثالیں' سطورِ بالا میں پیش کی ہیں' ان کی روشنی میں یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ صحابہ کرام' تابعین' ائمہ مجتہدین اور علماء محققین' سب کے درمیان لاتعداد مسائل و جزئیات میں اختلاف ہوا اور کسی نے اس کو فریق ثانی کی توہین یا بے ادبی پر محمول نہیں کیا سو اسی طرح اگر بعد کا کوئی شخص تحقیق و دلائل اور ادب و احترام کے ساتھ اپنے متقدمین یا معاصرین سے کسی مسئلہ میں اختلاف رائے رکھتا ہے تو اسے اکابر کی توہین قرار دینے کی بجائے صحابہ کرام' تابعین' ائمہ مجتہدین اور علماء محققین کی اتباع پر ہی محمول کیا جائے گا۔ بصورتِ منع' اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غیر کے کلام کو معصوم قرار دینا لازم آئے گا۔ ولا عصمة الالكلام الالوهية ثم النبوة. كذا قال الامام احمد رضاخان عليه الرحمة والرضوان.[1]

---

[1] اعلیٰ حضرت امام اہل سنت رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں:

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سوا کوئی بشر معصوم نہیں اور غیر معصوم سے کوئی نہ کوئی کلمہ غلط یا بے جا صادر ہونا کچھ نادر کالمعدوم نہیں' پھر سلف صالحین و ائمہ دین سے آج تک اہل حق کا یہ معمول رہا ہے۔

كل ماخوذ من قوله و مردود عليه الاصاحب هذا القبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. (فتاوی رضویہ (قدیم) ج ۶ ص ۲۸۳' فتاوی رضویہ (جدید) ج ۱۵ ص ۴۶۷)

اس روضۂ پاک والے (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے سوا ہر ایک کا قول مقبول بھی ہوتا ہے اور مردود بھی۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے فتاوی عزیزیہ میں لکھا ہے کہ پیر کے نام کا بکرا حرام ہے' خواہ بہ وقت ذبح تکبیر کہی جائے۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ والرضوان سے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی اس عبارت کے متعلق سوال کیا گیا' آیا یہ صحیح ہے یا نہیں؟ تو اعلیٰ حضرت نے جواباً ارشاد فرمایا: اس مسئلہ میں حق یہ ہے کہ نیت ذابح کا اعتبار ہے' اگر اس نے اراقۂ دم تقرباً الی اللہ کی (یعنی جانور کے لیے خون بہایا) اور وقت ذبح نام الٰہی لیا جانور بنص قطعی قرآن عظیم حلال ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

اختلاف نہ فرماتے' ان تمام (صحابہ کرام' تابعین' ائمہ مجتہدین اور محققین) کا اپنے سے زیادہ وسیع العلم اکابر سے اختلاف فرمانا' ان کے اس عقیدے کی واضح دلیل اور اس کا اظہار ہے کہ:

لا عصمة الالكلام الالوهية ثم النبوة. اللہ اور اس کے رسول کے سوا کسی کا کلام معصوم نہیں ہے۔

نیز اس بات کی تائید اور توثیق ہے کہ کم علم والا' اپنے سے زیادہ علم والے سے دلائل کی بنیاد پر اختلاف کر سکتا ہے۔ چنانچہ جس حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے (میت پر رونے کے مسئلہ میں) اختلاف فرمایا' اس کے تحت علامہ ابن حجر مکی شافعی نے یہی لکھا ہے کہ اس حدیث میں حضرت عائشہ نے حضرت عمر کی جلالتِ علمی اور وسعت علمی کے باوجود ان سے اختلاف کیا' اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ مجتہد دلیل کا پابند ہوتا ہے' اور اس بنیاد پر وہ غیر کو خطاء پر بھی قرار دے سکتا ہے اور اس کے موقف کے مبنی بر خطاء ہونے پر قسم بھی کھا سکتا ہے (جیسے حضرت عائشہ نے حضرت عمر سے اختلاف کرتے ہوئے قسم کھائی) اگرچہ فریقِ ثانی' اپنے اختلاف کرنے والے سے زیادہ جلیل اور وسیع علم رکھتا ہو۔

علامہ علی بن سلطان محمد القاری حنفی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ ہم جب علامہ ابن حجر مکی شافعی سے ان کی کسی غیر صحیح بات پر اختلاف کرتے ہیں تو شافعی حضرات ہم پر اعتراض کرتے ہیں کہ "علامہ ابن حجر مکی بہت بڑے عالم دین ہیں' شیخ الاسلام اور مفتی الانام ہیں' تم جیسوں کو ان پر اعتراض کرنا جائز نہیں ہے"۔ (علامہ علی قاری فرماتے ہیں:) یہ شافعی حضرات تقلید کی پستی سے باہر نہیں آئے' تقلید کی قید سے آزاد نہیں ہوئے اور میدانِ تحقیق میں وارد نہیں ہوئے (اگر یہ کھلے دماغ سے کام لیں تو یہ جان لیں گے کہ) علامہ ابن حجر مکی شافعی کی ذکر کردہ عبارت میں ہی ان کے ہمارے اختلافِ رائے پر ناراضگی اور اعتراض کا واضح رد ہے۔

علامہ ابن حجر مکی کی مذکورہ عبارت کو علامہ علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ نے مرقات میں نقل فرمایا ہے اور اس کے تحت مندرجہ بالا تقریر قلم بند فرمائی ہے۔ ذیل میں علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری کی مکمل عبارت ملاحظہ ہو:

قال ابن حجر وفيه ان المجتهد اسير الدليل وان له لاجل ذالك ان يخطئ غيره وان يحلف

اس حدیث میں اس بات پر دلیل ہے کہ مجتہد دلیل کے تابع ہوتا ہے' جس کی بنیاد پر اس کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے غیر کو خطاء

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ)

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ. تمہیں کیا ہوا کہ تم اس کو نہیں کھاتے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے۔

(الانعام:۱۱۹)

تفصیل فقیر کے رسالہ سبل الاصفیاء میں ہے' شاہ صاحب سے اس مسئلہ میں غلطی ہوئی اور وہ نہ فقط (یعنی جانور کا خون اللہ کے لیے بہایا) فتاویٰ بلکہ تفسیر عزیزی میں بھی ہے اور نہ ایک ان کا فتاویٰ بلکہ کسی بشر غیر معصوم کی کوئی کتاب ایسی نہیں جس میں سے کچھ متروک نہ ہو۔ سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

كل ماخوذ من قوله و مردود عليه الاصاحب هذا القبر ﷺ. (فتاوی رضویہ (قدیم) ج ۸ ص ۳۵۶' فتاوی رضویہ (جدید) ج ۲۰ ص ۲۹۵)

اس روضہ پاک والے (ﷺ) کے سوا ہر شخص کا قول مقبول بھی ہے اور مردود بھی۔

صحابہ کرام اور ائمہ مجتہدین وغیرہم کے درمیان اختلاف رائے کی کچھ مثالیں اوپر ذکر کی جا چکی ہیں' اس مسئلہ پر مزید مثالوں اور بحث و تحقیق کے لیے دیکھئے: تبیان القرآن' ج ۱ ص ۵۸۲' ج ۲ ص ۷۰۸' ج ۵ ص ۱۲۲' شرح صحیح مسلم ج ۱۴ ابتدائیہ از مصنف۔

Marfat.com

على خطائه وان كان اجل منه و اوسع علما ان عمر كذالك مع عائشة رضی اللہ عنہما اه. فيه دليل صريح ونقل صحيح يصلح للرد على بعض المنتسبين الى فقه الشافعي من اهل زماننا المعترضين علينا ممن لم يخرج عن حضيض التقليد و لم يتخلص من قيد التقييد ولم يبرز في ميدان التحقيق والتاييد عند اعتراضنا على ابن حجر اذا وقع له كلام غير سديد بان مثلك لا يجوز له الاعتراض على شيخ الاسلام مفتي الانام ابن حجر الذي هو جبل من جبال العلم عند الائمة الاعلام.

(مرقات شرح مشکوۃ ج ۴ ص ۲۲۹، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)

پر قرار دے اور یہ بھی جائز ہے کہ اس کے غلط ہونے پر قسم کھائے' اگرچہ وہ (مد مقابل) اس سے زیادہ علم میں جلالت اور وسعت کا حامل ہو' کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مرتبہ حضرت عائشہ سے بہت زیادہ تھا (اب علامہ علی قاری فرماتے ہیں:) اس عبارت میں واضح دلیل اور صحیح نقل ہے' جس کی بناء پر ہمارے زمانے کے بعض شافعی علماء کا رد ہو سکتا ہے جو ہمارے علامہ ابن حجر پر اعتراض کرنے پر معترض ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ''تم جیسوں کے لیے شیخ الاسلام اور مفتی الانام ابن حجر پر اعتراض کرنا جائز نہیں ہے' وہ تو علماء اعلام کے نزدیک علم کا پہاڑ ہیں''۔ یہ (شافعی علماء معترضین) تقلید کی پستی اور تقیید کی قید سے باہر نہیں آئے اور نہ ہی میدان تحقیق و تائید میں وارد ہوئے ہیں۔ (اگر یہ تقلید کی پستیوں سے نکل کر میدان تحقیق میں آئیں تو کبھی ایسے اعتراض نہ کریں)۔

مذکورہ تمام تر تصریح و تبیین اور ایضاح و تفصیل کے بعد یہ شبہ یا خدشہ باقی نہیں رہنا چاہیے کہ شرح صحیح مسلم میں اکابر علماء و مشائخ سے اختلاف رائے کیوں کیا گیا ہے' کیا شارح صحیح مسلم' اکابر سے زیادہ علم رکھتے ہیں' کیا اکابر کو ان دلائل کا علم نہیں تھا'' وغير ذالك من الشبهات۔

اب ہم ذیل میں شرح صحیح مسلم سے چند مثالیں پیش کر رہے ہیں' جن میں شارح نے اکابر سے اختلاف فرمایا ہے اور اپنے دلائل پیش کئے ہیں۔ ان مثالوں کی روشنی میں بخوبی اندازہ ہوگا کہ شارح کا اختلاف' بلا تحقیق اور توہین آمیز ہے۔۔یا۔۔۔محققانہ اور مؤدبانہ۔

شارح صحیح مسلم کا اکابر سے اختلاف رائے

(۱) علامہ بدر الدین عینی حنفی علیہ الرحمۃ سے اختلاف

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی باہمی جنگوں کے متعلق اہل سنت و جماعت کا یہ موقف اور مسلک ہے کہ یہ جنگیں محض اجتہاد کی بناء پر ہوئی تھیں اور اللہ تعالیٰ نے اجتہاد میں خطاء کو معاف کر دیا ہے اور احادیث مبارکہ سے یہ ثابت ہے کہ جو اپنے اجتہاد میں درستگی پر ہو اس کو دو اجر ملیں گے اور جو خطاء پر ہوگا وہ ایک اجر کا مستحق ہوگا۔ فلہٰذا کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر طعن کرے' خواہ اس کو معلوم ہو جائے کہ جنگوں میں فلاں' حق پر تھا اور فلاں' حق پر نہیں تھا۔۔۔۔یہی موقف اور مسلک اس جنگ کے بارے میں بھی ہے جو سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ہوئی کہ اس میں حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما دونوں مجتہد تھے' فرق یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو اپنے اجتہاد میں خطاء لاحق ہوئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے اجتہاد میں صائب تھے' نتیجہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اجر کے مستحق ہیں اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی۔ علامہ بدر الدین عینی حنفی علیہ الرحمۃ

Marfat.com

نے اس مسئلہ میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے اجتہاد کو بھی تسلیم نہیں کیا اور ان کی اجتہادی خطاء پر اجر وثواب کو بھی تسلیم نہیں کیا۔ علامہ عینی کی عبارت درج ذیل ہے:

قال الکرمانی علی رضی الله تعالی عنهٗ ومعاویة کلاهما کانا مجتهدین غایة مافی الباب ان معاویة کان مخطئا فی اجتهاد ونحوه انتهی قلت: کیف یقال: کان معاویة مخطئا فی اجتهاده فما کان الدلیل فی اجتهاده؟ وقد بلغه الحدیث الذی قال ﷺ ویح ابن سمیة تقتله الفئة الباغیة وابن سمیة هو عمار بن یاسر وقد قتله فئة معاویة افلا یرضی معاویة سواء بسواء حتی یکون له اجر و احد؟ (عمدۃ القاری ج ۱۶ ص ۳۴۸، مطبوعہ دار الحدیث، ملتان)

علامہ کرمانی فرماتے ہیں: علی رضی اللہ عنہ اور معاویہ دونوں مجتہد تھے۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضرت معاویہ اپنے اجتہاد میں خطاء پر تھے۔ (علامہ عینی فرماتے ہیں:) میں کہتا ہوں: یہ کیسے جائز ہو سکتا ہے کہ حضرت معاویہ اپنے اجتہاد میں خطاء پر تھے، ان کے اجتہاد پر کیا دلیل ہے؟ حالانکہ انہیں یہ حدیث پہنچ چکی تھی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''افسوس! ابن سمیہ کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی''۔ اور ''ابن سمیہ'' عمار بن یاسر ہیں اور ان کو حضرت معاویہ کے گروہ نے قتل کیا۔ کیا معاویہ برابر برابر ہونے پر راضی نہیں ہیں کہ ان کو ایک اجر مل جائے!

شارح صحیح مسلم، علامہ عینی علیہ الرحمۃ سے اختلاف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

میں کہتا ہوں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت برحق ہے اور ہمارے ایمان کا جزو ہے، لیکن حضرت علی کی محبت میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ پر غیظ وغضب کا اظہار کرنا اور ان کے فضائل اور ان کے اجر وثواب کا انکار کرنا تشیع اور رفض کا دروازہ کھولنا ہے، اور راہِ اعتدال اور مسلک اہل سنت و جماعت سے تجاوز کرنا ہے، اللہ تعالیٰ علامہ بدر الدین عینی کی مغفرت فرمائے انہوں نے حضرت معاویہ پر یہ اعتراض کیا ہے کہ جب ان کو یہ حدیث پہنچ چکی تھی کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمار بن یاسر کے متعلق فرمایا تھا: ''اس کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی'' اور حضرت معاویہ کے گروہ نے ہی حضرت عمار کو قتل کیا تھا اور اس قتل کے بعد تو نص صریح سے حضرت علی کے موقف کا حق ہونا واضح ہو گیا تھا حالانکہ اس واقعہ کے بعد بھی حضرت معاویہ نے اپنے موقف سے رجوع نہیں کیا!

علامہ عینی کے اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ حضرت عمار کی شہادت سے پہلے تو حضرت معاویہ کے اجتہاد پر کوئی اعتراض نہیں ہے، ہاں حضرت عمار کی شہادت کے بعد حق ضرور واضح ہو گیا تھا لیکن حضرت معاویہ کو یہاں بھی التباس اور اشتباہ ہو گیا، انہوں نے کہا کہ حضرت عمار کی شہادت کا باعث حضرت علی ہیں، اگر حضرت علی، حضرت عثمان کا قصاص لے لیتے تو جنگ کی نوبت آتی نہ حضرت عمار شہید ہوتے، حضرت معاویہ کی یہ تاویل صحیح نہیں ہے لیکن یہ تاویل بھی ان کی اجتہادی خطاء پر مبنی ہے۔

علامہ بدر الدین عینی نے عمدۃ القاری کے شروع میں خود حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی اجتہادی خطاء کا اعتراف کیا ہے وہ درج ذیل حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

ویح عمار تقتله الفئة الباغیة یدعوهم الی الجنة و یدعونه الی النار.

افسوس عمار کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا، وہ اس گروہ کو جنت کی طرف بلائے گا اور وہ لوگ عمار کو دوزخ کی طرف بلائیں گے۔

اس حدیث پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ حضرت عمار، حضرت علی کی طرف سے لڑے تھے اور ان کو حضرت معاویہ کے گروہ نے قتل کیا تھا تو کیا حضرت معاویہ کا گروہ باغی اور دوزخ کی طرف دعوت دینے والا تھا؟ اس کے جواب میں علامہ عینی لکھتے ہیں:

علامہ مہلب، علامہ ابن بطال اور ایک جماعت نے یہ جواب دیا ہے کہ حضرت عمار کو خوارج نے قتل کیا تھا، اور بعض علماء نے یہ

Marfat.com

جواب دیا ہے کہ حضرت عمار کو کفار قریش نے قتل کیا تھا لیکن یہ دونوں جواب صحیح نہیں ہیں' صحیح جواب یہ ہے کہ ہر چند کہ حضرت عمار کو حضرت معاویہ کے گروہ نے قتل کیا تھا لیکن وہ مجتہد تھے اور ان کا گمان یہ تھا کہ وہ جنت کی دعوت دے رہے ہیں اور واقعہ اس کے برعکس تھا اور اپنے ظن کی اتباع کرنے میں ان پر کوئی ملامت نہیں ہے' اگر تم یہ کہو کہ جب مجتہد صحیح اجتہاد کرے تو اس کو دو اجر ملتے ہیں اور اگر غلط اجتہاد کرے تو ایک اجر ملتا ہے تو یہاں کیا معاملہ ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے اقناعی جواب دیا ہے اور صحابہ کے حق میں اس کے خلاف کہنا لائق نہیں ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کی تعریف کی ہے اور ان کی فضیلت کی شہادت دی ہے' قرآن مجید میں ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ. (آل عمران:۱۱۰) تم بہترین امت ہو۔

مفسرین نے بیان کیا ہے اس سے مراد صحابہ ہیں۔

علامہ عینی سے اختلاف اور ان کے ایرادات کے جواب کے بعد شارح نے جامع ترمذی' شرح الشفاء (للعلامۃ القاری) اور البدایہ والنہایہ کی روشنی میں کم وبیش ۱۸ روایات سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل اور ان کی شان وعظمت کے بیان میں ذکر کی ہیں۔ آخر میں لکھتے ہیں:

ظاہر ہے کہ میں علامہ بدرالدین عینی کے علم وفضل اور ان کے ورع وتقویٰ کے مقابلہ میں ان کے پیروں کی دھول کی نسبت بھی نہیں رکھتا لیکن علامہ عینی نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ پر جس غیظ وغضب کا اظہار کیا اور ان کے اجتہاد اور اجتہادی خطاء پر اجر وثواب کا انکار کیا تو عظمت صحابہ اور حضرت معاویہ کی محبت کا یہ تقاضا تھا کہ میں حضرت معاویہ سے علامہ عینی کے اعتراض کو دور کروں اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے مرتبہ اور مقام کو واضح کروں جب عبداللہ بن مبارک سے کسی نے پوچھا کہ عمر بن عبدالعزیز افضل ہیں یا حضرت معاویہ؟ تو عبداللہ بن مبارک نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں حضرت معاویہ کے گھوڑے کی ناک پر جو غبار پڑا تھا عمر بن عبدالعزیز سے وہ غبار بھی ہزار درجہ افضل ہے' اللہ تعالیٰ ہماری کوتاہیوں اور لغزشوں کو معاف فرمائے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۷۹۱)

(۲) امام ابن حجر عسقلانی شافعی علیہ الرحمۃ سے اختلاف

''شرح صحیح مسلم اور اہم تحقیقی مسائل'' کے عنوان سے روایت ''تلك الغرانيق العلى'' پر بحث گزر چکی کہ ''امام ابومنصور ماتریدی' امام بیہقی' امام فخرالدین رازی' قاضی بیضاوی' امام نووی' علامہ کرمانی' علامہ بدرالدین عینی' علامہ قسطلانی اور علامہ سید محمود آلوسی حنفی رحمہم اللہ تعالیٰ اور دیگر تمام محققین نے اس روایت کو قطعاً رد کر دیا ہے''۔ معروف اہل علم واہل تحقیق میں سے صرف علامہ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے اس روایت کی اصل کو تسلیم کیا ہے۔ عبارت درج ذیل ہے:

ومعناهم كلهم فى ذالك واحد وكلها سوى طريق سعيد بن جبير اما ضعيف والامنقطع لكن كثرة الطرق تدل على ان للقصة اصلا.

(فتح الباری ج ۹ ص ۳۶۸' مطبوعہ دارالفکر' بیروت)

(ذکر کردہ) تمام روایات کا معنی ایک ہی ہے' سوائے اس روایت کے جو حضرت سعید بن جبیر سے آئی ہے' سب کی سب ضعیف ہیں یا منقطع' لیکن ان روایات کا کثرتِ طرق سے مروی ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس قصہ کی کوئی نہ کوئی اصل موجود ہے۔

شارح صحیح مسلم' امام عسقلانی سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

علمِ حدیث میں حافظ ابن حجر عسقلانی کا مقام بہت بلند ہے اور ہم ان کی عظمتوں کی گردِ راہ کو بھی نہیں پا سکتے لیکن اس کے باوجود

معذرت کے ساتھ یہ کہنے کی جسارت کرتے ہیں کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے انقطاع کی صراحت کے ساتھ یہ حدیث بزار اور ابن مردویہ کی سند کے ساتھ حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے پھر کلبی' سدی' نحاس' ابن اسحاق' طبری' ابن ابی حاتم اور ابن منذر کی اسانید کے ساتھ بھی حضرت ابن عباس سے اس روایت کا ذکر کیا ہے اور یہ تصریح بھی کی ہے کہ یہ اسانید ضعیف اور انقطاع سے خالی نہیں ہیں۔ ہماری گذارش یہ ہے کہ یہ روایت اپنی تمام اسانید کے ساتھ صرف حضرت ابن عباس سے مروی ہے' ان کے علاوہ کسی اور صحابی سے یہ روایت مروی نہیں ہے۔ اگر بالفرض یہ روایت صحیح ہوتی تو یہ واقعہ ان عجیب وغریب امور پر مبنی ہونے کی وجہ سے بکثرت صحابہ سے مروی ہوتا۔ جبکہ اس روایت کے مطابق اس وقت بکثرت صحابہ موجود تھے پھر صرف حضرت ابن عباس ہی اس کو کیوں روایت کرتے ہیں؟ دوسری گذارش یہ ہے کہ یہ ہجرت سے پہلے کا واقعہ ہے اور ہجرت کے وقت حضرت ابن عباس کی عمر صرف تین سال تھی تو کیا ایک یا دو سال کی عمر میں حضرت ابن عباس نے اس واقعہ کا مشاہدہ کیا تھا! اس روایت کو وضع کر کے حضرت ابن عباس کی طرف منسوب کرنے والوں نے اس وقت ابن عباس کی عمر پر بھی غور نہیں کیا' تیسری گذارش یہ ہے کہ اس روایت میں ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی زبان سے شیطان نے یہ کلمات (تلك الغرانيق العلى الخ) کہلوا لیے تو حضرت جبریل نے آ کر کہا آپ نے وہ بات کہی جس کو میں لے کر نہیں آیا اور نہ اللہ تعالیٰ نے نازل کی اس پر آپ رنجیدہ ہوئے پس اللہ تعالیٰ نے آپ کے حزن وملال کو زائل کرنے کے لیے سورۂ حج کی یہ آیت نازل فرمائی (وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی) اور سورۂ حج مدنی ہے اور سورۂ نجم سن کر مشرکوں کے سجدے کا واقعہ ہجرت سے کئی سال پہلے کا ہے تو گویا آپ کو جو اس واقعہ سے رنج وملال ہوا اس کو زائل کرنے کے لیے کئی سال بعد سورۂ حج کی یہ آیت نازل ہوئی' یہ بات منطق کے بھی خلاف ہے اور اس من گھڑت روایت کے بھی خلاف ہے کیونکہ اس میں یہ ہے کہ آپ رنجیدہ ہوئے تو حضرت جبریل یہ آیت لے کر آئے۔ چوتھی گذارش یہ ہے کہ امت کا اس پر اجماع ہے کہ قرآن مجید کو پہنچانے میں رسول اللہ ﷺ سے عمداً' خطا' نسیاناً' سہواً کسی طرح غلطی نہیں ہو سکتی پھر یہ کیسے متصور ہو سکتا ہے کہ بقول اس روایت کے نبی ﷺ سے العیاذ باللہ! کفریہ کلمات صادر ہو گئے۔ پانچویں گذارش یہ ہے کہ نبی ﷺ پر شیطان کا جبر کرنا کسی مسلمان کے نزدیک متصور نہیں ہے پھر یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ شیطان نے یہ کلمات آپ سے کہلوا لیے ہوں' ہم اس روایت سے ہزار بار اللہ کی پناہ مانگتے ہیں!۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۵۹)

(۳) علامہ شامی علیہ الرحمۃ سے اختلاف

ناپاک چیزوں سے تعویذ لکھنا جائز ہے یا ناجائز؟ شارح کا موقف یہ ہے کہ ناجائز ہے۔ سند المحققین علامہ شامی علیہ الرحمۃ نے صاحب ہدایہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ "طلب شفاء کے لیے خون کے ساتھ ناک اور پیشانی پر سورۂ فاتحہ کو لکھنا جائز ہے اور اگر یہ غالب گمان ہو کہ پیشاب کے ساتھ لکھنے سے شفاء ہو گی تو پیشاب کے ساتھ لکھنا بھی جائز ہے لیکن یہ منقول نہیں ہے"۔

شارح صحیح مسلم' علامہ شامی' صاحب ہدایہ وغیرہما سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

تعویذ لکھتے وقت یہ چیز ملحوظ رکھنی چاہیے کہ پاک چیز سے تعویذ لکھا جائے' کسی ناپاک چیز سے تعویذ لکھنا جائز نہیں ہے' بعض لوگ مرغ کے خون سے تعویذ لکھتے ہیں' یہ جائز نہیں ہے' ہر جاندار کا بہنے والا خون ناپاک ہے اور ناپاک چیز کے ساتھ قرآن مجید کی آیات اور اللہ تعالیٰ کے اسماء لکھنا جائز نہیں ہے۔ مجھے بہت حیرت اور افسوس کے ساتھ لکھنا پڑ رہا ہے کہ علامہ شامی نے ایک نہایت افسوس ناک بات لکھی ہے:

وكذا اختاره صاحب الهداية فى التجنيس — ناپاک چیز سے علاج کرنا ناجائز ہے' صاحب ہدایہ نے

Marfat.com

فقال لو رعف فکتب الفاتحة بالدم علی جبهته وانفه جاز للاستشفاء و بالبول ایضًا ان علم فیه شفاء لکن لم ینقل و هذا لان الحرمة ساقطة عند الاستشفاء کحل الخمر و المیتة للعطشان والجائع اه من البحر. (ردالمحتار ج ۱ ص ۱۹۴)

تجنیس میں یہی اختیار کیا ہے' انہوں نے کہا اگر کسی آدمی کی نکسیر پھوٹ گئی اور اس نے خون کے ساتھ اپنی ناک اور پیشانی پر سورۂ فاتحہ کو لکھ دیا تو یہ طلب شفاء کے لیے جائز ہے' اور اگر یہ غالب گمان ہو کہ پیشاب کے ساتھ لکھنے سے شفاء ہوگی تو پیشاب کے ساتھ لکھنا بھی جائز ہے' لیکن یہ منقول نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ طلب شفاء کی وجہ سے حرمت ساقط ہو جاتی ہے' جیسے بھوکے اور پیاسے کے لیے خنزیر کھانا اور شراب پینا حرام نہیں ہے۔

میں کہتا ہوں کہ خون یا پیشاب کے ساتھ سورۂ فاتحہ لکھنے والے کا ایمان خطرہ میں ہے' اگر کسی آدمی کو روزِ روشن سے زیادہ یقین ہو کہ اس عمل سے اس کو شفاء ہو جائے گی تب بھی اس کا مر جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ خون یا پیشاب کے ساتھ سورۂ فاتحہ لکھنے کی جرأت کرے۔ اللہ تعالیٰ ان فقہاء کو معاف کرے' بال کی کھال نکالنے اور جزئیات مستنبط کرنے کی عادت کی وجہ سے ان سے یہ قول شنیع سرزد ہو گیا' ورنہ ان کے دلوں میں قرآن مجید کی عزت اور حرمت بہت زیادہ تھی۔ (شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۵۵۶)

(۴) مغفرت ذنب کے مسئلہ میں متعدد اہل علم وفضل سے اختلاف

قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ○ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ. (الفتح: ۲،۱)

(اے حبیب) بے شک ہم نے آپ کو روشن فتح عطا فرمائی ○ تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کے لیے آپ کے اگلے اور پچھلے ذنب معاف فرما دے۔

اس آیت مبارکہ میں ''ذنب'' کی نسبت رسول اکرم ﷺ کی طرف کی گئی ہے' اس حوالہ سے بعض علماء محققین اس طرف گئے ہیں کہ اس آیت میں ذنب سے رسول اللہ ﷺ کے وہ امور مراد ہیں جو ''حسنات الابرار سیئات المقربین'' کے بموجب بظاہر ''خلافِ اولیٰ'' ہیں۔ اور بعض علماء محققین اس طرف گئے ہیں کہ اس آیت میں ''ذنب'' کی نسبت بظاہر نبی کی طرف ہے' حقیقۃً اس سے آپ کی امت کے ذنوب مراد ہیں۔ حضرت عطاء خراسانی' شیخ مکی وغیرہما اور متاخرین علماء میں بالتخصیص اعلیٰ حضرت امام اہل سنت محدث بریلوی رضی اللہ عنہم کا یہی موقف ہے۔ شارح صحیح مسلم کا موقف وہ ہے جو اولاً ذکر ہوا' یعنی ذنب کی نسبت رسول اکرم ﷺ کی طرف ہی ہے اور اس سے آپ ﷺ کے وہ امور مراد ہیں جو ''بظاہر خلافِ اولیٰ'' ہیں۔ (اس مسئلہ کی مزید تفصیل ''مجتہدات و تفردات'' کے عنوان سے آگے آ رہی ہے۔)

شارح صحیح مسلم' ان تمام علماء سے' جنہوں نے آیتِ مذکورہ میں ''ذنب'' کی نسبت امت کے متقدمین اور متاخرین کی طرف کی ہے' اختلاف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

بعض ثقہ اور مستند علماء نے بھی عطاء خراسانی اور شیخ مکی کے اقوال کی اتباع میں یہ ترجمہ کیا۔:

لیغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر. تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں اور تمہارے پچھلوں کے۔

ظاہر ہے ان علماء نے انتہائی نیک نیتی اور حسن عقیدت سے یہ ترجمہ کیا تاکہ رسول اللہ ﷺ کی عصمت پر حرف نہ آئے'

Marfat.com

ہمارے دل میں ان علماء کا غایت درجہ احترام ہے اور علمی اعتبار سے ہم ان کی گرد راہ کے بھی برابر نہیں ہیں' لیکن اس کے باوجود ہمارے نزدیک یہ ترجمہ صحیح نہیں ہے' کیونکہ یہ ترجمہ لغت' اطلاقاتِ قرآن' نظمِ قرآن اور احادیثِ صحیحہ کے خلاف ہے اور اس پر عقلی خدشات اور ایرادات بھی ہیں' ہمارے نزدیک جواب کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی طرف جو ذنب کی نسبت کی ہے اس نسبت کو قائم اور برقرار رکھتے ہوئے ذنب کے معنی میں تاویل کی جائے اور یہ کہا جائے کہ ذنب سے مراد بہ ظاہر خلافِ اولیٰ یا بظاہر ترک افضل ہے یا اس سے مراد وہ امور ہیں جن کو آپ اپنے مقامِ رفیع اور نظرِ عالی کے اعتبار سے ذنب قرار دیتے تھے اور فی نفسہ وہ امور گناہ تھے نہ ترک اولیٰ' ہمارے نزدیک اللہ کی بیان کردہ اضافت کے خلاف اس آیت میں اگلوں اور پچھلوں کے گناہ مراد لینا صحیح نہیں ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۳۲۴)

مسئلہ پر مزید تفصیلی بحث کرنے کے بعد آخر میں لکھتے ہیں:

ہم نے سورۂ فتح کی مذکور الصدر آیت کے ترجمہ پر جو اس قدر تفصیل سے بحث کی ہے اس کا یہ مطلب نہیں لینا چاہیے کہ ہم اپنے اکابر علماء کے تراجم کی غلطیاں نکال رہے ہیں اور سوء ادب کے مرتکب ہو رہے ہیں بلکہ ہماری اس تحقیق کو اعلیٰ حضرت رحمہ اللہ کے طریقہ کی اتباع پر محمول کرنا چاہیے' جس طرح اعلیٰ حضرت نے اپنے اکابر کی غلطیوں پر گرفت کی اور اس کو تطفل سے تعبیر فرمایا' سو اس معاملہ کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیے' نیز تحقیق اور تفحص کے دروازے بند نہیں ہوئے ہیں' اگر ہمیں اپنے اکابر کی عبارات میں کوئی بات خلاف تحقیق نظر آئے تو ہمیں فراخ دلی اور وسیع النظری کے ساتھ یہ مان لینا چاہیے کہ یہ بات خلاف تحقیق ہے اور یہی حق پرستی کی علامت ہے' ہمیں آج تک اپنے مخالفین سے یہ گلہ رہا ہے کہ وہ اپنے اکابر کی غلط عبارات کے ساتھ چمٹے ہوئے ہیں اور غلط اور بے جا تاویلات کر کے ان عبارات کو صحیح بنانے پر ادھار کھائے بیٹھے ہوئے ہیں او یہ چیز اکابر پرستی ہے' حق پرستی نہیں ہے۔

ہم نے اپنے اکابر کے جس ترجمہ پر تنبیہ کی ہے وہ ترجمہ ہر چند کہ لغت' اسلوب قرآن' احادیث صحیحہ' آثار صحابہ' مستند علماء کے اقوال اور خود ان اکابر کی تصریحات کے خلاف ہے' لیکن اس کو زیادہ سے زیادہ خلاف تحقیق کہا جا سکتا ہے یا علمی تسامح پر محمول کیا جا سکتا ہے' اس سے زائد کچھ نہیں' اس ترجمہ کی اصل عطاء خراسانی اور شیخ مکی کے اقوال میں موجود ہے' ہمارے علماء نے حسنِ نیت اور خوش عقیدگی کی بناء پر یہ ترجمہ اختیار کیا' اگرچہ اس ترجمہ کی بنیاد کمزور اور غلط ہے لیکن ان مترجمین کی نیت بہر حال مستحسن اور محمود تھی اللہ تعالیٰ ان محترم ہستیوں کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

کسی مسلّم بزرگ ہستی' مقتدر عالم دین' بلند پایہ محقق اور مایہ ناز فقیہ اور محدث سے اگر کوئی ایک آدھ علمی فروگذاشت ہو جائے تو اس سے ان کی جلالت علمی اور قدر و منزلت میں کوئی فرق واقع نہیں ہوتا' بلکہ وہ بدستور آسمان علم کے آفتاب نصف النہار ہی رہتے ہیں اور علماء اور فقہاء کے ایسے تسامحات کی مثالیں خیر القرون سے لے کر عہد حاضر تک کے سب محققین اور مجتہدین کے ہاں مل جائیں گی اور اگر ان سب کو یکجا کیا جائے تو ایک وقیع دفتر تیار ہو جائے گا۔ (شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۳۴۶)

Marfat.com

مجتہدات وتفردات

مجتہدات وتفردات سے مراد شرح صحیح مسلم کی وہ ابحاث ہیں جو شارح کی اپنی ذہنی کاوش' جودتِ طبع' غور وفکر اور تتبع وتلاش کا نتیجہ ہیں۔ خصوصاً ان ابحاث میں شرح صحیح مسلم کا زاویۂ فکر بالکل منفرد اور ممتاز نظر آتا ہے۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ ''کسی بھی تفسیر و حدیث اور فقہی کاوش کو اسی میزان پر پرکھ کر اس کا مقام متعین کرنا چاہیے کہ آیا اس میں سابقہ ائمہ ومجتہدین کی تحقیقات اور اجتہادی کاوشوں پر کیا اضافہ کیا گیا ہے؟ کون کون سے نئے مسائل کو مسلمہ اصولوں پر منطبق کر کے اجتہادی بصیرت سے کام لیا گیا ہے؟ دراصل ایسے علمی کام کو ہی تخلیقی کاوش قرار دیا جا سکتا ہے''۔

شرح صحیح مسلم اس حوالہ سے اپنی معاصر شروح پر کامل تفوق اور برتری کی حامل ہے۔ انہی ابحاث کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ شرح صحیح مسلم میں شرح کے معروف انداز کو نہ تو یکسر ترک کیا گیا ہے نہ بالکلیہ اسے اپنایا گیا ہے۔ بلکہ دونوں میں حسین امتزاج اور اعتدال کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے علماء متقدمین رحمہم اللہ کے اسلوب شرح کو سلیس اردو کے قالب میں ڈھال کر شرح کے ایک نئے رخ اور اسلوب کو متعارف کرایا گیا ہے۔

شرح صحیح مسلم جن مجتہدات وتفردات کی حامل ہے' ان میں گو کہ جدید مسائل بھی شامل ہیں' مگر راقم ان پر علیحدہ عنوان کے تحت گفتگو کر چکا ہے۔ ان کے ماسوا دیگر مجتہدات وتفردات (جن کے حوالہ سے میں اس مقام پر گفتگو کرنا چاہتا ہوں) وہ' وہ ہیں جن پر تفصیلی اور مجتہدانہ بحث اسی شرح کی خصوصیت ہے' باوجود اس کے کہ وہ جدید نہیں ہیں مثلاً مسجد میں نماز جنازہ' مغفرت ذنب' ڈاڑھی میں قبضہ کا وجوب' ندائے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' فاسق کی امامت' غزوہ بدر میں فرشتوں کا نزول' بغیر ستر ے کے نمازی کے آگے سے گزرنا وغیر ذالک۔ میں ان میں سے چند مسائل پر ذیل میں اختصار کے ساتھ گفتگو کروں گا تا کہ ظاہر ہو جائے کہ شرح صحیح مسلم کو دیگر شروح حدیث کے درمیان کیا حیثیت ومقام' مرتبہ ومنزلت اور درجہ حاصل ہے:

(۱) ندائے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نام مبارک کے ساتھ پکارا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری حنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے رسالہ ''تجلی الیقین'' میں اس کو سختی سے منع فرمایا اور حرام قرار دیا ہے۔

(تجلی الیقین ص ۲۶' مطبوعہ حامد اینڈ کمپنی' لاہور بحوالہ شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۹۹۳)

شارح مشکوٰۃ مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ والرضوان حدیثِ جبرئیل کی شرح میں ''قال یا محمد اخبرنی عن الاسلام'' کے تحت لکھتے ہیں:

''خیال رہے کہ اب حضور کو صرف ''یا محمد'' کہہ کر پکارنا حرام ہے' رب فرماتا ہے:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ. الخ (النور: ۶۳) تم رسول کے پکارنے کو ایسا نہ بنا لو جیسا تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔

یہ واقعہ غالباً اس آیت کے نزول سے پہلے ہوا یا فرشتے اس آیت سے علیحدہ ہیں' مرقات''۔ (مراۃ المناجیح ج ۱ ص ۲۵)

Marfat.com

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے ہمارے حضور کو نام لے کر نہ پکارا: یا یھا النبی' یا یھا الرسول سے پکارا۔ حضور انور ﷺ کو یا ابا القاسم کہہ کر پکار سکتے ہیں کہ یہ حضور کا لقب ہے جیسے رسول اللہ' نبی اللہ' مگر یا محمد کہہ کر نہیں پکار سکتے کہ محمد حضور کا نام شریف ہے' دیکھو مرقات''۔

(مراۃ المناجیح ج۶ ص۴۰۶)

شرح صحیح مسلم کی بحث اور ماخذ

شرح صحیح مسلم میں اس مسئلہ پر دو جگہ بحث کی گئی ہے۔ پہلی جلد میں اور ساتویں جلد میں۔ ساتویں جلد میں ۱۴ ماخذ کی روشنی میں ۱۰ صفحات پر بحث کی گئی ہے اور پہلی جلد میں ۲۵ ماخذ کی روشنی میں ۱۲ صفحات پر بحث کی گئی ہے۔ اس مسئلہ میں شارح نے جن ماخذ کی روشنی میں اپنے اجتہاد کو تقویت دی ہے' وہ کثیر ہونے کے ساتھ ساتھ معتمد اور مستند بھی ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے۔

القرآن الحکیم' تفسیر کبیر (امام فخر الدین رازی)' صحیح بخاری (امام محمد بن اسماعیل بخاری)' صحیح مسلم (امام مسلم بن حجاج قشیری)' جامع ترمذی (امام ابوعیسیٰ ترمذی)' سنن ابن ماجہ (امام ابوعبداللہ ابن ماجہ)' مسند احمد (امام احمد بن حنبل)' الادب المفرد (امام محمد بن اسماعیل بخاری)' مسندِ ابویعلی (حافظ احمد بن علی المثنی)' مصنف عبدالرزاق (امام عبدالرزاق بن ہمام)' کنز العمال (علامہ علی متقی ہندی برہان پوری)' سنن کبریٰ (امام احمد بیہقی)' اتحاف السادۃ المتقین (علامہ سید محمد مرتضیٰ حسین زبیدی)' المطالب العالیہ (امام ابن حجر عسقلانی)' مسند ابوعوانہ (امام ابوعوانہ اسفرائنی)' العلل المتناہیہ (امام ابن جوزی)' البدایۃ والنہایہ (حافظ عماد الدین ابن کثیر)' الکامل فی التاریخ (علامہ ابوالحسن ابن اثیر)' مرقاۃ المفاتیح (علامہ علی بن سلطان محمد القاری الحنفی)' تجلی الیقین (امام احمد رضا محدث بریلوی)' روح المعانی (علامہ السید محمود آلوسی الحنفی البغدادی)' الشفاء (علامہ قاضی عیاض مالکی)' مجموع الفتاوی (شیخ ابن تیمیہ)' جلاء الافہام (شیخ ابن قیم جوزی)' تحفۃ الاحوذی (شیخ عبدالرحمان مبارکپوری)' فتح الملہم (شیخ شبیر احمد عثمانی)۔

شارح کا موقف

ندائے یا محمد ﷺ کے متعلق شارح کا موقف یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو ''یا محمد'' کہہ کر نداء کرنا جائز ہے۔ کیونکہ نداء کا معنی ہے: منادیٰ کو اپنی طرف متوجہ کرنا۔ ہم ''یا محمد'' کہہ کر رسول اللہ ﷺ کی توجہ حاصل کرنے کا قصد کرتے ہیں' نیز ''محمد'' آپ ﷺ کا نام بھی ہے اور آپ کی صفت بھی' سو اگر اس لفظ سے آپ کی صفت کا قصد کر کے نداء کی جائے تو کوئی اشکال ہی نہیں ہے' اور کبھی نداء کسی کو یاد کرنے کے لیے بھی کی جاتی ہے لہٰذا ''یا محمد'' اگر بہ طور ذکر کہا جائے یا اظہارِ مسرت کے لیے نعرہ لگاتے ہوئے یا محمد کہا جائے تو یہ بھی جائز ہے۔

شارح کے دلائل

قرآنِ حکیم سے شارح کا استدلال اسی آیت سے ہے جس سے علماء مانعین استدلال فرماتے ہیں۔ یعنی:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا. (النور: ۶۳)

تم رسول کے بلانے کو اپنے درمیان ایسا نہ بنالو جیسا کہ تم ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔

علماء مانعین اور شارح کا استدلال

علماء مانعین فرماتے ہیں کہ ''اس آیتِ مبارکہ میں دعاء کا معنی بلانا اور پکارنا ہے اور اس کی ''رسول'' کی طرف اضافت' اضافت

Marfat.com

الی المفعول ہے۔ یعنی رسول اللہ ﷺ کو پکارنا اس طرح نہ بنالو جس طرح تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔ حضرت سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ لوگ نبی اکرم ﷺ کو یا محمد اور یا ابا القاسم کہا کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی تعظیم کے لیے ان کو اس سے منع فرمایا اور لوگ یا نبی اللہ' یا رسول اللہ کہا کرتے تھے''۔

شارح کا استدلال یوں ہے کہ اس آیت میں لفظ دعاء کی اضافت ''رسول'' کی طرف اضافت الی الفاعل ہے۔ معنی یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب تمہیں بلائیں تو ان کے بلانے کو ایسا نہ بنالو جیسا تم ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ شارح کے نزدیک یہی صورت (اضافت الی الفاعل) نظم آیت کے زیادہ قریب ہے۔ علامہ سید محمود آلوسی حنفی اور امام فخر الدین رازی شافعی[1] نے اسی صورت کو ''نظم آیت کے زیادہ قریب'' قرار دیا ہے۔ (روح المعانی ج ۱۸ ص ۲۲۴' تفسیر کبیر ج ۶ ص ۳۱۰)

شارح کے دیگر دلائل احادیث سے ہیں جن میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین' انبیاء کرام علیہم السلام' سیدنا جبریلِ امین اور خود اللہ عزوجل کا ''یا محمد'' کہہ کر نداء کرنا ثابت ہے۔

چنانچہ صحیح مسلم میں ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو مرد اور عورتیں گھروں کی چھتوں پر چڑھ گئے' بچے اور خدام راستوں میں پھیل گئے اور وہ نعرے لگا رہے تھے: ''یا محمد یا رسول اللہ' یا محمد یا رسول اللہ''.

(صحیح مسلم ج ۲ ص ۴۱۹)

امام ابن کثیر نے البدایۃ والنہایہ میں اور حافظ ابن اثیر نے الکامل میں نقل فرمایا کہ جنگِ یمامہ میں مسلمان وہ نعرے لگا رہے تھے جو ان کا شعار تھا۔ ''وکان شعارھم یومئذ یا محمداہ'' اور ان کا شعار اس دن ''یا محمداہ'' کہنا تھا۔

(البدایۃ والنہایہ ج ۶ ص ۳۲۴' الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۲۴۶)

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا پیر سن ہو گیا' کسی شخص نے کہا: آپ اس کو یاد کیجئے جو آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا: یا محمد (ﷺ)۔

(الادب المفرد للامام بخاری ص ۲۶۲' الشفاء للقاضی عیاض المالکی' جزء ثانی ص ۱۸' عمل الیوم واللیلۃ ص ۶۷)

خود رسول اللہ ﷺ نے ایک نابینا صحابی کو یہ دعاء تعلیم فرمائی:

اللھم انی اسئلك واتوجه اليك بمحمد نبی الرحمة یا محمد انی قد توجهت بك الی ربی فی حاجتی هذه لتقضی اللهم فشفعه فی.

(سنن ابن ماجہ ص ۹۹)

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور محمد نبی رحمت (ﷺ) کے وسیلہ سے تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ اے محمد ﷺ میں آپ کے وسیلہ سے اس حاجت میں اپنے رب کی طرف سے متوجہ ہوا ہوں تاکہ میری یہ حاجت پوری ہو۔ اے اللہ! نبی ﷺ کو میرے لیے شفاعت کرنے والا بنادے۔

اس حدیث کو شیخ ابن تیمیہ نے جامع ترمذی' سنن نسائی اور متعدد کتب حدیث کے حوالوں سے نقل کیا ہے۔

(مجموع الفتاویٰ ج ۱ ص ۲۶۷)

حضرت سیدنا موسیٰ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۱۲۱) اور سیدنا ابراہیم (کنز العمال ج ۲ ص ۲۵۲) علیہما السلام نے معراج کے موقع پر ''یا محمد'' کہا۔ اور رسول اللہ ﷺ نے حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: (قربِ قیامت میں جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام آئیں گے)

---

[1] امام رازی نے سورۃ الحج تک تفسیر فرمائی ہے۔ باقی حصہ علامہ قمولی نے مکمل کیا ہے۔ شارح نے تبیان میں سورۃ الحج کے اختتام پر وضاحت کر دی ہے۔

Marfat.com

"لئن قام علی قبری فقال یا محمد لا جیبنه". اگر وہ میری قبر کے پاس کھڑے ہو کر "یا محمد" کہیں گے تو میں ضرور ان کو جواب دوں گا۔ (مسند ابو یعلی ج ۶ ص ۱۰۱' المطالب العالیہ لابن حجر ج ۴ ص ۳۴۹)

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی تجلی الیقین اور انوار الانتباہ میں بکثرت احادیث و آثار اور اقوال علماء ذکر فرمائے ہیں' جن سے ندائے یا محمد کا جواز ثابت ہوتا ہے۔

(انوار الانتباہ ص ۳۲ تا ۴۶' تجلی الیقین ص ۳۵' ۴۵' ۷۴' ۸۲' ۸۴' مطبوعہ فرید بک اسٹال' لاہور)

نیز متعدد احادیث قدسیہ سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو یا محمد کہہ کر نداء فرمائی۔ اس سلسلے میں شارح نے صحیحین سے لے کر تجلی الیقین (از امام اہل سنت رضی اللہ عنہ) تک' گیارہ ماخذ کی روشنی میں ۲۰ احادیث قدسیہ تحریر فرمائی ہیں۔ اور ان تمام دلائل و براہین کی روشنی میں اپنے نقطۂ نظر کو پایۂ ثبوت تک پہنچایا ہے اور علماء مانعین (رحمہم اللہ تعالیٰ) سے بہت ادب اور احترام کے ساتھ اختلاف فرمایا ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۹۹۲)

ندائے یا محمد ﷺ کے جواز پر ایک نظیر۔۔۔۔راقم کی طرف سے

عارف باللہ شیخ نور الدین عبد الرحمٰن جامی قدس سرہ السامی' شرح جامی (بحث منادیٰ) میں تحریر فرماتے ہیں:

اذا قلت یا محمداہ فکانك تنادیه و تقول له تعال فانا مشتاق الیك. (شرح جامی ص ۹۰' مطبوعہ ملتان)

جب تو کہے گا: "یا محمداہ" تو گویا تو' رسول اللہ ﷺ کو پکار رہا ہے اور یہ کہہ رہا ہے کہ آپ (ﷺ) تشریف لائیے' میں آپ کے دیدار کا مشتاق ہوں۔

ندائے یا محمد ﷺ پر شارح کی تفصیلی اور تحقیقی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کو نام پاک کے ساتھ بلانا ممنوع ہے۔ ہاں آپ کو نامِ پاک کے ساتھ کسی مصیبت میں یا کسی اور وجہ سے پکارنا یا آپ کو یاد کرنا یا خوشی میں آپ کا نعرہ لگانا' سو وہ شرعاً جائز اور درست ہے' جیسا کہ بیان کردہ دلائل سے واضح اور ظاہر ہو چکا۔

(۲) ڈاڑھی میں قبضہ کا وجوب

یہ مسئلہ بھی شارح کے مجتہدات سے متعلق ہے۔ مشہور موقف کے مطابق ڈاڑھی کا کم از کم ایک مشت تک ہونا واجب اور ضروری ہے۔ اس سے ایک آدھ انگل بھی کم کرنا مکروہِ تحریمی ہے۔ شارح مشکوٰۃ مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں:

چار انگشت واجب' اس سے قدرے زیادہ جائز ہے' بہت زیادہ مکروہ ہے۔ چار انگشت سے کم کرنا سخت منع اور منڈوانا حرام' نیز ہندوؤں کا اور عیسائیوں کا طریقہ ہے۔ (مراۃ المناجیح ج ۱ ص ۲۷۶)

صاحب نزھۃ القاری مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ بھی ایک مشت ڈاڑھی رکھنے کو واجب قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ حدیثِ رسول ﷺ: "مشرکین کی مخالفت کرو' ڈاڑھیوں کو وافر رکھو اور مونچھوں کو پست کراؤ" کے تحت آپ لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مشرکین سے مراد مجوس ہیں اس لیے کہ وہی ڈاڑھی کتروا تے یا مونڈاتے تھے۔ "وفروا" اور بعض حدیثوں میں "واعفوا" وارد ہے۔ امر وجوب کے لیے ہے۔ لہٰذا ان حدیثوں سے ثابت ہوا کہ ڈاڑھی کا بڑھانا واجب ہے۔ حدیث کا اطلاق اس کا مقتضی ہے کہ ڈاڑھی کتنی بھی بڑی ہو جائے قطعاً نہ کاٹی جائے' لیکن حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ وہ ایک مشت سے زائد ڈاڑھی کو کاٹتے تھے اور یہ "مالا یدرك الا بالسماع" ہے۔ اس لیے ملحق بالمرفوع ہے۔ یعنی اس پر محمول ہے کہ انہوں نے حضور اقدس ﷺ سے سن ہی کر اس پر عمل کیا ہے' اس لیے "اعفوا اللحی" والی حدیث کی اس سے تخصیص درست ہے'

تو حاصل یہ نکلا کہ ایک مشت ڈاڑھی رکھنا واجب ہے۔اسی لیے امام ابن الہمام نے فتح القدیر میں فرمایا:

اما الاخذ منها وهی دون ذالك فلم يبحه احد. (نزہۃ القاری ج ۵ ص ۵۴۰) ڈاڑھی اگر ایک مٹھی سے کم ہو تو اس کے کاٹنے کو کسی نے جائز نہیں کہا۔

ڈاڑھی میں قبضہ سے متعلق شارح کی بحث اور موقف

شارح نے اس عنوان پر بھی دو جگہ مفصل بحث فرمائی ہے۔جلد اول میں اور جلد ششم میں۔جلد اول میں ۲۱ ماخذ کی روشنی میں ۸ صفحات پر بحث کی گئی ہے جبکہ جلد ششم میں تقریباً ۳۵ ماخذ کی روشنی میں ۱۸ صفحات پر بحث کی گئی ہے۔

شارح کا موقف اس سلسلے میں یہ ہے کہ ''مطلقاً ڈاڑھی رکھنا واجب ہے' کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے ڈاڑھی منڈانے کی مخالفت کا حکم دیا ہے اور چونکہ احکام میں عرف و عادت کا اعتبار ہوتا ہے اس لیے ڈاڑھی کے تحقق کے لیے ڈاڑھی (کم از کم) اتنی ہونی چاہیے جس پر عرف[1] میں ڈاڑھی کا اطلاق ہو سکے' خواہ وہ ایک آدھ انگل کم ہو۔معمولی اور خفیف سی ڈاڑھی یا خشخشی ڈاڑھی پر عرف اور عادت میں مطلقاً ڈاڑھی کا اطلاق نہیں ہوتا۔اس کو خشخشی ڈاڑھی یا فرنچ کٹ ڈاڑھی کہتے ہیں۔لہٰذا ایسی ڈاڑھی رکھنے سے' ڈاڑھی کے حکم پر عمل نہیں ہوگا۔اور ایک مشت تک ڈاڑھی رکھنا فقہاء کرام کی تصریحات کا مطابق سنت ہے' اور بظاہر یہ سنت غیر مؤکدہ ہے کیونکہ قبضہ کی تاکید کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث منقول نہیں ہے۔تاہم عام مسلمانوں کو عموماً اور علماء و مشائخ کو خصوصاً لمبی ڈاڑھی رکھنا چاہیے' کیونکہ نبی ﷺ کی ڈاڑھی مبارک دراز اور گھنی تھی جو سینۂ مبارک کو بھر لیتی تھی اور رسول اللہ ﷺ سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ صورت اور سیرت میں آپ کی کامل اتباع کی جائے' اس مسئلے میں افراط و تفریط سے بچنا چاہیے' ڈاڑھی دراز اور گھنی رکھنی چاہیے' لیکن اگر کسی مسلمان کی ڈاڑھی قبضہ سے کم ہو تو اس کو فاسقِ معلن کہنے' شریعت میں مداخلت کرنے اور مسلمان کی عزت اور حرمت کو پامال کرنے سے گریز کرنا چاہیے''۔(شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۹۳۱)

شارح کی تحقیق اور دلائل

شارح کی تحقیق کے مطابق ڈاڑھی میں ایک مشت کو سب سے پہلے شیخِ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے واجب اور ضروری قرار دیا' جبکہ تمام فقہاء احناف (علیہم الرحمۃ) نے قُبضہ (ایک مشت) کو سنت لکھا ہے۔اس سلسلے میں شارح نے امام اعظم سے لے کر علامہ شامی تک درج ذیل ۱۱ مستند اور معتمد کتب کا حوالہ دیا ہے:

ہدایہ اولین' فتح القدیر' بنایہ فی شرح الہدایہ' البحر الرائق' تبیین الحقائق' حاشیۃ الدرر والغرر' مرقاۃ المفاتیح' درمختار' فتاویٰ شامی' حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی' فتاویٰ عالمگیری۔

ان تمام کتب میں یہ ہے کہ ڈاڑھی میں قدرِ مسنون قُبضہ (ایک مشت) ہے۔علامہ علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ نے مسند امام اعظم کی شرح میں قُبضہ کو مستحب قرار دیا ہے۔شیخ عبدالحق محدثِ دہلوی علیہ الرحمۃ نے فقہاء کے ''قدرِ مسنون'' فرمانے میں یہ تاویل کی ہے کہ فقہاء کا قُبضہ کو سنت قرار دینے کا معنی یہ ہے کہ قُبضہ کا وجوب سنت سے ثابت ہے۔شارح کے نزدیک یہ تاویل درست نہیں ہے' کیونکہ فقہاء کی ان عبارات میں تاویل اس وقت درست ہوتی جب ڈاڑھی میں ایک مشت کا وجوب کسی دلیل سے ثابت ہوتا اور اس کے باوجود فقہاء نے اس کو سنت فرمایا ہوتا۔جبکہ یہاں معاملہ یہ ہے کہ ڈاڑھی میں قُبضہ کا وجوب کسی دلیل سے ثابت نہیں ہے' بلکہ اس کا سنت ہونا دلائل سے ثابت ہے۔لہٰذا عباراتِ فقہاء میں تاویل نہیں کی جائے گی۔

---

[1] عرف سے مراد ان لوگوں کا عرف ہے جو متدین اور متشرع ہوں۔فساق' فجار یا بدمذہبوں کا عرف مراد نہیں۔کما بینہ الشارح لھذا الفقیر

شارح نے بحث کے دوران مختلف اشکالات کے جوابات بھی دیئے ہیں مثلاً:

(۱) یہ اشکال کہ فقہاء کرام کا ڈاڑھی میں قبضہ کی مقدار کو سنت کہنا ایسا ہی ہے کہ جیسے نماز عید کو باوجود واجب ہونے کے سنت کہا گیا ہے۔ (ای وجوبہ ثبت بالسنۃ)؟

شارح نے بہت تفصیل کے ساتھ اس اشکال کا جواب دیا ہے' خلاصۂ جواب یہ ہے کہ اولاً: نماز عید کے متعلق امام اعظم علیہ الرحمۃ سے دو روایات منقول ہیں' ایک میں نماز عید کو واجب کہا ہے اور ایک میں سنت۔ صاحب ہدایہ وغیرہ نے واجب کے قول کو ترجیح دی ہے اور سنت والی روایت کی توجیہ یہ کی کہ اس کا ثبوت سنت سے ہے۔ سو اگر ڈاڑھی میں قبضہ سے متعلق بھی امام اعظم علیہ الرحمۃ کے دو قول ہوتے (ایک وجوب کا اور ایک سنت کا) تب مسئلہ زیر بحث کا قیاس اس پر درست ہوتا۔ اس کے برخلاف امام اعظم سے لے کر علامہ شامی تک تمام فقہاء نے قبضہ کو سنت یا مستحب لکھا ہے۔

ثانیاً: نماز عید کو متاخرین فقہاء نے بالاتفاق واجب نہیں کہا' بعض نے اس کو بمنزلۂ واجب کہا ہے اور بعض نے سنت کے قول کو ترجیح دی ہے۔ اور بعض نے کہا ان میں کوئی تعارض نہیں ہے' کیونکہ سنت سے مراد سنتِ مؤکدہ ہے اور وہ بمنزلۂ واجب ہے۔ لہٰذا زیر بحث مسئلہ کو مسئلۂ عید پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

(۲) ایک اشکال یہ ہے کہ ڈاڑھی میں قبضہ کو اگر واجب نہ قرار دیا جائے تو ڈاڑھی کی اہمیت ختم ہو جائے گی اور لوگ ڈاڑھی کو قبضہ سے کم کرنے لگیں گے؟

اس اشکال کا جواب شارح نے یہ دیا ہے کہ اولاً: اس طرح تو تمام سنن اور مستحبات کو واجب قرار دینا چاہیے ورنہ ان کی اہمیت کم ہو جائے گی اور لوگ ان پر عمل کرنا چھوڑ دیں گے۔

ثانیاً: فرض پر عمل' خوفِ خدا سے ہوتا ہے اور سنت پر عمل' محبتِ رسول ﷺ سے ہوتا ہے' تو بجائے اس کے کہ ہم احکام شرح میں ترمیم کریں' لوگوں میں خوفِ خدا اور محبتِ رسول ﷺ کا جذبہ بیدار کرنا چاہیے' تاکہ لوگ فرائض و سنن پہ عمل کریں۔ لمبی ڈاڑھی رکھنے کا مدار قبضہ کے واجب قرار دیئے جانے پر نہیں ہے بلکہ اس کا مدار رسول اللہ ﷺ کی محبت ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۴۵۰)

مسئلہ زیر بحث کے متعلق مختلف گوشوں اور پہلوؤں پر تفصیلی گفتگو کے بعد اپنے معمول اور اسلوب کے مطابق آخر میں لکھتے ہیں:

''کثیر مطالعہ اور عمیق غور و فکر کے بعد احادیث' آثار اور جمہور فقہا کے اقوال سے ہم نے یہی سمجھا ہے۔ اگر یہ حق و صواب ہے تو اللہ اور اس کے رسول کی جانب سے القاء اور فیضان ہے۔ اور اگر یہ غلط اور باطل ہے تو یہ میری فکر کی غلطی ہے اور مطالعہ کی کمی ہے۔ اللہ اور اس کا رسول اس سے بری ہیں''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۴۵۱)

اس عبارت میں خط کشیدہ الفاظ قابلِ غور ہیں۔ ہر تحقیق کے آخر میں شارح کا یہی اسلوب رہا ہے کہ آپ اپنے موقف کی تمام تر صحت و صداقت کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف منسوب کرتے ہیں اور خطاء و نسیان کا ذمہ دار اپنی ذات' اپنی فکر اور اپنے مطالعہ کو ٹھہراتے ہیں۔ نیز اس راہِ تحقیق میں اسلاف کی محبت و عقیدت کو بھی اظہارِ حق سے مانع نہیں بننے دیتے بلکہ تمام محبتوں کے کمال اعتراف کے ساتھ ان سے اختلاف رائے رکھتے ہوئے اپنے مافی الضمیر کو الفاظ کے قالب میں ڈھال کر صفحۂ قرطاس پہ پھیلا دیتے ہیں۔ ایک محتاط اور وسیع الظرف محقق کی یہی شان ہوتی ہے۔

(۳) مسئلہ مغفرتِ ذنب

مغفرتِ ذنب کا مسئلہ فی زمانہ بہت زیادہ مختلف فیہ اور معرکۃ الآراء بن چکا ہے۔ بہت کچھ اس پر لکھا گیا اور بہت کچھ لکھا جا رہا

Marfat.com

ہے۔ چونکہ خارج میں نزاع کچھ زیادہ ہی بڑھ چکا ہے' اس لیے راقم اس سلسلے میں ہونے والے تمام اختلافات تنازعات اور اقوال و آراء سے قطع نظر کر کے اس مقام پر فقط شارحین حدیث کا موقف اور دلائل اور بعدہٗ شارح صحیح مسلم کے موقف اور دلائل کا خلاصہ پیش کر رہا ہے:

مسئلہ مغفرتِ ذنب اور صاحب مراۃ مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ کا موقف

شارح مشکوٰۃ حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ باب الاعتصام' فصل اوّل کی حدیث:٦ کی شرح میں:

قد غفر الله ما تقدم من ذنبه وما تاخر. بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کے اگلے اور پچھلے ذنب معاف فرما دیئے۔

کے تحت لکھتے ہیں:

خیال رہے کہ یہ کلام قرآن کریم سے ماخوذ ہے: ''لیغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر''. اس آیت کی بہت توجیہیں کی گئی ہیں۔ مگر قوی بات یہ ہے کہ ذنب سے مراد لغزش ہے نہ کہ گناہ۔ عشق کہتا ہے ''ذنبك'' سے مراد امت کے گناہ ہیں' جن کا بخشوانا حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے ذمہ ہے۔ جیسے پیروی کرنے والا وکیل کہتا ہے کہ آج میرا مقدمہ ہے۔ (مراۃ المناجیح ج ا ص ١٥)

مسئلہ مغفرتِ ذنب اور صاحب نزھۃ القاری مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ کا موقف

مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ' صحیح بخاری کتاب الایمان کے ''باب قول النبی ﷺ انا اعلمكم بالله'' کے تحت:

ان الله قد غفرلك ما تقدم من ذنبك وما تاخر. بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے آپ کے اگلے اور پچھلے ذنب معاف فرما دیئے۔

کی شرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''ان الله قد غفرلك'' کا مطلب ہم نے یہ بتایا کہ آپ معصوم ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ذنب کے معنی گناہ کے بھی ہیں اور الزام کے بھی۔ قرآن مجید میں' حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قول مذکور ہے:

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ○ (الشعراء:١٤) اور ان کا مجھ پر الزام ہے مجھے اندیشہ ہے کہیں قتل نہ کر دیں○

غفر کے معنی چھپانے کے ہیں۔ عباب میں ہے ''الغفر تغطية''۔ اور اس کے معنی ڈھانکنے کے بھی ہیں۔

اب ''قد غفر الله الخ'' کا مطلب یہ ہوا کہ آپ پر جتنے بھی الزامات لگے یا لگائے جائیں گے سب کو اللہ تعالیٰ نے مٹا دیا۔ ماضی کے الزامات کا مٹایا جانا ظاہر ہے اور آئندہ کے الزاموں پر ماضی کا اطلاق اس لیے ہے کہ ان کا مٹایا جانا یقینی ہے۔ عرض کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو اللہ عزوجل نے گناہوں سے پاک اور معصوم رکھا ہے حتیٰ کہ دشمنوں نے جو الزام لگائے ان کو بھی محو فرما دیا اور آئندہ بھی جو لگائے جائیں گے کالعدم ہیں۔

عام طور پر ذنب کے معنی گناہ کے کئے جاتے ہیں اور غَفَرَ کے معنی بخشنے کے۔ اس سے شبہ ہوتا ہے کہ حضور ﷺ سے گناہ کا صدور ہوا مگر اللہ تعالیٰ نے اسے معاف فرمایا۔ اب اگر کسی کو یہی اصرار ہو کہ ذنب کے معنی گناہ ہی کے ہیں تو اس کی توجیہ یہ ہے کہ غفر کے اصل معنی چھپانا اور ڈھانکنا ہے۔ عینی میں ہے:

الغفر فی اللغة الستر وفی العباب الغفر غَفَرَ کا معنی لغت میں چھپانا ہے عباب میں غفر کا معنی ڈھانکنا

Marfat.com

التغطية. (ج ا ص ۱۱۶)

ہے۔

اس تقدیر پر اس کا معنی وہی ہوگا جو ہم نے کیا یعنی گناہوں سے محفوظ رکھا۔ قسطلانی میں ہے:

ای حال بینك وبین الذنوب فلا تاتیها لان الغفر الستر. (نزھۃ القاری ج ا ص ۳۳۱)

یعنی اللہ تعالیٰ آپ کے اور گناہوں کے درمیان حائل ہو گیا اس لیے آپ سے گناہ صادر نہ ہوا۔

صاحب نزہۃ القاری کی عبارتِ مذکورہ اور اسی سلسلے کی شرح صحیح مسلم سے ایک عبارت

صاحب نزہۃ القاری کی ذکر کردہ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ ذنب کا معنی یا تو الزام ہے یا گناہ۔ اگر اس کا معنی ''الزام'' لیا جائے تو غَفَرَ کا معنی ہوگا دور کرنا۔ اور اگر ذنب کا معنی گناہ کیا جائے تو غَفَرَ کا معنی ہوگا ڈھانکنا' محفوظ رکھنا۔ پہلی صورت میں ''ان اللہ قد غفر لك ما تقدم من ذنبك وما تاخر'' کے معنی ہوگا:

بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ پر لگائے گئے اگلے اور پچھلے الزامات دور فرما دیئے۔

دوسری صورت میں ترجمہ ہوگا:

بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کو آج سے پہلے اور آج کے بعد بھی گناہ سے محفوظ رکھا۔

شارح صحیح مسلم نے بھی اپنی شرح میں امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ کے حوالہ سے مغفرتِ ذنب کا مذکورہ محمل بیان فرمایا ہے' آپ لکھتے ہیں:

علامہ سیوطی فرماتے ہیں کہ مغفرت کے معنی ستر ہیں اور ہمارے حق میں مغفرت ذنوب کا مطلب یہ ہے کہ اللہ ہماری ذوات اور ہمارے عذاب کے درمیان اپنی رحمت کو حائل کر دے اور انبیاء کے حق میں مغفرت ذنوب کا مفہوم یہ ہے کہ ان کی ذوات اور ان کے مفروضہ گناہوں کے درمیان اللہ اپنی عصمت اور حفاظت کو حائل کر دے۔ اس اعتبار سے اس آیت کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی اگلی اور پچھلی زندگی کو گناہوں سے معصوم اور محفوظ کر دیا۔ (شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۹۷)

مسئلہ مغفرتِ ذنب اور صاحب فیوض الباری علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ کا موقف

علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ بھی حدیثِ مذکور ''ان اللہ قد غفر لك ما تقدم من ذنبك وما تاخر'' کے تحت مغفرت ذنب سے متعلق اقوالِ مشائخ اور اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

واضح ہو کہ جمہور مفسرین و محدثین و ائمہ دین اس امر پر متفق ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معصوم ہیں۔ تفسیرات احمدیہ میں آیت ''لا ینال عهدی الظالمین'' کے تحت لکھا ہے کہ:

لا خلاف لاحد فی ان نبینا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لم یرتکب صغیرة ولا کبیرة طرفة عین قبل الوحی وبعده کما ذکره ابو حنیفة فی الفقة الاکبر.

اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لحہ کے لیے بھی قبل نبوت و بعد نبوت کسی صغیرہ و کبیرہ گناہ کا ارتکاب نہیں کیا۔ جیسا کہ فقہ اکبر میں سیدنا امام اعظم علیہ الرحمۃ نے تصریح فرمائی ہے۔

نیز علامہ قاضی عیاض' ابو اسحاق و علامہ تقی الدین سبکی و دیگر علما و ائمہ دین نے تصریح کی ہے کہ حضور علیہ السلام سے کوئی گناہ خواہ صغیرہ ہو یا کبیرہ سہواً ہو یا عمداً صادر نہیں ہوا۔ چنانچہ آیت ''لیغفرلك اللہ ما تقدم من ذنبك وما تاخر'' کے علماء نے متعدد معانی کیے

ہیں۔

(۱) علامہ سبکی و شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے اس معنی کی تحسین وتعریف کی کہ آیت کسی لغزش یا گناہ کے وقوع کی اطلاع نہیں دیتی۔ بلکہ ازراہِ تکریم وتشریف یہ فرمایا گیا کہ اگر کسی گناہ کا امکان بھی فرض کرلیا جائے تو وہ بھی بخش دیا گیا۔ وہ کہتے ہیں۔ مقصودِ کلام اثبات ذنب اور اس کا غفران نہیں بلکہ اس جگہ مطلقاً نفی ذنب مراد ہے۔

(۲) صاحب روح البیان نے فرمایا کہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ حضور علیہ السلام ازلی وابدی طور پر گناہوں سے پاک ومنزہ ہیں۔

(۳) بعض مفسرین نے کہا کہ اس آیت میں حضور علیہ السلام کے صدقہ میں امت کے گناہوں کی بخشش کی اعلان ہے۔

(عینی ج ۱ ص ۱۹۵)

(۴) بعض نے کہا کہ ذنب سے مراد ترک اولیٰ ہے یعنی افضل کی بجائے فاضل کو اختیار کرنا۔ اور یہ بات انبیاء کی جلالتِ شان کی وجہ سے ان کے حق میں گویا ذنب ہے آیت میں اسی کی بخشش کا اعلان ہے:

حسنات الابرار سیئات المقربین. نیکو کاروں کی نیکیاں مقرّب بندوں کے سامنے سیئات کا درجہ رکھتی ہیں۔ (عینی ج ۱ ص ۱۹۵)

(۵) علامہ قاضی عیاض نے لفظ مغفرت کو تبریہ از عیوب کے معنی میں لیا:

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا○ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا○ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا○ (الفتح: ۱۔ ۳)

بے شک ہم نے آپ کو روشن فتح عطا فرمائی۔ تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کے لیے آپ کے اگلے اور پچھلے ذنب معاف فرمائے اور آپ پر اپنی نعمت کو مکمل فرمائے اور آپ کو سیدھے راستہ پر ثابت قدم رکھے۔ اور اللہ تعالیٰ آپ کی قوی مدد فرمائے۔

(۱) یہ آیت سورۂ فتح کی ہے۔ جس میں فتح مبین کی خبر دی گئی ہے اور اس فتح مبین کے نتائج بیان کئے گئے ہیں یعنی (۲) مقدم و مؤخر ذنب کا غفران (۳) اتمام نعمت (۴) صراط مستقیم کی ہدایت (۵) نصر عزیز کی یاوری ومعیت۔

احادیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ اس فتح سے مراد صلح حدیبیہ و بیعت الرضوان ہے۔ بخاری و مسلم میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت کیا کہ ''انا فتحنا لك'' کا نزول صلح حدیبیہ کے انجام پر ہوا۔ حضرت براء ابن عازب سے روایت ہے کہ گروہ صحابہ معاہدہ حدیبیہ و بیعت الرضوان کے دن کو یوم الفتح قرار دیا کرتے تھے۔ (صحیح بخاری)

سب کو معلوم ہے کہ صلح حدیبیہ جن شرائط پر ہوئی۔ وہ انتہائی دبی ہوئی شرطیں تھیں۔ خود صحابہ کرام کو بھی اس کا احساس تھا۔ مگر اس کے باوجود قرآن حکیم نے اسی صلح حدیبیہ کو فتح مبین سے تعبیر کیا۔ کیونکہ اس معاہدہ سے جانبین کی آمد ورفت کی راہ کھلی۔ مسلمانوں کو کفار میں تبلیغ کا موقعہ ملا۔ دس سال تک قریش نے جنگ نہ کرنے کا عہد کیا۔ اسلام کے لیے یہ ہی فتح مبین تھی کہ اشاعتِ اسلام کی دشواریاں دور ہوئیں اور جھوٹے شکوک زائل ہوئے۔

یہ تو ہے فتح مبین کا پس منظر۔ اب آیت کے لفظ پر غور کیجئے:

معصیۃ: اس نافرمانی کو کہتے ہیں جس میں قصد وارادہ ہو۔ ''المعصية عدول عن الحكم انحراف من الطاعة مخالفة الامر''. خطاء صواب کی ضد ہے۔ اس کے معنی نادرست کے ہیں۔ اور ذنب جس کے معنی دُم ہیں تو اشتقاق اوسط کے اصول پر ذنب بفتح وسکون ثانی کے معنی بھی متبادر ہو جاتے ہیں۔ یعنی ہر وہ الزام جو کسی پر لگا دیا جائے۔ قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے یہ الفاظ

Marfat.com

آئے ہیں:

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ○ اور انہوں نے مجھ پر ایک الزام لگایا ہوا ہے' میں ڈرتا ہوں (الشعراء: ۱۴) کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے○

یہاں ذنب بمعنی الزام ہے اور غفر کے معنی مٹانے اور چھپانے کے آتے ہیں۔ لہٰذا جب آیت مذکورہ بالا میں لفظ معصیۃ نہیں ہے۔ تو ایسی صورت میں کیا ضروری ہے کہ یہاں ذنب کے معنی گناہ کے لیے جائیں۔ پس اس تشریح کی روشنی میں ذنب کے معنی الزام قول کے ہیں غفر کے معنی مٹانے کے ماتقدم سے مراد وہ الزامات ہیں جو کفار نے حضور علیہ السلام پر قبل ہجرت لگائے یعنی یہ کاہن ہیں' شاعر و ساحر ہیں وغیرہ وغیرہ اور ماتاخر سے مراد وہ اتہامات ہیں جو انہوں نے حضور علیہ السلام پر بعد از نبوت لگائے کہ یہ فسادی ہیں' مکہ کو اجاڑنے والے اور بھائی بھائی میں جدائی ڈالنے والے ہیں وغیرہ وغیرہ (معاذ اللہ) تو اب آیت کا مطلب یہ ہوا کہ حدیبیہ کی فتح مبین کا پہلا ثمرہ یہ ہوگا کہ وہ اگلے پچھلے تمام الزامات مٹ جائیں گے جو آپ پر کفار نے لگا رکھے ہیں۔ تاریخ شاہد ہے یہ نتائج اس صلح سے بہت جلد مرتب ہو گئے۔

صلح حدیبیہ کے انعقاد کے بعد جو تبلیغ قریش اور حلفاء قریش میں رکی ہوئی تھی وہ موانعات دور ہو گئے۔ لوگ اسلام کو سمجھنے لگے۔ بصارت کھلی۔ بصیرت بیدار ہوئی۔ اور ان تمام الزامات و اتہامات کی لغویت کا خود ان لوگوں کو بہ ندامت انفعال اقرار کرنا پڑا۔

آیت کی یہ توجیہ بہت ہی نفیس ہے اور اس توجیہ پر فتح مبین اور مغفرت ذنب کے درمیان نہایت نفیس مناسبت پیدا ہو جاتی ہے۔ مختصر یہ کہ آیت کا مفہوم یہ ہے:

''ہم نے آپ کو فتح مبین عطا فرمائی۔ اس کے ذریعہ اللہ نے آپ کے لیے پہلے اور پچھلے الزامات و اتہامات کو مٹا دیا''۔

(فیوض الباری ج ۱ ص ۱۶۱)

عبارت مذکورہ میں علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ نے مغفرتِ ذنب سے متعلق جو موقف اختیار فرمایا ہے' بعینہٖ یہی موقف ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری علیہ الرحمۃ کا بھی مختار ہے۔ اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ذنب کا ایک معنی الزام بھی ہے اور غفر کے معنی مٹانا۔ اس صورت میں ''ان اللہ قد غفرلك ما تقدم من ذنبك وما تاخر'' کا معنی ہوگا:

بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ پر لگائے گئے اگلے اور پچھلے تمام الزامات کو دور کر دیا ہے۔

مغفرتِ ذنب اور صاحب ایضاح البخاری کا موقف

ہمارے دیگر شارحین کے مقابلے میں صاحب ایضاح البخاری شیخ فخر الدین دیوبندی نے اس مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے قدرے تفصیل سے کام لیا ہے اور تقریباً پانچ صفحات پر اس مسئلہ کی تفصیل بیان کی ہے۔

خلاصہ اس کا یہ ہے کہ اس امر پر تو اجماع ہے کہ پیغمبر سے کبیرہ کا صدور نہیں ہو سکتا۔ صغیرہ کے بارے میں اختلاف ہے۔ ماتریدیہ اور دیگر مشائخ علیہم الرحمۃ اس پر متفق ہیں کہ پیغمبر قبل از نبوت بھی ہر قسم کے گناہوں سے محفوظ ہوتا ہے۔ اب اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ جب پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام معصوم ہیں تو ''ان اللہ قد غفرلك یا لیغفرلك اللہ'' میں کس چیز کی مغفرت کا وعدہ فرمایا جا رہا ہے؟ اس کے مختلف جوابات دیئے گئے ہیں:

پہلا جواب یہ ہے کہ اس میں ''ذنبك'' سے آپ ﷺ کی امت کے اگلے اور پچھلے گناہوں کی معافی مراد ہے۔ لیکن یہ معنی کیونکر درست ہو سکتا ہے جبکہ آیتِ مبارکہ ''لیغفرلك اللہ ما تقدم من ذنبك وما تاخر'' کے نازل ہونے پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے

Marfat.com

عرض کی: ''هنيئالك يا رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم''۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کو مبارک ہو۔ ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ کے ساتھ کیا ہوگا' ''فمايفعل بنا؟'' پس ہمارے ساتھ کیا ہوگا؟

تو یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی: ''هو الذی انزل السكينة فی قلوب المؤمنين (الخ) اور ليدخل المؤمنين والمؤمنات (الخ)''۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اس سوال و جواب سے معلوم ہوا کہ ''ذنبك'' کی نسبت امت کی طرف بہت بعید ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ ہر شخص کا ذنب اس کے درجہ اور مرتبہ کے اعتبار سے ہوتا ہے۔ عوام الناس کا ذنب اور ہے' صالحین اور صدیقین کا ذنب اور ہے اور انبیاء کرام علیہم السلام کا ذنب اور۔ لہٰذا یہاں ''حسنات الابرار سيئات المقربين'' کے تحت ذنب سے ترک اولیٰ اور ترک افضل مراد ہے۔

تیسرا جواب انتہائی متردّد انداز میں دیا گیا ہے۔ چوتھا جواب وہی ہے جو نزہۃ القاری کے حوالہ سے ہم اوپر ذکر کر چکے۔ پانچواں جواب یہ ہے کہ چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کل بروز محشر تمام اولین و آخرین کی شفاعت کرنی ہے اور مخلوق میں آپ کی ذات کو وہاں مرکزی حیثیت حاصل ہوگی' اس لیے انبیاء کرام علیہم السلام پر آپ کا تفوق ظاہر کرنے کے لیے ضروری تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک ایسی شاہی دستاویز ہو' جس سے آپ کا دل مضبوط رہے۔ چنانچہ فرمادیا: ''ليغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر''۔ مطلب یہ ہے کہ آپ کا ہر عمل مقبول اور محبوب ہے۔

چھٹا جواب یہ ہے کہ مغفرت ذنوب سے آپ کے تکلف کو دور کرنا مقصود تھا' مثلاً صالحین میں ایسے بزرگان گزرے ہیں جو یہ کہتے تھے کہ اگر ایک لمحہ بھی ایسا گزر جائے جس میں خداوندِ قدوس کا مشاہدہ نہ ہو تو موت آ جائے۔ تو پھر پیغمبر علیہ السلام کے مشاہدہ کا کیا عالم ہوگا اور جب ہمہ قت اسی خیال کا غلبہ ہو کہ خدائے تعالیٰ دیکھ رہا ہے تو ظاہر ہے کہ لیٹنے میں بھی تکلف ہوگا' قضائے حاجت وغیرہ کے لیے کشف میں بھی تکلف ہوگا۔ اسی طرح اور بہت سارے معاملات ہیں۔ اس بناء پر فرمایا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضیق (تنگی) میں کیوں پڑتے ہیں' جن چیزوں کو آپ ذنوب سمجھ رہے ہیں وہ اصلاً ذنوب نہیں ہیں بلکہ یہ ''تعظیم کار یگراں معاف'' کی قبیل سے ہے۔

(ایضاح بخاری ج ۱ ص ۲۵۶)

مغفرتِ ذنب اور شارح صحیح مسلم کا موقف

گذشتہ تمام شارحین کے مقابلہ میں شارح صحیح مسلم نے اس مسئلہ پر تفصیلی گفتگو کی ہے اور اپنی شرح میں دو مقامات پر بحث فرمائی ہے۔ چھٹی جلد میں اور ساتویں جلد میں۔ چھٹی جلد میں ۱۶ ماخذ کی روشنی میں ۱۰ صفحات پر بحث کی گئی ہے اور ساتویں جلد میں کم وبیش پچاس ماخذ کی روشنی میں ۲۷ صفحات پر بحث کی گئی ہے۔

شارح کا موقف اس مسئلہ میں یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر اعتبار سے معصوم ہیں۔ اور لفظ ''ذنب'' کو جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف نسبت دے کر بولا جائے گا تو یہ نسبت آپ ہی کی طرف رہے گی اور اس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہ ظاہر خلاف اولیٰ کام مراد ہوں گے۔

شارح' اپنے موقف کی تفصیل اور وضاحت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معصوم ہیں۔ نبوت سے پہلے اور نبوت کے بعد سہواً یا عمداً' صغیرہ یا کبیرہ آپ سے کبھی کوئی گناہ صادر نہیں ہوا نہ حقیقۃً نہ صورۃً' ہم نے اس بحث میں ہر جگہ ذنب کا ترجمہ بہ ظاہر خلاف اولیٰ کاموں یا بہ ظاہر مکروہ تنزیہی کے ارتکاب سے کیا ہے اور بظاہر کی

قید اس لیے لگائی ہے کہ حقیقت میں آپ کا کوئی کام خلاف اولیٰ یا مکروہ تنزیہی نہیں ہے۔ بعض اوقات آپ نے کسی کام سے منع فرمایا پھر خود اس کام کو کیا تا کہ امت کو یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کا اس کام سے منع کرنا تحریم کے لیے نہیں تھا تنزیہہ کے لیے تھا مثلاً آپ نے فصد لگانے (رگ کاٹ کو خون چوس کر نکالنا) کی اجرت دینے سے منع فرمایا اور حضرت ابوطیبہ نے آپ کو فصد لگائی تو آپ نے ان کو دو صاع (آٹھ کلوگرام) طعام دینے کا حکم دیا۔ (جامع ترمذی ص ۲۰۴، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی)

اگر آپ حضرت طیبہ کو فصد لگانے کی اجرت نہ دیتے تو ہم کو یہ کیسے معلوم ہوتا کہ یہ اجرت دینا جائز ہے اور ممانعت تنزیہ کے لیے ہے، یہ بھی ملحوظ رہنا چاہیے کہ فصد کی اجرت دینا ہمارے لیے مکروہ تنزیہی ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں مکروہ تنزیہی نہیں ہے، کیونکہ احکام کی حلت اور حرمت بیان کرنا، آپ کے فرائض نبوت سے ہے اور اس میں آپ کا اجر و ثواب فرض کا اجر و ثواب ہے، اس نکتہ کے پیش نظر ہم نے اس کو بہ ظاہر مکروہ تنزیہی لکھا ہے، اسی طرح بعض اوقات آپ نے کسی کام کا افضل اور اولیٰ طریقہ بتایا اور پھر اس کے خلاف کیا، یہ بھی اسی طرح بہ ظاہر خلافِ اولیٰ ہے حقیقت میں خلافِ اولیٰ نہیں ہے، مثلاً آپ نے فرمایا سفیدی پھیلنے کے بعد فجر کی نماز پڑھنے سے زیادہ اجر ہوتا ہے اور آپ نے خود منہ اندھیرے بھی فجر کی نماز پڑھی ہے۔

(جامع ترمذی ص ۴۹، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی)

اگر آپ کسی کام سے منع فرما کر یہ بتلا دیتے کہ اس کا خلاف بھی جائز ہے اور خود اس کام کو نہ کرتے، تب بھی مسئلہ تو معلوم ہو جاتا لیکن اس کام میں آپ کی اقتداء کا شرف حاصل نہ ہوتا، بہر حال قرآن مجید اور احادیث میں جہاں آپ کی طرف مغفرت ذنوب کی نسبت کی گئی ہے وہاں ذنوب سے مراد بہ ظاہر خلاف اولیٰ یا بہ ظاہر مکروہ تنزیہی کام ہیں اور مغفرت سے مراد آپ کے درجات کی بلندی اور آپ کو قرب خاص سے نوازنا ہے اور دنیا میں آپ کو یہ بتلا دینا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آخرت میں کن انعامات سے نوازے گا تا کہ آپ روزِ قیامت اطمینان اور تسلی کے ساتھ امت کی شفاعت کر سکیں اور یہ وہ عظیم نعمت ہے جو آپ کے علاوہ کسی نبی کو حاصل نہیں ہوئی جیسا کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور حافظ ابن کثیر نے تصریح کی ہے۔ (شرح صحیح مسلم، ج ۶ ص ۶۹۷)

شارح کے دلائل

شارح کی اپنے موقف پر پہلی دلیل ''نظم قرآن'' سے ہے۔ یعنی جس نظم کے ساتھ آیت مبارکہ ''لیغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر'' نازل ہوئی ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ ''ذنب'' کی نسبت اسی کی طرف برقرار رکھی جائے جس کی طرف قرآن نے نسبت کی ہے۔ اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ''انا فتحنالك فتحا مبينا'' سے ''وينصرك الله نصرا عزيزا'' تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو براہ راست پانچ نعمتیں عطا فرمانے کا ذکر فرمایا ہے:

(۱) فتح مبین (۲) مغفرتِ ذنب (۳) اتمامِ نعمت
(۴) الصراط المستقیم پر ثابت قدمی (۵) قوی نصرت اور امداد

ان پانچ انعامات میں اگر مغفرتِ ذنب کی نسبت امت کی طرف کی جائے تو لازم آ جائے گا کہ چار نعمتیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاصل ہیں اور (درمیان میں) ایک آپ کی امت کے لیے ہے۔۔۔۔ اسی طرح پانچوں انعامات میں حرف خطاب (ک) ذکر کر کے خصوصیت کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف تمام انعامات کو نسبت دی ہے۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ تمام نعمتوں میں مخاطب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور مراد بھی آپ ہی کی ذات ہے سوائے مغفرتِ ذنب کے، کہ اس میں مخاطب تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں لیکن مراد آپ کی امت ہے تو اس سے آیتِ کریمہ کا تسلسل، ربط اور نظم برقرار نہیں رہے گا۔

Marfat.com

شارح کی دوسری دلیل وہ احادیث ہیں جن میں خود رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) نے مغفرتِ ذنب کی نسبت کو آپ ﷺ کی طرف مقرر اور ثابت رکھا۔ اس سلسلے میں شارح نے جامع ترمذی، مسند احمد، صحیح بخاری، صحیح مسلم، تفسیر ابن کثیر، درمنثور، مجمع الزوائد، دلائل النبوۃ، مسند ابو یعلی، مشکوۃ المصابیح، مصنف عبدالرزاق اور دیگر کتبِ حدیث کی روشنی میں متعدد روایات نقل کی ہیں۔ اور اس کے بعد امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ کے حوالہ سے ایک حدیث نقل کی ہے جس میں مغفرتِ کلی کو نبی اکرم ﷺ کی خصوصیت قرار دیا گیا ہے۔ اور ساتھ ہی علامہ ابن کثیر، علامہ نبہانی اور شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہم الرحمۃ کی تصریحات نقل کی ہیں کہ "اللہ تعالیٰ کا فرمان "لیغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر" آپ ﷺ کی ان خصوصیات میں سے ہے، جن میں آپ کا کوئی شریک نہیں ہے، نیز آپ ﷺ کے سوا کسی نبی یا رسول کے بارے میں قرآن نے مغفرتِ کلی کا اعلان نہیں فرمایا، یہی وجہ ہے کہ قیامت کے دن آپ ﷺ کے سوا تمام انبیاء و مرسلین کو اپنی اپنی فکر دامن گیر ہوگی۔ اور پہلے مرحلے میں تمام انبیاء و مرسلین شفاعت سے گریزاں ہوں گے، لیکن رسول اللہ ﷺ اس ہولناک ماحول میں بھی نہایت اطمینان کے ساتھ "انا لها" فرمائیں گے۔ اور صرف آپ ہی شفاعتِ کبریٰ فرمائیں گے"۔ اس سلسلے میں شارح نے جن علماء کی عبارات نقل کی ہیں ان سب میں شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کی عبارت بہت صریح اور جامع ہے، میں اس کو یہاں پر شرح صحیح مسلم سے من و عن نقل کر رہا ہوں تاکہ شارح کا موقف مزید واضح ہو جائے:

شیخ عبدالحق محدث دہلوی حنفی رسول اللہ ﷺ کے خصائص کے بیان میں لکھتے ہیں:

و ازاں جملہ آنست کہ آمرزیدہ شد آن حضرت علیہ السلام را ما تقدم من ذنبہ وما تاخر، شیخ عز الدین بن عبد السلام گفتہ رحمہ اللہ تعالیٰ از خصائص آں حضرت ست کہ خبر دادہ شد اورا در دنیا بمغفرت و نقل کردہ نشد کہ وے تعالیٰ خبر داد ہیچ یکے را از انبیاء بمانند ایں تا آنکہ گویند روز قیامت نفسی نفسی انتہی یعنی اگرچہ ہمہ انبیاء مغفور اندو تعذیب انبیاء جائز نیست ولیکن بتصریح خبر دادہ نشد ہیچ یکے را بایں فضیلت و اخبار کردہ نشد بداں و تصریح آں مخصوص بحضرت محمد است ﷺ کہ از غم و اندیشہ خود فارغ شدہ بخاطر جمع بحال امت مے پردازد و بشفاعت در مغفرت ذنوب ورفع درجات ایشاں میکو شد.

اور رسول اللہ ﷺ کی جملہ خصوصیات میں سے یہ ہے کہ آپ کے تمام مقدم اور موخر ذنوب کو بخش دیا گیا ہے، شیخ عز الدین بن عبد السلام رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ نبی ﷺ کے خصائص میں سے یہ ہے کہ آپ کو دنیا میں مغفرت کی خبر دے دی گئی ہے اور اللہ تعالیٰ نے باقی انبیاء علیہم السلام میں سے کسی نبی کو یہ خبر نہیں دی ہے، اسی وجہ سے وہ قیامت کے دن نفسی نفسی کہیں گے (علامہ عز الدین کی عبارت ختم ہوئی، اس کے بعد شیخ محقق لکھتے ہیں:) یعنی اگرچہ تمام انبیاء مغفور ہیں اور انبیاء کو عذاب ہونا ممکن نہیں ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی صراحۃً خبر نہیں دی، اور کسی نبی کو بھی اس فضیلت کی خبر نہیں دی، اور مغفرت کی تصریح صرف حضرت محمد ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے، تاکہ آپ اپنے متعلق تشویش سے فارغ ہو کر تسلی کے ساتھ امت کے گناہوں کی مغفرت اور ان کے درجات کی بلندی کی شفاعت میں کوشش کریں۔

نیز شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں:

پس گفتہ شد مر آں حضرت را برائے چہ پس آں حضرت سے عرض کیا گیا کہ آپ عبادت و ریاضت

Marfat.com

میکنی ایں همه ریاضت و میکشی ایں همه تعب و عنا و حالانکه آمر زیده شده است برائے توهمه گناهاں توآنچه پیش رفته و آنچه پس آمده گفت اگر گناهاں همه بخشیده باشد آیا پس نباشم من بنده شکر گوینده بر نعمت هائے حق خصوصاً ایں نعمت عظیم که مغفرت ذنوب است.

میں اس قدر کوشش وتھکاوٹ کو کیوں اختیار کرتے ہیں حالانکہ آپ کے تمام گناہ (یعنی ترک افضل یا خلافِ اولیٰ) بخش دیئے گئے ہیں خواہ وہ پہلے کے ہوں یا بعد کے؟ آپ نے فرمایا اگر تمام گناہ بخش دیئے گئے ہیں تو کیا اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر کرنے والا نہ بنوں! خصوصاً مغفرت ذنوب کی اس عظیم نعمت پر۔

(اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۵۲۰، مطبوعہ لکھنؤ)

شارح کی اپنے موقف پر آخری دلیل علماء اہل سنت (خصوصاً اعلیٰحضرت امام احمد رضا محدثِ بریلوی) رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی وہ عبارات ہیں، جن میں مغفرتِ ذنب کی نسبت رسول اللہ ﷺ ہی کی طرف کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں شارح نے صحیح بخاری سے حدیثِ شفاعت نقل کر کے شیخِ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی، امام فضل حق خیر آبادی اور شارحِ بخاری علامہ غلام رسول رضوی علیہم الرحمۃ کا ترجمہ نقل فرمایا ہے۔ جس میں ان تینوں اکابر نے حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے قول: ''ایتوا محمداً ﷺ فقد غفرله ما تقدم من ذنبه وما تاخر''۔ کے ترجمہ میں ذنب کی نسبت کو نبی اکرم ﷺ کی طرف برقرار رکھا ہے اور ذنب کا ترجمہ ''گناہ'' سے کیا ہے[1] اسی طرح امام اہلسنت فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آیت مبارکہ: ''وَالَّذِیْٓ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ ۝'' کے ترجمہ میں نسبتِ خطاء کو سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی طرف برقرار رکھا ہے۔ اور یوں ترجمہ فرمایا ہے: ''اور وہ جس کی مجھے آس لگی ہے کہ میری خطائیں قیامت کے دن بخشے گا''۔ (الشعراء: ۸۲)

اسی طرح ایک مقام پر بہت صراحت کے ساتھ مغفرتِ ذنب کی نسبت کو حضور ﷺ کی طرف ثابت فرمایا، چنانچہ شیخ رشید احمد گنگوہی نے نبی ﷺ کے علم غیب پر اعتراض کیا کہ: خود فخر عالم ﷺ فرماتے ہیں: ''واللہ لا ادری ما یفعل بی ولا بکم''۔ یعنی بخدا میں از خود نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ (ترجمہ از شارح)

امام احمد رضا قادری حنفی قدس سرہ العزیز اس اعتراض کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

''خود قرآن عظیم واحادیث صحیحہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں اس کا ناسخ موجود، کہ جب آیتِ کریمہ: ''لیغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر''. یعنی تاکہ اللہ بخش دے تمہارے واسطے سے سب اگلے پچھلے گناہ، اتری، صحابہ نے عرض کی: ''هنیئالك یا رسول الله لقد بین الله لك ماذا یفعل بك فماذا یفعل بنا؟'' یارسول اللہ ﷺ آپ کو مبارک ہو! خدا کی قسم اللہ عزوجل نے یہ تو صاف صاف فرمادیا کہ حضور کے ساتھ کیا کرے گا، اب رہا یہ کہ ہمارے ساتھ کیا کرے گا۔ اس پر یہ آیت اتری: ''لیدخل المؤمنین (الی قوله تعالیٰ) فوزا عظیما''. تاکہ داخل کرے اللہ، ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، ہمیشہ رہیں گے ان میں اور مٹادے ان سے ان کے گناہ اور یہ اللہ کے ہاں بہت بڑی مراد پانا ہے، یہ آیات اور ان کے امثال بے نظیر

---

[1] اس مقام پر شارح نے حاشیہ میں لکھا ہے کہ ہمارے نزدیک ذنب کا تعلق جب انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہو تو پھر اس کا ترجمہ خلافِ اولیٰ یا اجتہادی خطاء سے کرنا چاہیے۔ اور جن بزرگوں نے رسول اللہ ﷺ کی عصمت کے اعتقاد کے باوجود ذنب کا ترجمہ گناہ کیا وہ ان کے علمی تسامح پر محمول ہے انبیاء علیہم السلام کی عظمت اور ادب کا تقاضا یہ ہے کہ جب کسی آیت یا حدیث میں ان کے متعلق ذنب کا لفظ ہو تو اس کا ترجمہ گناہ نہ کیا جائے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۳۴۲)

Marfat.com

اور یہ حدیثِ جلیل شہیر ایسوں کو کیوں بھائی نہیں دیتیں"۔(انباء المصطفیٰ ص ۹۔۸ مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور)

الاحقاف آیت نمبر ۹ (وما ادری ما یفعل بی ولا بکم) کے تحت صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی اور جاء الحق میں مفتی احمد یار خان نعیمی علیہما الرحمۃ والرضوان نے بھی حدیثِ مذکور (جو اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے نقل فرمائی) کو تحریر کر کے مغفرتِ ذنب کی نسبت کو رسول اللہ ﷺ کی طرف ثابت اور برقرار رکھا ہے۔(جاء الحق ص ۹۴ مطبوعہ پنجاب الیکٹرک پریس گجرات)

خلاصۂ کلام

شارح نے اپنے موقف پر نظم قرآن احادیثِ مبارکہ اور علماء مفسرین ومحدثین وعلماء اہلسنت کی عبارات سے استدلال کیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ آیت مبارکہ: "لیغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر". میں مغفرتِ ذنب کی نسبت رسول اللہ ﷺ کی طرف ہے اور آپ ہی کی یہ خصوصیت ہے۔ نیز جو علماء ومشائخ آیتِ مبارکہ میں مغفرتِ ذنب کی نسبت کو امت کی طرف لے جاتے ہیں، شارح نے ان سے اختلاف فرمایا ہے اور جو "ذنب" کا ترجمہ گناہ سے کرتے ہیں ان سے بھی اختلاف رائے فرمایا ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم بالصواب۔

اجتہادی اور انفرادی ابحاث میں سے چند مسائل کا بطور مثال کے میں نے مختصر تعارف پیش کر دیا ہے۔ ان کی روشنی میں بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ شرح صحیح مسلم نے اپنے قارئین کو تحقیق اور تدقیق کی راہوں سے بھی روشناس کرایا ہے اور ساتھ ہی اس حقیقت کو بھی آشکارا کیا ہے کہ تحقیق واجتہاد کے دروازے پہلے بھی کھلے ہوئے تھے، اب بھی کھلے ہوئے ہیں اور ہمیشہ ہمیشہ کھلے رہیں گے، انہیں بند کرنے کا اختیار اور اتھارٹی کسی کو نہیں دی گئی۔ ہاں! یہ ضرور ہے کہ۔۔۔۔ مجالِ تحقیق واجتہاد میں صرف وہی شخص وارد ہوگا جو دلائل و براہین کے زیور سے آراستہ ہوگا، اکابر کی تحقیقات پر گہری نظر کا متحمل ہوگا اور اپنے زمانے اور حالات کے مقتضیٰ کو بخوبی پہچانتا ہوگا۔ اس عظیم حقیقت کو منوانے میں شرح صحیح مسلم نے کس حد تک کامیابی حاصل کی ہے، اس کے لیے کسی خارجی شہادت کی حاجت نہیں ہے، خود اس شرح کی اجتہادی اور تحقیقی مباحث ہی اس پر شاہدِ عادل ہیں۔

راقم ان تمام حقائق کے ساتھ ساتھ انتہائی شرح صدر کے ساتھ اس بات کو لکھنے میں بھی کوئی تامل اور تردد قطعاً محسوس نہیں کرتا کہ جس طرح شارح نے اپنے مجتہدات ودیگر مباحث میں مختلف علماء ومشائخ رحمہم اللہ تعالیٰ سے علمی اختلاف کر کے اس بات کو سمجھایا ہے کہ ہم اپنے اکابر اور مشائخ کو تمام تر علم وفضل اور اعزاز واکرام کے باوجود "بشر" ہی مانیں اور "بشر" ہی سمجھیں، اسی طرح ہم تمام تر علمی، تحقیقی اور اجتہادی کمال کے باوجود "شارح" کو بھی ایک بشر ہی سمجھتے ہیں۔ جس طرح متقدمین علماء ومشائخ کی تحقیقات ومجتہدات میں خطاء اور تسامح کے امکانات موجود تھے، اسی طرح شارح کے مجتہدات بھی خطاء ومسامحہ سے منزہ نہیں ہیں، اگر کسی مسئلہ میں علماء اپنی تحقیق اور اجتہاد سے متقدمین علماء ومشائخ کی کسی تحقیق یا موقف سے اختلافِ رائے کر لیں تو اس سے متقدمین کی علمی عظمت ورفعت اور فضل وکمال میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی۔ علیٰ ھذا القیاس اگر شرح صحیح مسلم کے مندرجات سے بھی دلائل کی بنیاد پر کوئی اختلافِ رائے رکھتا ہے تو یقیناً یہ قابلِ ستائش اور لائق تحسین بلکہ سلفِ صالحین اور خود شارح کی اتباع پر محمول ہوگا۔

اور یہ اصلاً اُسی حقیقت کا اعتراف اور اظہار ہوگا کہ تمام اہل علم وفضل اپنے مکمل اعزازات واکرامات کے باوجود بشر اور انسان ہی تھے، خطاء اور تسامح سے نہ وہ معصوم ومامون تھے، نہ شارح، نہ کوئی اور، خود شارح نے اس حقیقت کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

"اللہ تعالیٰ ان فقہاء کے درجات بلند کرے، وہ یقیناً تفقہ اور تقویٰ میں ہم سے بہت بلند اور برتر تھے اور ہم ان کی گردِ راہ کو بھی نہیں پہنچتے لیکن اس کے باوجود وہ، بشر اور انسان تھے اور اجتہادی خطاؤں سے منزہ نہیں تھے اور نہ ہم ہیں، اگر چند مسائل میں ان کی

Marfat.com

اجتہادی خطاء نکل آئے تو اس سے ان کی علمی عظمتوں میں کوئی فرق نہیں آتا' وہ یقیناً علمی دنیا میں فقہ کے آفتاب اور ماہتاب ہیں''۔(شرح صحیح مسلم ج ا ص ۱۳۰۱)

چند دیگر خصائص

یہاں پر ہم شرح صحیح مسلم کی چند وہ خصوصیات واضح کرنا چاہ رہے ہیں جو زیادہ معروف تو نہیں ہیں لیکن اس شرح کے مطالعہ کرنے والے پر مخفی بھی نہیں ہیں اور ان خصوصیات کی بنیاد پر بھی شرح صحیح مسلم کے مقام و مرتبہ کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ تفصیلات ملاحظہ فرمایئے:

احادیث مبارکہ سے مسائل کا استنباط و استخراج

قرآن حکیم کی تفسیر کا ایک کمال یہ ہے کہ مفسر زیر بحث آیت پر مختلف گوشوں اور زاویوں سے گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ اس آیت سے مختلف مسائل کا استنباط کرے' اسی طرح شرح حدیث کا بھی ایک بہت بڑا کمال یہ ہے کہ شارح' زیر بحث حدیث کی تشریح و تفصیل کے ساتھ ساتھ اس حدیث سے مختلف مسائل کا استخراج کرے۔ اس سے جہاں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے کلام بے مثال کی جامعیت اور ہمہ گیریت آشکارا ہوتی ہے وہاں ساتھ ہی مفسر اور شارح کی وسعت نظری' فکر کی گہرائی و گیرائی اور تحقیق استعداد و صلاحیت کا بھی بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے اور یہی خوبی مفسر کی تفسیر اور شارح کی شرح کے مقام و مرتبہ میں خاطر خواہ اضافہ کا باعث ہوتی ہے۔

شرح صحیح مسلم اور دیگر شروح کا اسلوب

راقم کے پیش نظر جو شروح ہیں' ان میں سے ایضاح البخاری میں استنباط مسائل کا کوئی عنوان یا سلسلہ مجھے نظر نہیں آیا۔ البتہ مراۃ المناجیح میں بیشتر مقامات پر مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ نے حدیث زیر بحث کی شرح میں مسائل کا ذکر فرمایا ہے' کہیں اختصار کے ساتھ اور کہیں کچھ تفصیل کے ساتھ۔ اسی طرح نزہۃ القاری میں بعض مواقع پر حدیث کی شرح میں' فوائد کا عنوان ڈال کر بالترتیب والترقیم مسائل کا استخراج کیا گیا ہے۔ فیوض الباری کا اسلوب بھی عمدہ ہے۔ اس میں متعدد مقامات پر ''فوائد و مسائل'' کے عنوان سے زیر بحث حدیث کی روشنی میں ترتیب وار اور عام فہم انداز میں مسائل کا استنباط کیا گیا ہے۔

ان تمام شروح کے تناظر اور تقابل میں شرح صحیح مسلم کو دیکھا جائے تو اس کا مقام نمایاں اور ممتاز نظر آتا ہے۔ اس میں متعدد مقامات پر زیر بحث احادیث کے ماتحت مسائل کا استنباط و استخراج کیا گیا ہے۔ اور تمام ہی مقامات پر باقاعدہ حدیث کے باب کا عنوان اور باب نمبر کا تعین کر کے ترتیب کے ساتھ نمبر وار مسائل مستنبطہ کا ذکر کیا گیا ہے' نیز اس بات کا بھی التزام کیا گیا ہے کہ مسائل مستنبطہ میں سے اگر بعض مسائل عمدۃ القاری یا فتح الباری یا شرح مسلم للنووی یا جس شرح سے ماخوذ ہیں وہاں اس کا حوالہ لکھ دیا گیا ہے۔ نیز بعض مقامات پر جہاں کثیر تعداد میں مسائل کا استخراج کیا گیا ہے وہاں شارح نے باقاعدہ اس بات کو واضح کر دیا ہے کہ ان مسائل میں سے کون سے کس شرح حدیث سے ماخوذ ہیں اور کون سے یا کتنے میری ذہنی کاوش اور غور و فکر کا نتیجہ ہیں۔ ذیل میں عنوان مذکور پر شرح صحیح مسلم کے طول و عرض سے چند مثالیں ملاحظہ فرمایئے:

سیدنا عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث سے مسائل کا استنباط

صحیح مسلم، کتاب الایمان کا باب: ''الدلیل علی من مات علی التوحید دخل الجنة''۔ کی حدیث جس میں سیدنا عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ کا واقعہ موجود ہے کہ ان کی آنکھوں میں کچھ تکلیف واقع ہوگئی تھی تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں پیغام بھیجا کہ:

انی احب ان تاتینی تصلی فی منزلی فاتخذہ مصلی.

(حضور!) میری تمنا ہے کہ آپ میرے گھر تشریف لا کر کسی جگہ نماز پڑھ لیں تا کہ میں اس جگہ کو نماز پڑھنے کے لیے متعین کر لوں۔

اس حدیث شریف کی شرح میں مسائل کا استنباط کرتے ہوئے شارح لکھتے ہیں:

حدیث نمبر ۵۷ میں ہے: حضرت عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ نابینا ہو گئے اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں یہ پیغام بھیجا کہ آپ میرے گھر تشریف لا کر کسی جگہ نماز پڑھیں تا کہ میں اسے مصلّٰی بنالوں۔ اس حدیث سے حسب ذیل مسائل مستنبط ہوتے ہیں۔ اس کے بعد شارح نے اس حدیث سے ۲۵ مسائل مستنبطہ کا ذکر فرمایا۔ (شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۱۱)

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اپنی خالہ ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رات گزارنے کی حدیث سے مسائل کا استنباط

صحیح مسلم، کتاب صلوۃ المسافرین کے باب: ''صلوة النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ودعائه بالليل''. کی تفصیلی حدیث جس میں سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہلیہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رات ٹھہرنے کا واقعہ ہے، اس کی شرح میں مسائل مستنبطہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

امام مسلم نے اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رات گزارنے کا واقعہ پندرہ اسانید کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس واقعہ سے متعدد احکام شرعیہ مستفاد ہوتے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ اس کے بعد شارح نے ۶۹ مسائل ذکر فرمائے۔ ۶۴ مسائل ذکر فرمانے کے بعد شارح نے درمیان میں ایک بات لکھی ہے، وہ قابل غور اور لائق مطالعہ ہے فرماتے ہیں:

علامہ بدرالدین عینی نے اس حدیث سے ۱۲۶ احکام شرعیہ مستنبط کیے ہیں جن میں سے ۲۱ فوائد ہم نے ذکر کر دیئے ہیں اور ۴۳ فوائد وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم خاص سے مجھ پر منکشف کیے ہیں وللہ الحمد علی ذالک۔ علامہ عینی کے ذکر کردہ جن پانچ فوائد کو ہم نے ذکر نہیں کیا ان میں سے ایک ہماری نظر میں صحیح نہیں اور چار بالکل ظاہر تھے ان کی تفصیل یہ ہے۔ (تفصیل لکھنے کے بعد فرماتے ہیں:) بہر حال اگر ان پانچ فوائد کو بھی ملا لیا جائے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس حدیث سے ۶۹ احکام شرعیہ مستنبط ہوئے۔ اور یہ ہماری نظر میں ہیں، ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک ایک عمل میں جس قدر حکمتیں، فوائد اور احکام شرعیہ ہوتے ہیں۔ ان کو کما حقہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہی جانتا ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۵۲۲)

''الولاء لمن اعتق'' والی حدیث سے مسائل کا استنباط

صحیح مسلم ''کتاب العتق کے باب بیان ان الولاء لمن اعتق'' کی ایک حدیث جس میں حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ کا ذکر

Marfat.com

ہے کہ ان کے شوہر غلام تھے' رسول اللہ ﷺ نے حضرت بریرہ کو اختیار دیا (کہ وہ ان کے نکاح میں رہیں یا نہ رہیں)۔ حضرت بریرہ نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا۔ الی اخر الحدیث۔

اس حدیث کی مختلف عنوانات کے تحت شرح کرنے کے بعد آخر میں مسائل مستنبطہ کے عنوان کے تحت فقہاء اسلام کے حوالہ سے شارح نے ۱۶۲ مسائل کا ذکر فرمایا ہے۔ آخر میں لکھتے ہیں:

اس حدیث سے فقہاء اسلام نے اس سے بھی زیادہ مسائل مستنبط کیے ہیں۔ علامہ ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ بعض فقہاء نے اس سے ۴۰۰ مسائل مستنبط کیے ہیں۔ علامہ نووی نے لکھا ہے کہ امام ابن خزیمہ اور امام ابن جریر نے اس حدیث کے مسائل پر مستقل کتابیں لکھی ہیں۔ ہمیں چونکہ اس کتاب میں اختصار مطلوب تھا' اس لیے ہم نے صرف ۱۶۲ مسائل کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سے اکثر مسائل ہم نے فتح الباری کی مختلف ابحاث سے چنے ہیں اور بعض مسائل ہماری ذہنی کاوش اور جودت طبع کا نتیجہ ہیں۔

(شرح صحیح مسلم ج ۴ ص ۷۲)

مقام غور ہے کہ گذشتہ مثال میں شارح نے علامہ بدرالدین عینی علیہ الرحمۃ کے متعلق لکھا کہ ''انہوں نے حدیث ابن عباس سے ۱۲۶ احکام شرعیہ مستنبط کیے ہیں جن میں سے ۲۱ فوائد ہم نے ذکر کر دیئے ہیں اور ۴۳ فوائد وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم خاص سے مجھ پر منکشف کیے ہیں''۔ اور اس مثال میں علامہ ابن حجر عسقلانی کی تصنیف فتح الباری کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ ''اکثر مسائل ہم نے فتح الباری کی مختلف ابحاث سے چنے ہیں اور بعض مسائل ہماری ذہنی کاوش اور جودت طبع کا نتیجہ ہیں''۔

ان دونوں عبارات میں مسائل مستنبطہ کے متعلق علامہ عینی اور علامہ ابن حجر کا حوالہ دے کر شارح نے جہاں اپنی مکمل دیانتداری کا ثبوت فراہم کیا ہے' وہاں ساتھ ہی ''تحدیث نعمت'' کے طور پر یہ بھی واضح کر دیا کہ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما سے استنباط کردہ ۶۹ مسائل میں سے ۴۳ مسائل اور حدیث بریرہ رضی اللہ عنہا کے استنباط کردہ ۱۶۲ مسائل میں سے بعض مجھ پر اللہ تعالیٰ کے کرم خاص اور میری ذہنی کاوش اور جودت طبع کا نتیجہ ہیں۔ وللہ در الشارح الفهام!

اسلوب حوالہ جات اور ماخذ و مراجع

کسی بات کو بیان کر کے اس کا مکمل حوالہ پیش کرنے کو دیانتداری سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ گذشتہ ادوار میں بھی اور اب بھی ایسے اہل قلم بکثرت ملیں گے جو کسی کی بات من وعن نقل کرنے کے باوجود اس کا حوالہ دینے کی زحمت گوارا نہیں کرتے۔ تحقیق و تصنیف کے میدان میں یقیناً یہ ایک بہت بڑی خیانت ہے۔ بعض مصنفین ایسے بھی ہوتے ہیں جو کسی کی بات نقل کرنے کے بعد حوالہ تو دیتے ہیں مگر حوالہ مکمل نہیں ہوتا۔ ہر ایک کا اپنا انداز ہے' اپنا طریقہ ہے اور اپنا اسلوب ہے۔

شرح صحیح مسلم کا اسلوب اس اعتبار سے بالکل منفرد اور انوکھا ہے۔ اس میں جہاں کسی کی عبارت نقل کی گئی ہے۔ وہاں عبارت کے اوپر بالعموم صاحب عبارت کا مکمل نام لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد مکمل عبارت کا متن یا اس کا ترجمہ تحریر کیا گیا ہے۔ بعد ازاں جس کتاب سے وہ عبارت لی گئی ہے' اس کا مکمل حوالہ دیا گیا ہے۔ یعنی کتاب اور صاحب کتاب کا پورا نام' جلد اور صفحہ نمبر' کتاب کا مطبع اور متعدد مقامات پر سن طباعت بھی تحریر کیا گیا ہے۔ مثلاً:

علامہ ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص حنفی متوفی ۳۷۰ھ' احکام القرآن ج ۲ ص ۶۳' مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور' ۱۴۰۰ھ۔

علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ' شرح مسلم ج ۲ ص ۷۳' مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی' ۱۳۷۵ھ۔

حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ' الاستیعاب ج ۸ ص ۲۷۱' مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت' ۱۴۰۲ھ۔

Marfat.com

"وغیر ذالك من الامثلة الكثيرة المنتشرة فی اوراق هذا الشرح الفخيم"۔

اس کا فائدہ یہ ہے کہ قاری کو عبارت پڑھنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ صاحب کتاب کس دور میں گذرے ہیں۔ اور اگر کوئی کتب تفسیر و حدیث سے شغف رکھنے والا ہو تو وہ مکمل حوالہ مل جانے کی بدولت اصل ماخذ تک بآسانی پہنچ سکتا ہے۔ شرح صحیح مسلم کی یہ خصوصیت بلاشبہ شارح کی محنت شاقہ اور جد و جہد کا نتیجہ ہے۔ اس گئے گذرے دور میں آج کسی بات پر محض کتاب کا نام لے لینا کافی نہیں سمجھا جاتا' بلکہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ اپنے مدعیٰ پر مکمل حوالہ دیا جائے۔ سو یہ خصوصیت شرح صحیح مسلم کو حاصل ہے کہ اس نے اپنے قارئین کو وہ سب کچھ فراہم کیا جو ان کی ضرورت تھا۔

دیگر شروح حدیث میں حوالہ جات کا اسلوب

دیگر شروح حدیث میں حوالہ جات کا اس قدر اہتمام والتزام کوسوں نظر نہیں آتا۔ مراۃ شرح مشکوٰۃ میں مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ کا اسلوب یہ ہے کہ آپ جب دلیل کے طور پر کوئی حدیث شریف نقل فرماتے ہیں تو کتاب کا نام آغاز میں ذکر فرما دیتے ہیں' مثلاً ترمذی میں ہے' مسند احمد میں ہے وغیر ذالک۔ اور جب کسی کی عبارت نقل فرماتے ہیں تو آخر میں عبارت کے اختتام پر قوسین کے اندر فقط کتاب کا نام درج فرما دیتے ہیں۔ مثلاً: مرقاۃ' اشعۃ اللمعات وغیرہ۔

صاحب نزہۃ القاری مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ کا اسلوب مراۃ سے کافی بہتر ہے۔ آپ جب کسی کتاب کا ذکر فرماتے ہیں تو ساتھ جلد اور نمبر لکھ دیتے ہیں یا اس کتاب کے نام پر حاشیہ لگا کر نیچے جلد' صفحہ لکھ دیتے ہیں۔

فیوض الباری اور ایضاح البخاری میں کوئی معین طریقہ اختیار نہیں کیا گیا۔ کہیں جلد نمبر بیان کر دیا تو کہیں نہیں' متعدد مقامات پر صفحہ اور جلد دونوں بیان کیے گئے ہیں اور کہیں دونوں بیان نہیں کیے گئے۔ ان تمام شروحات کے درمیان شرح صحیح مسلم کا اسلوب اور طریقہ کار بلاشبہ لائق تعریف و تحسین اور نئے لکھنے والوں کے لیے قابل تقلید ہے۔

شرح صحیح مسلم اور دیگر شروح حدیث میں ماخذ و مراجع

اسی طرح مآخذ و مراجع کے اعتبار سے بھی اگر شرح صحیح مسلم کا دیگر شروح حدیث کے ساتھ تقابل کیا جائے تو شرح صحیح مسلم ہی نمایاں مقام لیے نظر آتی ہے۔ میرے پیش نظر جو شروح ہیں' ان میں سے کسی کے آغاز یا آخر میں اس بات کو بیان نہیں کیا گیا کہ اس کتاب میں کن کن علماء و ائمہ کی کون کون سے تصانیف اور تحریرات سے استفادہ کیا گیا ہے۔ شرح صحیح مسلم وہ واحد شرح ہے جس کی ساتوں جلدوں میں سے ہر جلد کے آخر میں کم و بیش ۱۵ یا ۱۸ صفحات پر مشتمل مآخذ و مراجع کی تفصیلی فہرست موجود ہے۔ اور یہ فہرست اس انداز سے مرتب کی گئی ہے کہ صرف اس کو پڑھ کر ہی عام قاری کئی باتیں معلوم کر سکتا ہے۔ مثلاً:

۱۔ مستند (مشہور و غیر مشہور) تفاسیر کون کون سی ہیں؟ لکھنے والا کون ہے اور کس دور کا ہے؟ وہ تفسیر کب چھپی؟ کہاں سے چھپی؟

۲۔ حدیث شریف کی معتمد (معروف و غیر معروف) شروح کونسی ہیں؟ لکھنے والا کون ہے' کس دور کا ہے؟ وہ شرح کب اور کہاں سے چھپی؟

۳۔ علم حدیث پر معروف کتب کونسی ہیں؟ کون سی کس محدث نے لکھی؟ کب اور کہاں سے چھپی؟

۴۔ علم فقہ پر علماء احناف کی اہم کتابیں کون سی ہیں؟ علماء شافعیہ کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟ علماء مالکیہ کی اور علماء حنابلہ کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟ علماء شیعہ کی فقہ و حدیث پر کون سی تصانیف ہیں؟ کتاب کا پورا نام کیا ہے؟ کس سنہ میں کہاں سے طبع ہوئی؟ الغرض معلوم علوم و فنون (اسماء الرجال' لغت' سیرت' عقائد و کلام' اصول حدیث اور اصول فقہ وغیرہ) پر اہم تصانیف کے

Marfat.com

بارے میں تعارفی معلومات کے لیے شرح صحیح مسلم کی فہرست ہی کافی ہے۔

دوسری اہم بات قاری کو یہ معلوم ہوتی ہے کہ جس کتاب کے آخر میں' میں یہ فہرست دیکھ رہا ہوں اس کتاب میں کس قدر کتب و تصانیف کی طرف رجوع کیا گیا اور انہیں پیش نظر رکھا گیا ہے' اور یہ کہ اس کتاب کے مندرجات کس قدر قابل اعتماد' مضبوط' محکم اور مستند ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کتاب کے مصنف علاّم نے حنفی ہونے کے ناطے صرف علماء احناف کی تصانیف کی طرف رجوع نہیں کیا' بلکہ احناف سے لے کر حنابلہ تک اور اہل سنت سے لے کر غیر مقلدین' دیوبندی اور اہل تشیع تک کی کتب کے حوالہ جات کے ساتھ مدلّل ومبرہن گفتگو رقم فرمائی ہے۔ فجزاہ اللہ عنا وعن جمیع المسلمین۔

شرح صحیح مسلم اور ماخذ ومراجع کی تعداد

زیر بحث عنوان کی مناسبت سے آخر میں اجمالی طور پر یہ تحریر کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ شرح صحیح مسلم میں جن کتب تفسیر وحدیث وفقہ وغیرہ کو ماخذ بنایا گیا ہے' ان کی تعداد کتنی ہے؟ تاکہ شرح صحیح مسلم کا مقام اس حیثیت سے مزید واضح ہو جائے۔ ملاحظہ فرمایئے۔

کتب احادیث: ۵۵۔ کتب تفسیر: ۴۰۔ شروح حدیث: ۴۰۔ کتب اسماء الرجال: ۲۰۔ کتب لغت: ۲۲۔ کتب فضائل و سیرت: ۴۷۔ کتب فقہ حنفی: ۸۲۔ کتب فقہ شافعی: ۱۱۔ کتب فقہ مالکی: ۸۔ کتب فقہ حنبلی: ۹۔ کتب فقہ ظاہریہ (غیر مقلدین): ۵۔ کتب مذاہب اربعہ: ۷۔ کتب شیعہ: ۳۰۔ کتب عقائد وکلام: ۱۳۔ کتب اصول حدیث: ۱۶۔ کتب اصول فقہ: ۱۱۔ متفرقات (کم وبیش): ۶۵'

شرح صحیح مسلم کے مندرجات اور ہر جلد کے آخر میں متعلقہ فہرستِ ماخذ' راقم کی مذکورہ تمام باتوں پر واضح دلیل ہے۔ من شاء الاطلاع فلیرجع الیہ۔

صحیح مسلم کی ہر کتاب کا تحقیقی تعارف

شرح صحیح مسلم کو دیگر شروح حدیث کے درمیان اس اعتبار سے بھی نمایاں مقام حاصل ہے کہ اس میں صحیح مسلم شریف کی ہر کتاب (کتاب الایمان' کتاب الصلوۃ' کتاب الحدود وغیرہ) کا ابتداء نہایت جامع اور تحقیقی تعارف پیش کیا گیا ہے۔ میرے پیش نظر جو شروح حدیث ہیں' ان میں سے ہر ایک کا اسلوب الگ ہے۔

دیگر شروح حدیث اور شرح صحیح مسلم کا اسلوب

مراۃ شرح مشکوٰۃ میں مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ کسی بھی کتاب کے آغاز میں اس کتاب کے عنوان کی مختصر لغوی اور اصطلاحی اور اعرابی تشریح فرما دیتے ہیں۔ بعض اوقات فقہی تشریح بھی فرما دیتے ہیں۔ نزھۃ القاری شرح صحیح البخاری میں مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ کا اسلوب مراۃ سے بلند ہے۔ آپ بعض اوقات صحیح بخاری کی کسی کتاب کا تفصیلی تعارف پیش کرتے ہیں' جیسے کتاب الایمان۔ اور بعض اوقات زیادہ تفصیل نہیں فرماتے۔ لیکن بہر حال تعارف کو واضح کر کے پیش کرتے ہیں۔ ایضاح البخاری کا انداز بھی تقریباً نزھۃ القاری کی طرح ہے۔ کہیں بہت زیادہ تفصیلی تعارف پیش کیا گیا ہے' کہیں اختصار کے ساتھ۔ ان شروح میں فیوض الباری کا انداز سب سے بہتر ہے۔ اس میں متعدد مقامات پر باب کے تعارف میں ''فوائد ومسائل'' کا عنوان قائم کر کے فقہی مسائل کو بالتفصیل اور عام فہم انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

شرح صحیح مسلم کا اسلوب ان سب سے منفرد اور علیحدہ ہے۔ کم وبیش ہر کتاب کا تعارف اس انداز سے پیش کیا گیا ہے کہ پڑھنے والا اس کتاب کے آغاز سے پہلے ہی اپنے ذہن میں معلومات کا ایک جامع' مرتب اور مدلّل ذخیرہ جمع کر لیتا ہے۔ چنانچہ اس شرح میں صحیح مسلم کی کسی بھی کتاب کا تعارف درج ذیل طریقے سے پیش کیا گیا ہے۔

Marfat.com

(۱) کتاب کے عنوان کی مستند لغات کی روشنی میں باحوالہ تحقیق (۲) اس عنوان کے متعلق قرآن حکیم کی متعدد آیات مع ترجمہ (۳) مستند کتب حدیث سے احادیث کا باترجمہ اور باحوالہ عظیم ذخیرہ (۴) عنوان کے متعلق اکثر و بیشتر مستند کتب فقہ سے حوالہ جات کے ساتھ فقہی احکام۔ بسا اوقات مذاہب اربعہ کا مدلل اور باحوالہ عبارات کے ساتھ واضح بیان۔

کتاب کے عنوان کا اس نہج پر تحقیقی اور تفصیلی تعارف کسی اور شرح میں نظر نہیں آتا۔ بطور مثال چند کتابوں کے عنوانات کا اجمالی تعارف ملاحظہ فرمائیے۔

صحیح مسلم کی ہر کتاب کے تحقیقی تعارف پر شرح صحیح مسلم سے چند مثالیں

کتاب الطہارۃ: (۱) لغت کی مستند کتاب ''تاج العروس'' کی روشنی میں طہارت کے لغوی معنی کی تحقیق (۲) طہارت کے متعلق قرآن حکیم سے ۱۳ آیات مع ترجمہ و مختصر تفسیر (۳) طہارت سے متعلق صحیح بخاری، جامع ترمذی، سنن ابی داؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، طحاوی اور دیگر مستند کتب حدیث سے تقریباً ۱۲۳ احادیث، مکمل حوالہ اور ترجمہ کے ساتھ (۴) امام غزالی علیہ الرحمۃ کی تصنیف لطیف احیاء العلوم کی روشنی میں طہارت کے مراتب اور درجات کا بیان۔ (ج ۱ ص ۸۴۹)

کتاب الزکوٰۃ: (۱) نہایہ اور عمدۃ القاری کی روشنی میں زکوۃ کا لغوی اور اصطلاحی معنی (۲) قرآن حکیم کی مختلف آیات اور احادیث رسول ﷺ کی روشنی میں زکوٰۃ کی ۲۲ حکمتیں (۳) صحیح احادیث مبارکہ اور مرقاۃ شرح مشکوٰۃ کی روشنی میں فرضیت زکوٰۃ کی تاریخ (۴) کس مال پر کتنی زکوٰۃ ہے؟ جانوروں کی زکوٰۃ کس حساب سے دی جائے گی؟ نقشہ کی صورت میں مکمل تفصیل (۵) قرآن حکیم کی آیات اور صحیح احادیث کی روشنی میں زکوٰۃ کی اہمیت (۶) نظام زکوٰۃ کی مرکزیت کا بیان (ج ۲ ص ۸۷۵)

کتاب الاعتکاف: (۱) مفردات امام راغب کی روشنی میں اعتکاف کا لغوی اور شرعی معنی (۲) فقہ حنفی کی معتمد کتاب بدائع کی روشنی میں اعتکاف کی تعریف اور اقسام (۳) شرح مسلم للنووی کی روشنی میں اعتکاف کے متعلق مذاہب ائمہ (۴) عمدۃ القاری کی روشنی میں اعتکاف سے متعلق احناف کا نظریہ (۵) رمضان کے اخیر عشرہ کا اعتکاف، جو کہ سنت مؤکدہ ہے اس کی شرائط وغیرہ سے فقہاء نے بحث نہیں کی، شارح کی شرح المہذب للنووی کی روشنی میں تحقیق (۶) المبسوط للسرخسی کی روشنی میں فرض اعتکاف کے احکام (۷) بدائع الصنائع کی روشنی میں نفل اعتکاف کے احکام (۸) گرمی کی وجہ سے اعتکاف میں غسل کے حکم کی تفصیل (۹) بدائع، عالمگیری اور ہدایہ کی روشنی میں صحت اعتکاف کی شرائط (۱۰) اعتکاف کے وقت آغاز اور دیگر امور کی تفصیل۔ (ج ۲ ص ۲۲۰)

کتاب البیوع: (۱) المفردات اور البحر الرائق کی روشنی میں بیع کا لغوی اور شرعی معنی (۲) بیع و شراء کے حوالہ سے نظام سرمایہ داری اور نظام اشتراکیت کا تعارف (۳) نظام سرمایہ داری کو پروان چڑھانے میں سود کا کردار (۴) سود کے استحصالی نظام کو ختم کرنے میں اسلام کی ہدایات (قرآن و حدیث کی روشنی میں) (۵) نظام سرمایہ داری کو پھیلانے میں احتکار، سٹہ، ملاوٹ اور جعلی اشیاء کا کردار (۶) ان تمام خامیوں کی روک تھام کے لیے اسلام کی ہدایات (قرآن و حدیث کی روشنی میں) (۷) سوشلزم اور کمیونزم کا نقطہ اتحاد اور ان میں فرق (۸) سوشلزم کی مزعوم طبقاتی مساوات اور اس کے مقابلہ میں اسلام کی اصولی مساوات (۹) سوشلسٹ نظام کی ڈکٹیٹرشپ۔ (ج ۴ ص ۹۲)

کتاب الجہاد والسیر: (۱) تاج العروس کی روشنی میں جہاد کے لغوی معنی کی تحقیق (۲) احناف، شوافع، مالکیہ اور حنابلہ کی مستند کتب، عمدۃ القاری، بدائع الصنائع، عنایہ، فتح القدیر، فتح الباری، اکمال اکمال المعلم اور کشف القناع کی روشنی میں جہاد کا شرعی معنی (۳) المبسوط للسرخسی کی روشنی میں فرضیتِ جہاد کے تدریجی مراحل کی تفصیل (۴) احناف، شوافع، مالکیہ اور حنابلہ کی مستند کتب سے

Marfat.com

جہاد کی اقسام میں چاروں ائمہ کے مسلک کی وضاحت (۵) جہاد کب فرضِ عین ہوتا ہے اور کب فرضِ کفایہ؟ (۶) فتاویٰ عالمگیری کی روشنی میں جہاد کے مباح ہونے کی شرائط (۷) علامہ ابن قدامہ حنبلی کی معروف کتاب ''المغنی'' سے وجوب جہاد کی شرائط۔

(ج ۵ ص ۲۴۸)

کتاب الاشربۃ: (۱) لغت کی مستند کتب لسان العرب' تاج العروس اور اقرب الموارد کی روشنی میں خمر کا لغوی معنی (۲) خمر کی حرمت پر قرآن حکیم اور باحوالہ احادیثِ صحیحہ سے دلائل (۳) تفسیر قرطبی کی روشنی میں تحریم خمر کی تاریخ (۴) المغنی کی روشنی میں خمر اور دیگر نشہ آور مشروبات سے متعلق مذاہب فقہاء اور ان کے دلائل (۵) درمختار اور فتاویٰ عالمگیری کی روشنی میں امام اعظم کا نظریہ (۶) ہدایہ کی روشنی میں خمر کے متعلق معروف ۱۰ ابحاث کا بیان (۷) وہ نشہ آور مشروبات جو خمر نہ ہوں' ان کی قلیل مقدار کے جواز پر قرآن کریم اور ۸ مستند کتب احادیث سے دلائل (۸) جس مشروب کی تیزی سے نشہ کا خدشہ ہو' اس میں پانی ملانے کے بعد اس کو پینے کے جواز پر تقریباً ۱۶ کتبِ حدیث سے استدلال (۹) فتاویٰ شامی اور المبسوط کی روشنی میں نبیذ کی تعریف' نبیذ شدید اور مُثلّث کے حلال ہونے پر احناف کے دلائل کی تفصیل (۱۰) عمدۃ القاری کی روشنی میں حدیث ''ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام'' کی تحقیق (۱۱) بھنگ کا لغوی معنی (تاج العروس کی روشنی میں) اور اس کے نقصانات (اشعۃ اللمعات کی روشنی میں) (۱۲) احناف' شوافع' مالکیہ اور حنابلہ کی مستند کتب سے بھنگ کے شرعی حکم کی تفصیل اور مذاہب ائمہ (۱۳) حشیش اور افیون کی تحقیق۔ افیون کا شرعی حکم (۱۴) تمباکو نوشی کی تفصیلات (اس کی تاریخ' نقصانات' خواتین میں تمباکو نوشی کے مضر اثرات)۔ تمباکو نوشی کے متعلق فقہاء احناف' فقہاء شافعیہ' فقہائے مالکیہ اور فقہائے حنابلہ کا موقف' تمباکو نوشی کے متعلق مصری علماء کی تحقیق' شارح کی تحقیق اور موقف (۱۵) الکوحل اور اسپرٹ کی تحقیق (۱۶) ایلو پیتھک ادویہ' پرفیومز اور الکوحل کی قلیل مقدار کے جواز کی تفصیل۔ (ج ۶ ص ۱۷۹ تا ۲۲۳)

کتاب العلم: (۱) حکماء اور متکلمین کے موقف کے مطابق علم کی تعریف (۲) محدثین کی اصطلاح میں علم کی تعریف (۳) روح المعانی' عمدۃ القاری' البحر الرائق' تاج العروس' مختصر المعانی اور دیگر مستند کتب کے حوالہ جات کے ساتھ مروجہ علوم دینیہ کی تعریفات (۴) قرآن حکیم سے ۱۰ آیاتِ مبارکہ اور مستند کتب حدیث سے کم وبیش ۱۳۳ احادیث کی روشنی میں علم کی فضیلت (۵) جامع الترمذی' عمدۃ القاری' تفسیر کبیر' تفسیر بیضاوی اور روح المعانی کی روشنی میں ''العلماء ورثۃ الانبیاء'' کی تحقیق (۶) ۱۱۶ احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں اہلِ علم کے فضائل اور اخروی درجات' اور ۶ احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں اہل علم کے حقوق کا بیان (۷) احادیثِ صحیحہ کی روشنی میں اہل علم کے اختلاف کا باعثِ رحمت اور یُسر ہونا (۸) طلب علم کے متعلق بعض مشہور احادیث کی تحقیق (۹) ۱۹ احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں اہل علم کو تحذیر اور نصیحت۔ (ج ۷ ص ۲۷ تا ۳۷۳)

راقم نے اس شرح کے تفوق اور برتری کو ثابت کرنے کے لیے شرح صحیح مسلم کی سات جلدوں کی مناسبت سے سات مثالیں پیش کرنے پر اکتفاء کیا ہے' وگرنہ اس شرح کے تمام تحقیقی تعارفات جمع کرنے کی صورت میں ایک مکمل کتاب تیار ہو سکتی ہے۔

مذکورہ سات مثالیں فقط اجمالی خاکہ کی شکل میں' میں نے پیش کی ہیں' جن کی روشنی میں بالکل واضح اور ظاہر ہے کہ دیگر شروح حدیث اور اس شرح کے درمیان کیا فرق ہے؟ اور یہ کہ اس شرح میں احادیث مبارکہ پر گفتگو سے قبل کتاب کے عنوانات کا کس قدر ہمہ گیر انداز میں تفحص' تتبع اور تحقیق وتدقیق کے ساتھ مفصل اور سیر حاصل تعارف پیش کیا گیا ہے۔

دعائے ضرر اور بددعا

ہمارے ہاں عام طور پر شارحین یا اور دیگر صاحبان تصنیف اپنی کتب میں جب رسول اللہ ﷺ کی کسی کے خلاف دعا کا ذکر

Marfat.com

کرتے ہیں تو اسے ''بد دعا'' سے تعبیر کرتے ہیں۔ مثلاً فلاں کے لیے حضور ﷺ نے بد دعا فرمائی یا فلاں کے لیے حضور ﷺ نے بد دعا نہیں فرمائی۔

مشکوٰۃ المصابیح ''باب فی اخلاقه و شمائله ﷺ'' کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا گیا:

یارسول اللہ ﷺ :**ادع علی المشرکین قال انی لم ابعث لعانا وانما بعثت رحمة.**

اس حدیث شریف کا ترجمہ حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

عرض کیا گیا: یارسول اللہ (ﷺ) مشرکین پر بد دعا کیجئے' فرمایا: میں بد دعا کرنے والا نہ بھیجا گیا' میں تو رحمت ہی بھیجا گیا ہوں۔ (مراۃ المناجیح ج ۶ ص ۷۲' مطبوعہ ضیاء القرآن' لاہور)

صحیح بخاری' کتاب العلم کی ایک حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا سے یہ مسئلہ بیان فرمایا کہ عورت جب پانی (منی) دیکھے تو غسل کرے۔ یہ سن کر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنا چہرہ چھپا لیا اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے؟ فرمایا:

نعم! تربت یمینك فبم یشبهها الولد. ہاں ہوتا ہے۔ تیرا ہاتھ گرد آلود ہو۔ (اگر ایسا نہ ہو) تو پھر بچہ ماں سے کس وجہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۴)

اس حدیث شریف میں حضور ﷺ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: ''**تربت یمینك**''۔ اس کی شرح کرتے ہوئے صاحب نزہۃ القاری لکھتے ہیں: یہ جملہ بد دعا اور زجر کے لیے ہے الخ۔ (نزہۃ القاری ج ۱ ص ۴۹۶)

صاحب ایضاح البخاری اس جملہ کی شرح میں لکھتے ہیں: یہ جملہ بد دعا کا ہے' لیکن بد دعا مراد نہیں ہوتی۔

(ایضاح البخاری ج ۲ ص ۵۱)

اسی طرح جب حضور ﷺ نے کفار کے نام لے لے کر فرمایا:

اللهم علیك بقریش اللهم علیك بقریش اللهم علیك بعمرو بن هشام و عتبة بن ربیعة و شیبة بن ربیعة والولید بن عتبة وامیة بن خلف و عقبة بن ابی معیط و عمارة بن الولید.

اے اللہ! تو قریش کی گرفت فرما۔ اے اللہ! تو قریش کی گرفت فرما۔ اے اللہ تو عمرو بن ہشام' عتبہ بن ربیعہ' شیبہ بن ربیعہ' ولید بن عتبہ' امیہ بن خلف' عقبہ بن ابی معیط اور عمارہ بن ولید کی گرفت فرما۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۷۴)

اس مقام پر بھی شارحین نے یہی لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بد دعا فرمائی۔ (فیوض الباری' شرح البخاری ج ۱ پارہ: ۱' ص ۴۷۴)

شرح صحیح مسلم کا مقام

ان تمام شروح کے درمیان شرح صحیح مسلم کا یہ عظیم الشان امتیاز ہے کہ اس میں رسول اللہ ﷺ کی کسی کے خلاف دعا کو کہیں بھی ''بد دعا'' کے الفاظ سے تعبیر نہیں کیا گیا۔ جہاں کہیں بھی ایسا موقع آیا ہے وہاں دعائے ضرر کا لفظ استعمال کیا گیا ہے یا کوئی اور ایسا لفظ جو آپ ﷺ کے زیادہ سے زیادہ شایانِ شان ہو۔ چنانچہ شارح اس حوالہ سے اپنا موقف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

رسول اللہ ﷺ نے جو بعض مواقع پر کچھ مشرکوں کے لیے دعائے ضرر فرمائی ہے اس کو بد دعا سے تعبیر کرنا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ کی طرف کسی بھی اعتبار سے لفظ بد کو استعمال کرنا صحیح نہیں ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۵۲)

Marfat.com

اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے جلد خامس میں لکھتے ہیں:

واضح رہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جو احزاب کی شکست اور ان کے قدم اکھڑنے کی دعا فرمائی ہے اس کو بددعا کہنا جائز نہیں ہے اور ایسا کہنا رسول اللہ ﷺ کی سخت توہین ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا کوئی قول یا فعل ''بد'' نہیں ہے۔ قرآن کریم میں ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ. (الاحزاب:۲۱)

بے شک اللہ کے رسول (ﷺ) میں تمہارے لیے حسین نمونہ (عمل) ہے۔

اللہ تعالیٰ تو رسول اللہ ﷺ کے افعال کو حسین فرمائے اور کوئی شخص آپ کا امتی ہو کر آپ کے کسی فعل کو ''بد'' کہے' یہ نہایت بے ادبی اور سخت توہین ہے۔ جس شخص نے بھی آپ ﷺ کی کسی دعا کو بد کہا اس کو توبہ کرنی چاہیے۔ اس قسم کی دعاؤں کے لیے بالعموم دعائے ضرر کہنا چاہیے یا بالخصوص ترجمہ کیا جائے' مثلاً: آپ ﷺ نے دعا فرمائی: ''**اللھم علیك بابی جھل**''۔ تو یوں ترجمہ کیا جائے: آپ نے دعا فرمائی اے اللہ تو ابوجہل کو پکڑ یا آپ نے ابوجہل کی گرفت کے لیے دعا فرمائی۔ اسی طرح یہاں ترجمہ کیا جائے کہ آپ نے مشرکین کی جماعتوں کی شکست کی دعا فرمائی۔ عام طور پر مترجمین اس قسم کے کلمات کا ترجمہ ''بددعا'' کرتے ہیں۔ بعض معاصرین نے بھی اس قسم کے کلمات کا ترجمہ بددعا کیا ہے۔ العیاذ باللہ۔ رسول اللہ ﷺ کا ہر قول اور ہر فعل بد ہونے سے پاک اور بری ہے۔ بعض معاصرین لکھتے ہیں: جناب رسول اللہ ﷺ نے کفار کے لیے بددعا فرمائی۔ نیز لکھتے ہیں: جناب رسول اللہ ﷺ نے احزاب کے روز مشرکوں کے لیے بددعا کی۔ اور لکھتے ہیں: ابوجہل بن ہشام' عتبہ بن ربیعہ' شیبہ بن ربیعہ' ولید بن عقبہ' امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط کے لیے بددعا کی۔ (تفہیم البخاری ج ۴ ص ۴۸۴' ۴۸۳' ۴۸۲' ۴۸۱)

بعض معاصرین اور ایسے تمام مترجمین پر لازم ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے افعال حسنہ کو بد کہنے سے توبہ کریں اور اپنی تصانیف سے ان کلمات کو نکال دیں۔ (شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۳۰۰)

شارح کی اس عبارت کی روشنی میں بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ شرح صحیح مسلم نے جہاں اپنے قارئین کو تحقیق و تدقیق اور اجتہاد کی کٹھن راہوں کے نشیب و فراز سے آگاہی بخشی' پیش آمدہ مسائل کے حل کی طرف فکر کے دھارے کو موڑا' فرامین نبویہ (علی صاحبہا التسلیم والتحیہ) سے استخراج مسائل کا سلیقہ سمجھایا' دل و دماغ کے مستور اور محجوب گوشوں کو بے نقاب کر کے انہیں وسعت بخشی وہاں یہ بھی سمجھا دیا کہ جناب رسالت مآب ﷺ کی بارگاہ کا کیا ادب اور احترام ہے' آپ ﷺ سے جن چیزوں کو نسبت حاصل ہو جائے ان کا کیا مقام اور مرتبہ ہے۔ ''**لتومنوا باللہ ورسولہ وتعزروہ وتوقروہ**'' کا دائرہ کس قدر وسیع ہے۔

عبارت مذکورہ کے خط کشیدہ جملے بھی بہت قابل غور ہیں' ان میں کس قدر عشق و محبت کا غلبہ ہے' کس قدر لذت اور مٹھاس ہے' اس کو حقیقۃً وہی شخص محسوس کر سکتا ہے' جس کا دل محبت رسول ﷺ سے سرشار ہو' مجھ جیسے ناآشنا تو ان جملوں پر محض داد ہی دے سکتے ہیں۔

شرح صحیح مسلم کی شہرت و مقبولیت

کسی بھی کتاب کا یہ پہلو بھی کس قدر تابناک اور قابل رشک ہوتا ہے کہ وہ مصنف کی زندگی میں اس کی نگاہوں کے سامنے ہی شہرت اور مقبولیت کے مرتبہ کو پہنچ جائے۔ کئی کتابیں ہمارے سامنے ایسی موجود ہیں جو لکھی گئیں' چھاپی گئیں اور پڑھی گئیں' لیکن ایک مرتبہ کے بعد قارئین کی بے رغبتی نے اس کتاب کو دوبارہ چھپنے کا موقع نہ دیا۔۔۔۔ کئی کتابیں ایسی ہیں جو ادق اور مشکل ترین اسلوب بیان کے باعث تلقی بالقبول کے مرتبہ کو نہ پہنچ سکیں۔۔۔۔ کئی کتابیں ایسی ہیں جو اپنے متعصبانہ' معاندانہ اور جارحانہ انداز بیان کے

Marfat.com

باعث قارئین کے سنجیدہ مزاج' اہل علم اور سلجھے ہوئے طبقہ سے دور رہیں۔ الغرض کسی بھی کتاب کی شہرت اور مقبولیت کو گھٹانے کے جتنے اسباب ہو سکتے ہیں ان سب کی مثالیں ہمارے سامنے موجود ہیں۔ خواہ وہ تفاسیر کی شکل میں ہو' شروح حدیث کی شکل میں ہو یا کسی اور شکل میں ہو۔ اس کے برعکس ہمارے ہاں ایسی کتابوں کی بھی کمی نہیں جو موثر و مدلّل اسلوب بیان' مندرجات کی وسعت' انداز بیان کے اعتدال' قارئین کی فراوانیٔ رغبت اور شدتِ اشتیاق کے باعث بار ہا طبع ہوئیں' پڑھی گئیں' مقبول ہوئیں' معروف ہوئیں اور دیکھتے ہی دیکھتے قارئین کا ایک وسیع ترین حلقہ تیار ہو گیا۔۔۔۔ انہی کتابوں میں ایک کتاب 'شرح صحیح مسلم'' بھی ہے۔

اس شرح کا مطالعہ کرنے والوں پر یہ حقیقت مخفی نہیں ہے کہ شرح صحیح مسلم کا اسلوب بیان انتہائی سہل اور سلیس ہونے کے ساتھ ساتھ باوقار اور سنجیدہ بھی ہے' تعصب' غلو' مبالغہ آرائی اور جارحیت جیسی مذموم صفات اس میں دور دور تک نظر نہیں آتیں' دلائل و براہین سے اس کا دامن لبریز ہے' موضوعات و مشمولات بہت وسیع اور کشادہ ہیں۔ آیات قرآنیہ کی تفسیر' احادیث نبویہ کی شرح اور مسائل فقہیہ سے لے کر جدید مسائل کے موضوعات اس شرح کا خاصہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دیگر اردو شروح حدیث کے مقابلہ میں اس شرح نے شہرت و مقبولیت بھی زیادہ پائی۔ بالخصوص اہل علم و اہل فکر اور سنجیدہ مزاج قارئین نے اسے بہت سراہا اور پسند کیا' نیز کراچی' کراچی سے پاکستان اور پاکستان سے نکل کر بیرون ممالک بھی اس شرح نے اپنا پیغام پہنچایا۔ بلاشبہ یہ شارح کی بہت بڑی خوش نصیبی ہے کہ ان کی زندگی میں ان کے سامنے شرح صحیح مسلم کے کئی ایڈیشن طبع ہو کر ملک اور بیرون ملک پہنچ گئے۔ (مارکیٹ میں اس وقت نواں ایڈیشن چل رہا ہے)

جلد اوّل کے آغاز میں خود شارح صحیح مسلم' اللہ عزوجل کے اس عظیم احسان کا اعتراف اور اس پر شکر ادا کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

میں نے جب شرح صحیح مسلم کو بہت تفصیل کے ساتھ لکھنا شروع کیا تھا تو بعض دوستوں نے کہا آپ مختصر لکھتے تو یہ مکمل ہو جاتی' پتا نہیں' عمر وفا کرے یا نہ کرے اور اس کی تکمیل ہو سکے یا نہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا بے پایاں احسان ہے کہ شرح صحیح مسلم نہ صرف یہ کہ میری زندگی میں مکمل ہوئی بلکہ طبع ہو گئی اور اس کے کئی ایڈیشن نکل گئے۔ اور برصغیر پاک و ہند کے علاوہ یورپ' امریکہ اور افریقہ کے دور دراز علاقوں تک یہ کتاب پہنچ گئی اور اس کتاب کو پڑھا گیا اور ہر طبقہ میں اس کی پذیرائی ہوئی۔ (شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۷)

شارح کا یہ دعویٰ کہ ''برصغیر پاک و ہند کے علاوہ یورپ' امریکہ اور افریقہ کے دور دراز علاقوں تک یہ کتاب پہنچ گئی'' اس کی تصدیق و تائید کے لیے قائد اہل سنت حضرت علامہ مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی مدظلہ العالی کے درج ذیل تاثرات ملاحظہ ہوں:

قائد اہل سنت امام نورانی کی تصدیق و تائید

میں ملک سے باہر بہت سے مقامات پر جاتا رہا ہوں' ابھی حال ہی میں اپنے بعض احباب اور دوستوں کے ساتھ کینیڈا بھی گیا تھا۔ اس مرتبہ مجھے تعجب ہوا' جب میں کینیڈا کے شہر ''وون کاوَور'' گیا۔ وون کاوَور' کینیڈا کا آخری کونا ہے جو پیسیفک اوشن کے کنارے پر واقع ہے۔ اس مرتبہ جب میں گیا تو ایک صاحب نے مجھے اپنے گھر پر کھانے کے سلسلے میں مدعو کیا تو مجھے وہاں یہ دیکھ کر انتہائی خوشی اور مسرت ہوئی کہ دنیا کے اس کنارے پر شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ غلام رسول سعیدی کی شرح صحیح مسلم اس گھر میں موجود تھی۔

یہ اگست کا واقعہ ہے اور ابھی ستمبر میں' میں ناروے گیا۔ ناروے شمال کی طرف سے دنیا کا آخری کونا ہے۔ اس ملک میں کبھی کوئی مسجد نہیں تھی۔ ورلڈ اسلامک مشن (ناروے) نے چار پانچ سال کی جدو جہد کے بعد اپنی زمین خرید کر میناروں اور گنبد والی پہلی مسجد بنائی۔ اسی سال ستمبر میں اس مسجد کا افتتاح تھا۔ مسجد کے ساتھ ایک عظیم الشان لائبریری بھی تھی۔ مجھے یہ دیکھ کر انتہائی خوشی ہوئی کہ دنیا

Marfat.com

کے اس کنارے پر بھی لائبریری میں جہاں اک طرف پروفیسر شاہ فرید الحق صاحب کا ترجمۂ کنز الایمان' انگریزی زبان میں موجود تھا تو دوسری طرف' ماشاء اللہ حضرت علامہ غلام رسول سعیدی صاحب کی شرح صحیح مسلم بھی وہاں موجود تھی۔

(صدارتی خطاب' ۱۹ شعبان المعظم ۱۴۱۰ھ ۲۰/ دسمبر ۱۹۹۷ء' پیراڈائیز ہوٹل' کراچی' تقریب تعارف و سپاس ''تبیان القرآن'') (ماخوذ از حیات سعید ملت' مؤلفہ مولانا محمد ناصر خان چشتی)

اقتباسات از تأثراتِ مشائخ

شرح صحیح مسلم کو اس حیثیت سے بھی امتیازی شان حاصل ہے کہ اس کے بارے میں ملک اور بیرون ملک کے مقتدر علماء و مشائخ نے اپنے گرانقدر' علمی اور فکری تأثرات کا تحریری اظہار فرمایا ہے۔ میرے نزدیک ان علماء و مشائخ کے مختصر تأثرات بھی میری تفصیلی بحث پر بہت فائق اور بلند درجہ کے حامل ہیں۔ بعض تأثرات وہ ہیں جو شرح صحیح مسلم کی مختلف جلدوں کے آغاز میں چھپے ہوئے ہیں اور بعض وہ ہیں جن کا اظہار' شرح صحیح مسلم کی تعارفی تقریب میں علماء نے فرمایا اور وہ مختلف اخبارات میں چھپے۔ پہلے ہم' ان اہم تأثرات کے اقتباسات پیش کر رہے ہیں جو شرح صحیح مسلم کے آغاز میں موجود ہیں' اس کے بعد اخبارات میں چھپنے والے تأثرات اور اخباری بیانات پیش کریں گے:

مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمۃ

(مہتمم دار العلوم نعیمیہ کراچی و جسٹس وفاقی شرعی عدالت' پاکستان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

ذوالمجد والکرم' حضرت علامہ غلام رسول سعیدی زیدت مکارمہم' جلیل القدر محدث' فقیہ' مدرس' خطیب اور صاحب طرز مصنف و محقق ہیں' آپ کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں' آپ کے فاضل تلامذہ جو پاکستان اور بیرون پاکستان اسلام کی خدمت میں مصروف ہیں' اور آپ کی گراں قدر تصانیف جو دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیل چکی ہیں' آپ کا بہترین تعارف ہیں۔

فقیر نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باعث اس شرح کو مکمل نہیں پڑھا ہے' مگر بقدرِ ضرورت اس کے اہم مقامات سے استفادہ کا شرف ضرور حاصل کیا ہے۔ دورانِ مطالعہ جو خوبیاں اس کی ابھر کر سامنے آئی ہیں وہ یہ ہیں:

(۱) فقہ حنفی پر احادیث سے استدلال اور اس کی ترجیح کے دلائل۔

(۲) اختلافی مسائل میں علمی انداز نگارش۔

(۳) جدید مسائل کی تحقیق اور ان پر بھرپور علمی تبصرے۔

(۴) پوری کتاب پیچیدہ خالص علمی اور تحقیقی مواد پر مشتمل ہونے کے باوجود سلاستِ بیان اور ادیبانہ تحریر کے باعث انتہائی دلچسپ اور دل آویز ہے۔

(۵) ایک بالغ نظر محقق اپنے معاصرین کی تحریروں سے بے خبر نہیں رہ سکتا' علامہ نے معاصرین کی متعلقہ تحریروں کا عمیق مطالعہ کیا ہے اور ان پر بصیرت افروز تبصرے کیے ہیں' جس حدیث پر کلام کیا ہے' سیر حاصل کیا ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۴ ص ۳۳)

Marfat.com

علامہ سید محمود احمد رضوی علیہ الرحمۃ

(شارح صحیح بخاری وشیخ الحدیث دارالعلوم حزب الاحناف' لاہور)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

شرح صحیح مسلم محقق عصر حضرت علامہ غلام رسول صاحب سعیدی زید مجدہ کی عظیم وجلیل القدر تالیف ہے جہاں تک میرے علم و نظر کا تعلق ہے ابھی تک صحیح مسلم کی اردو میں ایسی جامع شرح میری نظر سے نہیں گزری۔

میری نظر میں شرح صحیح مسلم' علم وعرفان اور تحقیق وتدقیق کا خزینہ ہے' علامہ موصوف نے محنت کی ہے اور واقعی محنت کی ہے اور مسائل جدیدہ پر سیر حاصل تبصرہ فرمایا ہے۔ علامہ موصوف نے جن بعض مسائل میں علماء حاضر اور ماسبق سے اختلاف کیا ہے تو یونہی نہیں کیا' بلکہ تحقیق وتفتیش کو دلائل وبراہین سے مزین کر کے پیش کیا ہے' مسائل فروعیہ خصوصاً مسائل جدیدہ میں اہلِ علم کی دوراؤں کا ہونا کچھ تعجب کی بات نہیں ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اگر ان کی تحقیق سے کسی کو اختلاف ہے تو محض فتویٰ کی زبان سے نہیں بلکہ دلائل شرعیہ کی رو سے تنقید وتبصرہ کیا جائے تا کہ تصویر کے دونوں رخ سامنے آ جائیں۔ علماء میں حضرت علامہ موصوف نے شرح صحیح مسلم تالیف فرما کر علماء وطلباء ومدرسین اور عام مسلمانوں کے لیے فہم وتفہیم حدیث کا ایک دروازہ کھول دیا ہے' میری دعا ہے کہ مولا تعالیٰ جل مجدہ اپنے طیب وطاہر مقدس رسول ﷺ کے طفیل شرح صحیح مسلم کو مسلمانوں کے لیے مینارۂ نور بنائے۔

(شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۳۲)

علامہ مفتی منیب الرحمٰن مدظلہ العالی

(مہتمم دارالعلوم نعیمیہ' کراچی وچیئرمین مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی' پاکستان)

میں دورانِ تصنیف مصنف سے انتہائی فکری قرب کی بناء پر شرح صدر کے ساتھ ببانگ دہل یہ عرض کرنے کی جسارت کرتا ہوں کہ اس کتاب کی تصنیف اور ترتیب وتسوید کے دوران مصنف کا اندازِ فکر سو فیصد معروضی رہا ہے۔ بہت سے مسائل پر عمیق مطالعے کے باوجود حتمی رائے قائم کرنے سے قبل انہوں نے معاصر اہل علم سے علمی تبادلۂ خیال اور مذاکرے کا طریقۂ کار بھی اختیار کیا ہے' کئی مسائل ایسے بھی ہیں جن میں حق پر آگہی کے بعد انہوں نے اپنی سابقہ رائے کو تبدیل کیا ہے اور درحقیقت ہر دور میں علماء حق کا شعار بھی یہی رہا ہے کہ نفسانیت اور انانیت کو قبولِ حق کی راہ میں انہوں نے کبھی حائل نہیں ہونے دیا۔

احادیث کی شرح کے دوران جو بھی علمی وفقہی مسئلہ زیر بحث آیا' مصنف نے اس امر کا التزام کیا ہے کہ اسلامی عقائد ونظریات اور اہل سنت وجماعت کے معمولات کو کتاب وسنت سے ثابت کیا جائے' مذاہب اربعہ اور حسب ضرورت فقہ جعفریہ کے موقف کو ان کی اصل' مستند اور مسلمہ کتب سے دلائل کے ساتھ نقل کر کے دیانتدارانہ تقابلی مطالعے (Comparative Study) کا موقع فراہم کیا ہے اور پھر فقہ حنفی کی وجوہ ترجیح کو کتاب وسنت سے واضح کیا ہے۔

Marfat.com

دور جدید کے ''مجتہد فیہ'' مسائل سے مصنف نے پہلو تہی اختیار نہیں کی بلکہ ان کا قرآن وسنت کی روشنی میں وافی شافی حل پیش کیا ہے۔ یہ امر باعثِ اطمینان بلکہ لائقِ افتخار ہے کہ جدید مسائل کا حل پیش کرتے وقت مصنف نام نہاد متجددین (Innovators) اور مستشرقین سے مرعوب نہیں ہوئے بلکہ دلائل و براہین سے یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ اسلام قیامت تک کے لیے قابل عمل اور واجب الاتباع دین ہے اور اس میں ایسے جامع اصول ہیں جو نت نئے پیش آنے والے مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ لہٰذا مصنف نے نئے ''مجتہد فیہ'' مسائل میں تجدد پسندی اور جمود و تجمد (Rigidity) یعنی افراط وتفریط دونوں سے ہٹ کر توازن واعتدال کی راہ کو اختیار کیا ہے' اور اسلام کی حقانیت' ہمہ گیری اور وسعت پذیری کو دلائل حقہ' نصوص قرآن وحدیث' آثارِ صحابہ وتابعین اور اقوال ائمہ سے ثابت کیا ہے۔

بعض معاصر شراح حدیث کا یہ بھی وطیرہ ہے کہ وہ نہایت دیدہ دلیری سے شرح حدیث کے موقع پر بعض اکابر کے قول فیصل اور محاکمے کو ''ایجاد بندہ'' اور ذاتی وشخصی رائے کے طور پر اصل ماخذ ومراجع کا حوالہ دیئے بغیر پیش کر دیتے ہیں۔ یہ طریقۂ کار دورِ حاضر کے مروجہ ومسلمہ طرز تحقیق کے بالکل منافی ہے کیونکہ یہ ایک طرح کا علمی وادبی سرقہ (Literary Theft) ہے جسے عربی ادب میں انتحال (Plagiarism) کہتے ہیں۔

لیکن الحمد للہ مصنف نے اس کے بالکل برعکس فقہی واجتہادی مسائل کے بارے میں متقدمین ومعاصرین کی آراء کو ان کے حوالہ جات کے ساتھ پیش کیا ہے اور جہاں اختلاف رائے کی نوبت آئی ہے وہاں اپنا محاکمہ (Juristic Opinion) صراحت کے ساتھ پیش کیا ہے اور اپنی فقہی وعلمی رائے کی برتری کو دلائل سے ثابت کیا ہے۔ (شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۸)

علامہ محبّ اللہ نوری مدظلہ العالی

(شیخ الحدیث دارالعلوم حنفیہ فریدیہ' بصیر پور)

سید المحدثین حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ کی شہرۂ آفاق تصنیف ''صحیح مسلم'' صدیوں سے اہل علم میں متداول اور مدارسِ اسلامیہ میں داخلِ نصاب ہے۔ اس کی متعدد شروح لکھی گئیں۔ زیر تبصرہ ''شرح صحیح مسلم'' (اردو) ان شروح میں ایک گراں قدر اضافہ ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ اپنے مواد' تحقیق وتدقیق' فنی مباحث' گمراہ فرقوں کے رد' مسلک اہلسنت کی بادلائل تائید اور مسائل عصریہ پر گفتگو کے اعتبار سے آج تک دنیائے حدیث میں ایسی کوئی کتاب تحریر نہیں کی گئی' تو بے جا نہ ہوگا۔

یہ کتاب کئی خصوصیات کی حامل ہے۔ متنِ احادیث کا بڑا سلیس' عمدہ اور رواں ترجمہ' حدیث پر فنی بحث' قرآن واحادیث' آثار واقوالِ تابعین سے استدلال' ائمہ اربعہ کے علاوہ دیگر فقہی مذاہب کی توضیح وتشریح کے بعد فقہ حنفی کی ترجیح پر زبردست دلائل اس انداز سے پیش کیے ہیں کہ قاری کو دل کی گہرائیوں سے یہ یقین ہو جاتا ہے کہ فقہ حنفی قرآن وحدیث کا صحیح ترجمان ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ توضیح مسالک اصل متون اور بنیادی مآخذ سے کی گئی ہے۔ علامہ سعیدی کی جو بات بطورِ خاص پسند آئی وہ آدابِ رسالت اور عشق ومحبت مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی چاشنی ہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ بڑے بڑے نامور علماء بھی جب بطورِ محدث کسی حدیث پر بحث کرتے ہیں تو بعض ایسی باتیں ان کے قلم سے نکل جاتی ہیں جن سے اعتراض تو شاید نظرِ ظاہر میں رفع ہو جاتا ہو مگر عظمتِ رسالت کا اہتمام اوجھل ہو جاتا ہے مگر علامہ موصوف ایسے نازک مقامات پر اس انداز سے گفتگو کرتے ہیں کہ حدیث کی روح بھی نکھر کر سامنے آ

Marfat.com

جاتی ہے اور عظمتِ مصطفےٰ بھی مزید اجاگر ہو جاتی ہے۔

اس شرح کو دیگر شروح میں جو چیز ممتاز کرتی ہے وہ عصری مسائل پر سیر حاصل گفتگو ہے۔

بحمد اللہ تعالیٰ علامہ سعیدی نے نزاکتِ وقت کا احساس کرتے ہوئے مسائل عصریہ پر بحث کر کے وقت کی اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔ آپ نے دورِ حاضر کے جدید مسائل پر جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے ان کے محاسن کے لیے علیحدہ ایک مبسوط تحقیقی مقالے کی ضرورت ہے جو اہل علم کا کام ہے۔

مولانا کی تحقیقات سے بعض مقامات پر اختلاف ممکن ہے، مگر تعطل اور فکری جمود کے اس دور میں اس تخلیقی اور اجتہادی کاوش پر داد نہ دینا بخل اور ناانصافی ہوگی۔ (شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۳۹)

علامہ سید حسین الدین شاہ مدظلہ العالی

(مہتمم جامعہ رضویہ ضیاء العلوم، راولپنڈی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعالمین خاتم النبیین وعلی الہ واصحابہ اجمعین.

علامہ غلام رسول سعیدی شیخ الحدیث مدظلہ، صاحبِ تصانیف کثیرہ ان خوش نصیبوں میں شامل ہیں جنہیں قسامِ ازل نے اپنے حبیبِ لبیب باعثِ تخلیقِ کائنات محمد رسول اللہ ﷺ کی احادیث مبارکہ کا فیض دوسروں تک پہنچانے اور ان کے مفاہیم و مطالبِ عالیہ کو سہل انداز میں پیش کر کے عامۃ المسلمین کو بہرہ افروز کرنے کی سعادت پر مامور کر دیا ہے۔

حضرت مولانا کا اندازِ تحریر سہل اور عام فہم ہے۔ آپ بہترین ادیب، قلم برداشتہ لکھنے کے عادی اور اسالیب کلام پر قادر ہیں مگر اس کتاب میں الفاظ کی کثرت و تمکنت کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہتے بلکہ مطالبِ حدیث کو ہر طبقہ کے لوگوں کے فہم کے قریب لانا چاہتے ہیں، کیونکہ الفاظ کی تمکنت کے زور پر پھیلایا ہوا علم ذہن کو تو جلا بخش سکتا ہے مگر قلب کو متاثر نہیں کر سکتا۔

اسلام کی تعلیمات ایسی جامع اور کامل ہیں جو ہر دور کے مسائل کا حل پیش کرتی ہیں اور ہر روز پیش آنے والے بے شمار واقعات و حادثات کا حکمِ شرعی رجال امت اسلامی اصولوں کی روشنی میں پیش کرتے رہے ہیں اور پیش کرتے رہیں گے لیکن ان احکام کے لیے علل و اسباب کی تعیین نو، پیکر مسائل کے لیے تمثیل و تشبیہ اور وجوہات کی تلاش میں اختلاف کا پیدا ہونا ایک فطری امر ہے۔

حضرت مولانا متقدمین علماء سے کسی مسئلہ میں اختلافِ رائے کی صورت میں اپنی سوچ کا امانتدارانہ اظہار کرتے ہیں۔ بزرگوں کی تعظیم و توقیر میں فرق نہیں آنے دیتے اور نہ ہی تعلّی و ادّعا کا مظاہرہ کرتے ہیں گویا وہ صرف اتنا ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ دلائل کا مفہوم جو میں سمجھتا ہوں، اس کی وجہ سے میری رائے یہ ہے یا یوں سمجھیے بزرگوں کے خرمنِ علم سے خوشہ چینی کرنے والے کا بچگانہ ناز ہے۔ برتری کا دعویٰ نہیں۔ (شرح صحیح مسلم ج ۵ ص ۳۰)

Marfat.com

علامہ ابوالحسنات محمد اشرف سیالوی مدظلہ العالی

(شیخ الحدیث' دارالعلوم ضیاء شمس الاسلام' سیال شریف)

علامہ سعیدی نے اس عظیم شرح میں صرف اپنے زور بیان اور منفرد اسلوب نگارش کا لوہا ہی نہیں منوایا بلکہ تحقیق و تدقیق کے جواہر نفیسہ کے خزائن کی بے دریغ سخاوت کی ہے اور کتاب کے ہر صفحہ کو طالبانِ تحقیق کے لیے خوانِ یغما بنا دیا ہے اور تشنگانِ حقائق و معارف کے لیے اس کے ہر باب کو چشمۂ آبِ حیواں بنا دیا ہے' آپ نے اس لاثانی شرح کے ذریعہ جہاں علماء اہل سنت کی لاج رکھ لی ہے وہاں عوام اہل سنت پر بالخصوص اور عالم اسلام پر بالعموم احسان عظیم فرمایا ہے' اللہ تعالیٰ بطفیل مقربان بارگاہ ناز ان کی اس سعی جمیل کو قبول عام بخشے اور سرچشمۂ فیض عام بنائے۔

قدیم شارحین میں سے علامہ بدرالدین عینی نے عمدۃ القاری شرح بخاری میں جس طرح انوکھا و نرالا اور دل فریب و دلکش و دل ربا اور روح پرور انداز و اسلوب اختیار کیا تھا' اس دور کے شارحین میں علامہ موصوف نے اردو زبان میں اس طرز نگارش کا احیاء فرمایا ہے' آپ کی معلومات میں علامہ سیوطی ایسی وسعت اور علامہ عسقلانی جیسی پختگی اور ضبط و اتقان کی جھلک نمایاں نظر آتی ہے' مخالف کے نقطۂ نظر اور اس کے دلائل کی تقریر پھر اس پر مواخذہ و گرفت اور جوابی کارروائی اور نقض و ابرام میں علامہ سعد الدین تفتازانی کے انداز تلویح کا عکس نظر آتا ہے' بلاشبہ اس شرح نے لکھنے والوں کو نئی راہ و روش دکھلائی ہے اور نیا اسلوب بیان سکھایا ہے اور یہ شرح ہر شارح کے لیے مشعلِ راہ ہے بلکہ مینارہ نور ہے اور علامہ موصوف نے اس عظیم و وقیع شرح کے ذریعہ صرف اپنا محدث و مفسر اور اصولی و متکلم ہونا ہی تسلیم نہیں کرایا بلکہ جدید و قدیم پیچیدہ اور گھمبیر مسائل پر گہری نظر رکھنے والا فقیہ اور محقق ہونا بھی تسلیم کرالیا ہے۔

یہ حقیقت محتاج بیان نہیں کہ کسی بھی مصنف کے ساتھ ہر قاری تمام مندرجات میں متفق نہیں ہو سکتا' نہ پہلے اس کی مثال ملتی ہے اور نہ ہی آئندہ اس کی توقع کی جا سکتی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ہر باب میں تحقیق حق اور احقاق صواب' خطاء و نسیان کے پتلے انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو باہم اتحاد و اتفاق اور اخوت و مروت کے جذبہ سے دین قدیم کی خدمت اور اس کی ترویج و اشاعت میں مقدور بھر سعی اور جد و جہد کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین۔ (شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۴۰)

صاحبزادہ مولانا محمد حبیب الرحمٰن محبوبی مدظلہ العالی

(مہتمم صفۃ الاسلام' بریڈفورڈ برطانیہ)

پاک و ہند میں گذشتہ ایک صدی میں علوم دینیہ پر بہت زیادہ تحقیقی کام ہوا ہے اور اب ہم بجا طور پر کہہ سکتے ہیں کہ عربی زبان کے بعد اسلامی لٹریچر اور دینی و علمی سرمائے کے اعتبار سے اردو زبان دنیا کی کسی بھی زبان سے کسی بھی طور کم تر نہیں ہے۔ بلاشبہ اسلام کے دینی' علمی' تاریخی و ادبی سرمائے کو عربی سے اردو زبان میں منتقل کرنے میں علماء اہلِ سنت کا Contribution بہت نمایاں ہے اور بعض جہتوں سے تو اس حد تک تحقیقی کام ہوا ہے جو بجائے خود ماخوذ کے ماخذ کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اس سلسلے میں امام اہل سنت مجدد ملت علامہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ العزیز' صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی اور صدر الشریعۃ مولانا

Marfat.com

امجد علی اور دیگر اکابر اہلسنت کے بارِ احسان تلے ہماری گردن سپاس و اعتراف ہمیشہ جھکی رہے گی۔

تاہم اس امر کا اعتراف کرنے میں ہمیں تامل نہیں کرنا چاہیے کہ تفسیر و شرح حدیث کے عنوان سے جس قدر علمی و تحقیقی کام ہونا چاہیے تھا' وہ ہمارے ہاں نہیں ہو سکا۔ دیگر وجوہ کے علاوہ اس کا ایک معقول سبب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہمارے اکابر کی بیشتر توجہ عصری فتنوں کی سرکوبی کی جانب مرکوز رہی۔ اور اگر وہ اپنے عہد کے تقاضوں کا بروقت ادراک کر کے لادینیت' دہریت' انکار ختم نبوت' انکار حدیث اور توہین رسالت ایسے مہیب فتنوں کا قلع قمع نہ کرتے تو خاکم بدہن آج ہمارے عقائد اس قدر مصفّٰی و مزکّٰی شکل میں محفوظ نہ ہوتے اور نہ جانے کس کس نوع کی بدعقیدگیوں کی آلائش سے ہمارے عقائد ملوث ہو چکے ہوتے اور طرح طرح کے دام ہمرنگ زمین میں اس طرح پھنس چکے ہوتے کہ اس سے نکلنے کا راستہ بھی سجھائی نہ دیتا۔

للہ الحمد کہ اب وہ سب فتنے اپنی موت آپ مر چکے ہیں' قادیانیت کو اب پاکستان میں آئینی و قانونی طور پر کفر قرار دیا جا چکا ہے اور توہینِ رسالت پر مبنی کتب کے مصنفین کے پیروکار اب خود ہی اس گندگی کو مخمل کے صد در صد غلافوں میں لپیٹ کر چھپانے پر مجبور ہیں اور ''**جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا**'' کا علمی نمونہ ہم اپنی نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں' بس ذرا اس مشاہدے کے لیے چشمِ بصیرت وا ہونی چاہیے۔

کرم بالائے کرم یہ کہ اب ہمارے مقتدر و محقق علماء کو تھوڑی سی فرصت ملی ہے اور امید واثق ہے کہ انشاء اللہ قلیل عرصے میں تفسیر و حدیث پر وقیع تحقیقی کام کا وافر ذخیرہ ہمارے علمی ورثے میں شامل ہو جائے گا اور اس سلسلے میں محقق العصر علامہ غلام رسول سعیدی کا نام انشاء اللہ علماء کے اس قافلے کے سرخیل و سالار کے طور پر تاریخ میں ہمیشہ ثبت رہے گا اور انہیں بقاء دوام نصیب ہوگا۔

اب ہم نہایت فخر و انبساط کے ساتھ بجا طور پر یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ حضرت علامہ نے شرح صحیح مسلم تصنیف فرما کر خدمتِ حدیث کا حق ادا کر دیا ہے' اس کتاب کو پڑھ کر ہماری تمام تمنائیں پوری ہو گئیں' سارے خواب شرمندہ تعبیر ہو گئے اور اب اس سلسلہ میں کوئی حسرت نہیں رہی۔ اس شرح کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ صرف احادیث کی شرح ہی نہیں ہے بلکہ حنفی مذاہب پر دلائل کا عظیم فقہی سرمایہ بھی ہے اور عصری مسائل پر ایک عظیم اجتہادی شاہکار ہے' اس کتاب میں حضرت مصنف عم فیضانہٗ نے احادیث پر فنی بحث کے ساتھ ساتھ قدیم و جدید مسائلِ اعتقادیہ و فقہیہ پر موافق و مخالفین کے تمام دلائل عقلیہ و نقلیہ کو بیان کیا ہے اور پھر خداداد اجتہادی بصیرت سے روزِ روشن کی طرح اپنے موقف کو واضح کر دیا۔ دلائل عقلیہ و نقلیہ کے اس حسین' جامع اور کامل امتزاج کی وجہ سے حضرت مصنف عم فیضانہ صاحب ہدایہ کے ہم طرز و ہم رکاب نظر آتے ہیں۔ یقین واثق ہے کہ اس شرح کی تکمیل کے بعد شاید ہی کوئی ایسا مسئلہ ہو جس پر اس کتاب میں سیر حاصل بحث نہ کر لی گئی ہو۔

میں دینی مدارس کے مہتممین اور اساتذہ کی خدمت میں یہ تجویز پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں کہ وہ شرح صحیح مسلم کو ایک اضافی اور امدادی کتاب کی حیثیت سے باقاعدہ اپنے نصاب میں شامل کریں اور دورۂ حدیث کی تعلیم کے دوران طلبہ کو اس شرح کے علمی اور فقہی مباحث کا مطالعہ کرائیں اور انہیں یہ ہدایت کی جائے کہ وہ اس کی ابحاث میں مندرج حوالہ جات کو اصل کتابوں میں تلاش کریں تاکہ ان کی تحقیق و تجسس کی صلاحیت اجاگر ہو اس تجویز پر عمل کرنے سے ایک بہت بڑی کمی پوری ہو جائے گی۔

میں آخر میں رب ذوالجلال کے حضورِ اقدس میں بصد عجز و اخلاص التجا کرتا ہوں کہ وہ اپنے حبیب کریم رحمۃ للعالمین محمد مصطفےٰ ﷺ کے طفیل حضرت علامہ سعیدی مدظلہ کا سایہ اہل سنت پر صحت کاملہ کے ساتھ تادیر قائم رکھے اور اسی سرعت کے ساتھ انہیں قرآن مجید' حدیث شریف اور فقہ اسلامی کی بیش از بیش خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ اس راہ میں ان کی رکاوٹیں دور فرمائے اور ان کو وافر

Marfat.com

سہولتیں عطا فرمائے اور ان کے دینی، علمی اور قلمی سرمایہ کو صدیوں تک اہلسنت اور عامۃ المسلمین کے لیے سرمایۂ افتخار بنادے اور ان کی تصانیف دینِ اسلام اور میراث علم وحکمت ونبوت کا ایسا سرچشمہ اور منبع قرار پائیں جن سے علم وحکمت کے سوتے تا قیامت پھوٹتے رہیں اور مجھے اور جملہ تشنگانِ علم اور طلبگارانِ ہدایت کو ان سے مستفید و مستفیض فرمائے "آمین" وما ذلك على الله بعزيز انه على كل شيء قدير وانه يفعل ما يشاء وانه هو فعال لما يريد وانه سميع مجيب الدعوات ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم بجاه حبيبك محمد سيد المرسلين صلى الله تعالى عليه وعلى اله واصحابه اجمعين. (شرح صحیح مسلم ج۵ ص ۳۴)

شرح صحیح مسلم کی تقریب رونمائی،
علماء اہل سنت کے تاثرات اور اخباری بیانات

(روزنامہ جنگ، کراچی اتوار ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۵ء/ ۱۵ جمادی الاوّل ۱۴۱۶ھ)

علامہ سعیدی نے مسائل کا جدید حل پیش کیا، شاہ فرید الحق
انگریزی ترجمہ کروایا جائے، خالد اسحٰق
تقریب سے دانشوروں اور علماء کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز دانشوروں اور علمائے کرام نے دارالعلوم نعیمیہ کے شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی کی سات جلدوں میں ۸ ہزار صفحات پر محیط علمی وتحقیقی کاوش شرح صحیح مسلم کی تکمیل اس دور کا عظم الشان اور ناقابل فراموش علمی کارنامہ قرار دیتے ہوئے علامہ سعیدی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ علامہ سعیدی نے اس علمی کارنامے کے ذریعے اجتہاد کے بند دروازے کو کھول کر اجتہادی جمود کو توڑ دیا ہے، اس تصنیف کی تکمیل پر اظہار تشکر کے لیے مقامی ہوٹل میں منعقد ہونے والی تقریب کی صدارت جمعیت علمائے پاکستان کے قائم مقام صدر پروفیسر شاہ فرید الحق نے کی جبکہ اس سے ممتاز قانون دان خالد اسحاق، پروفیسر ڈاکٹر احسان الحق، مصنف علامہ سعیدی، ڈاکٹر عبدالرشید، مولانا منیب الرحمٰن، مولانا غلام دستگیر افغانی، مولانا جمیل احمد نعیمی، مولانا غلام احمد سیالوی، مولانا رفیق الحسنی اور مولانا محمد جنید قادری نے بھی خطاب کیا۔

پروفیسر شاہ فرید الحق نے صحیح مسلم کی یہ شرح لکھنے پر علامہ سعیدی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ انہوں نے اس شرح میں دلچسپ انداز بیان اختیار کر کے بڑا کمال کیا ہے جس کی وجہ سے اس خالص علمی کتاب کو پڑھتے ہوئے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا انہوں نے اس کتاب میں جدید دور کے متعدد مسائل کا جدید انداز میں حل پیش کیا ہے جن کو عملی جامہ پہنایا جائے تو متعدد مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ خالد اسحٰق نے کہا ضرورت اس بات کی ہے کہ جو کچھ علمائے کرام لکھ رہے ہیں وہ جدید تعلیم یافتہ طبقے تک پہنچایا جائے اور جدید تعلیم یافتہ حضرات جو کچھ لکھ رہے ہیں ان کا تعارف علمائے کرام سے کرایا جائے انہوں نے کہا کہ مولانا سعیدی کے اس علمی کارنامے کو دوسری زبانوں خاص طور پر انگریزی میں پیش کرنے کا اہتمام کیا جائے، ڈاکٹر احسان الحق نے کہا کہ صحیح مسلم کی شرح اتنی

Marfat.com

عرق ریزی محنت اور تحقیق کے ساتھ لکھ کر علامہ سعیدی نے زبردست کارنامہ انجام دیا ہے۔ علامہ سعیدی نے اپنے اکابرین سے بعض معاملات پر اختلاف کرنے کی روایت قائم کر کے جو مثال قائم کی ہے جب یہ شرح پڑھی جائے گی تو مسلک پرست علماء ان کی مخالفت اور علمی شخصیات ان کی حمایت کریں گی۔ ڈاکٹر عبدالرشید نے تجویز دی کہ اس شرح مسلم کو یونیورسٹی کے نصاب میں شامل کیا جائے اور آئندہ اجلاس میں یہ تجویز منظور کی جائے۔

مصنف علامہ سعیدی نے کہا کہ میں نے یہ شرح صدق دل کے ساتھ یہ سوچ کر لکھی کہ جو کچھ لکھوں گا سچ اور حق لکھوں گا انہوں نے اس سلسلے میں ایک حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کی کہ کسی خوف کی وجہ سے حق بات کہنے سے ہمت نہ ہاری جائے میں نے اسی حدیث کی روشنی میں اس نیت اور جذبے سے حق بات لکھی ہے میں نے بعض مسائل میں رجوع کر لیا ہے کیونکہ حق بات سامنے آنے کے بعد بعض باتوں سے رجوع کرنے کو میں عار نہیں بلکہ باعث فخر سمجھتا ہوں۔ مولانا غلام دستگیر افغانی نے تجویز پیش کی کہ شرح میں جن مسائل پر جدید انداز میں بحث کی گئی ہے انہیں الگ کتابی شکل میں شائع کیا جائے۔

روزمانہ نوائے وقت' کراچی

بدھ ۲۲ جمادی الاوّل ۱۴۱۶ھ/ ۱۸ اکتوبر ۱۹۹۵ھ

شرح صحیح مسلم امت مسلمہ کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتی رہے گی

دارالعلوم کے زیر اہتمام شرح صحیح مسلم کی ''تقریب تشکر'' کے موقع پر

علماء وزعماء اور اسکالرز کے تاثرات

کراچی (وقائع نگار) آٹھ ہزار صفحات اور سات ضخیم مجلدات پر مشتمل موجودہ صدی کی معرکۃ الآراء علمی، تحقیقی اور فقہی تصنیف شرح صحیح مسلم کی ''تقریب تشکر'' ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ پروفیسر شاہ فرید الحق نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ملک کے ممتاز علماء' محققین' اسکالرز اور زعماء نے کتاب اور مصنف کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کیے۔ پروفیسر شاہ فرید الحق نے کہا اقتصادیات اور عدل اجتماعی کے موضوع پر علامہ سعیدی کی تحقیقی کاوشوں سے استفادہ کر کے اسلامی فلاحی مملکت کا ایک جامع خاکہ ترتیب دیا جائے۔ پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن نے کہا کہ شرح صحیح مسلم آئندہ کئی صدیوں تک امت مسلمہ کی دینی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتی رہے گی۔ یہ کتاب بظاہر حدیث کے موضوع پر ہے لیکن درحقیقت یہ تفسیر' حدیث' فقہ' اصول فقہ اور جدید مسائل پر ایک جامع انسائیکلوپیڈیا ہے جو دورِ حاضر کے محققین' وکلاء' اساتذہ' اہل فتویٰ اور اسکالرز کے لیے مینارہ نور کا کام دے گی۔ خالد اسحاق نے کہا کہ شرح صحیح مسلم کا انگریزی ترجمہ ہونا چاہیے اور اس کتاب کی علمی' تحقیقی اور افتاء کے شعبوں میں زبردست تربیت اسکالرز تک رعایتی قیمت میں پہنچانے کے لیے ایک فنڈ قائم کیا جائے۔ ڈاکٹر احسان الحق نے کہا شرح صحیح مسلم میں جدید مسائل پر جو وقیع علمی مواد ملتا ہے وہ دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کرنسی نوٹ پر ایک جامع نوٹ لکھ کر اسے زرِ اعتباری قرار دیا اور اس کی حقیقی قوت خرید اور قیمت کو محظوظ رکھنے کے لیے سود کی لعنت سے پاک بہترین حل تجویز کیا۔

Marfat.com

ڈاکٹر عبدالرشید نے کہا کہ شرح صحیح مسلم کو جامعات کے ایم اے، ایم فل اور ڈاکٹریٹ کی سطح پر نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا میرے بس میں ہو تو میں اس کتاب پر مصنف کو ایک کی بجائے پی ایچ ڈی کی دو ڈگریاں عطا کروں۔ مولانا جمیل احمد نعیمی نے کہا کہ علامہ سعیدی دارالعلوم نعیمیہ ہی کے لیے نہیں بلکہ پوری ملت اسلامیہ کے لیے سرمایہ افتخار ہیں اور ان کی تصنیفات ''شرح صحیح مسلم'' اور ''تبیان القرآن'' اراکین دارالعلوم کے لیے صدقہ جاریہ ہیں۔ علامہ غلام رسول سعیدی نے کہا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ علم اور اس کے حبیب کریم ﷺ کے فیضان کی روشنی میں کتاب وسنت اور فقہ حنفی کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی علمی دیانت کے مطابق جس بات کو حق وصواب سمجھا، اسے کسی ملامت کی پرواہ کئے بغیر لکھ دیا اور میرے پیش نظر ہمیشہ نبی کریم ﷺ کی یہ حدیث رہی کہ کسی خوف اور دباؤ کی وجہ سے اظہار حق سے گریز نہ کرو کیونکہ کسی کا دباؤ نہ موت کو نزدیک کر سکتا ہے اور نہ رزق کو کم کر سکتا ہے۔

روزنامہ قومی اخبار، کراچی

(اتوار ۱۹ جمادی الاوّل ۱۴۱۶ھ/ ۱۵ اکتوبر ۱۹۹۵ء)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز دانشوروں اور علمائے کرام نے دارالعلوم نعیمیہ کے شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی کی سات جلدوں میں ۸ ہزار صفحات پر محیط علمی و تحقیقی کاوش شرح صحیح مسلم کی تکمیل کو اس دور کا عظیم الشان اور ناقابل فراموش علمی کارنامہ قرار دیتے ہوئے علامہ سعیدی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ علامہ سعیدی نے اس علمی کارنامے کے ذریعے اجتہاد کے بند دروازے کو کھول کر اجتہادی جمود کو توڑ دیا ہے اس تصنیف کی تکمیل پر اظہار تشکر کے لیے مقامی ہوٹل میں منعقد ہونے والی تقریب کی صدارت جمعیت علمائے پاکستان کے قائم مقام صدر پروفیسر شاہ فرید الحق نے کی جب کہ اس سے ممتاز قانون دان خالد اسحاق، پروفیسر ڈاکٹر احسان الحق، مصنف علامہ سعیدی ڈاکٹر عبدالرشید، مولانا منیب الرحمٰن، مولانا غلام دستگیر افغانی، مولانا جمیل احمد نعیمی، مولانا غلام احمد سیالوی اور مولانا رفیق الحسنی نے بھی خطاب کیا۔

روزنامہ جسارت، کراچی

(بدھ ۲۲ جمادی الاوّل ۱۴۱۶ھ/ ۱۸ اکتوبر ۱۹۹۵ء)

شرح صحیح مسلم صدیوں تک امت مسلمہ کی رہنمائی کا فریضہ انجام دے گی علامہ سعیدی نے فکری جمود توڑ کر مسائل جدیدہ کے لیے اجتہاد کی راہ ہموار کی ہے۔ دارالعلوم نعیمیہ کے زیر اہتمام ''تقریب تشکر'' کے موقع پر علماء اور اسکالرز کا خطاب

کراچی (پ ر) آٹھ ہزار صفحات اور سات ضخیم مجلدات پر مشتمل موجودہ صدی کی معرکۃ الآراء علمی، تحقیقی اور فقہی تصنیف شرح صحیح مسلم کی ''تقریب تشکر'' مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ پروفیسر شاہ فرید الحق نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ملک کے ممتاز

Marfat.com

علماء، محققین، اسکالرز اور زعماء نے کتاب اور مصنف کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کیے۔ پروفیسر شاہ فرید الحق نے کہا کہ علامہ نے خالص فنی، تحقیقی اور علمی موضوعات کو ایسے دلنشیں انداز میں بیان کیا ہے کہ وہ قاری کو اپنی گرفت میں لے لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا ضرورت اس امر کی ہے کہ اقتصادیات اور عدل اجتماعی کے موضوع پر علامہ سعیدی کی تحقیقی کاوشوں سے استفادہ کر کے اسلامی فلاحی مملکت کا ایک جامع خاکہ مرتب کیا جائے۔ پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن نے کہا کہ شرح صحیح مسلم آئندہ کئی صدیوں تک امت مسلمہ کی دینی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتی رہے گی۔ علامہ سعیدی نے اپنے عہد کے فکری جمود کو توڑا ہے، امام اہلسنت کی روش پر چلتے ہوئے دلائل کی بنیاد پر جس بات کو حق وصواب سمجھا اسے بلاخوف وخطر صفحہ قرطاس پر ثبت کر دیا ہے۔ ممتاز ایڈووکیٹ اور مدبر خالد اسحاق نے کہا کہ شرح صحیح مسلم کا انگریزی میں ترجمہ ہونا چاہیے اور اس کتاب کو علمی، تحقیقی اور افتاء کے شعبوں میں زیر تربیت اسکالرز تک رعایتی قیمت میں پہنچانے کے لیے ایک فنڈ قائم کیا جائے۔ انہوں نے خود بھی اس کام میں بھرپور تعاون کا وعدہ کیا۔ ڈاکٹر احسان الحق نے کہا کہ شرح صحیح مسلم میں جدید مسائل پر جو وقیع علمی مواد ملتا ہے وہ دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کتاب کسی مکتبہ فکر کی میراث نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کا علمی، فکری اور فقہی اثاثہ ہے۔ ڈاکٹر عبدالرشید نے کہا کہ شرح صحیح مسلم کو جامعات کے ایم اے، ایم فل اور ڈاکٹریت کی سطح پر نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا میرے بس میں ہو تو میں اس کتاب پر مصنف کو ایک کے بجائے پی ایچ ڈی کی دو ڈگریاں عطا کروں۔ مولانا جمیل احمد نعیمی نے کہا کہ علامہ سعیدی دارالعلوم نعیمیہ ہی کے لیے نہیں بلکہ پوری ملت اسلامیہ کے لیے سرمایہ افتخار ہیں اور ان کی تصنیفات شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن اراکین دارالعلوم کے لیے صدقہ جاریہ ہیں۔ علامہ غلام رسول سعیدی نے کہا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ علم اور اس کے حبیب کریم ﷺ کے فیضان کی روشنی میں کتاب وسنت اور فقہ حنفی کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی علمی دیانت کے مطابق جس بات کو حق وثواب سمجھا، اسے کسی ملامت کی پرواہ کیے بغیر لکھ دیا اور میرے پیش نظر ہمیشہ نبی اکرم ﷺ کی یہ حدیث رہی کہ کسی خوف اور دباؤ کی وجہ سے اظہار حق سے گریز نہ کرو کیونکہ کسی کا دباؤ نہ موت کو نزدیک کر سکتا ہے اور نہ رزق کو کم کر سکتا ہے، اور میں نے اپنے ذہن کو ہمیشہ قبول حق کے لیے کھلا رکھا ہے اور میری کسی رائے یا موقف کے خلاف دلائل حق اگر سامنے آ جائیں تو انہیں قبول کرنے اور اپنے موقف سے رجوع کرنے کو بھی اپنے لیے باعث عار نہیں بلکہ باعث افتخار سمجھوں گا اور تفسیر میں بھی یہی معیار اور یہی شعار میرے پیش نظر رہے گا۔ مفتی محمد رفیق حسنی نے کہا کہ شرح صحیح مسلم نے ہماری فکر کو نئی جہت عطا کی ہے۔ برسوں سے بعض مسائل پر ہماری نپی تلی رائے تھی، علامہ سعیدی کی تحقیقی کاوش کے نتیجے میں ہم ان پر نظر ثانی کے لیے آمادہ ہوئے ہیں مثلاً مسافت سفر شرعی کا مسئلہ، انجکشن سے روزہ ٹوٹنے کا مسئلہ، عصمت نبوت کے قطعی مسئلے سے متصادم بعض روایات کی نوعیت، رویت ہلال کے ثبوت سے لے کر اعلان تک کے مسائل وغیرہ۔ مولانا غلام دستگیر افغانی نے کہا کہ اس کتاب کی بعض مباحث کو الگ کتابی شکل میں شائع کیا جائے۔ مولانا غلام محمد سیالوی نے کہا کہ علامہ سعیدی نے اہلسنت اور پوری امت پر احسان کیا ہے اور ایسی تقریبات ''تشکر وتحسین'' پاکستان کے تمام شہروں میں منعقد ہونی چاہئیں۔ اجلاس میں مولانا محمد اقبال حسین نعیمی، حافظ محمد ازہر نعیمی، مولانا سید ناصر علی قادری، مولانا غلام نبی فخری، صاحبزادہ فرید الدین کاظمی، مولانا محمد رضوان قادری، مولانا محمد ابراہیم فیضی، مولانا بشیر احمد دہلوی، مولانا عبدالخالق نقشبندی، مولانا محمد جعفر، مولانا ولی اللہ، الحاج محمد رفیع، مولانا عبدالحمید، مولانا صحبت خان کوہاٹی، مولانا محمد اشرف حامدی، خواجہ محمد اشرف، مولانا جنید قادری، مولانا خالد محمود کاغانی اور دیگر علماء نے شرکت کی۔

Marfat.com

شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کی بعض عبارتوں سے رجوع کی تفصیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم

محدث اعظم سعید ملت علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہم نے دینِ متین، مسلکِ حق اہل سنت و جماعت اور مسلک امام اہل سنت مجدد دین وملت امام احمد رضا قادری قدس سرھم العزیز کی تحریری، تقریری اور تدریسی میدان میں جو خدمات انجام دی ہیں، وہ اظہر من الشمس ہیں، توضیح البیان، تذکرۃ المحدثین، شرح صحیح مسلم اور تفسیر تبیان القرآن اس کی روشن مثالیں ہیں۔

علامہ سعیدی کی تصنیفاتِ جلیلہ شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کی مقبولیت کا عالم یہ ہے کہ اتنی ضخیم کتابوں کے پاک و ہند سے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ شرح صحیح مسلم کی ایڈیشنز کی تعداد ایک درجن سے زائد ہے۔ یہ دونوں جلیل القدر تصنیفات علوم و معارف کا خزینہ، فقہی وکلامی ابحاث کا انسائیکلو پیڈیا ہیں۔

چونکہ علامہ صاحب نے ان دو مایۂ ناز تصانیف کے دوران تحقیقی اور معروضی انداز اختیار کیا، اس لیے بعض مسائل میں ان کے تفردات، علمی ونظری خلافیات اور بعض اکابر سے کسی ایک، دو یا چند مسائل میں اپنے دلائل کی بنیاد پر اختلاف رائے کا ہونا کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے، ہمارا سارا دینی لٹریچر ان خلافیات سے بھرا پڑا ہے، لیکن ان علمی، فکری وتحقیقی اختلافات سے نہ تو اکابر کے احترام میں کمی آئی، نہ ان کی عظمت پر حرف آیا اور نہ بہ حیثیت امام، مقتدا و پیشوا ان کی مسلمہ حیثیت پر سوالیہ نشان آیا۔

اس سیاق وسباق میں بعض مسائل اور جزوی وفروعی امور میں علامہ صاحب نے اپنے دلائل کی بنیاد پر اپنی جو آراء شرح حدیث وتفسیر قرآن کے دوران لکھیں، ان کا عوام سے کوئی تعلق نہیں تھا، یہ علمی ابحاث تھیں اور انہیں محقق ومستند علماء کے درمیان دائر رہنا چاہیے تھا۔

لیکن اس تحقیقی منہج کے برعکس عوام اہل سنت، واعظین وائمہ وخطباء میں یہ مشہور کر دیا گیا کہ علامہ سعیدی نے مسلک اعلیٰ حضرت سے انحراف کیا ہے، جب کہ باوقار انداز میں علمی سطح پر کسی نے رابطہ نہیں کیا، منظر عام پر پروپیگنڈا کرنے والے اس منصب کے اہل نہ تھے کہ انہیں مخاطب کیا جائے۔

بالآخر دین ومسلک کا درد رکھنے والی ایک شخصیت حاجی محمد رفیق پردیسی برکاتی صاحب نے پہل کی، اور یہ محسوس کیا کہ شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی اہل سنت کے لیے باعث افتخار ہیں، وہ ملت کا سرمایہ ہیں، ان کی تصانیف دین ومسلک کا عظیم المرتبت اثاثہ ہیں، اس لیے اس قضیے کو علمی انداز میں حل کر کے اس کا باب ہمیشہ کے لیے بند کر دینا چاہیے، انہوں نے علامہ سعیدی صاحب کے سامنے تجویز پیش کی اور علامہ صاحب نے اسے بہ طیب خاطر و برضاء ورغبت شرح صدر سے قبول کیا۔ حَکَم کے طور پر مناظر اہل سنت حضرت شیخ الحدیث علامہ محمد اشرف سیالوی مدظلہم اور محسن اہل سنت علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری مدظلہم کے اسماء گرامی پر اتفاق ہوا۔ علامہ صاحب نے فرمایا کہ یہ دونوں حضرات اتفاق رائے سے کسی عبارت کے حذف یا لفظی ردوبدل کے بارے میں اخلاص کے ساتھ جو رائے دیں گے، اسے میں قبول کرلوں گا، کیونکہ یہ دونوں اکابر اُن کے لیے اَحَقّ اور اہل ہیں اور مصنف کے موقف ودلائل اور نفس مسئلہ کے ہمہ جہت پہلوؤں پر بھی ان کی نظر ہے، ۲۲ اگست ۲۰۰۵ء کو دار العلوم نعیمیہ میں اس سلسلے میں نشست ہوئی، جس میں ان

Marfat.com

دونوں کے علاوہ علامہ غلام محمد سیالوی مہتمم شمس العلوم جامعہ رضویہ و ناظم امتحانات تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان' مولانا ممتاز احمد سدیدی' علامہ سید مظفر حسین شاہ اور حاجی محمد رفیق پردیسی برکاتی زید مجدھم بھی اس مجلس میں شریک ہوئے۔

ان حضرات نے جن عبارات و مقامات کی نشاندہی کی' ان پر گفتگو ہوئی' اس کے نتیجے میں چند جگہ سے عبارت کا کچھ حصہ حذف کر دیا گیا' بعض مقامات پر عبارات میں کچھ ترمیم و تبدیلی کر دی گئی اور چند جگہ ایک جملے کا اضافہ کر دیا گیا' اس کی مکمل تفصیل آپ کو آئندہ سطور میں مل جائے گی۔ اس متفقہ فیصلے کے بعد علامہ عبد الحکیم شرف قادری صاحب مدظلہم کی طرف سے ایک عبارت علامہ سعیدی صاحب مدظلہم کے پاس ارسال کی گئی' علامہ صاحب نے جذبۂ اصلاح و اخلاص' مسلک کے عظیم تر مفاد' فیما بین المسلک وسیع تر تفاہم' تعاون اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اس پر دستخط کر دیئے' ان کی رائے میں یہ ایک علمی امانت تھی اور شرح صحیح مسلم و تفسیر تبیان القرآن کی متعلقہ جلدوں کی اگلی اشاعت کا جب مرحلہ آتا جائے گا' یہ عبارتیں حذف' ترمیم یا اضافہ اس میں متعلقہ مقامات پر شامل کر دیا جائے گا۔ لیکن ہوا یہ کہ کراچی میں اس تحریر کے فوٹو اسٹیٹ کی تقسیم شروع ہوگئی اور شر پسند اذہان نے اس کی من پسند تشریحات و تفصیلات اور تبصرے شروع کر دیئے' حالانکہ تفصیل مسلک کیے بغیر یہ تحریر اندھیرے میں تیر چلانے والی بات ہے' اس لیے ہم نے مناسب سمجھا کہ اس ساری داستان کی حقیقت بلا کم و کاست منظر عام پر آجائے تاکہ بلیک میلر اور شر پسند اذہان کا راستہ بند ہو جائے اور جو کچھ طے پایا ہے' وہ ہر مخلص اور دین و مسلک کا درد رکھنے والے سنی کے علم میں آجائے۔

کسی مسئلے کی طرف رجوع کرنا شکست کی علامت نہیں بلکہ عظمت کی دلیل ہے

بعض لوگوں نے شیخ الحدیث حضرت علامہ غلام رسول سعیدی کے اس اعلان کو کہ انہوں نے شرح صحیح مسلم اور تبیان القرآن کے بعض مسائل میں رجوع کر لیا ہے' شہر میں چھاپ کر تقسیم کیا ہے' شاید ان کے خیال میں کسی مصنف کا اس کی تصنیف کے کسی مسئلے سے رجوع کرنا اس کی شکست کی علامت ہے' حالانکہ یہ اُس کی شکست کی علامت نہیں بلکہ اس کی عظمت کی دلیل ہے' کیونکہ اس کے رجوع کرنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ تکبر اور انانیت کا شکار نہیں ہیں' بلکہ حق کے متبع ہیں۔ سو علامہ غلام رسول سعیدی نے بعض مسائل میں رجوع کر کے یہ واضح کر دیا کہ وہ حق کے متبع ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے بعض مواقع پر تعلیمِ امت کے لیے اپنی سابق رائے سے حضرت عمر کی رائے کی طرف رجوع فرمالیا۔ اسی طرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے کی طرف رجوع فرمالیا اور حضرت عمر نے ایک مسئلے میں حضرت علی کے قول کی طرف رجوع فرمالیا اور ایک مسئلے میں ایک بوڑھی عورت کے قول کی طرف رجوع فرمالیا اور ایک مسئلے میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی طرف رجوع فرمالیا۔ اسی طرح ائمہ مجتہدین میں سے چاروں ائمہ نے اپنے اپنے بعض اقوال سے رجوع فرمایا ہے' سو علامہ غلام رسول سعیدی نے بعض مسائل میں رجوع کر کے رسول اللہ ﷺ کی سنت' خلفاء راشدین اور دیگر صحابہ کے طریقے اور ائمہ مجتہدین کی پیروی کی ہے۔ ملامت کے لائق تو وہ لوگ ہیں جو حق واضح ہونے کے بعد بھی رجوع نہیں کرتے اور حق کی طرف رجوع کرنے والے صرف اللہ سے ڈرنے والے ہیں اور حق کی اتباع کرنے والے ہیں۔ اب ہم اس سلسلے میں احادیث' آثار اور اقوالِ مجتہدین کو پیش کر رہے ہیں:

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ روایت کرتے ہیں:

حضرت ابوہریرہ یا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ غزوۂ تبوک کے سفر میں لوگوں کو سخت بھوک لگی ہوئی تھی' صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! اگر آپ ہمیں اجازت دیں تو ہم پانی لانے والے اونٹوں کو ذبح کر کے کھالیں اور

Marfat.com

چربی کا تیل بنالیں' رسول اللہ ﷺ نے اجازت دے دی' اتنے میں حضرت عمر آ گئے اور عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! اگر آپ نے ایسا کرنے کی اجازت دی تو سواریاں کم ہو جائیں گی' البتہ آپ لوگوں کا بچا ہوا کھانا منگوا لیجئے اور اس پر برکت کی دعا کیجئے' اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ وہ برکت عطا فرمائے گا' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے' اور ایک چمڑے کا دسترخوان بچھا دیا' پھر لوگوں کا بچا ہوا کھانا منگوایا' کوئی شخص اپنی ہتھیلی میں جوار اور کوئی کھجوریں اور کوئی روٹی کے ٹکڑے لیے چلا آ رہا تھا' یہ سب چیزیں مل کر بہت تھوڑی مقدار میں جمع ہوئیں' رسول اللہ ﷺ نے برکت کی دعا فرمائی' پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سب اپنے اپنے برتنوں میں کھانا بھر لیں' چنانچہ تمام لوگوں نے اپنے اپنے برتن بھر لیے یہاں تک کہ لشکر کے تمام برتن بھر گئے اور سب نے مل کر کھانا کھایا اور سیر ہو گئے اور کھانا پھر بھی بچ گیا' رسول اللہ ﷺ نے یہ دیکھ کر فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں اور یہ کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں اور جو شخص بھی اس کلمہ پر یقین کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا' وہ شخص جنتی ہوگا۔

(صحیح مسلم' کتاب الایمان' رقم الحدیث: ۴۵' الرقم المسلسل: ۱۳۸)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اور ہمارے ساتھ دیگر صحابہ کے علاوہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما بھی بیٹھے ہوئے تھے' اچانک رسول اللہ ﷺ اٹھ کر چلے گئے اور کافی دیر تک تشریف نہ لائے تو ہمیں خوف ہوا کہ کہیں خدانخواستہ آپ کو کوئی تکلیف نہ پہنچی ہو' اس خیال سے ہم سب کھڑے ہو گئے' سب سے پہلے میں گھبرا کر آپ کی تلاش میں نکلا اور انصار بنی نجار کے باغ تک پہنچ گیا' میں باغ کے چاروں طرف گھومتا رہا' لیکن مجھے اندر جانے کے لیے کوئی دروازہ نہ ملا' اتفاقاً ایک نالہ دکھائی دیا' جو باہر کے کنویں سے باغ کے اندر کی طرف جا رہا تھا' میں لومڑی کی طرح سمٹ کر اس نالہ کے راستہ رسول اللہ ﷺ تک پہنچا' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابو ہریرہ!' میں نے عرض کیا: جی ہاں! یارسول اللہ!' حضور نے فرمایا: کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمارے درمیان تشریف فرما تھے' پھر آپ اچانک اٹھ کر تشریف لے گئے' آپ کو واپسی میں دیر ہو گئی' اس وجہ سے ہمیں خوف دامن گیر ہوا کہ کہیں دشمن آپ کو تنہا دیکھ کر پریشان نہ کریں' ہم سب گھبرا کر اٹھ کھڑے ہوئے اور سب سے پہلے میں آپ کی تلاش میں نکلا' پس میں اس باغ تک پہنچا اور لومڑی کی طرح سمٹ کر باغ کے اندر آ گیا' باقی صحابہ میرے پیچھے آ رہے ہیں' رسول اللہ ﷺ نے اپنی نعلین مبارک مجھے عطا فرمائیں اور فرمایا: اے ابو ہریرہ! میری یہ دونوں جوتیاں لے کر چلے جاؤ اور باغ کے باہر جو شخص تم کو کلمہ طیبہ کی دلی یقین سے شہادت دیتا ہوا ملے' اس کو جنت کی بشارت دے دو' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ باغ کے باہر سب سے پہلے میری ملاقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی' انہوں نے پوچھا: اے ابو ہریرہ! یہ جوتیاں کیسی ہیں؟ میں نے کہا: یہ رسول اللہ ﷺ کی جوتیاں ہیں' جو حضور نے مجھے اس لیے دی ہیں کہ جو شخص بھی مجھے یقین کے ساتھ کلمہ طیبہ کی گواہی دیتا ہوا ملے' اس کو میں جنت کی بشارت دے دوں' یہ سن کر حضرت عمر نے میرے سینہ پر ایک ضرب لگائی' جس کی وجہ سے میں پیٹھ کے بل گر پڑا' پھر حضرت عمر نے مجھ سے کہا: رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں واپس جاؤ! پس میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پہنچ کر رونے لگا' ساتھ ہی حضرت عمر بھی پہنچ گئے' رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: اے ابو ہریرہ! کیا ہوا؟ میں نے عرض کیا: سب سے پہلے میری ملاقات حضرت عمر سے ہوئی' میں نے ان کو آپ کا پیغام پہنچایا' انہوں نے میرے سینہ پر ضرب مار کر مجھے پیٹھ کے بل گرا دیا اور کہا: واپس چلے جاؤ' رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر سے پوچھا: تم نے ایسا کیوں کیا' حضرت عمر نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! کیا واقعی آپ نے ابو ہریرہ کو اپنی جوتیاں دے کر بھیجا تھا کہ جو شخص اسے یقینِ قلب کے ساتھ کلمہ طیبہ کی گواہی دیتا ہوا ملے' اس کو یہ جنت کی بشارت دے دے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! حضرت عمر نے عرض کیا: حضور ایسا نہ

Marfat.com

کریں' کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ لوگ پھر کلمہ پر ہی بھروسہ کر کے بیٹھ جائیں گے' ان کو عمل کرنے دیجئے' آپ نے فرمایا: اچھا پھر انہیں عمل کرنے دو۔ (صحیح مسلم' کتاب الایمان' رقم الحدیث: ۵۲' رقم الحدیث بلاتکرار: ۳۱' الرقم المسلسل: ۱۴۶)

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت عمر نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو ضرب ماری' جس سے وہ گر گئے اور بعد میں رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: کیا واقعی آپ نے ابو ہریرہ کو اپنی نعلین دے کر بھیجا تھا کہ جو شخص بھی یقین سے ''لا الٰہ الا اللہ'' کی گواہی دے' اس کو جنت کی بشارت دے دو؟ اس سے حضرت عمر کا مقصد رسول اللہ ﷺ پر اعتراض کرنا یا آپ کے حکم کو مسترد کرنا نہ تھا' کیونکہ اس پیغام سے رسول اللہ ﷺ کا مقصد صرف امت کی دلداری اور ان کو بشارت دینا تھا' حضرت عمر کی یہ رائے تھی کہ اس بشارت کو مخفی رکھنا بہتر ہے تاکہ ایسا نہ ہو کہ لوگ صرف کلمہ پڑھ لینے پر ہی تکیہ کر لیں اور اعمال سے غافل ہو جائیں اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے یہ رائے پیش کی تو آپ نے اس کو صحیح قرار دیا' اس حدیث میں اکابر کی اصاغر کی رائے سے موافقت کرنے کا بیان ہے' اس حدیث میں یہ بیان ہے کہ اگر اصاغر کی رائے میں کوئی مصلحت ہو تو اکابر کو ان کی رائے کی طرف رجوع کر لینا چاہیے۔

(صحیح مسلم بشرح النواوی ج ۱ ص ۵۸۱' مکتبہ نزار مصطفیٰ' مکہ مکرمہ' ۱۴۱۷ھ)

اس سے پہلے ہم نے وہ احادیث بیان کی تھیں' جن میں رسول اللہ ﷺ نے اپنی سابق رائے سے رجوع فرما کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے کو قبول فرما لیا۔ اب ہم وہ حدیث ذکر کر رہے ہیں کہ جس میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر کی رائے کی طرف رجوع فرما لیا۔

امام بخاری محمد بن اسماعیل متوفی ۲۵۶ ھ روایت کرتے ہیں:

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب اہل یمامہ سے جنگ ہو رہی تھی تو اس وقت حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے مجھے بلوایا اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی ان کے پاس تھے' حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا کہ جنگ یمامہ میں بہت سے قرآن کے قاری شہید ہو گئے اور مجھے یہ خطرہ ہے کہ اگر اسی طرح قرآن کے قاری شہید ہوتے رہے تو ہمارے پاس سے بہت سارا قرآن جاتا رہے گا اور میری رائے یہ ہے کہ آپ قرآن مجید کو جمع کرنے کا حکم دیں' میں نے حضرت عمر سے کہا کہ آپ اس کام کو کیسے کریں گے' جس کو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمر نے کہا: اللہ کی قسم! اس کام میں خیر ہے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے مسلسل یہ مشورہ دیتے رہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ بھی اس کام کے لیے کھول دیا اور میں نے دیکھا کہ حضرت عمر کی رائے درست تھی۔ (صحیح البخاری رقم الحدیث: ۴۹۸۶)

اسی طرح حضرت عمر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رائے کی طرف رجوع فرما لیا۔

امام ابن عبد البر القرطبی متوفی ۴۶۳ ھ لکھتے ہیں:

سعید بن المسیب بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ کہتے تھے کہ میں اس مسئلے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں' جس کے مشورے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نہ ہوں' انہوں نے کہا: ایک مجنونہ عورت کے ہاں چھ مہینے کے بعد بچہ پیدا ہو گیا' حضرت عمر نے اس کو رجم کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت علی نے ان سے کہا: قرآن مجید میں ہے:

''وَحَمْلُهُ وَفِصٰلُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا'' (الاحقاف: ۱۵) وضع حمل کی مدت چھ ماہ بھی ہوتی ہے اور یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجنون سے حکم تکلیف اٹھا لیا ہے' یعنی وہ مکلف نہیں ہے' پھر حضرت عمر یہ کہتے تھے کہ اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔

(الاستیعاب ج ۳ ص ۲۰۶' دارالکتب العلمیہ' بیروت)

شمس الائمہ محمد بن احمد سرخسی متوفی ۴۸۳ ھ لکھتے ہیں:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبے میں کہا کہ بہت زیادہ مہر نہ رکھا کرو' تو ایک سیاہ چہرے والی عورت نے کہا کہ آیا آپ اپنی رائے سے یہ کہہ رہے ہیں یا اس کو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے؟ کیونکہ آپ کے قول کے خلاف قرآن مجید میں ہے:

''وَاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا'' (النساء:۲۰) اور تم اپنی ازواج میں سے کسی کو ڈھیروں مال دے چکے ہو تو بھی اس میں سے کچھ واپس نہ لو۔ یہ جواب سن کر حضرت عمر حیران رہ گئے اور کہا کہ ہر شخص کو عمر سے زیادہ علم ہے' حتیٰ کہ گھروں میں رہنے والی عورتوں کو بھی عمر سے زیادہ علم ہے۔

(المبسوط ج ۱۰ ص ۱۵۳۔ ۱۵۲' دارالمعرفۃ' بیروت' ۱۰۹۸ھ) (جامع العلم وفضلہ ج ۲ ص ۹۲۰)

اسی طرح بعض دیگر صحابہ نے بھی ایک دوسرے کے قول کی طرف رجوع کیا ہے:

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ ھ اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عکرمة ان اهل المدينة سالوا ابن عباس عن امراة طافت ثم حاضت قال لهم تنفر؟ قالوا لا تاخذ بقولك وندع قول زيد' قال اذا قدمتم المدينة فاسئلوا فقدموا المدينة فكان فى من سالوا ام سليم فذكرت حديث صفية.

(صحیح البخاری رقم الحدیث:۱۷۵۹۔۱۷۵۸' صحیح مسلم رقم الحدیث: ۱۳۲۸' السنن الکبریٰ للنسائی رقم الحدیث:۴۱۹۹)

عکرمہ بیان کرتے ہیں کہ اہل مدینہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ سوال کیا کہ جس عورت نے طواف (زیارت) کر لیا ہو' پھر اس کو حیض آ جائے تو آیا وہ (طواف وداع کے بغیر) واپس جا سکتی ہے؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا: جا سکتی ہے' اہل مدینہ نے کہا: ہم آپ کے قول کی وجہ سے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے قول کو ترک نہیں کریں گے' (حضرت زید کہتے تھے کہ وہ طواف وداع کیے بغیر نہیں جا سکتی)' حضرت ابن عباس نے فرمایا: جب تم مدینہ جاؤ تو اس مسئلہ کی تحقیق کر لینا' جب وہ مدینہ گئے تو انہوں نے اس کی تحقیق کی' اور حضرت ام سلیم سے بھی پوچھا تو انہوں نے حضرت صفیہ کی (یہ) حدیث بیان کی: (کہ ایسی صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صفیہ کو طواف وداع کیے بغیر جانے کی اجازت دی تھی)۔

جب اہل مدینہ کو حضرت صفیہ کی یہ حدیث مل گئی تو انہوں نے حضرت ابن عباس کے پاس جا کر حق کا اعتراف کر لیا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں:

فرجعوا الى ابن عباس فقالوا وجدنا الحديث كما حدثتنا. (فتح الباری ج ۳ ص ۵۸۸' طبع لاہور)

پھر اہل مدینہ حضرت ابن عباس کے پاس گئے اور کہا: جس طرح آپ نے ہمیں حدیث سنائی تھی' ہمیں اسی طرح حدیث مل گئی۔

اور حضرت زید بن ثابت کو جب یہ حدیث مل گئی تو انہوں نے بھی رجوع فرما لیا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی' امام مسلم اور امام نسائی کے حوالے سے لکھتے ہیں:

Marfat.com

قال فرجع اليه فقال ما راك الا قد صدقت لفظ مسلم وللنسائی كنت عند ابن عباس فقال له زيد بن ثابت انت الذی تفتی وقال فيه فسالها ثم رجع وهو يضحك فقال الحديث كما حدثتنی.

(فتح الباری ج ۳ ص ۵۸۸، طبع لاہور)

عکرمہ بیان کرتے ہیں کہ پھر حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے رجوع کرلیا اور حضرت ابن عباس سے فرمایا: مجھے یہ یقین ہے کہ آپ نے سچ کے سوا اور کچھ نہیں کہا' یہ صحیح مسلم کی عبارت ہے اور سنن نسائی میں یہ عبارت ہے: عکرمہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس کے پاس بیٹھا تھا' ان سے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے پوچھا: آپ یہ فتویٰ دیتے ہیں؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا: اس انصاری خاتون سے اس کے متعلق حدیث معلوم کرلو' حضرت زید نے ان سے حدیث پوچھی اور ہنستے ہوئے (اپنے قول سے) رجوع کرلیا اور کہا: جس طرح آپ نے بیان کیا تھا' اسی طرح حدیث ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے کئی مسائل میں اپنے شاگردوں کے قول کی طرف رجوع کیا' امام مالک نے کئی اقوال میں رجوع کیا اور امام احمد اور امام شافعی کے ہر مسئلے میں دو قول ہیں' یعنی انہوں نے بعد والے قول میں اپنے پہلے قول سے رجوع کرلیا۔

علامہ سید ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز کے سوا کسی کتاب کے لیے عصمت کو مقدر نہیں فرمایا یا کسی اور کتاب کی عصمت پر راضی نہیں ہے' یہ صرف اسی کی کتاب کی شان ہے' جس کے حق میں فرمایا: ''لَا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ'' (حٰمٓ السجدہ: ۴۲) اس کتاب میں باطل سامنے سے آسکتا ہے نہ پیچھے سے۔

سو قرآن مجید کے علاوہ دوسری کتابوں میں خطائیں اور لغزشیں واقع ہوتی ہیں' کیونکہ وہ انسان کی تصنیفات ہیں اور خطاء اور لغزش انسان کی سرشت ہے۔

علامہ عبدالعزیز بخاری نے اصول بزدوی کی شرح میں لکھا ہے کہ بویطی نے امام شافعی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ امام شافعی نے کہا: میں نے اس کتاب کو تصنیف کیا ہے' میں نے اس میں صحت اور صواب کو ترک نہیں کیا' لیکن اس میں ضرور کوئی نہ کوئی بات اللہ تعالیٰ کی کتاب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے خلاف ہوگی' اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

''وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا'' (النساء: ۸۲) اور اگر قرآن اللہ کے غیر کی جانب سے ہوتا تو لوگ اس میں ضرور بہت سے اختلاف پاتے۔

لہٰذا تم کو اس کتاب میں جو بات کتاب اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے خلاف ملے اس کو چھوڑ دو' کیونکہ میں کتاب اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی طرف رجوع کرنے والا ہوں۔ مزنی بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام شافعی کی کتاب ''الرسالۃ'' ان کے سامنے اَسّی مرتبہ پڑھی اور ہر مرتبہ امام شافعی اس میں کسی خطاء پر مطلع ہوئے' بالآخر امام شافعی نے فرمایا: اب چھوڑ دو' اللہ تعالیٰ اس بات سے انکار فرماتا ہے کہ اس کی کتاب کے سوا اور کوئی کتاب صحیح ہو۔

(رد المحتار علی الدر المختار ج ۱ ص ۱۰۴۔ ۱۰۳' دار احیاء التراث العربی' بیروت' ۱۴۱۹ھ)

سو علامہ غلام رسول سعیدی نے بعض مسائل میں رجوع کر کے اپنے دامن کو ان نفوسِ قدسیہ کے مقدس دامن کے ساتھ وابستہ کر

Marfat.com

لیا اور اپنے عجز و انکسار اور للّٰہیت کو واضح کر دیا' کیونکہ وہی شخص کسی مسئلہ میں رجوع نہیں کرتا' جو اپنے آپ کو ہمہ دان اور غلطیوں سے مبرّا اور منزّہ جانتا ہو اور ہر قسم کی خطاء سے پاک ہونا تو صرف اللہ عزوجل کی صفت ہے اور عصمت تو صرف نبی ﷺ کا خاصہ ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا متوفی ۱۳۴۰ھ فرماتے ہیں:

شاہ (عبدالعزیز محدث دہلوی) صاحب سے اس مسئلہ میں غلطی ہوئی اور وہ نہ فقط فتاویٰ بلکہ تفسیر عزیزی میں بھی ہے اور ایک نہ ان کا فتاویٰ بلکہ کسی بشر غیر معصوم کی کوئی کتاب ایسی نہیں جس میں سے کچھ متروک نہ ہو۔ سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''کل ماخوذ من قوله ومردود عليه الا صاحب هذاالقبر ﷺ'' ہر شخص کے قول سے کچھ لیا بھی جاتا ہے اور کچھ ردّ بھی کیا جاتا ہے ماسوا صاحب گنبد خضراء ﷺ کے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۸ ص ۳۵۶' مکتبہ رضویہ' کراچی)

ذیل میں ہم خود شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی کے اپنے قلم سے اس مبنی بر اخلاص اور خوشگوار مجلس کی تفصیل درج کر رہے ہیں' جس سے ساری حقیقت واضح ہو جائے گی اور ابہامات دور ہو جائیں گے اور ''کلمة الحق اريد بها الباطل'' کا سدّ باب ہو جائے گا۔ علامہ سعیدی مدظلہم کی تحریر پر آخر میں شرکاء مجلس' اکابر علماء کے توثیقی و تصدیقی دستخط بھی ثبت ہیں۔

شرح صحیح مسلم کی تبدیل شدہ عبارات کی تفصیل

22 اگست 2005ء کو میرے پاس حسب ذیل علماء کرام تشریف لائے:

(1) استاذ العلماء مولانا محمد اشرف سیالوی

(2) مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری

(3) مولانا غلام محمد سیالوی

(4) مولانا سید مظفر شاہ

(5) ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی

ان معزز علماء کرام نے مجھے ''شرح صحیح مسلم'' اور ''تفسیر تبیان القرآن'' کی بعض عبارات کی طرف توجہ دلائی' جو ان کی رائے میں نامناسب تھیں' میں نے ان موقر علماء کرام کی رائے کا احترام کرتے ہوئے' ان سے اتفاق کر لیا اور ان کے مشورے کے مطابق بعض عبارات کو تبدیل کر دیا' بعض عبارات کو حذف کر دیا' اور اس قسم کی دیگر عبارات کو میں نے از خود تبدیل کر دیا' اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

(1) شرح صحیح مسلم ج 1 ص 1094 پر تبدیل کر کے یہ عبارت لکھ دی: ''اذان سے پہلے یا اس کے بعد آہستہ یا بلند آواز سے درود شریف پڑھنا' ارشاد ربانی ''صلوا عليه وسلموا تسليما'' کے عموم میں داخل ہے خاص طور پر اذان کے بعد درود شریف پڑھنا مسلم شریف کی حدیث کے مطابق مامور بہ ہے' البتہ درود شریف کو اذان کا حصہ سمجھنا اور اذان کے ساتھ ضروری سمجھنا' کسی طرح بھی درست نہیں ہے' نیز اسی طرح مسنون طریقے کو تبدیل کر کے نیا طریقہ اختیار کرنا بھی کسی طرح مستحسن نہیں ہے۔

(2) شرح صحیح مسلم ج 2 ص 99-398 میں ''ارأيت الذى ينهٰى عبدًا اذا صلّٰى'' کی وعید میں دخول کا خطرہ ہے' جب کہ چلتی ٹرین میں نماز کے وقت میں نماز نہ پڑھی جائے' اس عبارت کو حذف کر دیا ہے۔

(3) شرح صحیح مسلم ج 4 ص 542 پر یہ اضافہ کر دیا ہے: اگر نذر ماننے والے کی یہ نیت ہو کہ مالی صدقے کی عبادت تو اللہ کی ہے اور

Marfat.com

اس مال کا صدقہ شیخ کی درگاہ کے فقراء پر کیا جائے گا' اور اس کا ثواب شیخ کو پہنچایا جائے گا' تو صحیح ہے۔

(4) شرح صحیح مسلم ج4 ص544 پر یہ اضافہ کر دیا ہے: اولیاء کرام سے دعا کی درخواست کرنا جائز اور مستحسن ہے۔

(5) شرح صحیح مسلم ج5 ص100 میں تبدیلی کر کے اس طرح لکھ دیا ہے: یہ بھی آپ کا نور ہے اور اس کو بھی پھیلانے کی ضرورت ہے۔

(6) شرح صحیح مسلم ج5 ص111 پر یہ اضافہ کر دیا ہے: یاد رہے کہ یہ علوم اللہ تعالیٰ کے علم کے سامنے بعض ہیں' ورنہ تمام مخلوق کے علوم سے زیادہ ہیں۔

(7) شرح صحیح مسلم ج5 ص73-472 میں قتالِ ملائکہ کے متعلق مصنف کی تحقیق کو حذف کر کے دیگر مفسرین کی آراء کو شامل کر دیا ہے۔

(8) شرح صحیح مسلم ج6 ص451 میں اس عبارت کو حذف کر دیا ہے کہ قبضہ بھر ڈاڑھی سنت غیر مؤکدہ اور مستحب ہے۔

(9) شرح صحیح مسلم ج6 ص698' 694' 691 پر جہاں الفتح:2 میں کنز الایمان کے ترجمے کو لکھا تھا کہ یہ صحیح نہیں ہے' اس کو تبدیل کر کے یہ لکھ دیا ہے کہ یہ مرجوح ہے' یا راجح اور مختار نہیں ہے۔

(10) شرح صحیح مسلم ج7 ص322 میں ''یہ تمام جوابات باطل اور بے اصل ہیں'' کو تبدیل کر کے یوں لکھ دیا ہے: ''ان میں سے بعض جوابات مرجوح اور بعض باطل ہیں''۔

(11) شرح صحیح مسلم ج7 ص342-25' 324 میں کنز الایمان کے الفتح:2 کے ترجمے کو یہ لکھا تھا کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ اس کو تبدیل کر کے یہ لکھ دیا ہے کہ یہ راجح اور مختار نہیں ہے یا یہ ترجمہ مرجوح ہے۔

(12) شرح صحیح مسلم ج7 ص335 میں اس عبارت کو حذف کر دیا ہے: ''یہ کہنا کہ مغفرت ذنب آپ کو حاصل نہیں ہوئی بلکہ آپ کے اگلوں اور پچھلوں کو حاصل ہوئی ہے' ان تمام احادیث کے خلاف ہے''۔

تبیان القرآن کی تبدیل شدہ عبارات کی تفصیل

(1) تبیان القرآن ج3 ص138 میں اس عبارت کو حذف کر دیا ہے: پھر اس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ نور حسی سے حسی اندھیرا دور ہوتا ہے' اور علم اور ہدایت کے نور سے جہالت اور گمراہی دور ہوتی ہے۔ الخ۔

(2) تبیان القرآن ج4 ص70-569 اور اسی طرح آل عمران:127-124 میں قتالِ ملائکہ کی بحث میں مصنف کے موقف کو حذف کر کے دیگر مفسرین کی عبارات شامل کر دی ہیں۔

(3) تبیان القرآن ج5 ص352 کی ابتدائی 6 سطروں کو حذف کر کے یہ عبارت لکھ دی ہے: نیز اس پر غور کرنا چاہیے کہ انبیاء اولیاء کو مستقل سمجھ کر ان سے مدد مانگنا شرک ہے' لیکن انہیں ایک وسیلہ' سبب اور مظہرِ امدادِ الٰہی جان کر ان کی طرف رجوع کرنا' کسی طرح ایمان اور اسلام کے خلاف نہیں ہے۔

حضرت علامہ شیخ الحدیث غلام رسول سعیدی صاحب کے پاس آنے والے علماء کے وفد کے تاثرات

(۱) حضرت استاذ العلماء مولانا محمد اشرف سیالوی صاحب دام ظلہٗ لکھتے ہیں:

باسمہ سبحانہٗ وتعالیٰ!

حضرت علامہ غلام رسول صاحب سعیدی مدظلہ العالیٰ نے جس وسعت ظرفی اور عالی ہمت کا مظاہرہ فرمایا وہ قابلِ صد ستائش اور لائق صد تحسین ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں مقربانِ بارگاہِ قدس سرھم کے طفیل اجر جزیل اور جزائے جمیل عطاء فرمائے۔

[illegible]

(۲) حضرت استاذ العلماء مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری دام ظلہٗ لکھتے ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

21 اگست 2005ء کو حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد اشرف سیالوی، مولانا غلام محمد سیالوی، مولانا سید مظفر شاہ، ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی کے ہمراہ راقم الحروف دارالعلوم نعیمیہ، کراچی میں حاضر ہوا، وہاں راقم اور بعض دوسرے احباب نے چند عبارات کی نشاندہی کی اور شارح مسلم شریف ومفسر قرآن مولانا علامہ غلام رسول سعیدی دامت برکاتہم العالیہ سے درخواست کی کہ ان عبارات کو حذف کر دیں یا تبدیل کر دیں، انہوں نے پورے شرح صدر کے ساتھ ہماری باتوں کو سنا اور ان عبارات کو حذف کر دیا یا تبدیل کر دیا اور یہ اُن کی عالی ظرفی اور عظمت کی دلیل ہے۔

اللہ تعالیٰ اہل سنت و جماعت کو اتحاد و یگانگت کی اہمیت وضرورت کا صحیح ادراک عطا فرمائے۔

محمد عبدالحکیم شرف قادری
۱۶ شعبان ۱۴۲۶ھ

(۳) حضرت علامہ مولانا غلام محمد سیالوی مدظلہٗ لکھتے ہیں:

شرح صحیح مسلم اور تفسیر تبیان القرآن کی جن بعض عبارات کو تبدیل کرنے یا حذف کرنے کی جانب استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہٗ کی توجہ مبذول کرائی گئی، حضرت علامہ موصوف نے نہ صرف وہ سب عبارات تبدیل یا حذف فرمادی ہیں بلکہ ازخود بھی جہاں دیگر مقامات پر اس قسم کی عبارات موجود تھیں، انہیں بھی تبدیل فرمادیا، میں نے وہ سارے متعلقہ مقامات ازخود دیکھ لیے ہیں، واضح رہے کہ اس کے علاوہ کسی اور عبارت کے بارے میں ان سے کسی قسم کی بات نہیں کی گئی، یہ بھی ملحوظ رہے کہ حضرت علامہ موصوف نے عالم ربانی کا کردار ادا فرماتے ہوئے ہماری درخواست کو قبول فرمانے میں نہ کسی قسم کی ضد فرمائی اور نہ ہی انانیت کو مسئلہ بنایا بلکہ وسعتِ قلبی کا مظاہرہ فرماتے ہوئے، بہ خوشی شرفِ قبولیت بخشا۔ ان کے اس مخلصانہ تعاون پر میں دل کی گہرائیوں سے ان کا شکر گذار ہوں اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ان کی صحت اور درازیٔ عمر کے لیے دعا گو ہوں تاکہ ان کے علمی و دینی فیض سے اہل سنت و جماعت تادیر مستفید و مستفیض ہوتے رہیں، آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

[illegible]

Marfat.com

(۴) ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی لکھتے ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ مولانا غلام رسول سعیدی مدظلہٗ العالی نے علمائے کرام کے ایک وفد کے ساتھ مؤرخہ 21-08-2005 کو ہونے والی ملاقات میں ایسی تمام عبارات کی کھلے دل سے اصلاح کی جن کی نشاندہی کی گئی تھی' اللہ تعالیٰ انہیں اور اصلاح کے اس عمل کے لیے مخلصانہ کوشش کرنے والے سب حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے' اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ اہل سنت و جماعت کو متحد ہو کر لادینیت کا راستہ روکنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ڈاکٹر ممتاز محمد سدیدی
أحد أساتذة الأزهر الشريف

(۵) مولانا سید مظفر حسین شاہ صاحب نے بھی ان کی تائید میں دستخط فرما دیئے ہیں۔

سید مظفر حسین شاہ

نوٹ: حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خان قادری برکاتی الازہری مدظلہٗ نے علامہ سعیدی صاحب کو اس رجوع پر مبارک باد پیش کی ہے اور دعائیں دی ہیں اور شہر بھر میں لوگوں کی طرف سے جو صفحہ چھاپ کر تقسیم کیا گیا ہے' اس پر ان کی یہ عبارت اور دستخط موجود ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
مندرجہ بالا تحریر مجھے پڑھ کر سنائی گئی
سن کر خوشی ہوئی اللہ تعالیٰ مزید صداقت
خیر فرمائے اور استقامت بخشے۔ اس رجوع پر
وہ قابل مبارک باد ہیں۔

Marfat.com

حضرت غلام رسول سعیدی دام فیضہ کے متعلق،
حضرت اُستاذ العلماء علامہ عبدالحکیم صاحب شرف قادری دامت الطافہم العالیہ کے تاثرات

مکتبہ رضویہ داتا دربار مارکیٹ، لاہور نمبر _____
فون: 7226193 تاریخ _____
محترم و مکرم _____

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ الحدیث والتفسیر، بحر العلوم حضرت علامہ مولانا غلام رسول سعیدی دامت برکاتہم العالیہ اس دور کی قابل قدر اور نادر روزگار شخصیت ہیں، انہوں نے شرح مسلم اور تفسیر تبیان القرآن کی صورت میں دو عظیم تحفے امت مسلمہ کو عنایت کئے ہیں، ملت اسلامیہ ان سے رہتی دنیا تک استفادہ کرتی رہے گی، انہوں نے مسلمانوں کو درپیش مسائل پر شرح وبسط کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے علم وفضل کے دریا بہا دئے ہیں اور امام سرخسی، امام رازی وغزالی اور امام احمد رضا بریلوی رحمہم اللہ تعالیٰ کی یاد تازہ کر دی ہے، اللہ تعالیٰ انہیں اس عظیم الشان کارنامے کی دارین میں بہترین جزا عطا فرمائے۔ کثر اللہ أمثالہ فی أھل السنۃ والجماعۃ ومتع اللہ الإسلام والمسلمین لطول بقائہ فانہ أعز من الکبریت الأحمر فی ھذا العصر

وسیع النظر اور محقق علماء کا علمی مسائل میں اختلاف تو کوئی نئی بات نہیں ہے، بعض مقامات پر گفتگو کرتے ہوئے ان کے لب ولہجے میں تلخی اور ضرورت سے زیادہ سختی پیدا ہو گئی تھی، اس سلسلے میں راقم علماء کے ایک وفد کے ساتھ ان کی خدمت میں حاضر ہوا، انہوں نے خندہ پیشانی کے ساتھ ہماری گزارشات سنیں اور ہمارے مشورے کے مطابق ان عبارات کو تبدیل کر دیا، بعد ازاں مزید بعض مقامات کی طرف ان کی توجہ مبذول کرائی گئی تو انہوں نے ان کی بھی اصلاح فرما دی

اب میری دانست کوئی ایسی عبارت نہیں ہے جس پر نکتہ چینی کی جا سکے، بلا شبہ یہ بھی ان کا بے مثال کارنامہ ہے، اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے

والسلام
محمد عبدالحکیم شرف قادری

Marfat.com

مرکز اہل سنّت برکاتِ رضا (ہندوستان) کی جانب سے شرح صحیح مسلم کی طباعت

(مولانا حافظ محمد ناصر خان چشتی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

۱۴۲۳ھ میں ہندوستان میں مرکز اہلِ سنت برکاتِ رضا نے بہت حسین وجمیل انداز سے سفید کاغذ اور مضبوط جلد کے ساتھ شرح صحیح مسلم کو طبع کیا اور اس کے شروع میں شرح صحیح مسلم کی ساتوں مجلّدات کی ابحاث کی اجمالی فہرست' شرح صحیح مسلم کی خصوصیات کو ہر جلد میں شامل کیا ہے۔ اور اسی طرح ہر جلد کے آخر میں شرح صحیح مسلم کے متعلق اکابر علماء کے تأثرات کو بھی شامل کیا ہے۔

شرح صحیح مسلم کی پہلی جلد میں سب سے پہلے حضرت علامہ شمس الہدیٰ صاحب رضوی مصباحی کا خوب صورت تبصرہ ''شرح صحیح مسلم پر ایک نظر'' کے عنوان سے مندرج ہے۔ اس میں ان کا یہ جملہ قابل غور ہے کہ ''رہا علامہ سعیدی کے تفردات یا ان تحقیقات کا معاملہ جو صفِ اوّل کے اکابر علماء اہلِ سنت سے مختلف ہیں تو یہ کوئی اچنبھے کی چیز نہیں۔ یہ میدان تحقیق وتدقیق ہے۔ دلائل وشواہد کی بنیاد پر ہر دور میں ایسا رہا اور رہے گا''۔ اور علامہ شمس الہدیٰ صاحب شرح صحیح مسلم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''اس کتاب میں جگہ جگہ مذہب حنفی کی ترجیح وتائید اور توثیق وتنقیح میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ تحقیقی اور الزامی دلائل وبراہین کا انبار لگا کر رکھ دیا ہے۔ جس سے تمام مذاہب پر مذہب حنفی کی قوت وبرتری کا رخ ایسا واشگاف ہو جاتا ہے کہ مطالعہ کرنے والا فرطِ فرحت وانبساط سے جھوم اٹھتا ہے''۔

اس کے بعد ''نگاہِ اوّلین'' کے عنوان سے علاّمہ عبدالستار ہمدانی برکاتی نوری کا تبصرہ ہے۔ انہوں نے شرح صحیح مسلم کے بعض مباحث پر تنقید کی ہے۔ تاہم انہوں نے یہ اعتراف بھی کیا ہے کہ ''صحیح مسلم شریف کا مع اعراب متن' ترجمہ اور تشریح دنیائے سنیت کے لیے ایک خواب تھا جس کو علاّمہ سعیدی نے شرمندۂ تعبیر بنا کر ایک نمایاں رول ادا کیا ہے''۔ اسی بحث میں آگے چل کر لکھتے ہیں کہ ''علاوہ ازیں دینی درسگاہوں کے متعلمین ومعلمین جو دورۂ حدیث کی شمولیت سے مشرف ہو رہے ہیں ان کے لیے یہ کتاب بڑی ہی کارآمد ہے۔ عربی عبارت میں لگائے گئے متن' عربی عبارت کا لفظی ولغوی ترجمہ اور ہر حدیث کے ضمن میں ارقام کی ہوئی تشریح ایک طالب علم اور معلّم دونوں کے لیے مشعلِ راہ وہادیٔ منزل' قائد قافلہ اور صحیح رہنما کی حامل یہ تشریح دماغ کو روشن کر کے مسائل کے استخراج کی استعداد پیدا کرنے والی ہے''۔

Marfat.com

اس کے بعد علامہ مفتی نظام الدین رضوی مصباحی کا ''شرح صحیح مسلم ـــــــ ایک مختصر تحقیقی جائزہ'' کے عنوان سے تبصرہ ہے۔ جس میں انہوں نے شارح صحیح مسلم علاّمہ سعیدی صاحب کے ذکر کردہ تین مسئلوں پر مفصّل جرح کی ہے۔

(۱) بیع عینہ (۲) ندائے یا محمد ﷺ (۳) ڈاڑھی کی حدِ شرعی

ان کی اس جرح کا مفصّل جواب ہم آئندہ صفحات میں لکھ رہے ہیں۔ تاہم مفتی صاحب کا انداز بیان بہت شائستہ اور مہذب ہے۔ انہوں نے اپنے قلم کو ہرگز ہرگز دشنام طرازی سے آلودہ نہیں کیا ہے اور اپنے تبصرہ کے شروع میں انہوں نے بھی شرح صحیح مسلم کو ان الفاظ سے خراج تحسین پیش کیا ہے: ''علاّمہ سعیدی کی یہ شرح آپ کے تبحرِ علمی، دقتِ نظر اور وسعتِ مطالعہ کی صحیح عکاس ہے، کتاب مجموعی حیثیت سے قابل استفادہ ہے۔ اس کے مطالعہ سے معلومات میں قیمتی اضافہ ہوگا۔ ذہن وفکر کے دریچے کھلیں گے اور تحقیق وتفحص کی خفیہ صلاحیتیں بیدار ہوں گی''۔

Marfat.com

مفتی نظام الدین مصباحی اور دیگر علماء کے اعتراضات کے جوابات

بیع عینہ

مفتی نظام الدین مصباحی صاحب نے سب سے پہلے بیع عینہ کے مسئلہ پر بحث کی ہے اور اس سلسلے میں علامہ غلام رسول صاحب سعیدی سے اختلاف کیا ہے۔ مفتی صاحب نے اختلاف کرتے ہوئے بیعِ عینہ کے حوالہ سے جو کچھ تقریر فرمائی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ بیعِ عینہ دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک وہ بیع عینہ ہے جو صرف قرض لینے والے اور قرض دینے والے کے درمیان ہوتی ہے۔ اس میں کسی تیسرے شخص کا دخل نہیں ہوتا ہے۔ اور دوسری بیعِ عینہ وہ ہوتی ہے جس میں تیسرے شخص کا واسطہ موجود ہوتا ہے۔

مفتی مصباحی صاحب کی تحقیق کے مطابق اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والرضوان نے کفل الفقیہ الفاہم میں بیعِ عینہ کی دوسری صورت کو اختیار فرمایا ہے اور اسے جائز قرار دیا ہے۔ اور علامہ غلام رسول صاحب سعیدی نے شرح صحیح مسلم میں بیع عینہ کی پہلی صورت کو اختیار فرمایا ہے اور اسے ناجائز قرار دیا ہے۔ مفتی نظام الدین مصباحی لکھتے ہیں:

''واقعہ یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے خرید و فروخت کی جس صورت کو بیعِ عینہ کے نام سے موسوم کر کے جائز قرار دیا ہے بلکہ یہ سب کچھ فقہاء نے نقل فرمایا ہے اس کے حرام ہونے پر ایک نص صریح اور ایک فقہی عبارت بھی شرح مسلم میں پیش نہیں کی گئی۔ اور خرید و فروخت کی جس صورت کو حضرت سعیدی صاحب نے بیعِ عینہ کا نام دے کر اس کی حرمت کے شواہد پیش کیے ہیں اسے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے کہیں جائز نہیں فرمایا''۔ پھر بحث کے اختتام پر لکھتے ہیں:

''الغرض ہم نے بیعِ عینہ کی دونوں تصویریں ناظرین کرام کے سامنے پیش کر دیں' ایک وہ تصویر جو اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے کھینچی ہے اور ایک وہ تصویر جو سعیدی صاحب نے کھینچی ہے۔ آپ محسوس کریں گے کہ یہ دونوں تصویریں کسی ایک حقیقت شرعیہ کی نہیں ہیں۔ بلکہ دونوں کی حقیقت الگ الگ ہے اس لیے دونوں کا حکم شرعی بھی الگ الگ ہے۔ سعیدی صاحب کی کھینچی ہوئی تصویر یقیناً مجسم قباحت ہے اس لیے وہ حرام و گناہ ہے لیکن اسے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے کبھی اور کہیں جائز نہیں کہا''۔

فقیر کو مفتی مصباحی صاحب کی اس تحقیق سے اختلاف ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ بیعِ عینہ کی مذکورہ دونوں صورتیں اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنت نور اللہ مرقدہ نے بھی بیان فرمائی ہیں اور علامہ غلام رسول صاحب سعیدی نے بھی بیان فرمائی ہیں۔ ایسا ہرگز نہیں ہے کہ ایک صورت کو امام اہلِ سنت علیہ الرحمۃ نے اختیار فرمایا ہے اور ایک صورت کو علامہ سعیدی صاحب نے اختیار فرمایا ہے۔ کفل الفقیہ الفاہم اور شرح صحیح مسلم دونوں میں دونوں صورتیں بیان کی گئی ہیں۔ ہاں فرق یہ ہے کہ امام اہلِ سنت قدس سرہ العزیز نے یہ صورتیں جس عنوان کے تحت بیان فرمائی ہیں وہ یہ ہے کہ ایسے طریقے جن میں پیسے بھی زیادہ ملیں اور سود بھی نہ ہو۔ اس ضمن میں آپ نے بیعِ عینہ (خواہ صورۃً ہو یا حقیقۃً) کی دونوں صورتیں بیان فرمائی ہیں۔ اور علامہ غلام رسول صاحب سعیدی نے بیعِ عینہ کا عنوان قائم کر کے مذکورہ دونوں صورتیں بیان کی ہیں اور انہیں مکروہ قرار دیا ہے۔

ذیل میں ہم کفل الفقیہ الفاہم اور شرح صحیح مسلم سے وہ عبارات پیش کر رہے ہیں جن میں بیعِ عینہ کی دونوں صورتیں بیان کی گئی ہیں تاکہ حقیقت مکمل روشن اور واضح ہو جائے۔

اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنّت قدس سرّہ العزیز تحریر فرماتے ہیں:

الوقوع فیه وقد علم علماؤنا رحمهم الله تعالی عدة حیل لتحصیل الفضل من دون حصول الرباء وقد عقد لها الامام فقیه النفس قاضی خان فی فتاواه فصلا مستقلا فقال فصل فیما یکون فرارا عن الرباء وقال فیه رجل له علی رجل عشرة دراهم فاراد ان یجعلها ثلثة عشر الی اجل قالوا یشتری من المدیون شیئا بتلک العشرة ویقبض المبیع ثم یبیع من المدیون بثلثة عشر الی سنة فیقع التجوز عن الحرام ومثل هذا مروی عن رسول الله ﷺ انه امر بذلک [1] ومثله فی البحر عن الخلاصة عن النوازل للامام الفقیه ابی اللیث رحمه الله تعالی ثم قال فی الخانیة رجل طلب من رجل دراهم لیقرضه بده دوازده فوضع المستقرض متاعا بین یدی المقرض فیقول للمقرض بعت منک هذا المتاع بمائة درهم فیشتری المقرض ویدفع الیه الدراهم ویأخذ المتاع ثم یقول المستقرض بعنی هذا المتاع بمائة وعشرین فیبیعه لیحصل للمستقرض مائة درهم و یعود الیه متاعه ویجب للمقرض علیه مائة وعشرون درهما والا وثق والاحوط ان یقول المستقرض للمقرض بعد ما قرر المعاملة کل مقالة وشرط کان بیننا فقد ترکته ثم یعقد ان بیع المتاع اھ [2] ثم قال فان کان المتاع للمقرض ولیس للمستقرض شیء ویریدان یقرضه عشرة بثلثة عشر الی اجل فان المقرض یبیع من المستقرض سلعة بثلثة عشر ویسلم السلعة الی المستقرض ثم ان المستقرض یبیع السلعة من اجنبی بعشرة ویدفع السلعة الا الاجنبی ثم الاجنبی یبیع السلعة من المقرض بعشرة ویاخذ بعشرة منه ویدفعها الی المستقرض فیبرأ الاجنبی من الثمن الذی کان علیه للمستقرض فتصل السلعة الی المقرض بعشرة و للمقرض علی المستقرض ثلثة عشر الی اجل اھ [3] ثم

بے شک ہمارے علماء رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کے متعدد حیلے تعلیم فرمائے ہیں کہ زیادہ لیں اور سود نہ ہو' اور امام فقیہ النفس قاضی خاں نے اپنے فتاویٰ میں اس کے لئے ایک مستقل فصل وضع کی' فرمایا کہ یہ فصل ہے ان باتوں کے بیان میں جو سُود سے گریز میں ہیں' اور اس میں ایک حیلہ یہ بیان فرمایا کہ ایک شخص کے دوسرے پر دس روپے آتے تھے اس نے یہ چاہا کہ میں دس کے تیرہ کرلوں ایک میعاد تک' علماء نے فرمایا کہ وہ مدیون سے ان دس کے عوض کوئی چیز خرید لے اور اس پر قبضہ کرلے پھر وہی چیز اس مدیون کے ہاتھ سال بھر کے وعدہ پر تیرہ روپے کو بیچ ڈالے تو حرام سے بچ جائے گا اور اس کا مثل نبی ﷺ سے مروی ہوا کہ حضور نے ایسا کرنے کا حکم دیا انتہیٰ' اور اسی طرح بحر الرائق میں بحوالہ خلاصہ' نوازل امام فقیہ ابو اللیث رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے ہے۔ پھر خانیہ میں (دوسرا حیلہ) یہ فرمایا ایک شخص نے دوسرے سے کچھ روپے قرض مانگے اس طور کہ دینے والے کو دس کے بارہ ملیں تو یوں چاہیے کہ قرض لینے والا دینے والے کے سامنے کوئی متاع رکھے اور اس سے کہے میں نے یہ متاع تیرے ہاتھ سو روپے کو بیچی قرض دینے والا خرید لے اور روپے اسے دے دے اور متاع پر قبضہ کرلے پھر قرض لینے والا اس سے کہے یہ متاع میرے ہاتھ ایک سو بیس روپے کو بیچ ڈال وہ بیع کردے تاکہ قرض لینے والے کو سو روپے مل جائیں اور اس کی متاع بھی اس کے پاس واپس آئے اور قرض دینے والے کے اس پر ایک سو بیس لازم آئیں اور زیادہ اطمینان و احتیاط کی بات یہ ہے کہ قرض لینے والا قرض دینے والے سے معاملہ مذکورہ کی قرارداد کرکے یوں کہہ دے کہ جو کچھ گفتگو اور شرط ہمارے آپس میں ٹھہری تھی وہ میں نے چھوڑ دی پھر متاع کی خرید و فروخت کریں انتہیٰ۔ تیسرا حیلہ یہ فرمایا کہ وہ متاع بھی قرض دینے والے کی ہو قرض لینے والے کے پاس کوئی متاع بھی نہیں اور دینے والا چاہتا ہے کہ دس روپے قرض دے اور کسی میعاد پر تیرہ روپے اس سے وصول کرے تو قرض دینے والا لینے والے کے ہاتھ کوئی متاع تیرہ روپے کو بیچے اور متاع اس کے قبضہ میں دے دے پھر قرض لینے والا اس متاع کو کسی اجنبی کے ہاتھ دس

[1] فتاویٰ قاضی خان' کتاب البیوع باب فی بیع مال الربوا' مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ج ۲ ص ۴۰۶

[2'3] فتاویٰ قاضی خان' کتاب البیوع باب فی بیع مال الربوا' ج ۲ ص ۴۰۶

Marfat.com

قال وحيلة اخرى ان يبيع المقرض سلعة بثلثة عشر الى اجل معلوم و يدفع السلعة الى المستقرض ثم يبيعه المستقرض من الاجنبى ثم ان المستقرض يقيل البيع مع الاجنبى قبل القبض او بعده ثم يبيعها المستقرض من المقرض بعشرة و ياخذ العشرة فيحصل للمستقرض عشرة وعليه للمقرض ثلثة عشر وتصل السلعة الى المقرض والمقرض وان صار مشتريا ما باع باقل مما باع قبل الثمن الا ان ذلک جائز لتخلل البيع الثانى وهو البيع الذى جرى بين المستقرض و الاجنبى اھ .ثم قال وحيلة اخرى ان يبيع المقرض من المستقرض سلعة بثمن موجل و يدفع السلعة الى المستقرض ثم ان المستقرض يبيعها من غيره باقل مما اشترى ثم ذلک الغير يبيعها من المقرض بما اشترى لتصل السلعة اليه بعينها ويأخذ الثمن ويدفعه الى المستقرض فيصل المستقرض الى القرض ويحصل الربح للمقرض اھ .

اقول هذه هى الحيلة الثالثة المارة قال وهذه الحيلة هى العينة التى ذكرها محمد رحمه الله تعالى و مشايخ بلخ بيع العينة فى زماننا خير من البيوع التى تجرى فى اسواقنا وعن ابى يوسف رحمه الله تعالى انه قال العينة جائزة ماجورة وقال اجره لمكان الفرار من الحرام اھ ا ثم قال رجل له عشرة دراهم صحاح فاراد ان يبعيها باثنى عشر درهما مكسرة لا يجوز لانه ربا ' فان اراد الحيلة يستقرض من المشترى اثنى عشرة درهما مكسرة ثم يقضيه عشرة جيادا ثم ان المقرض يبرئه من درهمين فيجوز ذلک اھ ثم قال ولو كان له على رجل عشرة دراهم مسكرة الى اجل فلما حل الاجل جاء المديون بتسعة صحاح فقال هذه التسعة بتلک العشرة لا يجوز لانه ربا فان اراد الحيلة ياخذ التسعة بالتسعة ويبرئه عن الدرهم الباقى فان خاف المديون ان لا يبرئه عن الدرهم الباقى يدفع الى صاحب الدين تسعة دراهم صحاحا وفلسا او شيئا يسيرا عوضا من الدرهم

روپے کو بیچے اور وہ متاع اس اجنبی کو دے دے وہ اجنبی قرض دینے والے کے ہاتھ دس کو بیچ ڈالے اور وہ اجنبی اس سے دس روپے لے کر قرض لینے والے کو دے دے تو اجنبی پر تو جو قرض لینے والے کا دین تھا وہ اُتر جائے گا اور وہ متاع قرض دینے والے کے پاس دس میں پہنچ جائے گی اور قرض لینے والے پر اس کے تیرہ روپے ایک وعدہ پر لازم ہو جائیں گے انتہیٰ۔ چوتھا حیلہ یہ فرمایا کہ قرض دینے والا لینے والے کے ہاتھ کوئی متاع ایک معین وعدہ پر تیرہ روپے کو بیچے اور اس کے قبضہ میں دے دے اور قرض لینے والا اسے کسی اجنبی کے ہاتھ بیچے پھر قرض لینے والا اس اجنبی کے ساتھ بیع فسخ کرے خواہ متاع اس کے قبضہ میں دی ہو یا نہ دی ہو پھر قرض لینے والا دینے والے کے ہاتھ اسے دس کو بیچے تو قرض لینے والے کو دس روپے ملیں گے اور دینے والے کے اس پر تیرہ لازم ہوں گے اور متاع دینے والے کے پاس پہنچ جائے گی قرض دینے والے نے اس صورت میں اگرچہ اپنی بیچی ہوئی چیز ادائے ثمن سے پہلے جس قدر کو بیچی تھی اس سے کم کو خرید لی مگر یہاں یہ جائز ہے اس واسطے کہ بیچ میں دوسری بیع آ گئی وہ جو قرض لینے والے اور اجنبی میں ہوئی انتہیٰ۔ پھر ایک حیلہ یہ فرمایا کہ قرض دینے والا لینے والے کے ہاتھ کوئی متاع ادھار بیچے اور متاع اس کے قبضہ میں دے دے پھر قرض لینے والا اس متاع کو کسی اور کے ہاتھ اتنے سے کم کو بیچے جتنے کو خریدی پھر وہ دوسرا شخص اس قرض دینے والے کے ہاتھ اتنے کو بیچے جتنے کو خود خریدی تا کہ وہ متاع بعینہا اسے پہنچ جائے اور اس سے قیمت لے کر قرض لینے والے کو دے، دے تو قرض لینے والے کو قرض مل جائے گا اور دینے والے کو نفع حاصل ہو جائے گا انتہیٰ۔

اقول (میں کہتا ہوں) یہ وہی تیسرا حیلہ ہے جو گزر چکا' امام قاضی خان نے فرمایا کہ اس حیلہ کا نام بیعِ عینہ ہے جس کو امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا اور مشائخ بلخ نے فرمایا کہ بیعِ عینہ ان بیعوں سے کہ ہمارے بازاروں میں آج کل رائج ہیں بہتر ہے' اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا عینہ جائز ہے اور اس پر ثواب ملے گا اور فرمایا ثواب کی وجہ یہ ہے کہ اس میں حرام یعنی سود سے بھاگنا ہے انتہیٰ۔ پانچواں حیلہ یہ فرمایا کہ ایک شخص کے پاس دس روپے صحیح ہیں وہ چاہتا ہے کہ ان کو بارہ روپے پھوٹے ہوؤں سے بیچے تو جائز نہیں کہ سود ہے پھر اگر وہ حیلہ چاہے تو یہ چاہیے کہ مشتری سے بارہ

Marfat.com

الباقی جاز ذلک و یقع الامن اھ وفیھا فوائد لا تخفی علیک وسنمر علیھا فیما یأتی ان شاء اللہ تعالی و کفانا تشبیھہ فی الوجہ الاول ببیع العینۃ ' وقولھم فانہ مکروہ لھذا و ذلک لانہ لا یکرہ الا تنزیھا فکذا ھذا.

(کفل الفقیہ الفاہم' ص ۷۲۔۶۸' مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور' فتاویٰ رضویہ' ج ۱۷ ص ۴۶۵۔۴۶۱' مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

روپے پھوٹے ہوئے قرض لے پھر دس کھرے اس کو ادا کرے پھر وہ اسے باقی دو روپے معاف کر دے تو یہ جائز ہے' چھٹا حیلہ یہ فرمایا اگر کسی شخص پر دس روپے پھوٹے ہوئے ایک وعدہ پر آتے تھے جب وعدہ کا وقت آیا مدیون نو روپے کھرے لایا اور کہا کہ ان دس کے بدلے یہ نو ہیں تو یوں جائز نہیں اس لئے کہ سُود ہے' تو اگر حیلہ چاہے تو نو کے بدلے نو لے لے اور ایک معاف کر دے پھر اگر مدیون کو اندیشہ ہو کہ وہ ایک جو باقی رہا یہ معاف نہ کرے گا تو قرض خواہ کو نو روپے کھرے اور ایک پیسہ یا کوئی اور تھوڑی سی چیز اس باقی روپے کے عوض دے دے تو اب جائز ہو گا اور وہ اندیشہ جاتا رہے گا انتہیٰ' اور اس عبارت میں وہ فائدے ہیں جو تجھ پر پوشیدہ نہ رہیں گے اور آئندہ تقریر میں ان شاء اللہ ہم اوپر گزر کریں گے اور ہم کو یہی کافی ہے کہ وجہ اوّل میں اسے بیعِ عینہ پر تشبیہ دی اور علماء نے فرمایا وہ بھی اسی وجہ سے مکروہ ہے اور یہ اس لئے کہ بیعِ عینہ نہیں مگر مکروہ تنزیہی۔

غور فرمایئے! مذکورہ عبارت میں اعلیٰ حضرت قدس سرّہ فتاویٰ قاضی خان کے حوالہ سے وہ صورتیں بیان فرما رہے ہیں جن میں پیسے بھی زیادہ ملیں اور سُود بھی نہ ہو۔ اس سلسلے میں آپ نے کل چھ صورتیں بیان فرمائی ہیں۔ جن میں سے تیسری اور چوتھی صورت میں تو دائن اور مدیون کے درمیان اجنبی کا واسطہ ہے لیکن بقیہ صورتوں میں دائن اور مدیون کے درمیان کسی اجنبی کا واسطہ نہیں ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اعلیٰ حضرت رحمہ اللہ نے اجنبی کے ہونے نہ ہونے کا فصل کیے بغیر عینہ کی دونوں صورتیں بیان فرمائی ہیں۔ اسی طرح شارح صحیح مسلم علاّمہ غلام رسول صاحب سعیدی نے بھی عینہ کی دونوں صورتیں بیان کی ہیں۔ علاّمہ سعیدی لکھتے ہیں:

علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی بیع عینہ کا اصطلاحی معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ایک شخص کسی تاجر سے مثلاً دس روپے قرض مانگتا ہے وہ انکار کرتا ہے پھر اس کو مثلاً پندرہ روپے میں (مدت معینہ کے ادھار پر) ایک ایسا کپڑا فروخت کرتا ہے جس کی معروف قیمت دس روپے ہے تاکہ قرض لینے والا وہی کپڑا اس کو دس روپے میں فروخت کر دے اور اس کو پانچ روپیہ زیادہ مل جائیں۔ اس کو عینہ اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں قرض دینے سے عین کی طرف اعراض ہے' یہ بیع مکروہ ہے۔ (البحر الرائق ج ۶ ص ۲۳۵' مطبوعہ کوئٹہ)

علامہ ابن ہمام نے بیعِ عینہ کی ایک اور صورت بھی ذکر کی ہے جس میں واسطہ کا دخل ہے۔ ایک شخص مثلاً زید مدت معینہ کے ادھار پر اپنی ایک چیز دو ہزار روپوں میں مقروض کو فروخت کر دیتا ہے۔ پھر ایک تیسرا شخص اسی چیز کو مقروض سے ایک ہزار میں خرید کر اس چیز پر قبضہ کر لیتا ہے' پھر تیسرا شخص وہ چیز بائع اوّل (زید) کو ایک ہزار میں فروخت کر دیتا ہے۔ اور تیسرے شخص نے جو ایک ہزار نقد مقروض کو دیئے تھے وہ ان ایک ہزار روپوں کو بائع اوّل (زید) کے حوالے کر دیتا ہے۔ بائع اوّل مقروض کو ایک ہزار روپیہ نقد دیتا ہے اور مدت معینہ کے بعد اس سے دو ہزار وصول کر لیتا ہے۔ علامہ ابن ہمام نے ان دونوں قسموں کو مکروہ لکھا ہے۔

(فتح القدیر ج ۶ ص ۳۲۴' مطبوعہ سکھر) (شرح صحیح مسلم ج ۴ ص ۳۷۴۔۳۷۳)

علاّمہ سعیدی صاحب کی اس غایت صریح عبارت کے باوجود یہ ثابت کرنے کی کوشش کرنا کہ سعیدی صاحب نے بیعِ عینہ کی صرف وہ صورت لی ہے جس میں واسطہ کا دخل نہیں ہے' بہت تعجب خیز امر ہے۔

مفتی نظام الدین صاحب زیر بحث مسئلہ پر گفتگو کے اختتام پر مزید اطمینان کے ساتھ تحریر فرماتے ہیں:

Marfat.com

''الغرض ہم نے بیعِ عینہ کی دونوں تصویریں ناظرین کرام کے سامنے پیش کر دیں' ایک وہ تصویر جو اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے کھینچی ہے اور ایک وہ تصویر جو سعیدی صاحب نے کھینچی ہے۔ آپ محسوس کریں گے کہ یہ دونوں تصویریں کسی ایک حقیقت شرعیہ کی نہیں ہیں بلکہ دونوں کی حقیقت الگ الگ ہے اس لیے دونوں کا حکم شرعی بھی الگ الگ ہے''۔

فقیر عرض گزار ہے کہ مسئلہ کی دونوں تصویریں اور دونوں رُخ پیش کرنے میں جو غلطی ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ایک تصویر کو اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز کے ساتھ خاص کیا گیا ہے اور ایک تصویر کو علامہ سعیدی صاحب کے ساتھ خاص کر دیا گیا ہے۔ حالانکہ اعلیٰ حضرت اور علامہ سعیدی صاحب نے دونوں ہی صورتیں بیان کی ہیں' جیسا کہ ہم گذشتہ سطور میں واضح کر چکے ہیں۔

دوسرا یہ کہ عینہ کی بیان کردہ صورتوں کی حقیقت کا علیحدہ ہونا اس بات کو مستلزم نہیں ہے کہ دونوں کا حکم شرعی بھی الگ الگ ہو۔ سند المحققین علامہ سیّد محمد امین بن عابدین شامی (قدس سرہ السامی) نے بہت صراحت کے ساتھ لکھا ہے کہ بیع عینہ جو کہ شرعاً ممنوع ہے اس کی تفسیر میں بعض فقہاء نے پہلی صورت (بلا وسطہ والی) بیان کی ہے اور بعض نے اسی بیعِ عینہ کی تفسیر میں دوسری صورت (واسطہ والی) بیان کی ہے۔ علامہ شامی کی مکمل عبارت درج ذیل ہے:

قوله (فی بیع العینة) اختلف المشایخ فی تفسیر العینة التی ورد النهی عنها. قال بعضهم تفسیر ها ان یاتی الرجل المحتاج الی اخر ویستقرضه عشرة دراهم ولا یرغب المقرض فی الاقراض طعما فی فضل لا یناله بالقرض فیقول لا اقرضک ولکن ابیعک هذا الثوب ان شئت باثنی عشر درهما وقیمته فی السوق عشرة لیبیعه فی السوق بعشرة فیرضی به المستقرض فیبیعه کذلک' فیحصل لرب الثوب درهمان وللمشتری قرض عشرة. وقال بعضهم هی ان یدخلا بینهما ثالثا فیبیع المقرض ثوبه من المستقرض باثنی عشر درهما ویسلمه الیه ثم یبیعه المستقرض من الثالث بعشرة ویسلمه الیه ثم یبیعه الثالث من صاحبه وهو المقرض بعشرة ویسلمه الیه ویاخذ منه العشرة ویدفعها للمستقرض فیحصل للمستقرض عشرة ولصاحب الثوب علیه اثنا عشر درهما' کذا فی "المحیط". وعن ابی یوسف: العینة جائزة ماجور من عمل بها' کذا فی "مختار الفتاوی". "هندیة". وقال محمد هذا البیع فی قلبی کامثال الجبال ذمیما اخترعه اکلة الربا. وقال علیه الصلاة والسلام "اذا تبایعتم بالعین واتبعتم اذناب البقر ذللتم وظهر علیکم عدوکم". (ابوداؤد رقم الحدیث: ۳۴۶۲)

قال فی "الفتح" ولا کراهة فیه الا خلاف الاولی' لما

وہ بیعِ عینہ جس کے بارے میں ممانعت آئی ہے اس کی تفسیر میں مشائخ کا اختلاف ہے۔ بعض کے قول کے مطابق بیعِ عینہ کی تفسیر یہ ہے کہ کوئی ضرورت مند آدمی کسی دوسرے شخص سے دس درہم ادھار مانگے۔ اور قرض دینے والا زیادہ لینے کے لالچ میں قرض دینا نہ چاہتا ہو۔ تو وہ قرض مانگنے والے سے کہے کہ میں تمہیں قرض تو نہیں دوں گا البتہ اگر تم چاہو تو یہ کپڑا بارہ درہم میں تمہیں بیچ دیتا ہوں اور بازار میں اس کی قیمت دس روپے ہوتا کہ مقروض دس روپے میں اس کپڑے کو بیچ دے۔ سو مقروض اس بات پر راضی ہو جائے اور وہ دس روپے میں کپڑا بیچ دے۔ اس طرح قرض خواہ کو دو درہم زائد مل جائیں گے اور مقروض کو دس درہم قرض مل جائیں گے۔

بعض علماء نے بیعِ عینہ کی تفسیر یہ کی ہے کہ مقروض اور قرض خواہ اپنے درمیان ایک تیسرے بندے کو داخل کر لیں۔ پھر قرض خواہ مقروض کو بارہ درہم میں اپنا کپڑا فروخت کرے اور اسے وہ کپڑا سپرد کر دے۔ پھر مقروض تیسرے شخص کو وہ کپڑا دس درہم میں بیچ دے اور اسے وہ کپڑا سپرد کر دے۔ پھر تیسرا شخص وہ کپڑا قرض خواہ کو دس درہم میں بیچ دے اور اسے سپرد کر دے اور اس سے دس درہم لے کر مقروض کو دے دے۔ یوں مقروض کو دس درہم مل جائیں گے اور قرض خواہ کو بارہ درہم مل جائیں گے۔ محیط میں اسی طرح ہے۔ امام ابو یوسف سے منقول ہے کہ بیعِ عینہ جائز ہے اور جو اس بیع کو کرے گا اسے اجر ملے گا۔ اسی طرح ہندیہ میں مختار الفتاویٰ کے حوالہ سے مذکور ہے۔ امام محمد فرماتے ہیں کہ یہ بیع میرے دل میں

Marfat.com

فیه من الاعراض عن مبرة القرض اھ.

(ردالمحتار ج ۷ ص ۴۲۱ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت)

پہاڑوں کی مثل بھاری ہے اور یہ بہت بری بیع ہے۔ اس کو سود خوروں نے گھڑ لیا ہے۔ اور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم بیعِ عینہ کرو گے اور بیلوں کی دُموں کو پکڑو گے تو تم ذلیل ہو جاؤ گے اور تمہارا دشمن تم پر غالب آ جائے گا''۔ فتح القدیر میں فرمایا کہ اس بیع میں سوائے خلاف اولیٰ کے کوئی کراہت نہیں ہے کیونکہ اس میں قرض کی نیکی سے اعراض کرنا اور منہ پھیرنا ہے۔

اس عبارت میں علامہ شامی نے صراحت فرمایا دی ہے کہ وہ بیعِ عینہ جو شرعاً ممنوع ہے اس کی (علی اختلاف القولین) دو صورتیں ہیں۔ ایک وہ صورت جس میں دائن اور مدیون کے درمیان اجنبی کا دخل نہ ہو اور دوسری وہ صورت جس میں اجنبی کا دخل ہو۔ یقیناً ان دونوں صورتوں کی اپنی اپنی حقیقت ہے اور علیٰحدہ علیٰحدہ تفصیل ہے اس کے باوجود حکم شرعی دونوں کا ایک ہے یعنی منہی و ممنوع ہونا۔ جیسا کہ علامہ شامی کے الفاظ ''العینة التی ورد النهی عنها'' سے واضح ہے۔ اس کے برعکس مفتی نظام الدین فرماتے ہیں کہ ''یہ دونوں تصویریں کسی ایک حقیقت شرعیہ کی نہیں ہیں بلکہ دونوں کی حقیقت الگ الگ ہے' اس لیے دونوں کا حکم شرعی بھی الگ الگ ہے''۔

آخر میں مذکورہ تمام تر بحث کا خلاصہ پیشِ خدمت ہے تا کہ نفسِ مسئلہ خوب واضح ہو جائے۔

بیعِ عینہ کی دو صورتیں ہیں۔ ایک وہ صورت جس میں قرض لینے اور دینے والے کے درمیان کسی تیسرے شخص کا دخل نہ ہو اور دوسری وہ صورت جس میں تیسرے شخص کا دخل ہو۔ اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنّت قدس سرّہ العزیز نے ''سُود سے بچنے کے طریقے کہ زیادہ لیں اور سُود نہ ہو'' کے عنوان کے تحت ان دونوں صورتوں کو ذکر فرمایا ہے اور ان میں جواز اور عدم جواز کی تفریق نہیں فرمائی ہے بلکہ ان دونوں صورتوں کو سُود سے بچنے کا حیلہ قرار دیا ہے اور بہت صراحت کے ساتھ فرمایا ہے کہ ''بیعِ عینہ صرف مکروہ تنزیہی ہے''۔ اور یہ بھی فرمایا ہے کہ جس حدیث میں بیعِ عینہ کا تذکرہ ہے یعنی ''جب تم بیعِ عینہ کرو گے اور بیلوں کی دُمیں پکڑو گے تو تم ذلیل ہو جاؤ گے اور تمہارا دشمن تم پر غالب آ جائے گا'' اس سے بیعِ عینہ کی ممانعت ثابت نہیں ہوتی ہے۔ جب کہ شارح صحیح مسلم علامہ غلام رسول صاحب سعیدی نے بیعِ عینہ کی مذکورہ دونوں صورتوں کو ناجائز قرار دیا ہے اور واضح کیا ہے کہ متعدد فقہاء احناف (مثلاً صاحب کفایہ علامہ جلال الدین خوارزمی صاحب' عنایہ علامہ بابرتی' علامہ زیلعی' علامہ علی قاری وغیرہم) نے حدیثِ مذکور (جب تم بیعِ عینہ کرو گے الخ) کی بنیاد پر بیعِ عینہ کو ممنوع قرار دیا ہے۔

اور جب علامہ سعیدی صاحب نے بیع عینہ کی دونوں صورتوں کو ناجائز قرار دیا ہے اور اس پر احادیث اور مختلف کتب فقہ سے دلائل پیش کیے ہیں تو اس میں وہ صورت بھی آ گئی جس کو امام اہلِ سنّت نور اللہ مرقدہٗ نے ''سُود سے بچنے کے حیلے'' کے عنوان کے تحت جائز قرار دیا ہے۔ اس کے باوجود مفتی نظام الدین صاحب کا یہ لکھنا کس قدر تعجب خیز ہے کہ ''سعیدی صاحب کی کھینچی ہوئی تصویر یقیناً مجسم قباحت ہے اس لیے وہ حرام و گناہ ہے لیکن اسے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے کبھی اور کہیں جائز نہیں کہا۔ تو اگر اس کی حرمت پر گیارہ نہیں' گیارہ سو دلائل بھی فراہم کر دیئے جائیں تو اس سے فقہ کے اس مہر درخشاں کی تابانی پر کیا اثر پڑ سکتا ہے''۔

اس تفصیل سے ظاہر ہو گیا کہ مولانا مصباحی صاحب نے علامہ سعیدی صاحب کے اعتراض کے جواب کی جو ناکام کوشش کی ہے وہ سراسر مغالطہ آفرینی پر مبنی ہے اور علامہ سعیدی صاحب کا اعتراض اٹھائے نہیں اٹھتا۔

ندائے یا محمد ﷺ

مفتی نظام الدین مصباحی صاحب نے ''ندائے یا محمد ﷺ'' کے مسئلے میں بھی علامہ غلام رسول صاحب سعیدی سے اختلاف کیا ہے۔ ان کی عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنّت الشاہ احمد رضا خان قدس سرّہ العزیز نے تجلی الیقین میں ندائے یا محمد ﷺ

Marfat.com

کو ممنوع قرار دیا ہے اس دلیل کی بنیاد پر کہ خود ربّ العالمین نے اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نام لے کر نہیں پکارا اس کا مطلب یہ ہے کہ قرآن حکیم میں نام لے کر نہیں پکارا۔ جیسا کہ اعلیٰ حضرت علیہ الرّحمۃ کی عبارت کے سیاق وسباق سے واضح ہوتا ہے۔ بلکہ ایک مقام پر اعلیٰ حضرت علیہ الرّحمۃ نے صراحت کے ساتھ فرمایا ہے کہ ''غرض قرآن عظیم کا عام محاورہ ہے کہ تمام انبیاء کرام کو نام لے کر پکارتا ہے مگر جہاں محمد رسول اللہ ﷺ سے خطاب فرمایا ہے حضور کے اوصاف جلیلہ والقاب جمیلہ ہی سے یاد کیا ہے''۔

اس عبارت سے واضح ہے کہ اعلیٰ حضرت نے جو فرمایا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو نام کے ساتھ نداء نہیں فرمائی اس کا مطلب یہ ہے کہ قرآن حکیم میں نام کے ساتھ نداء نہیں فرمائی۔

علامہ غلام رسول صاحب سعیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرّحمۃ کے اس سیاق وسباق سے صرف نظر کر گئے اور آپ کی عبارات میں تعارض ثابت کرنے کے لیے دو عبارتیں جمع کر دیں کہ ''تجلی الیقین کے صفحہ ۲۶ پر اعلیٰ حضرت نے لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو یا محمد کے ساتھ نداء کرنا حرام ہے' جسے اس کا مالک ومولیٰ تبارک وتعالیٰ نام لے کر نہ پکارے غلام کی کیا مجال کہ وہ ادب سے تجاوز کرے۔ اور صفحہ ۲۸ پر یہ روایت استدلال میں پیش کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو یا محمد کے ساتھ نداء کی ہے۔

مفتی نظام الدین مصباحی لکھتے ہیں: ''کاش کہ حضرت سعیدی صاحب نے کلام اعلیٰ حضرت کے سیاق وسباق سے صرف نظر نہ فرمایا ہوتا تو انہیں اپنے مزعومہ تعارض وتسامح سے صرف نظر کی حاجت نہ پیش آتی''۔

اس کا جواب یہ ہے کہ علامہ سعیدی صاحب نے کلام اعلیٰ حضرت کے سیاق وسباق سے قطعاً صرفِ نظر نہیں کیا ہے' بلکہ بہت وضاحت کے ساتھ خود لکھا ہے: ''ہوسکتا ہے کہ اعلیٰ حضرت رحمہ اللہ کی مراد یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ جلّ مجدہٗ نے قرآن مجید میں سیّدنا محمد ﷺ کو نام لے کر نہیں پکارا''۔ (شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۱۴)

کاش کہ مفتی نظام الدین صاحب نے علامہ سعیدی صاحب کی بحث کے مکمل مطالعہ سے صرفِ نظر نہ فرمایا ہوتا تو انہیں مذکورہ اعتراض کی حاجت نہ پیش آتی۔

علامہ سعیدی صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ ''احادیثِ قدسیہ میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو بہ کثرت یا محمد کے ساتھ خطاب کیا ہے اور ہمارے نزدیک احادیث بھی حجت ہیں''۔ (ایضاً)

علامہ نظام الدین صاحب نے شارح صحیح مسلم کی اس عبارت پر تبصرہ کرتے ہوئے دو باتیں کہی ہیں:

(۱) ایک تو یہ کہ ''احادیث قدسیہ میں بھی واقعتاً اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو نام لے کر نہیں پکارا بلکہ القابات سے پکارا ہے لیکن نبی اکرم ﷺ جب اس کو بیان فرماتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کے خطاب کو تواضعاً ''یا محمد'' سے تعبیر فرماتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ جب خود اپنا کلام پاک اپنے محبوب پر نازل فرماتا ہے تو اس میں خطاب آپ کے اوصاف جلیلہ سے کرتا ہے''۔

(۲) ''ویسے جن احادیث قدسیہ میں یا محمد آیا ہے ان کو اگر ظاہر پر محمول کر دیا جائے تب بھی کوئی تعارض نہیں ہے''۔

مفتی نظام الدین صاحب نے اپنی پہلی بات پر کوئی دلیل پیش نہیں فرمائی۔ نہ یہ بیان فرمایا کہ اس تاویل کا ماٰخذ اور مصدر کیا ہے؟ بلکہ اس تاٰویل میں بہ ظاہر رسول اللہ ﷺ کی طرف کلامِ الٰہی میں تحریف کی نسبت کرنا ہے کہ اللہ عزّ وجل تو یا یھا الرسول اور یا یھا النبی وغیرہ سے پکارتا تھا اور رسول اللہ ﷺ اس کو یا محمد سے تبدیل فرما دیا کرتے تھے۔

بالفرض اگر یہ تاویل درست بھی ہو تو زیادہ سے زیادہ یہ لازم آئے گا کہ احادیث قدسیہ سے یا محمد کہنا (یعنی اللہ عزّ وجل کا یا محمد کہنا) ثابت نہیں ہے۔ جب کہ کئی احادیث مبارکہ ایسی ہیں جن میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یا محمد کہنا ثابت ہے۔ اس پر حسب ذیل دلائل ہیں:

صحیح مسلم میں ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منوّرہ تشریف لائے تو مرد اور عورتیں گھروں کی چھتوں پر چڑھ گئے' بچے اور خدام راستوں میں پھیل گئے اور وہ نعرے لگا رہے تھے: یا محمد یا رسول اللہ' یا محمد یا رسول اللہ۔ (صحیح مسلم ج ۲ ص ۴۱۹' طبع کراچی)

Marfat.com

امام محمد بن اسماعیل بخاری روایت کرتے ہیں کہ سیّدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا پیر سُن ہوگیا، کسی شخص نے کہا: آپ اس کو یاد کیجئے جو آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہو۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا: یا محمد (ﷺ)۔

(الادب المفرد للامام البخاری ص ۲۶۲، الشفاء للامام القاضی عیاض جز ۲ ص ۱۸، عمل الیوم واللیلۃ ص ۶۷)

خود رسول اللہ ﷺ نے ایک نابینا صحابی کو یہ دعا تعلیم فرمائی: **اللھم انی اسئلک واتوجہ الیک بمحمد نبی الرحمۃ یا محمد انی قد توجھت بک الی ربی فی حاجتی ھذہ لتقضی اللھم فشفعہ فی.** (سنن ابن ماجہ ص ۹۹)

حافظ ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں اور حافظ ابن اثیر نے الکامل میں ذکر فرمایا کہ جنگِ یمامہ میں مسلمان وہ نعرہ لگا رہے تھے جو ان کا شعار تھا۔ **وکان شعارھم یومئذ یا محمداہ** اور ان کا شعار اس دن ''یا محمداہ'' کہنا تھا۔

(البدایہ والنہایہ ج ۶ ص ۳۲۴، الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۲۴۶)

ان تمام احادیث میں صحابہ کرام کی جانب سے ندائے یا محمد کی صراحت ہے۔ یہاں کیا تاویل کی جائے گی؟ اور تمام مثالوں کا کیا محمل ہوگا؟

یاد رکھیے! نبی اکرم ﷺ کا نام نامی اسم گرامی محض نام نہیں ہے بلکہ یہ نام پاک تمام فضائل ومناقب کا جامع، تمام محامد کو شامل اور تمام محاسن کو حاوی ہے۔ سو کسی بھی حدیث میں کسی کی بھی جانب سے نبی اکرم ﷺ کو ''یا محمد'' کے ذریعہ پکارا گیا ہے وہاں محض نام کے طور پر نہیں پکارا گیا بلکہ درحقیقت اس نداء کے ذریعے آپ کو تمام محاسن ومکارم اور جمیع خصائل وشمائل کے ساتھ متصف کیا گیا ہے۔

ابن قیم جوزی ''جلاء الافھام'' میں رقمطراز ہیں: **یقال احمد فھو محمد کما یقال علم فھو معلم وھذا علم و صفۃ اجتمع فیہ الامران فی حقہ ﷺ۔** ''کہا جاتا ہے اس کی حمد کی گئی تو وہ محمد ہے، جس طرح کہا جاتا ہے اس نے تعلیم دی تو وہ معلّم ہے۔ لہٰذا یہ لفظ (محمد) نام بھی ہے اور صفت بھی اور آپ کے حق میں یہ دونوں چیزیں جمع ہیں''۔

پھر کچھ صفحات کے بعد لکھتے ہیں: **والوصفیۃ فیھما لا تنافی العلمیۃ وان معناھما مقصود۔** ''محمد اور احمد کا وصف ہونا ان کے علم ہونے کے منافی نہیں ہے اور ان دونوں کے معنی کا قصد کیا جاتا ہے''۔

(جلاء الافہام ص ۹۲۔۱۱۳، مطبوعہ فیصل آباد بحوالہ شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۱۱)

ندائے یا محمد ﷺ کے متعلق اگر اس توجیہ کو پیش نظر رکھا جائے تو بہت سارے اشکالات خود بہ خود رفع ہو جائیں گے۔ نہ احادیثِ قدسیہ میں تاویل کی ضرورت پیش آئے گی نہ ان احادیث پر اشکال وارد ہوگا جن میں صحابہ کرام کی جانب سے ''یا محمد'' کہا گیا ہے۔

(۲) مفتی صاحب کی دوسری بات عجیب وغریب ہے۔ جب احادیثِ قدسیہ کو ظاہر پر محمول کیا جائے اور کسی قسم کی تاویل کا سہارا نہ لیا جائے تو کیا اس کا صاف اور سیدھا مطلب یہ نہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے یا محمد کے ذریعہ نداء فرمائی ہے؟ اور جب اللہ تعالیٰ نے ''یا محمد'' کے ذریعہ نداء فرمائی ہے تو مفتی صاحب مدّ ظلّہ کی تمام تر بحث کا کیا حاصل رہا؟

پھر یہاں ایک اور قابلِ غور امر یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والرضوان نے ''انوار الانتباہ فی حلّ نداء یا رسول اللہ'' کے نام سے ایک رسالہ لکھا ہے، جس میں آپ نے ندائے یا رسول اللہ کے ثبوت پر دلائل فراہم کیے ہیں۔ ان میں سے اکثر دلائل ایسے ہیں جن میں ندائے یا محمد کے ثبوت اور جواز کے دلائل سے ندائے یا رسول اللہ کو ثابت کیا ہے۔

چنانچہ پہلی دلیل میں سنن ترمذی، ابن ماجہ، مستدرک اور صحیح ابن خزیمہ کے حوالے سے وہ حدیث پیش فرمائی ہے، جس میں رسول اللہ ﷺ نے ایک نابینا کو بینائی کے لیے دعا تلقین فرمائی جس میں یہ الفاظ ہیں: **یا محمد انی اتوجہ بک الی ربی فی حاجتی ھذہ لتقضی لی** (انوار الانتباہ ص ۶، مطبوعہ مکتبہ رضائے مصطفیٰ گوجرانوالہ) دوسری دلیل کے طور پر بھی اسی حدیث کو امام طبرانی کی معجم صغیر کے حوالہ سے ذکر کیا ہے، جس میں حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعہ ہے، جن کی طرف حضرت عثمان متوجہ نہیں ہوتے تھے اور مذکورہ دعا کے

Marfat.com

بعد ان کی حاجت پوری ہوگئی۔ (حوالۂ سابق)

تیسری دلیل میں امام بخاری کے حوالے سے ایک حدیث نقل کی ہے جس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا پیر سُن ہوگیا اور ان سے کہا گیا کہ سب سے محبوب شخص کا یاد کرو تو انہوں نے بآواز بلند کہا: یا محمداہ۔ (انوار الانتباہ ص ۹)

چوتھی دلیل میں کامل ابن اثیر کے حوالہ سے یہ روایت پیش کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں جب قحط پڑ گیا تو حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بکری ذبح کی تو اس کی کھال کے نیچے سے نری سرخ ہڈی نکلی۔ یہ دیکھ کر انہوں نے ندا کی: یا محمداہ ۔ (انوار الانتباہ ص ۱۰)

پانچویں دلیل مین نسیم الرّیاض کے حوالہ سے یہ بیان کیا ہے اہلِ مدینہ میں قدیم سے یا محمداہ کہنے کا رواج تھا۔

(انوار الانتباہ ص ۹)

ان پانچ روایات سے استدلال کے بعد چند فقہی عبارات' واقعات اور وظائف سے استدلال کیا ہے۔ ذیل میں ایک واقعہ اور ایک وظیفہ ملاحظہ ہو:

امام ابن جوزی کی عیون الحکایات کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ شام کے تین نوجوان بھائی ہمیشہ جہاد فی سبیل اللہ کرتے تھے۔ ان کو عیسائی بادشاہ نے دعوت دی کہ تم عیسائی ہو جاؤ تو میں اپنی بیٹیوں کی تم سے شادی کردوں گا۔ انہوں نے انکار کیا اور کہا: یا محمداہ .

(انوار الانتباہ ص ۱۲۔۱۱)

رسالہ مبارکہ شطّاریہ سے یہ وظیفہ نقل کیا ہے: ذکرِ کشفِ ارواح یا احمد یا محمد در دو طریق است.

(انوا الانتباہ ص ۱۸)

ان تمام حوالہ جات سے ظاہر ہوا کہ اعلیٰ حضرت کے نزدیک یا محمد کہنا جائز ہے۔ کیونکہ انہوں نے یا محمد کہنے کے جواز سے یا رسول اللہ کہنے کا جواز ثابت کیا ہے۔

اب اگر یہ کہا جائے گا کہ ''یا محمد کے ساتھ نداء کرنی ناجائز اور حرام ہے'' تو لازم آئے گا کہ رسول اللہ ﷺ نے نابینا صحابی کو خلاف ادب اور حرام طریقے سے نداء کرنے کی تعلیم دی اور حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت بلال بن حارث مزنی' حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تمام اہلِ مدینہ جو یا محمداہ کے ساتھ نداء کرتے تھے سب حرام کا ارتکاب کرتے رہے۔ (العیاذ باللہ العظیم)

نیز اگر ندائے یا محمد کو ناجائز قرار دیا جائے تو اعلیٰ حضرت کا رسالۂ مبارکہ ''انوار الانتباہ'' کالعدم ہو جائے گا کیونکہ اس میں یا رسول اللہ ﷺ کے جواز کی بناء یا محمداہ کے جواز پر کی گئی ہے۔

اسی طرح ہمارے زمانے میں اہلِ سنّت کے نہایت ممتاز اور موقر عالم دین حضرت استاذ العلماء علامہ محمد عبدالحکیم صاحب شرف قادری زید شرفہم نے ندائے یا رسول اللہ ﷺ کے نام سے ایک رسالہ لکھا ہے جس کو برکاتی پبلشرز نے نعرۂ رسالت کے نام سے شائع کیا ہے اس میں حضرت شرف صاحب نے بھی ندائے یا رسول اللہ کے جواز کو ندائے یا محمد کے دلائل سے ثابت کیا ہے۔

چنانچہ پہلی دلیل میں ترمذی وغیرہ کے حوالہ سے وہی نابینا کی حدیث پیش کی ہے جس میں یہ جملہ ہے۔ یا محمد انی قد توجهت بک الی ربی (الحدیث)۔ (نعرۂ رسالت' ص ۶۰ مطبوعہ برکاتی پبلشرز کراچی)

دوسری دلیل میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پیر سُن ہونے والی حدیث پیش کی ہے جس میں انہوں نے کہا تھا: یا محمداہ۔ (نعرۂ رسالت ص ۶۶)

تیسری دلیل میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہن حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا واقعہ پیش کیا ہے کہ جب وہ حراست میں میدانِ جنگ سے گزریں تو یوں فریاد کی: یا محمداہ ' یا محمداہ ۔ (نعرۂ رسالت ص ۶۷) نیز شرف صاحب نے اس وظیفے سے بھی

Marfat.com

استدلال کیا ہے کہ جواہر خمسہ میں مذکور ہے کہ فتوح ابواب اقبال کے واسطے ہر روز پانچ سو بار پڑھے: **ناد علیا مظهر العجائب تجده عونا لک فی النوائب کل هم و غم سینجلی بنبوتک یا محمد** ۔(نعرۂ رسالت ص۹۹)

رسالے کے اختتام پر شرف قادری صاحب لکھتے ہیں:

''یہی عقیدہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کا ہے۔انہوں نے اپنی تصانیف میں دنیائے اسلام کے مسلّم اور مستند علماء کے ارشادات اور قرآن وحدیث کے حوالے سے اپنے معتقدات کو پیش کیا ہے''۔

حضرت شرف صاحب قادری زید شرفہم مسلک امام احمد رضا کے بہت عظیم ترجمان اور نقیب ہیں اور انہوں نے بھی ندائے یارسول اللہ کو ندائے یا محمد کی احادیث اور وظائف سے ثابت کیا ہے۔اور شرف صاحب بلاشبہ ہمارے زمانے کے اکابر علماء میں سے ہیں۔اس سے معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک بھی ندائے یا محمد جائز ہے اور منسوخ نہیں ہے۔اب بہرحال شارح صحیح مسلم کا پیش کردہ یہ اشکال ان تمام حضرات کے ذمہ رہا کہ تجلی الیقین میں اعلیٰ حضرت کا ندائے یا محمد کو حرام اور ممنوع قرار دینا ان تمام احادیث اور تصریحاتِ علماء سے معارض ہے۔اور انتہائی سرتوڑ کوششوں کے باوجود شارح کا یہ اشکال آج تک نہیں اٹھ سکا ہے۔

ڈاڑھی میں قُبضہ کا وجوب

مفتی نظام الدین رضوی مصباحی صاحب نے شارح صحیح مسلم علاّمہ غلام رسول صاحب سعیدی سے ڈاڑھی میں قُبضہ کے وجوب کے مسئلے میں بھی اختلاف کیا ہے۔اور علاّمہ کی تحقیق پر مختلف اعتراضات کیے ہیں اور اپنے دلائل سے یہ ثابت کیا ہے کہ ڈاڑھی میں ایک مشت کی مقدار شرعاً واجب ہے۔اس سلسلے میں بالترتیب ان کے اعتراضات کا خلاصہ اور ان اعتراض کے جوابات کی تفصیل درج ذیل ہے:

اعتراض ۱: پہلا اعتراض تو یہ ہے کہ ''ایک مشت ڈاڑھی رکھنا سنّت ہے'' اور ''ایک مشت سے زائد کو کاٹنا سنّت ہے'' ان دونوں جملوں میں بہت فرق ہے۔علامہ سعیدی صاحب کا مدّعا ''ایک مشت ڈاڑھی رکھنا سنّت ہے'' یہ فقہ کی کسی عبارت سے ثابت نہیں ہے۔بلکہ علاّمہ نے اپنے مدّعا کو ثابت کرنے کے لیے جو عبارات پیش کی ہیں ان کا مفہوم یہ ہے کہ ''ایک مشت سے زائد ڈاڑھی کو کاٹنا سنّت ہے''۔ اس سے یہ سمجھنا کہ ''ایک مشت ڈاڑھی رکھنا سنّت ہے''۔یہ درست نہیں ہے؟

الجواب: یہ اعتراض قطعاً غلط ہے۔ایک مشت ڈاڑھی کا سنّت ہونا اور ایک مشت سے زائد کو کاٹنے کا سنّت ہونا' ان دونوں میں کوئی منافات نہیں ہے۔دلائل اور فقہاء کی عبارات سے دونوں امر ثابت ہیں۔

کتب فقہ میں جہاں یہ تصریح ہے کہ **السنة ان یقطع ما زاد علی قبضة یده** (یعنی قُبضہ سے زائد ڈاڑھی کو کاٹنا سنّت ہے) وہاں متعدد کتب میں یہ تصریح بھی ہے کہ **القدر المسنون فی اللحیة القبضة** (ڈاڑھی میں قدر مسنون قُبضہ ہے)۔

(ہدایہ اوّلین ص۲۰۱' مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ۔ بنایہ ج۱ ص۳۴۴' مطبوعہ لکھنؤ ۔ فتح القدیر ج۲ ص۲۷۰' مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔ تبیین الحقائق ج۱ ص۳۳۱' مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان وغیرہا)

اور یہ بھی واضح رہے کہ ہماری کتب میں قُبضہ کے صرف مسنون ہونے ہی کی تصریح نہیں ہے بلکہ علاّمہ علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ نے قُبضہ کے مستحب ہونے کی تصریح فرمائی ہے وہ لکھتے ہیں:

فالتقدیر لو اخذتم نواحی لحیته طولا و عرضا و ترکتم قدر المستحب وهو مقدار القبضة.

(شرح مسند امام اعظم ص۲۱۰' مطبوعہ مطبع محمدی لاہور)

(رسول اللہ ﷺ کے حضرت ابو قحافہ کو ڈاڑھی کاٹنے کے حکم میں) تقدیراً یہ ارشاد ہے کہ اگر تم ڈاڑھی کو طولاً و عرضاً لو اور قدر مستحب چھوڑ دو۔اور قدرِ مستحب قُبضہ کی مقدار ہے۔

اعتراض ۲: متعدد احادیث میں ڈاڑھی بڑھانے کا حکم فرمایا گیا ہے اور حقیقی معنی کے اعتبار سے امر وجوب کے لیے ہوتا ہے۔اس لیے ڈاڑھی بڑھانا واجب ہے۔مگر بڑھانے کی حد کیا ہے' یہ مجہول ہے اور اسی وجہ سے جن احادیث میں ڈاڑھیوں کو مطلقاً بڑھانے کا تذکرہ

Marfat.com

ہے وہ مجمل ہیں۔ جب احادیث مجمل ہیں تو ان کی تفسیر اور بیان کو تلاش کرنا ضروری ہے۔ چنانچہ فقہاء احناف نے یہی کیا کہ جب انہیں احادیث میں بیان نہ ملا تو آثارِ صحابہ میں اسے تلاش کیا اور آثارِ صحابہ میں ان احادیث مجملہ کا بیان مل گیا۔ یعنی یہ کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مشت سے زائد ڈاڑھی کو کاٹ کر کم کرتے تھے۔ لہٰذا ان حضرات کا یہ فعل احادیثِ مجملہ کا بیان ہے۔ سو ڈاڑھی بڑھانے کی واجبی حد ایک مشت ہوئی۔

مفتی نظام الدین صاحب نے اس مقام پر توضیحاً فقہ سے ایک نظیر پیش کی ہے کہ جس طرح ہمارے فقہاء کے نزدیک سر کے مسح کا حکم مجمل ہے اور حدیثِ ناصیہ اس کا بیان ہے' اسی طرح زیر بحث مسئلہ میں بھی ڈاڑھی بڑھانے کے متعلق رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک مجمل ہے اور سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فعل اس کا بیان ہے۔

الجواب: اوّلاً یہ قیاس صحیح نہیں ہے' کیونکہ سر کے مسح کی مقدار مجمل ہے لیکن اس کا بیان خود رسول اللہ ﷺ کا فعل ہے' حدیث میں ہے:

عن المغيرة بن شعبة رضى الله عنه ان النبى ﷺ توضا فمسح بناصيته. الحديث.

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے وضو کیا پھر پیشانی کی مقدار کے برابر سر کا مسح کیا۔

(صحیح مسلم الطہارۃ' رقم الحدیث: ۸۳' سنن ابوداؤد رقم الحدیث: ۱۵۰' سنن ترمذی رقم الحدیث: ۱۰۰' سنن نسائی رقم الحدیث: ۱۰۷)

پس کسی مجمل کا بیان رسول اللہ ﷺ کا فعل ہو سکتا ہے۔ لیکن زیر بحث مسئلہ میں ڈاڑھی بڑھانے کے مجمل حکم کا بیان رسول اللہ ﷺ کا فعل نہیں ہے بلکہ حضرت ابن عمر اور حضرت ابو ہریرہ کا فعل ہے لہٰذا یہ قیاس مع الفارق ہے۔

الجواب: ثانیاً یہ بات درست نہیں ہے کہ جن احادیث میں ڈاڑھی کو بڑھانے کا حکم فرمایا گیا ہے وہ مجمل ہیں۔ اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ کا جو حلیہ مبارکہ کتب احادیث و سیرت میں بیان کیا گیا ہے اس میں ان فرامین کی تشریح اور بیان موجود ہے۔ چنانچہ شفاء شریف میں قاضی عیاض مالکی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

كث اللحية تملأ صدره.

آپ ﷺ کی ڈاڑھی مبارک گھنی تھی جو کہ سینے کے بالائی حصے کو بھر لیتی تھی۔

(شفاء ج ۱ ص ۳۸' مطبوعہ عبدالتواب اکیڈمی' ملتان)

اس عبارت سے واضح ہو گیا کہ نبی اکرم ﷺ نے جن احادیث میں ڈاڑھی کو بڑھانے کا حکم فرمایا ہے اس سے آپ کی کیا مراد اور کیا مطلوب ہے۔ اس لیے ان احادیث کو مجمل نہیں کہا جا سکتا۔

اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ کتب اصول میں ہے کہ تقليد الصحابى واجب اجماعا (بالاجماع صحابی کی تقلید واجب ہے) لہٰذا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے فعل (قبضہ بھر ڈاڑھی) کی اتباع اور اس کی تقلید واجب ہے؟ تو اس کا ایک جواب یہ ہے کہ کسی کے محض فعل کی اتباع کو تقلید نہیں کہتے ہیں بلکہ قول یا ایسا فعل جو قول کے ساتھ ہو اس کی پیروی پر تقلید کا اطلاق ہوتا ہے۔ چنانچہ بحر العلوم عبد العلی بن نظام الدین نے تقلید کی تعریف اس طرح کی ہے کہ: بغیر حجت اور دلیل کے غیر کے قول کو قبول کرنا تقلید ہے۔ (فواتح الرحموت ج ۲ ص ۴۰۰' مطبوعہ مصر) علامہ نووی نے تعریف اس طرح کی ہے: التقليد قبول قول المجتهد والعمل به۔ مجتہد کے قول کو قبول کرنا اور اس پر عمل کرنا تقلید ہے۔ (تہذیب الاسماء واللغات ج ۴ ص ۱۰۱' مطبوعہ بیروت) امام غزالی نے تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے: التقليد هو قبول قول بلا حجة۔ کسی کے قول کو بلا دلیل قبول کرنا تقلید ہے (المستصفی ج ۲ ص ۳۸۹' مطبوعہ مصر) علامہ سید علی بن محمد الجرجانی نے بھی تقلید کی تعریف میں یہی کہا ہے کہ بلا دلیل غیر کے قول کو قبول کرنا تقلید ہے۔ (التعریفات ص ۴۸' مطبوعہ دار الفکر بیروت)

ان تمام تعریفات سے معلوم ہوا کہ تقلید کا متعلق قول ہے نہ کہ فعل۔ لہٰذا تقليد الصحابى واجب کا اصول بالکل برحق اور درست ہے لیکن اس میں سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قبضہ بھر ڈاڑھی رکھنا شامل نہیں ہے کیونکہ یہ ان کا فعل ہے۔ اور تقلید کا تعلق قول سے

Marfat.com

ہے نہ کہ فعل سے۔ اگر قبضہ بھر ڈاڑھی رکھنے کے بارے میں سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما یا کسی اور صحابی کا قول ہوتا تو ''تقلید الصحابی واجب'' کا اس پر منطبق کرنا درست ہوتا لیکن یہاں ایسا نہیں ہے۔

اعتراض ۳: حدیث ''عشر من الفطرة'' کا سہارا لے کر علامہ سعیدی صاحب نے مقدارِ قبضہ کو سنت قرار دینے کی جو کوشش کی ہے اس کی بنیاد اس بات پر ہے کہ ''فطرة'' کا معنی سنت ہونا متعین ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ اس کا ایک معنی دین وشریعت بھی ہے۔ اسی لیے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے فطرۃ کا ترجمہ ''شرائع قدیمہ مستمرہ'' کے الفاظ سے فرمایا ہے۔ دوسرا یہ کہ سنت کا معنی اگر متعین بھی ہو تو یہ اس امر کے منافی نہیں کہ شریعت محمدیہ میں کسی خصوصی فرمان کی وجہ سے وہ واجب ہو۔ یعنی جائز ہے کہ کوئی کام سنت انبیاء سے ہو اور شریعت محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلاۃ والتحیۃ میں کسی خصوصی فرمان کی وجہ سے واجب ہو اور زیر بحث مسئلہ میں ایسا ہی ہے۔ کیونکہ سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ''اعفوا اللحی'' فرما کر اعفاء کو واجب فرما دیا ہے۔

الجواب: علامہ سعیدی صاحب نے ''عشر من الفطرة'' میں فطرۃ کا ترجمہ ''سنت'' سے ضرور کیا ہے۔ لیکن اس تقابل یا تناظر میں نہیں کہ فطرۃ کا کوئی اور معنی ہی نہیں ہے یا اس کے دیگر معانی غلط ہیں۔ بلکہ سنت سے اس کا ترجمہ اس لیے کیا ہے تاکہ وجوب کی نفی ہو۔ مفتی نظام الدین صاحب کا یہ فرمانا کہ ''فطرت کا ایک معنی دین وشریعت بھی ہے جیسا کہ امام اہلِ سنت علیہ الرحمۃ نے ترجمہ فرمایا ہے''۔ یہ سنت کے ترجمہ کے خلاف نہیں ہے۔ اس لیے کہ دین وشریعت کا ترجمہ معنیٔ واجب کو مستلزم نہیں ہے۔ بلکہ دین وشریعت کا ترجمہ بمنزلۂ مجمل ہے اور سنت کا ترجمہ بمنزلۂ بیان ہے۔ کیونکہ دین وشریعت کے ترجمہ کے مطابق جب اشیاءِ عشرہ کا تعلق دین اور شریعت سے ہے تو اب ہم دلائل کی روشنی میں ان دس چیزوں کا حکم متعین کریں گے کہ آیا دین اور شریعت میں یہ دس چیزیں سنت ہیں یا واجب۔ سو ''عشر من الفطرة'' میں فطرۃ کا ترجمہ سنت بھی ٹھیک ہے اور دین وشریعت بھی ٹھیک ہے۔ صدر الشریعہ علامہ امجد علی اعظمی قدس سرہ العزیز نے فطرۃ کا ترجمہ سنت سے کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

''صحیح بخاری ومسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پانچ چیزیں فطرت سے ہیں۔ یعنی انبیاء سابقین علیہم السلام کی سنت سے ہیں۔'' الخ (بہار شریعت ج ۱۶ ص ۱۳۰ مشتاق بک کارنر لاہور)

اسی بحث میں آگے لکھتے ہیں: ڈاڑھی بڑھانا سنن انبیاء سابقین سے ہے۔ (جزء ۱۶ ص ۱۳۳)

بلکہ خود امام اہلِ سنت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مقام پر فطرت کا ترجمہ سنت سے کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: **عشر من الفطرة قص الشارب واعفاء اللحية** (الحدیث) یعنی دس چیزیں سنت قدیم انبیاء عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰ ص ۵۵، مطبوعہ برکاتی پبلشرز کراچی)

مفتی نظام الدین صاحب نے اپنے اسی تیسرے اعتراض میں یہ بھی لکھا ہے کہ ''سنت کا معنی اگر متعین بھی ہو تو یہ اس امر کے منافی نہیں کہ شریعتِ محمدیہ علی صاحبہا التسلیم والتحیہ میں کسی خصوصی فرمان کی وجہ سے وہ واجب ہو اور زیر بحث مسئلہ میں ایسا ہی ہے''۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اوّلاً سنت کا معنی کسی کے نزدیک خصوصاً علامہ سعیدی صاحب کے نزدیک متعین نہیں ہے۔ ثانیاً سنت کا معنی جس طرح واجب ہونے کے منافی نہیں ہے اسی طرح یہ معنی واجب ہونے کو مستلزم بھی نہیں ہے۔ اور ''**واعفوا اللحی**'' سے وجوب پر استدلال کا جواب یہ ہے کہ یہ امر وجوب کے لیے نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا قرینہ صارفہ آپ کا طولاً اور عرضاً ڈاڑھی کو کاٹنا ہے۔ (سنن ترمذی رقم الحدیث: ۲۷۶۲، الضعفاء للعقیلی ج ۳ ص ۱۹۵، الکامل لابن عدی ج ۵ ص ۱۶۸۹) اور کاٹنا بڑھانے کے منافی ہے۔ سو جب یہ واجب نہ رہا تو اس کو استحباب پر محمول کرنا پڑے گا۔

اعتراض ۴: علامہ سعیدی صاحب فرماتے ہیں کہ ''ہمارے نزدیک مطلقاً ڈاڑھی رکھنا واجب ہے اور ڈاڑھی کے تحقق کے لیے ڈاڑھی کی اتنی مقدار ہونی چاہیے جس پر عرف میں ڈاڑھی کا اطلاق ہو سکے۔ خواہ وہ قبضہ سے ایک آدھ انگل کم ہو'' عرض ہے کہ ڈاڑھی اگر مشت سے ایک آدھ انگل کم ہو تو بھی یہ اعفاء ہی ہے۔ یوں آپ کے بقول اعفاء واجب ہوا اور حدیث **عشر من الفطرة** میں مطلق اعفاء ہی کا

Marfat.com

ذکر ہے۔ پھر تو آپ کے طرز استدلال کی روشنی میں یہ بات بھی عجیب ہوئی کہ آپ حدیث میں مذکور چیزوں کو سنت مانتے ہیں اور ایک چیز ''اعفاء'' کو واجب گردانتے ہیں؟

الجواب: یہ اعتراض کہ ''سعیدی صاحب کے بہ قول عشر من الفطرة میں' سے ۹ چیزیں سنت اور اعفاء واجب ہے'' یہ درست نہیں ہے۔ اس لیے کہ علامہ سعیدی صاحب کے نزدیک مطلقاً ڈاڑھی رکھنا واجب ہے اور اعفاء سنت مستحبہ ہے۔ لہٰذا تعارض نہیں ہے۔

مطلقاً ڈاڑھی رکھنے کے وجوب پر دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ڈاڑھی منڈانے پر انکار فرمایا ہے۔ امام ابن ابی شیبہ حضرت عبید اللہ بن عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک مجوسی آیا' اس حال میں کہ اس نے ڈاڑھی منڈائی ہوئی تھی اور مونچھیں لمبی رکھی ہوئی تھیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے اس نے کہا یہ ہمارے دین میں ہے۔ آپ نے فرمایا: ہمارے دین میں یہ ہے کہ ہم مونچھیں کم کرائیں اور ڈاڑھی بڑھائیں۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۸ ص ۳۷۹)

اعفاء کے سنتِ مستحبہ ہونے پر دلیل سطور گذشتہ میں گزر چکی ہے۔ حاصل یہ کہ مطلقاً ڈاڑھی رکھنا واجب ہے اور اعفاء سنتِ مستحبہ ہے۔ لہٰذا عشر من الفطرة کے فرمان میں جو دس چیزیں بیان فرمائی گئی ہیں' وہ سنت ہیں اور مطلقِ لحیہ کا وجوب اس روایت سے ثابت ہے جو مصنف ابن ابی شیبہ کے حوالہ سے اوپر ذکر کی گئی ہے۔

اعتراض ۵: اگر کسی کی ڈاڑھی چار انگل سے آدھ انگل کم ہو مثلاً ساڑھے تین انگل تو اسے کٹا کر تین انگل کر لینا حضرت سعیدی صاحب کے نزدیک جائز ہے۔ جیسا کہ ان کے درج بالا فرمان سے ظاہر ہے۔ حالانکہ ہمارے فقہاء کرام بالاتفاق اسے واجب قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ فتاویٰ رضویہ لمعۃ الضحیٰ میں ہے:

''امام محقق علی الاطلاق فتح القدیر' پھر علامہ زین الدین ابن نجیم مصری البحر الرائق' پھر علامہ ابو الاخلاص حسن بن عمار شرنبلالی غنیۃ ذوی الاحکام' پھر علامہ محمد علی دمشقی درّ مختار' پھر علامہ سیدی احمد مصری حاشیۂ مراقی الفلاح سب علماء کتاب الصوم میں فرماتے ہیں: الاخذ من اللحیة وهی دون القبضة كما يفعله بعض المغاربة فلم يبحه احد۔ جب ڈاڑھی ایک مشت سے کم ہو تو اس میں سے کچھ لینا جس طرح بعض مغربی کرتے ہیں یہ کسی کے نزدیک حلال نہیں''۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۲۹)

غور فرمایئے! یہ حضرت صرف اپنا موقف بیان نہیں کر رہے ہیں بلکہ فرما رہے ہیں کہ لم يبحه احد۔ کسی کے نزدیک حلال نہیں؟

الجواب: یہ کہنا کہ ہمارے فقہاء کرام بالاتفاق ایک مشت کو واجب قرار دیتے ہیں' یہ درست نہیں ہے۔ کیونکہ جن فقہاء نے یہ لکھا ہے ''ڈاڑھی کو ایک مشت سے کم کرنا کسی نے مباح قرار نہیں دیا ہے'' ان فقہاء نے اور ان کے علاوہ متعدد فقہاء کرام نے تصریح فرمائی ہے کہ ڈاڑھی میں ایک مشت مسنون ہے۔ چنانچہ تمام ہی معروف کتب فقہ میں یہ عبارت ہے کہ ''ڈاڑھی میں قدرِ مسنون قبضہ ہے''۔

(حوالہ کے لیے دیکھئے: ہدایہ اولین ص ۲۰۱ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان' فتح القدیر ج ۲ ص ۲۷۰ مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر' بنایہ فی شرح الہدایہ ج ۱ ص ۳۴۴ مطبوعہ لکھنؤ' البحر الرائق ج ۲ ص ۲۸۰ مطبوعہ مطبعہ علمیہ مصر' تبیین الحقائق ج ۱ ص ۳۳۱ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان' حاشیۃ الدرر والغرر ج ۱ ص ۲۰۸ مطبوعہ مطبعہ عامرہ شرفیہ مصر' مرقات ج ۸ ص ۲۹۱ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان' درّ مختار علی ہامش الردّ ج ۲ ص ۱۵۵۔ ج ۵ ص ۳۵۹ مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول' ردّ المحتار ج ۵ ص ۳۵۹ مطبوعہ استنبول' حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی ص ۳۱۶ مطبوعہ مصر' فتاویٰ عالمگیری ج ۵ ص ۳۵۸ مطبوعہ مصر)

ثانیاً خود علامہ سعیدی صاحب نے شرح صحیح مسلم میں اس اعتراض کا جواب دیا ہوا ہے اور اس جواب سے مفتی نظام الدین صاحب نے کوئی تعرض نہیں فرمایا ہے۔ البتہ اعتراض کو دہرا دیا ہے کہ ''تمام فقہاء کرام نے ایک مُشت کو واجب قرار دیا ہے اور اس سے کم کو کسی نے مباح قرار نہیں دیا''۔ ہم اس اعتراض کے لیے علامہ سعیدی صاحب ہی کا جواب قلمبند کر رہے ہیں:

علامہ ابن ہمام نے جو یہ لکھا ہے:

واما الاخذ منها وهی دون ذلک كما يفعله بعض — اور اس (یعنی ڈاڑھی کے اکثر حصہ) سے مزید ڈاڑھی کم کرنا

Marfat.com

المغاربة و مخنثة الرجال فلم يبحه احد. جیسا کہ بعض مغاربہ اور ہیجڑے کرتے ہیں اس کو کسی نے مباح نہیں کہا۔ (فتح القدیر ج۲ص۲۷۰ مطبوعہ سکھر)

بعض علماء کہتے ہیں کہ اس عبارت میں علامہ ابن ہمام نے قُبضہ کو واجب کہا ہے یہ صحیح نہیں ہے اوّل تو یہ عبارت قُبضہ کے متعلق نہیں ہے' یہ ڈاڑھی کے اکثر اور غالب حصے کے متعلق ہے اور وہ قُبضہ سے عام ہے' ثانیاً یہ ٹھیک ہے کسی نے اس کو مباح نہیں کہا لیکن کسی نے قُبضہ سے کم ڈاڑھی کاٹنے کو حرام یا مکروہ تحریمی بھی نہیں کہا حتیٰ کہ قُبضہ کا وجوب ثابت ہو' ثالثاً علامہ ابن ہمام نے اسی صفحہ پر یہ تصریح کی ہے کہ ڈاڑھی میں قدر مسنون قُبضہ ہے' اور یہ اس بات پر نص ہے کہ قُبضہ سنت ہے واجب نہیں ہے۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں:

وهو اى القدر المسنون فى اللحية القبضة. (ایضاً) ڈاڑھی میں قدر مسنون قُبضہ ہے۔

اس لیے علامہ ابن ہمام کی اس دوسری عبارت میں تاویل کرنا ضروری ہے تا کہ ان کی دو عبارتیں متعارض نہ ہوں اور وہ تاویل یہ ہے کہ اباحت تحسین کے معنی میں ہے اور فلم يبحه احد ''اس کو کسی نے مباح نہیں کہا'' کا معنی ہے لم يحسنه احد ''اس کی کسی نے تحسین نہیں کی''، یعنی قُبضہ سے کم ڈاڑھی کاٹنے کو کسی نے مستحسن نہیں کہا۔ کیونکہ مستحسن طریقہ یہی ہے کہ قُبضہ تک ڈاڑھی رکھی جائے بلکہ سنت یہ ہے کہ اتنی لمبی ڈاڑھی رکھی جائے جو سینہ کے بالائی حصہ کو بھر لے' جیسا کہ احادیث میں ذکر ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی ڈاڑھی مبارک سینہ کو بھر لیتی تھی۔ (شرح صحیح مسلم ج۶ص۴۳۹)

''فلم يبحه احد'' کا ایک اور جواب جو شرح صحیح مسلم ہی میں موجود ہے وہ یہ ہے کہ علامہ علی بن سلطان محمد القاری الحنفی علیہ رحمۃ الباری نے قُبضہ کی مقدار کو مُستحب لکھا ہے۔ جیسا کہ اعتراضِ اوّل کے جواب میں باحوالہ ان کی عبارت ہم ذکر کر چکے ہیں۔ جب علامہ علی قاری نے مقدارِ قُبضہ کو مستحب لکھا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے نزدیک قُبضہ سے کچھ کم کرنا جائز ہے۔ اب اگر فلم يبحه احد کا معنی یہ کیا جائے کہ قُبضہ سے کچھ کم کرنے کو کسی نے مباح اور جائز نہیں کہا ہے تو علامہ علی قاری کا قُبضہ کو مستحب قرار دینا علماء کے ایک متفقہ موقف کے خلاف ہوگا۔ اور ہم یہ تصوّر نہیں کر سکتے کہ علاّمہ علی قاری حنفی جیسی ذی علم و فضل شخصیت علماء امت کے متفقہ مسئلہ سے ناواقف ہو۔ لہٰذا ہمیں فلم يبحه احد اور علاّمہ علی قاری کے قول استحباب کو آپس میں تعارض اور ٹکراؤ سے بچانے کے لے علاّمہ علی قاری کی عبارت کو فلم يبحه احد کی تفسیر اور شرح ماننا ہوگی۔ گویا علاّمہ علی قاری نے بتادیا کہ فلم يبحه احد کا معنی یہ ہے کہ قُبضہ سے کم کرنے کو کسی نے پسند نہیں کیا' کیونکہ پسندیدہ اور مستحب مقدار ایک مُشت ہے۔ اسی کو شارح صحیح مسلم نے اپنے جواب میں بیان کیا کہ ''لم يبحه احد کا معنی ہے لم يحسنه احد (اس کی کسی نے تحسین نہیں کی) یعنی قُبضہ سے کم ڈاڑھی کاٹنے کو کسی نے مستحسن نہیں کہا۔ کیونکہ مستحسن طریقہ یہی یہ ہے کہ قُبضہ تک ڈاڑھی رکھی جائے''۔

ہماری اس تقریر کی روشنی میں لم يبحه احد کی عبارت اور علامہ علی قاری کے قول استحباب سے تعارض اٹھ گیا اور شارح کی ذکر کردہ تاویل (لم يبحه احد کا معنی ہے: لم يحسنه احد) کی علامہ علی قاری سے تائید مل گئی۔ اور ساتھ ہی مفتی نظام الدین صاحب کے اس دعوے کی تردید ہوگئی کہ ڈاڑھی کو ایک مشت سے کم کرنا بالاتفاق ہمارے فقہاء کرام کے نزدیک ناجائز ہے۔

اعتراض ۶: شرح صحیح مسلم میں علاّمہ کاکی کے حوالہ سے ہے کہ رسول اللہ ﷺ ڈاڑھی کو طول سے کاٹ کر کم کرتے تھے۔ اور ترمذی کے حوالہ سے ہے کہ رسول اللہ ﷺ ڈاڑھی کو طول اور عرض سے کاٹ کر کم کرتے تھے۔ اس پر علاّمہ سعیدی صاحب لکھتے ہیں: ''میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث اس پر دلالت نہیں کرتی کہ نبی ﷺ ڈاڑھی کو قُبضہ کے بعد کاٹتے تھے''۔ (شرح صحیح مسلم ج۱ص۹۲۶)

مفتی نظام الدین صاحب اس پر لکھتے ہیں: اب میں کہتا ہوں یہ حدیث اس پر بھی دلالت نہیں کرتی کہ نبی ﷺ معاذ اللہ حدِ قُبضہ تک پہنچنے سے پہلے کاٹتے تھے۔

Marfat.com

الجواب: اللہ جانے مفتی نظام الدین صاحب کو یہ بات کہنے کی ضرورت کیوں پیش آئی کہ ''اب میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث اس پر بھی دلالت نہیں کرتی کہ نبی ﷺ معاذ اللہ حدِ قُبضہ تک پہنچنے سے پہلے کاٹتے تھے''۔ اس عبارت سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے سعیدی صاحب کا یہ موقف ہو کہ رسول اللہ ﷺ حدِ قُبضہ تک پہنچنے سے پہلے کاٹتے تھے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی ڈاڑھی کے بارے میں علاّمہ سعیدی صاحب کا موقف یہ ہے کہ آپ کی ڈاڑھی مبارک اتنی دراز اور گھنی تھی کہ سینہ مبارک کو بھر لیتی تھی۔ اور اس کی اتباع میں بالعموم تمام مسلمانوں کو اور بالخصوص علماء و مشائخ کو لمبی ڈاڑھی رکھنی چاہیے۔

علاّمہ سعیدی صاحب ''شرح صحیح مسلم'' جلد اوّل میں اپنا موقف واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''تاہم عام مسلمانوں کو عموماً اور علماء و مشائخ کو خصوصاً لمبی ڈاڑھی رکھنا چاہیے۔ کیونکہ نبی ﷺ کی ڈاڑھی مبارک دراز اور گھنی تھی جو سینہ مبارک کو بھر لیتی تھی اور رسول اللہ ﷺ کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ صورت اور سیرت میں آپ کی کامل اتباع کی جائے''۔

(شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۹۳۲)

اپنے موقف کو مزید واضح کرتے ہوئے ''تبیان القرآن'' میں علاّمہ سعیدی صاحب لکھتے ہیں:

''البتہ آپ ﷺ کی ڈاڑھی مبارک بہت دراز اور گھنی تھی جو سینہ مبارک کو بھر لیتی تھی (الشفاء ج ۱ ص ۳۸ مطبوعہ ملتان) اور اتنی لمبی اور گھنی ڈاڑھی رکھنا جو سینہ کو یا کم از کم سینہ کے بالائی حصہ کو بھر دے سنّت کے مطابق ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ سے محبت اور کمال ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ اتنی لمبی اور گھنی ڈاڑھی ہی رکھنی چاہیے۔ (تبیان القرآن ج ۳ ص ۴۷) رہا علاّمہ سعیدی صاحب کا یہ کہنا کہ ''میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث اس پر دلالت نہیں کرتی کہ نبی ﷺ ڈاڑھی کو قُبضہ کے بعد کاٹتے تھے'' اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ احادیث جن میں نبی اکرم ﷺ کا اپنی ڈاڑھی مبارک کو طولاً و عرضاً کاٹنے کا تذکرہ ہے ان سے یہ استدلال کرنا کہ نبی اکرم ﷺ قُبضہ سے زائد ہوتے ہی کاٹ دیتے تھے درست نہیں ہے۔ اس لیے کہ ان احادیث میں اس طرح کا تذکرہ نہیں ہے کہ آپ ﷺ ایک مُشت یا اس سے زائد ہونے کے بعد ڈاڑھی مبارک کو کاٹتے تھے''۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

چکوال کے ایک عالم دین مولانا محمد یونس صاحب حنفی نے بھی ڈاڑھی میں قُبضہ کے وجوب کے مسئلہ میں علاّمہ سعیدی صاحب سے اختلاف کیا ہے اور ''السیف المسلول'' نام کا ایک رسالہ تالیف کیا ہے جس میں علامہ سعیدی صاحب کے موقف پر مختلف اعتراضات کیے ہیں۔ بحث کی مناسبت سے یہاں ان کے اعتراضات کے جوابات بھی دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ سو ان کے چند اہم اعتراضات کا خلاصہ اور ان کے جوابات کی تفصیل ملاحظہ ہو۔

اعتراض ۱: علاّمہ سعیدی صاحب نے لکھا ہے کہ: ''چونکہ احکام میں عُرف و عادت کا اعتبار ہوتا ہے اس لیے ڈاڑھی کے تحقق کے لیے اتنی مقدار ہونی چاہیے جس پر عُرف میں ڈاڑھی کا اطلاق ہو سکے۔ خواہ قُبضہ سے ایک آدھ انگل کم ہو''۔ علامہ سعیدی صاحب کا یہ لکھنا صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ڈاڑھی اور مقدارِ ڈاڑھی اور اسی طرح تمام مقادیر شرع مثلاً نصاب زکوٰۃ وغیرہا یہ تمام کے تمام غیر مدرک بالعقل اور غیر قیاسی ہیں۔ ان کا مدار شریعت اور عُرف شرع ہے۔ علامہ سعیدی صاحب کا نظریہ کتاب و سنّت اور رُوحِ شریعت کے منافی ہے۔

الجواب: مولانا محمد یونس صاحب کا یہ لکھنا درست ہے کہ ''ڈاڑھی کی مقدار اور دیگر مقادیر شرع غیر قیاسی ہیں اور ان کا مدار شریعت اور عُرف شرع ہے''۔ لیکن اس بات کو بطور اعتراض کے پیش کرنا درست نہیں ہے۔ اس لیے کہ عُرف بھی دلیلِ شرعی ہے۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرّہ العزیز فرماتے ہیں کہ ''عُرف اعظم دلائل شرعیہ سے ہے''۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۶ ص ۹۱)

اس لیے علامہ سعیدی صاحب نے لکھا ہے کہ ''ڈاڑھی کے تحقق کے لیے اتنی مقدار ہونی چاہیے جس پر عرف میں ڈاڑھی کا اطلاق ہو سکے خواہ وہ قبضہ سے ایک آدھ انگل کم ہو''۔ علاّمہ علی بن سلطان محمد القاری الحنفی رحمہ اللہ نے ایک مُشت ڈاڑھی کو سنّت اور عُرف کے مطابق

Marfat.com

قرار دیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

اقول ینبغی ان یدرج فی اخذھا لقصیر مقدار قبضة علی ما ھو السنة والاعتدال المتعارف.

یعنی ''میں کہتا ہوں کہ ڈاڑھی کو اس قدر کاٹنا چاہیے کہ اس کی مقدار ایک قُبضہ ہو جائے جو کہ سنّت اور میانہ روی کا معروف ومروج طریقہ ہے''۔

(مرقات ج ۸ ص ۲۹۱ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان)

مولانا محمد یونس صاحب نے اپنے اعتراض میں علاّمہ سعیدی صاحب کی دلیلِ عُرف کو توڑنے کے لیے اور قُبضہ کے وجوب کو ثابت کرنے کے لیے جو کچھ تقریر کی ہے کیا وہ تقریر علاّمہ علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف بھی متوجہ ہوگی؟ کیونکہ علامہ علی قاری نے اس عبارت میں قُبضہ کو نہ صرف سنّت قرار دیا ہے بلکہ اعتدالِ متعارف کے مطابق قرار دیا ہے۔ جب کہ مولانا محمد یونس صاحب کا مدعا یہ ہے کہ اوّلاً قُبضہ سنّت نہیں ہے' بلکہ واجب ہے۔ ثانیاً ڈاڑھی کی مقدار غیر قیاسی ہے' اس میں متعارف طریقوں کا کوئی دخل نہیں ہے۔

اعتراض ۲: مولانا محمد یونس صاحب کا دوسرا اہم اعتراض یہ ہے کہ سعیدی صاحب نفس ڈاڑھی کو واجب کہتے ہیں اور نفس ڈاڑھی تو ایک انگل ڈاڑھی رکھنے سے بھی متحقّق ہو جاتی ہے تو جس شخص کی صرف ایک انگل ڈاڑھی ہو تو اس نے بھی ڈاڑھی رکھنے کے وجوبی حکم پر عمل کر لیا؟ کیونکہ شریعتِ مطہرہ میں بعض مسائل میں ایک انگل کا بھی اعتبار ہے۔ مثلاً عورت جب احرام حج وعمرہ سے باہر آئے تو اپنے بالوں کا حلق نہ کرائے۔ بلکہ ایک انگل کی مقدار سر کے بالوں کو احرام سے باہر آنے کے لیے کاٹ لے تو عملِ تقصیر اس سے مکمل تصوّر کیا جائے گا۔ اسی طرح علاّمہ سعیدی کے نزدیک جب نفس ڈاڑھی واجب ہے تو ان کے نزدیک ایک انگل ڈاڑھی سے بھی واجب پر عمل ہو جائے گا۔ اسی طرح بقول حکماء کلّی طبعی اپنے افراد کے ضمن میں متحقّق ہوتی ہے۔ اور ساڑھے تین انگل' تین انگل' دو انگل اور صرف ایک انگل یہ سب کے سب نفس ڈاڑھی (جو کہ کلّی ہے) کے افراد ہیں۔ اور نفس ڈاڑھی ان تمام افراد میں متحقّق ہوگی۔ نتیجۃً علامہ سعیدی صاحب کے نزدیک ایک انگل ڈاڑھی بھی شرعاً ڈاڑھی قرار پائے گی۔

الجواب: اس اعتراض کے دو جواب ہیں۔ ایک نقض اجمالی۔ دوسرا نقض تفصیلی۔

نقض اجمالی تو یہ ہے کہ اس طرح تو کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ نماز میں مطلق قرآن کی تلاوت فرض ہے۔ اور ''ابی لہب'' ''فرعون'' اور ''ھامان'' کا ذکر بھی قرآن مجید میں ہے تو چاہیے کہ نماز میں کوئی شخص صرف فرعون یا ہامان کا لفظ کہہ دے تو قرآن پڑھنے کا فرض ادا ہو جائے۔ حالانکہ ایسا نہیں' اسی طرح خروج بصنعہٖ نماز میں فرض ہے اور قہقہہ مارنے سے بھی آدمی نماز سے خارج ہو جاتا ہے تو چاہیے کہ قہقہہ لگانے سے بھی خروج بصنعہٖ کا فرض ادا ہو جائے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

نقض تفصیلی یہ ہے کہ ''نماز میں مطلقاً قرآن کی تلاوت فرض ہے''۔ اس سے مراد یہ ہے کہ عُرفِ شرع میں جس پر قرآن کا اطلاق آئے وہ تلاوت مطلوب ہے۔ فقط لفظ فرعون یا ہامان وغیرہما پر عُرف شرع میں قرآن کا اطلاق نہیں ہوتا۔ اس لیے ان ناموں کے پڑھ لینے سے قراءت کا فرض ادا نہیں ہوگا۔ اسی طرح خروج بصنعہٖ فرض ہے یعنی قصداً نماز کے منافی کوئی کام کر کے باہر آنا۔ اس سے مراد ایسا خروج بصنعہٖ ہے جو عندالشرع معتبر ہو اور عُرفِ شرع میں جو خروج معتبر ہے وہ یہ ہے کہ نمازی اپنی نماز کے آخر میں قصداً ایسا فعل کرے جو از قبیلِ عبادت ہو۔ اسی طرح شرعاً جو نفسِ ڈاڑھی کا وجوب ہے اس سے مراد یہ ہے کہ ڈاڑھی کی اتنی مقدار ہونی چاہیے جس پر عُرف میں مطلق ڈاڑھی کا اطلاق ہو سکے۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ ایک انگل ڈیڑھ انگل یا فرنچ کٹ یا خشخشی ڈاڑھی کو عُرف میں مطلقاً ڈاڑھی نہیں کہتے بلکہ اسے فرنچ کٹ یا خشخشی ڈاڑھی کہتے ہیں۔ سو جس طرح فرضِ قرأت کی ادائیگی کے لیے فقط لفظ فرعون اور ہامان کا ذکر کر دینا اور خروج بصنعہٖ کے لیے قہقہہ لگا دینا مشروع نہیں ہے اسی طرح ڈاڑھی کے تحقّق کے لیے ایک انگل ڈیڑھ انگل یا خشخشی ڈاڑھی کافی نہیں ہے' بلکہ اتنی مقدار کا رکھنا ضروری ہے جس کو عُرف میں مطلقاً ڈاڑھی کہا جائے۔ خواہ وہ قُبضہ سے ایک آدھ انگل کم ہو یا زائد ہو۔

(مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: تبیان القرآن ج ۳ ص ۴۶'۴۷)

Marfat.com

اعتراض ۳: علامہ سعیدی صاحب فرماتے ہیں کہ ''ڈاڑھی کو واجب قرار دینا شارع علیہ السّلام کا منصب ہے۔ ہم مبلّغ ہیں شارع نہیں ہیں''۔ اس فرمان کے بموجب علامہ سعیدی صاحب بھی صرف مبلّغ ہیں شارع نہیں ہیں۔ اس کے باوجود وہ نفس ڈاڑھی رکھنے کو واجب کہتے ہیں اور مقدارِ یک مُشت کو مستحب قرار دیتے ہیں۔ علامہ سعیدی صاحب واضح کریں کہ نفس ڈاڑھی کے وجوب کو اور مقدارِ قُبضہ کے استحباب کو انہوں نے کس آیت یا حدیث سے مستنبط کیا ہے؟ ہم اگر مقدارِ قُبضہ یعنی چار انگل ڈاڑھی کو واجب کہتے ہیں تو آپ کو بھی کچھ مقدار وجوب کے تحقّق کے لیے مثلاً ایک انگل ڈاڑھی مطلوب ہے۔ کیونکہ واجب کا وجود جس چیز پر موقوف ہو وہ چیز بھی واجب ہوتی ہے۔ پس نفس ڈاڑھی کے تحقّق کے لیے ایک انگل ڈاڑھی تو آپ کے نزدیک بھی واجب ہوگی؟

الجواب: نفس ڈاڑھی کے وجوب پر دلیل ہم مفتی نظام الدین مصباحی صاحب کے اعتراض نمبر۴ کے جواب میں مصنف ابن ابی شیبہ کے حوالہ سے ذکر کر چکے ہیں۔ قُبضہ کے استحباب پر دلیل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور دیگر صحابۂ کرام ''بغیر واجب قرار دیئے'' قُبضہ سے زائد ڈاڑھی کو کاٹ دیا کرتے تھے۔ اور علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی قُبضہ کو مستحب قرار دیا ہے کما مرّ۔

رہا یہ کہ واجب کا وجود جس چیز پر موقوف ہو وہ چیز بھی واجب ہوتی ہے، پس نفس ڈاڑھی کے تحقّق کے لیے ایک انگل ڈاڑھی علامہ سعیدی صاحب کے نزدیک واجب ہوگی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مصنف ابن ابی شیبہ کی جس حدیث سے نفس ڈاڑھی کا وجوب ثابت ہے اسی سے ڈاڑھی کی اتنی مقدار از خود ثابت ہوگی جس پر عُرف میں ڈاڑھی کا اطلاق ہو سکے، کیونکہ اس حدیث میں نبی اکرم ﷺ نے مقدار کی تعیین نہیں فرمائی۔ اور جب آپ نے مقدار کی تعیین نہیں فرمائی تو بعد کا کوئی بھی شخص علی وجہ التعیین ڈاڑھی کی مخصوص مقدار کو واجب نہیں کہہ سکتا۔ ہاں اگر اس حدیث میں نبی اکرم ﷺ قُبضہ کی تحدید فرما دیتے تو قُبضہ واجب ہو جاتا، لیکن آپ ﷺ نے اس کو معیّن نہیں فرمایا، بلکہ مطلقاً ارشاد فرمایا کہ ہمارے دین میں یہ ہے کہ ہم مونچھیں کم کرائیں اور ڈاڑھی کو بڑھائیں۔ لہٰذا نفسِ ڈاڑھی (جس کو ڈاڑھی کہا جا سکے) حدیثِ مذکور سے واجب ہوگی۔ اور تعیین و تحدید نہ ہونے کی وجہ سے قُبضہ بھر رکھنا واجب نہیں ہوگا۔

اعتراض ۴: حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم قُبضہ کے بعد زائد ڈاڑھی کو کاٹ دیا کرتے تھے۔ اور یہ صحابی کا فعل ہے۔ اور صحابی کی تقلید واجب ہے۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے: **اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم.** (میرے اصحاب ستاروں کے مانند ہیں۔ تم نے ان میں سے کسی کی بھی اقتداء کی تو ہدایت پاؤ گے) فرمایا: **علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین** اور فرمایا: **فاقتدوا بالذین بعدی ابی بکر و عمر رضی اللہ تعالی عنھما** (کہ تم میرے بعد حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اقتداء کرو)۔

ان احادیث سے ثابت ہوا کہ تقلید صحابی واجب ہے۔ نور الانوار میں ہے کہ **تقلید الصحابی واجب یترک بہ القیاس الخ.** (نور الانوار ص ۲۱۶۔۲۱۷) جب صحابی کی تقلید واجب ہے تو ثابت ہوا کہ قُبضہ واجب ہے کیونکہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہی معمول تھا۔

الجواب: تقلید صحابی کے واجب ہونے کا جواب ہم مفتی نظام الدین صاحب کے اعتراض نمبر۲ کے جواب میں ذکر کر چکے ہیں۔ یہاں یہ واضح کرنا مقصود ہے کہ مولانا محمد یونس صاحب نے تقلید صحابی کے وجوب کو ثابت کرنے کے لیے نمبر (۲) اور نمبر (۳) میں وہ حدیثیں ذکر کی ہیں جن میں خلفاء راشدین کا تذکرہ ہے جب کہ زیر بحث موضوع میں استدلال حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عمل سے ہے جو خلفاء راشدین میں نہیں ہیں۔ سو مؤلف کے دعوے اور دلیل میں انطباق مفقود ہے۔

جہاں تک اس حدیث کا تعلق ہے جس کو مؤلف نے نمبر (۱) میں ذکر کیا ہے اس کے بارے میں حافظ شہاب الدین ابن حجر عسقلانی کی درج ذیل تحقیق ہی کافی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

حدیث **اصحابی کالنجوم، بایھم اقتدیتم اھتدیتم،** حدیث ''**اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم**''

Marfat.com

عبد بن حمید فی مسنده من طریق حمزة النصیبی عن نافع عن ابن عمر ' وحمزة ضعیف جدا' ورواه الدارقطنی فی غرائب مالک من طریق جمیل بن زید عن مالک ' عن جعفر بن محمد عن ابیه عن جابر ' وجمیل لا یعرف ' ولا اصل له فی حدیث مالک ولا من فوقه ' وذکره البزار من روایة عبد الرحیم بن زید العمی عن ابیه ' عن سعید بن المسیب عن عمر ' وعبد الرحیم کذاب ' ومن حدیث انس ایضا واسناده واهی ' ورواه القضاعی فی مسند الشهاب له من حدیث الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة ' وفی اسناده جعفر بن عبد الواحد الهاشمی وهو کذاب ' ورواه ابو ذر الهروی فی کتاب السنة من حدیث مندل عن جویبر عن الضحاک بن مزاحم منقطعا ' وهو فی غایة الضعف' قال ابو بکر البزار هذا الکلام لم یصح عن النبی ﷺ' وقال ابن حزم هذا خبر مکذوب موضوع باطل.

کو عبد بن حمید نے اپنی مسند میں حمزہ نصیبی از نافع از ابن عمر کی سند سے ذکر کیا ہے۔ حمزہ بہت ضعیف راوی ہے۔ نیز اس حدیث کو دار قطنی نے غرائب مالک میں جمیل بن زید از مالک از جعفر بن محمد از محمد از جابر سے روایت کیا ہے اور جمیل معروف راوی نہیں ہے۔ اور نہ تو مالک کی حدیث میں اس حدیث کا کوئی پتا ہے نہ اس سے اوپر کے رواۃ میں۔ نیز اس حدیث کو بزار نے عبد الرحیم بن زید العمی از زید العمی از سعید بن المسیب از عمر سے روایت کیا ہے اور عبد الرحیم بہت جھوٹا راوی ہے۔ نیز حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث سے بھی اس کو روایت کیا ہے اور اسکی سند واہی ہے۔ نیز اس حدیث کو قضاعی نے اپنی مسند شہاب میں اعمش از ابو صالح از ابو ہریرہ کی حدیث سے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ایک راوی جعفر بن عبد الواحد الہاشمی ہے جو کہ بہت جھوٹا ہے۔ نیز اس حدیث کو ابو ذر الہروی نے کتاب السنۃ میں مندل از جویبر از ضحاک بن مزاحم کی حدیث سے منقطعاً روایت کیا ہے۔ اور یہ سند انتہائی ضعیف ہے۔ ابو بکر بزار نے اس حدیث کے بارے میں کہا ہے کہ یہ نبی اکرم ﷺ سے ثابت نہیں ہے۔ اور ابن حزم نے کہا ہے کہ یہ روایت جھوٹی' گھڑی ہوئی اور باطل ہے۔

(تلخیص الحبیر ج ۴ ص ۱۵۶۷' رقم الحدیث: ۲۰۹۸' مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز۔ مکۃ المکرمۃ' الریاض)

ڈاڑھی کے مبحث میں دیگر اور علماء مثلاً مولانا غلام علی اوکاڑوی رحمہ اللہ' مولانا صاحبزادہ محمد زبیر صاحب' مولانا محمد جان نعیمی' مولانا ابو داؤد محمد صادق صاحب' مفتی غلام سرور قادری اور مولانا ابو بکر عطاری وغیرہم نے بھی قبضہ کے وجوب میں اپنے اپنے دلائل لکھے ہیں' لیکن ان تمام کے دلائل وہی ہیں جن کا ذکر مفتی نظام الدین صاحب اور مولانا محمد یونس چکوالوی کی تحریرات میں آ گیا ہے' اور ہم نے چن چن کر ان کے شبہات کا ازالہ کر دیا ہے' اور اب اس مسئلہ میں کوئی بھی قابلِ ذکر اور لائق شمار اعتراض باقی نہیں رہا ہے' اور علامہ سعیدی صاحب نے لکھا ہے کہ نفس ڈاڑھی کا رکھنا واجب ہے اور مستحب اور مستحسن یہ ہے کہ قبضہ بھر ڈاڑھی رکھی جائے تاہم اتنی مقدار ڈاڑھی رکھنا ضروری ہے جس پر عرف میں مطلقاً ڈاڑھی کا اطلاق آ سکے۔ اور خشخشی ڈاڑھی یا فرنچ کٹ ڈاڑھی رکھنے سے ڈاڑھی رکھنے کے حکم پر عمل نہیں ہوتا' اور فقہاء نے جو یہ کہا ہے کہ ڈاڑھی میں قبضہ سنت ہے اس سے مراد یہ ہے کہ مسلمانوں میں اس کا متعارف طریقہ ایک مُشت کے برابر ہے۔ اور اخیار امت جس کام کو نیک اور اچھا سمجھ کر کریں اس کا کرنا مستحسن اور مستحب ہوتا ہے۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: **ما راٰہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن** (المستدرک ج ۳ ص ۷۹) نیک مسلمان جس کام کو اچھا سمجھتے ہوں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہوتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی ڈاڑھی مبارک ایک قبضہ سے زائد تھی' کیونکہ آپ کی گردن دراز تھی اور آپ کی ڈاڑھی سینہ کے بالائی حصہ کو بھر لیتی تھی اور یہ جب ہوگا جب آپ کی ڈاڑھی ایک قبضہ سے زائد ہو' پس رسول اللہ ﷺ سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ قبضہ سے زائد ڈاڑھی رکھی جائے' خصوصاً علماء اور مشائخ کو۔

الحمد للہ علی احسانہ ڈاڑھی کے مسئلہ میں علامہ سعیدی صاحب کے موقف کی حقانیت آفتاب سے زیادہ روشن ہوگئی۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ اجمعین.

Marfat.com

فہرست مضامین شرح صحیح مسلم جلد اوّل

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
۱	تقدیم	۳۷
۲	متقدمین سے اختلاف رائے کی تحقیق۔	۳۷
۳	مصنف کے رجوع کردہ مسائل کا بیان۔	۳۹
۴	کتاب وسنت واجماع کے خلاف مصنف کی رائے حجت نہیں۔	۴۰
۵	شرح صحیح مسلم پر معاندین کے اعتراضات کی بحث۔	۴۰
۶	امام سے مقلد کے اختلاف کرنے کی تحقیق۔	۴۱
۷	شرح صحیح مسلم میں اعادہ کیے ہوئے مسائل کی تفصیل۔	۴۶
۸	شرح صحیح مسلم کی تصنیف میں دارالعلوم تعیمیہ کا حصہ اور دیگر معاونین کے تعاون کا بیان۔	۴۷
۹	"تبیان القرآن" لکھنے کا عزم۔	۴۸
۱۰	**امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ**	۴۹
۱۱	ولادت اور سلسلۂ نسب۔	۴۹
۱۲	تحصیلِ علمِ حدیث۔	۴۹
۱۳	شخصیت۔	۴۹
۱۴	اساتذہ اور مشائخ۔	۴۹
۱۵	تلامذہ۔	۵۰
۱۶	کلمات الثناء	۵۰
۱۷	علمی شکوہ۔	۵۰
۱۸	امام بخاری سے تعلقِ خاطر	۵۱
۱۹	تصانیف۔	۵۱
۲۰	وصال۔	۵۱
۲۱	حسنِ عاقبت	۵۱
۲۲	**شارح صحیح مسلم**	۵۲
۲۳	**صحیح مسلم**	۵۵
۲۴	سببِ تالیف اور مدّت	۵۵
۲۵	تسمیہ۔	۵۶
۲۶	اسلوب۔	۵۶
۲۷	شرائط۔	۵۷
۲۸	تعلیقات	۵۸
۲۹	عدد مرویات	۵۹
۳۰	مستخرجات	۵۹
۳۱	**شروحات صحیح مسلم**	۶۰
۳۲	شرح صحیح مسلم، از قاری عبدالمجید برسٹل	۶۳
۳۳	شرح صحیح مسلم، از مفتی گل رحمان برمنگھم	۶۸
۳۴	**مقدمہ از شارح صحیح مسلم**	۷۱
۳۵	ضرورت حدیث۔	۷۱
۳۶	حجیت حدیث	۷۲

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
۳۷	تدوینِ حدیث۔	۷۴
۳۸	صحیح بخاری کی احادیث کا بیان۔	۷۸
۳۹	صحیح مسلم کی احادیث، اور صحیح بخاری، اور صحیح مسلم میں تقابل کا بیان۔	۷۸
۴۰	صحیحین کے علاوہ باقی کتب حدیث کی احادیث صحیحہ کا بیان۔	۸۰
۴۱	جامع ترمذی کی احادیث کی فنی حیثیت کا بیان	۸۱
۴۲	سنن ابی داؤد کی فنی حیثیت کا بیان۔	۸۴
۴۳	سنن نسائی کی فنی حیثیت کا بیان۔	۵۶
۴۴	سنن ابن ماجہ کی فنی حیثیت کا بیان۔	۸۷
۴۵	موطا امام مالک کی فنی حیثیت کا بیان۔	۸۷
۴۶	کتب خمسہ کے ساتھ غیر الحاقی کتب الحادیث کا بیان۔	۸۷
۴۷	سنن دارمی کی فنی حیثیت کا بیان۔	۸۷
۴۸	مسند احمد کی فنی حیثیت کا بیان۔	۸۸
۴۹	مسند بزار کی فنی حیثیت کا بیان۔	۹۰
۵۰	مستدرک للحاکم کی فنی حیثیت کا بیان۔	۹۰
۵۱	حدیث صحیح کے راوی کی شرائط کا بیان۔	۹۲
۵۲	ائمہ صحاح ستہ کی شرائط کا بیان۔	۹۳
۵۳	اصحاب زہری کے طبقات خمسہ کا بیان۔	۹۴
۵۴	متاخرین کے لیے سند حدیث کی تصحیح، تحسین اور تضعیف کرنے کی تحقیق۔	۹۴
۵۵	چند ضروری اصطلاحات کا بیان۔	۹۶
۵۶	کتب احادیث کے اسماء۔	۹۷
۵۷	تعدادِ احادیث کا بیان۔	۹۸
۵۸	علم الحدیث روایۃً اور علم الحدیث درایۃً کی تعریفات۔	۱۰۰

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
۵۹	حدیث، متن اور سند کا معنی۔	۱۰۲
۶۰	محدث اور حافظ کی تعریف۔	۱۰۲
۶۱	تعدد اور تفرد کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم	۱۰۲
۶۲	خبر متواتر کی تعریف اور شرائط۔	۱۰۲
۶۳	خبر متواتر کا حکم۔	۱۰۳
۶۴	خبر متواتر کی اقسام	۱۰۳
۶۵	خبر الآحاد کا لغوی اور اصطلاحی معنی اور اس کی اقسام۔	۱۰۴
۶۶	حدیث مشہور کی تعریف۔	۱۰۴
۶۷	حدیث عزیز کی تعریف۔	۱۰۵
۶۸	حدیث غریب کی تعریف اور اس کی اقسام۔	۱۰۵
۶۹	قوت اور ضعف کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم۔	۱۰۶
۷۰	حدیث مقبول کا بیان۔	۱۰۶
۷۱	حدیث صحیح کی تعریف۔	۱۰۶
۷۲	حدیث صحیح کے مراتب۔	۱۰۷
